رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۵۵۵

پیام اسلام

جالندھر شہر

تعلیمی صحیفہ

جنوری ۱۹۴۶ء

مدیر: محمد احمد خاں ذاکر

قواعد

۱۔ رسالہ ہر انگریزی مہینے کے پہلے ہفتے میں شائع ہوتا ہے۔

۲۔ رسالہ نہ پہنچنے کی اطلاع اسی مہینے کی بیسویں تاریخ تک دفتر میں پہنچ جانی چاہیئے، ورنہ رسالہ بشرط موجودگی قیمت پر ملیگا۔

۳۔ چندہ سالانہ ۳ - فی پرچہ ۴ ر

۴۔ اشتہارات کی اجرت کا تصفیہ منیجر سے بذریعہ خط و کتابت کرنا چاہیئے۔

جنرل برقی پریس ریلوے روڈ جالندھر شہر میں چھپکر
باہتمام محمد احمد خاں ڈاکٹر پرنٹر پبلشر "[illegible] القرآن" سے شائع ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیامِ اسلام

جالندھر شہر

جلد ۱۷ | جنوری سنہ ۱۹۴۶ء - محرم سنہ ۱۳۶۵ھ | نمبر ۱

مختصر ابن ابی جمرۃ

(۲۷۸)

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا، قَالَ، سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ: بَیْنَ اَنَا نَائِمٌ اُتِیْتُ بِقَدَحِ لَبَنٍ فَشَرِبْتُ مِنْہُ حَتّٰی اِنِّیْ لَاَرَی الرِّیَّ یَخْرُجُ مِنْ اَظْفَارِیْ، ثُمَّ اَعْطَیْتُ فَضْلِیْ یَعْنِیْ عُمَرَ. قَالُوْا: فَمَا اَوَّلْتَہٗ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ: اَلْعِلْمُ *

ترجمہ:- ابنِ عمر (رضی اللہ عنہما) سے (مروی ہے) کہا، میں نے نبی صلی اللہ

علیہ وسلم کو (یہ) فرماتے سنا : اس اثنا میں کہ میں سویا ہوا تھا، میرے پاس ایک دودھ کا پیالہ لایا گیا، تو میں نے اس میں سے پیا، یہاں تک کہ میں دیکھتا ہوں کہ سیرابی کا اثر میرے ناخنوں سے نکل رہا ہے۔ پھر میں نے اپنا بچا کھچا (عمر کو) دیا۔ لوگوں نے کہا : اے پیغمبرِ خدا ! پھر آپ نے اسکی کیا تعبیر فرمائی ؟ فرمایا : علم۔

تشریح :-

اَلْعِلْمُ : مرفوع ہے اس بنا پر کہ خبر ہے مبتدا محذوف کی۔ مُقَدّر ہے : اَلْمُؤَوَّلُ بِہٖ الْعِلْمُ : تعبیر اس کی علم ہے، اور منصوب ہے اس بنا پر کہ مفعول ہے فعلِ محذوف کا، تقدیر ہے : اَوَّلْتُہٗ الْعِلْمَ : یعنے اس کی تاویل علم نکالی ہے، اسلئے کہ دودھ اور علم دونوں بہت مفید اور موجب صلاح ہیں۔ دودھ جسمانی طور پر مفید اور سبب اصلاح ہے اور علم روحانی طور پر۔ قاضی ابوبکر عربی نے فرمایا : جس نے دودھ کو گوبر اور خون میں سے خالص کر کے نکالا، وہ یہ بھی قدرت رکھتا ہے کہ شک اور نادانی کے بیچ سے معرفت پیدا کر دے۔ لیکن دینوری نے یہاں دودھ کو اونٹ کے دودھ سے مخصوص کیا ہے اور کہا ہے :

[اونٹ]نی کے دودھ کی تعبیر : ارزانی اور نکال اور مالِ حلال ہے۔
بکری کے دودھ کی تعبیر : مال، خوشی اور تندرستی ہے۔
جنگلی جانور " " : دین میں شبہ ہے۔
درندوں کے دودھ : ناستودہ ہیں، بجز اسکے کہ
شیرنی کے دودھ کی تعبیر : مال ہے صاحبِ حکومت کی عداوت کے ساتھ

اور ابوسہل کا قول ہے :

شیر کا دودھ ، فتحمندی بتلاتا ہے، کتیا کا دودھ خوف، بلی اور

لومڑی کا دودھ ، رضاء - چیتے کا دودھ عداوت کا اظہار ہے -

(باب اللبن)

(۲۷۹)

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ یَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: بَیْنَمَا اَنَا نَائِمٌ رَاَیْتُ النَّاسَ یُعْرَضُوْنَ عَلَیَّ وَعَلَیْھِمْ قُمُصٌ، مِنْھَا مَا یَبْلُغُ الثُّدِیَّ وَمِنْھَا مَا یَبْلُغُ دُوْنَ ذٰلِکَ، وَمَرَّ عَلَیَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَعَلَیْہِ قَمِیْصٌ یَجُرُّہٗ، قَالُوْا مَا اَوَّلْتَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ؟ قَالَ الدِّیْنُ ٭

ترجمہ :- ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ، کہا ، پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : اس اثناء میں کہ میں سویا ہوا تھا ، میں نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ مجھ پر پیش کیے جاتے ہیں اور ان پر کُرتے ہیں - اُن میں بعض (کرتے) ایسے ہیں جو چھاتیوں تک پہنچتے ہیں اور بعض اس سے بھی کوتاہ ، اور عمر بن خطاب مجھ پر گزرے اور اُن پر کرتا ہے جس کو وہ گھسیٹ رہے ہیں (اسکی لمبائی کے سبب) - اصحاب نے پوچھا : آپ نے کیا تفسیر کی (اسکی) اے پیغمبرِ خدا !

فرمایا : دین -

تشریح :-

اَلدِّیْنُ : یعنی میں نے عمر کے حق میں کرتے کو دین سے تعبیر کیا اور اس کا سبب یہ ہے کہ کرتا دنیا میں برہنگی چھپاتا ہے اور دین آخرت میں - اور اسکو ہر نا پسند

چیز سے بچاتا ہے۔ اس سے حضرت عمرؓ کی فضیلت حضرت ابوبکرؓ پر لازم نہیں آتی۔ شاید ان کے ذکر سے سکوت اسلئے ہو کہ انکی افضلیت تو معلوم ہی ہے یا راوی بھول گیا ہو۔ اور حدیث میں اسکے عمر پر منحصر ہونے کی تصریح بھی نہیں ہے۔ مراد اس سے اس فضلِ بالغ پر آگاہ کرنا ہے جو عمرؓ کو دین میں حاصل تھا۔

اور حدیث میں عمر بن خطابؓ سے روایت ہے، کہا، رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

میں ایک کنوئیں پر ہوں، اس سے پانی نکال رہا ہوں کہ اتنے میں ابوبکرؓ اور عمرؓ آگئے، تو ابوبکرؓ نے ڈول لے لیا، اور اس میں سے ایک ڈول پانی سے بھرا ہوا یا دو ڈول نکالے اور اسکے نکالنے میں کمزوری تھی (اس بیان سے بھی حضرت ابوبکرؓ کی کم قدری ظاہر نہیں ہوتی، بلکہ اس میں ان کی مدتِ خلافت کی کوتاہی کی طرف اشارہ ہے) خدا ان کو معاف کرے۔ پھر اس (ڈول) کو عمر بن خطابؓ نے ابوبکرؓ کے ہاتھ سے لے لیا (اس میں حضرت عمرؓ کے حضرت ابوبکرؓ کے ولی عہد ہونے کا اشارہ ہے۔) اسی واسطے فرمایا: اس کے ہاتھ سے عمرؓ نے لیا (یہ بات حضرت ابوبکرؓ کے ڈول لینے کے ذکر میں نہیں فرمائی) پس وہ ڈول اسکے ہاتھ میں بڑا ڈول (چرسہ) بن گیا۔ پس میں نے لوگوں میں سے کوئی ایسا ماہرِ کامل نہیں دیکھا جو عمرؓ کی طرح عمدگی سے کام کر سکے، یہانتک کہ لوگوں کے اونٹ سیراب ہو کر بیٹھ گئے، اور اس میں کنایہ ہے اس ارزانی و فراوانی اور مومنوں کی رحمت سے جو عہدِ عمرؓ میں حاصل ہوئی۔ پس اس رؤیا کی یہ تاویل کی گئی کہ ابوبکرؓ کے ہاتھ پر فتحِ لطیف میسر ہو گی، اور عمرؓ کے ہاتھ پر فتوحات خوب پھیل جائینگی۔ سو حضرت عمرؓ کو حضرت ابوبکرؓ سے زیادہ فتوحات ہوئیں، اسلئے کہ حضرت ابوبکرؓ کے عہد میں کثرت سے فتنے برپا ہوتے تھے اور حضرت

عمرؓ کا زمانہ فتنوں سے پاک رہا اور دین کو پھیلنے کا خوب موقع ملا۔

(باب القصص)

(۲۸۰)

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَقُوْلُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ : اِذَا اقْتَرَبَ الزَّمَانُ لَمْ تَكَدْ تَكْذِبُ رُؤْیَا الْمُؤْمِنِ، وَرُؤْیَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِنْ سِتَّةٍ وَّاَرْبَعِیْنَ جُزْءً مِنَ النُّبُوَّةِ، وَمَا كَانَ مِنَ النُّبُوَّةِ فَاِنَّهٗ لَا یَكْذِبُ ۔

ترجمہ :- ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں، پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : جب زمانہ قریب ہوجائیگا تو مومن کا رؤیا جھوٹ نہیں نکلیگا، اور مومن کا رؤیا نبوت کے چھیالیس حصوں میں سے ایک حصہ ہے، اور جو رؤیا نبوت میں سے ہو، وہ جھوٹا نہیں نکلتا ۔

(باب القید فی المنام)

(۲۸۱)

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : مَنْ تَحَلَّمَ بِحُلُمٍ لَمْ یَرَهٗ، كُلِّفَ اَنْ یَّعْقِدَ شَعِیْرَتَیْنِ وَلَنْ یَّفْعَلَ، وَمَنِ اسْتَمَعَ اِلٰی حَدِیْثِ قَوْمٍ وَهُمْ لَهٗ كَارِهُوْنَ صُبَّ فِیْ اُذُنَیْهِ الْاٰنُكُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ، وَمَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً عُذِّبَ وَ

كُلِّفَ اَنْ يَنْفُخَ فِيْهَا وَ لَيْسَ بِنَافِخٍ ٭

ترجمہ :- ابن عباس رضی اللہ عنہما سے (مروی ہے)، روایت کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے : جو شخص ایسا خواب بنائے جو اُس نے نہ دیکھا ہو، قیامت کے دن اسکو تکلیف دی جائیگی کہ دو جووں میں گرہ لگائے، اور وہ کبھی ایسا نہ کر پائیگا۔ اور جو کوئی لوگوں کی بات کی طرف کان لگائے اور وہ اسکا سننا ناپسند کررہے ہوں، تو اسکے کانوں میں پگھلا ہوا سیسہ ڈالا جائیگا، اور جو شخص کوئی تصویر کھینچے، اسکو عذاب کیا جائیگا اور کہا جائیگا کہ اسمیں روح پھونکے اور وہ پھونک نہ سکے گا۔

(باب مَنْ كذب فی حُلُمِهٖ)

(۲۸۲)

عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ : اَلرُّؤْيَا الْحَسَنَةُ مِنَ اللّٰهِ، فَاِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ مَا يُحِبُّ فَلَا يُحَدِّثْ بِهٖ اِلَّا مَنْ يُّحِبُّ، وَاِذَا رَاٰى مَا يَكْرَهُ فَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهَا وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ، وَلْيَتْفُلْ ثَلَاثًا، وَلَا يُحَدِّثْ بِهَا اَحَدًا، فَاِنَّهَا لَا تَضُرُّهٗ ٭

ترجمہ :- قتادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ : اچھا خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ پھر جو شخص تم میں سے کوئی محبوب خواب دیکھے تو اسکو اپنے حبیب ہی سے بیان کرے، اور جب کوئی شخص کوئی ناپسندیدہ خواب دیکھے، تو اسکے شر اور شیطان کے شر سے اللہ

کی پناہ لے اور تھوکے تین بار اور اس کو کسی سے بیان نہ کرے، تو وہ (خواب) اسکو ضرر نہ دے گا۔

(باب اذا رأی ما یکرہ فلا یخبر بھا ولا یذکرھا)

(۲۸۳)

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ رَأَی مِنْ اَمِیْرِہٖ شَیْئًا یَکْرَھُہٗ، فَلْیَصْبِرْ عَلَیْہِ فَاِنَّہٗ مَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَۃَ شِبْرًا فَمَاتَ اِلَّا مَاتَ مِیْتَۃً جَاھِلِیَّۃً۔

ترجمہ:۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں: جو شخص اپنے امیر سے کوئی ایسی شے دیکھے جس کو وہ پسند نہیں کرتا، تو اسکو اس پر صبر کرنا چاہیئے، اسلئے کہ جو شخص جماعت (اسلام سے اور اطاعتِ امام سے) ایک بالشت مفارقت کرتا ہے تو وہ جاہلیت ہی کی موت مرتا ہے۔

تشریحات:۔

شَیْئًا: کوئی بات ذہن کی باتوں میں سے۔

یَکْرَھُہٗ: اَیْ یُبْغِضُہٗ:

فَلْیَصْبِرْ عَلَیْہِ: اَیْ عَلٰی ذٰلِکَ الْمَکْرُوْہِ۔

شِبْرًا: اَیْ قَدْرَ شِبْرٍ۔

فَمَاتَ: فی حال تلبّسہ معصیتہِ السلطان القلیلۃ۔

مِیتَةً جَاهِلِيَّةً : بکسر المیم کجلسة۔
بیان ہے حالتِ موت کا اور اس کی اس حالت کا جس پر وہ ہوگا، یعنی جس طرح اہل جاہلیت مرتا ہے ضلالت اور تفرق پر اور ان کا کوئی امام نہیں ہوتا جس کی اطاعت کی جائے، یہ مراد نہیں ہے کہ وہ کافر مرتا ہے، بلکہ مراد یہ ہے کہ عاصی مرتا ہے۔ وَفی الحدیث :
ان السلطان لا ینعزل بالفسق : سلطان فسق کی وجہ سے معزول نہیں کیا جاتا، کیونکہ اس کا عزل فتنہ، خونریزی اور آپس کی پھوٹ کا باعث ہوتا ہے، اور اسکی بقاء کی نسبت عزل میں زیادہ فساد کا اندیشہ ہے اور اس حدیث میں حجت ہے ائمہ جور پر خروج نہ کرنے اور ان کے احکام سننے اور ماننے پر اور فقہاء کا اس پہ اجماع ہے کہ امام متغلب جب تک جماعات اور جہاد کی اقامت کرتا رہے اسکی طاعت لازم ہے، ہاں مگر جب اس نے کفرِ صریح سرزد ہو تو اسکی طاعت ناجائز ہے بلکہ جس کو قدرت کو، اس کو اس سے جہاد کرنا چاہیئے۔
(ھذا الحدیث ذکرہُ البخاریؒ فی باب قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم سترون بعدی امورًا تنکرونھا)

(۲۸۴)

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللہ عنه عن النَّبِیِّ صَلَّی اللہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : يَتَقَارَبُ الزَّمَانُ وَيَنْقُصُ الْعَمَلُ، وَيُلْقَى الشُّحُّ، وَتَظْهَرُ الْفِتَنُ، وَيَكْثُرُ الْهَرْ[جُ] قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللہِ ! اَيُّمَ هُوَ ؟ قَالَ : اَلْقَتْلُ اَلْقَتْلُ

ترجمہ :۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی، فرمایا: قریب قریب ہوگا زمانہ، اور گھٹیگا عمل، اور ڈالا جائیگا بخل، اور ظاہر ہونگے فتنے، اور بڑھیگا ہرج۔ اصحاب نے کہا: یا رسول اللہ! وہ کیا چیز ہے؟ فرمایا: قتل قتل۔

(باب ظہور الفتن)

(۲۸۵)

عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ النَّاسُ يَسْئَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ، وَكُنْتُ اَسْئَلُهٗ عَنِ الشَّرِّ، مَخَافَةَ اَنْ يُّدْرِكَنِيْ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اِنَّا كُنَّا فِيْ جَاهِلِيَّةٍ وَّ شَرٍّ فَجَاءَنَا اللّٰهُ بِهٰذَا الْخَيْرِ، فَهَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ نَعَمْ. قُلْتُ وَهَلْ بَعْدَ ذٰلِكَ الشَّرِّ مِنْ خَيْرٍ؟ قَالَ نَعَمْ، وَفِيْهِ دَخَنٌ. قُلْتُ مَا دَخَنُهٗ؟ قَالَ قَوْمٌ يَهْدُوْنَ بِغَيْرِ هَدْيِيْ تَعْرِفُ مِنْهُمْ وَتُنْكِرُ، قُلْتُ فَهَلْ بَعْدَ ذٰلِكَ الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ نَعَمْ، دُعَاةٌ عَلٰى اَبْوَابِ جَهَنَّمَ، مَنْ اَجَابَهُمْ اِلَيْهَا قَذَفُوْهُ فِيْهَا، قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! صِفْهُمْ لَنَا، قَالَ هُمْ مِنْ جِلْدَتِنَا وَيَتَكَلَّمُوْنَ بِاَلْسِنَتِنَا۔

قُلْتُ فَمَا تَأْمُرُنِي إِنْ أَدْرَكَنِي ذٰلِكَ؟ قَالَ تَلْزَمُ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِينَ وَإِمَامَهُمْ. قُلْتُ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ جَمَاعَةٌ وَّلَا إِمَامٌ، قَالَ فَاعْتَزِلْ تِلْكَ الْفِرَقَ كُلَّهَا وَلَوْ أَنْ تَعَضَّ بِأَصْلِ شَجَرَةٍ حَتّٰى يُدْرِكَكَ الْمَوْتُ، وَأَنْتَ عَلٰى ذٰلِكَ۔

ترجمہ: — حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہا: لوگ پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے خیر (نکوکاری یعنی نماز وغیرہ عبادات) کے بارے میں پوچھا کرتے تھے، اور میں شر (یعنی فتنوں کے پھیلنے اور اسلام میں سستی واقع ہونے اور گمراہی کے غالب آجانے) کے متعلق سوال کیا کرتا تھا، اس ڈر سے کہ وہ مجھ کو پالے۔ پس میں نے عرض کیا: اے پیغمبرِ خدا! ہم جاہلیت اور شر یعنی کفر و قتل، لوٹ کھسوٹ اور بدکاریوں) میں مبتلا تھے، پس اللہ ہمارے پاس اس خیر (یعنی نبوت، اسلام کی مضبوطی اور کفر کی بیخکنی) کو لایا، تو کیا اس خیر کے بعد (بھی) شر ہے۔ فرمایا: ہاں (اشارہ ہے حضرت عثمانؓ بن عفان کے قتل کے واقعہ کی طرف ہے)۔ میں نے کہا: اس شر کے بعد بھی کوئی خیر ہے؟ فرمایا: ہاں، اور اس میں دخن (دھوآں) ہے۔ (اشارہ ہے عمر بن عبد العزیز کی ولایت کی طرف کہ اسمیں خیر تھی، لیکن خیر خالص نہیں، بلکہ کچھ فتنوں کی آمیزش کے ساتھ) میں نے عرض کیا: اس خیر کا دخن کیا ہے؟ فرمایا: کچھ ایسے لوگ ہونگے جو ہدایت کرینگے بغیر ہدایت (پانے کے)۔ کبھی تو (حق کو) اُن سے پہچانیگا اور کبھی نہ پہچانیگا۔ (حذیفہ کہتے ہیں) میں نے کہا: کیا اس خیر کے بعد بھی شر ہوگا؟ فرمایا: جہنم کے

دروازوں پر کچھ بلانے والے ہونگے، جو شخص جہنم کی طرف ان کا بلاوا مان لیگا، وہ اسکو اس میں پھینک دینگے۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم سے ان کا حال بیان فرمائیے۔ فرمایا: وہ ہمارے ہی کنبے کے لوگ ہونگے اور ہماری ہی زبان میں باتیں کرینگے۔ مینے عرض کیا: پھر آپ ہمیں کیا ارشاد فرماتے ہیں اگر یہ (وقت) مجھ کو پالے؟ فرمایا: مسلمانوں کی جماعت اور ان کے امام سے چمٹے رہنا۔ میں نے عرض کیا: پھر اگر نہ تو ان کی کوئی جماعت ہو اور نہ امام؟ فرمایا: تو (اس وقت) ان تمام فرقوں سے الگ رہو، اگرچہ کسی درخت کی جڑ کو دانتوں سے پکڑنا پڑے، یہانتک کہ تجھ کو ایسی حالت پر موت آجائے۔

(کیف الامرُ اذا لم تکن جماعۃ)

(۲۸۶)

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَنْزَلَ اللهُ بِقَوْمٍ عَذَابًا اَصَابَ الْعَذَابُ مَنْ كَانَ فِيْهِمْ ثُمَّ بُعِثُوْا عَلٰى حَسَبِ اَعْمَالِهِمْ ‌÷

ترجمہ:۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے، کہا، پیغمبرِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی قوم پر (انکی بداعمالی کے سبب) عذاب نازل کرتا ہے، تو جو لوگ (نیک و بد) ان میں سے ہوتے ہیں (سب کو) عذاب پہنچ جاتا ہے۔ پھر وہ (قیامت کو) اپنے اپنے اعمال کے مطابق اٹھائے جائینگے۔

تنبیہ:۔

حدیث میں اس شخص کے لئے جو لوگوں کو برائیوں سے مناہی کرنے سے چپکا ہو

رہے بہت بڑی فہمائش ہے۔ اس شخص کا تو کیا ذکر جو نرمی (ڈھیلا پن) دکھائے پھر اس کا جو رضا ظاہر کرے، پھر اس کا جو (گناہوں پر) مدد کرے۔ ابن ابی الدنیا نے کتاب الامر بالمعروف میں ابراہیم بن عمر صغانی سے نقل کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یوشع بن نونؑ کو وحی بھیجی کہ میں تیری قوم میں چالیس ہزار نیکوں اور ساٹھ ہزار بدوں کو ہلاک کرنیوالا ہوں۔ عرض کیا: اے پروردگار! بُرے تو بُرے ہوئے نیکوں کا کیا قصور؟ فرمایا: وہ میرے غصے کی خاطر کبھی غصہ نہیں کرتے۔ وہ ان کے ساتھ ملکر کھاتے پیتے رہے۔ مالک بن دینارؒ نے کہا: اللہ تعالےٰ نے فرشتوں میں سے ایک فرشتے کو وحی فرمائی کہ فلاں شہر کو اس کے باشندوں پر اُلٹ دے، اس نے عرض کیا کہ ان لوگوں میں تیرا فلاں بندہ بھی ہے، جس نے ایک آنکھ کی جھپک بھی تیری نافرمانی نہیں کی۔ فرمایا: اُس پر بھی اُلٹ دے اور اُن پر بھی کہ اس کا چہرہ میرے لئے کبھی متغیر نہیں ہوا۔ رواہ الطبرانی وغیرہ من حدیث جابر مرفوعا والمحفوظ کما قالہ البیہقی کما ذکر۔

کبھی کبھی منکرات کا بکثرت دیکھنا بھی دلوں سے تمیز اور افکار کی روشنی سلب کر لینے میں ارتکاب منکرات کا قائم مقام ہو جاتا ہے۔ کیونکہ جب قلب پر منکرات کا ورود اور آنکھوں میں ان کا شہود بار بار ہوتا رہتا ہے تو دلوں سے آہستہ آہستہ ان کی عظمت جاتی رہتی ہے، یہانتک کہ انسان کے دل میں نہ تو یہ اندیشہ رہتا ہے کہ یہ منکرات ہیں اور نہ وہ یہی خیال کرتا ہے کہ یہ معاصی ہیں، اسلئے کہ ان کے بار بار کے تکرار سے دل اُن کے خُوگر ہو جاتے ہیں۔

اور قوۃ القلوب میں ابو طالب مکی نے بعض لوگوں سے روایت کی ہے کہ ایک دن ایک شخص بازار میں سے گزرا تو دل کے ساتھ منکرات کو بشدت برا جاننے اور ان کے دیکھنے سے بشدت مزاج کا تغیر ہو جاتے کے باعث اس کو خون کا پیشاب

آیا، پھر جب وہ دوسرے دن بازار سے گزرا تو صاف خون آیا۔ پھر جب تیسرے روز گزرا تو معمولی پیشاب آیا، اسلئے کہ انکار کی حدّت جس نے اس کے بدن پر یہ اثر کیا تھا جاتی رہی اور مزاج اپنی پہلی حالت پر آگیا اور بدعت اس کی نگاہ میں معمولی چیز رہ گئی۔

(باب اذا انزل اللہ بقوم عذابًا)

(۲۸۷)

عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ رضی اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ مِّنْ اَسْلَمَ: اَذِّنْ فِيْ قَوْمِكَ اَوْ فِي النَّاسِ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ اَنَّ مَنْ اَكَلَ فَلْيُتِمَّ بَقِيَّةَ يَوْمِهٖ، وَمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَكَلَ فَلْيَصُمْ ؛

ترجمہ:۔ سلمہ بن اکوع رضی سے روایت ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ اسلم کے ایک شخص کو (جس کا نام ہند بن حارثہ تھا) فرمایا کہ عاشوراء کے روز اپنی قوم میں یا لوگوں میں یہ اعلان کردو کہ جس شخص نے (دن کے پہلے حصے میں کچھ کھا لیا ہے، تو وہ اپنا باقی دن پورا کرے (یعنی اس روز کی حرمت کے لئے مفطرات سے بچا رہے، اور جس نے نہ کھایا ہو وہ روزہ رکھ لے (یعنی دن کو روزہ کی نیت کرلے)۔

فائدہ:۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ میں تشریف لائے، یہود کو پایا کہ روزِ عاشوراء کا روزہ رکھ رہے ہیں۔ ان سے ان کے روزے کا حال پوچھا، انھوں نے

کہا: یہ وہ دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو بچایا اور فرعون کو ڈبایا۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اَنَا اَحَقُّ بِمُوسٰی مِنْکُمْ: میں تم سے زیادہ موسیٰ کا حقدار ہوں۔ پس آنحضرت علیہ السلام نے اس روز کا روزہ رکھ لیا اور اس کا روزہ رکھنے کا لوگوں کو حکم دیا۔

اس حدیث سے یہ مسئلہ نکلتا ہے کہ نفلی روزے کی دن کو نیت کر لینا بھی درست ہے۔

(باب من كان يبعث النبي صلى الله عليه وسلم من الامراء و الرسل واحداً بعد واحدٍ۔)

(۲۸۸)

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللہُ عَنْہُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: یُجَاءُ بِنُوْحٍ عَلَیْہِ السَّلَامُ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ فَیُقَالُ لَہٗ: ھَلْ بَلَّغْتَ؟ فَیَقُوْلُ: نَعَمْ یَا رَبِّ، فَتُسْئَلُ اُمَّتُہٗ: ھَلْ بَلَّغَکُمْ؟ فَیَقُوْلُوْنَ: مَاجَاءَ نَا مِنْ نَذِیْرٍ، فَیَقُوْلُ مَنْ شُھُوْدُکَ؟ فَیَقُوْلُ: مُحَمَّدٌ وَ اُمَّتُہٗ، فَیُجَاءُ بِکُمْ، فَتَشْھَدُوْنَ۔ ثُمَّ قَرَأَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: وَکَذٰلِکَ جَعَلْنٰکُمْ اُمَّۃً وَّسَطًا (قَالَ عَدْلًا) لِتَکُوْنُوْا شُھَدَاءَ عَلَی النَّاسِ وَیَکُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَیْکُمْ شَھِیْدًا ❊

ترجمہ :— از ابو سعید خدری رضی، کہا، رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : قیامت کے دن حضرت نوح ع لائے جائینگے اور اُن سے کہا جائیگا : تم نے پیغام پہنچا دیا ؟ وہ کہینگے : جی ہاں، پروردگار ! پھر ان کی اُمت سے دریافت ہوگا : کیا (نوح نے) تم کو پیغام پہنچا دیا ؟ وہ کہینگے : ہمارے پاس کوئی ڈر سنانے والا نہیں آیا۔ پھر اللہ تعالےٰ (حضرت نوح ع سے) فرمائیگا : تیرے گواہ کون کون ہیں ؟ پھر تم لائے جاؤگے اور (حضرت نوح ع کے حق میں) گواہی دوگے۔ پھر رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی : اور اسی طرح ہم نے تم کو امتِ وسط (عادل) بنایا ہے تاکہ تم لوگوں پر گواہ ہو، اور پیغمبر تم پر گواہ ہو۔
(در باب قولہٗ تعالیٰ — وکذٰلک جعلنٰکم امۃً وسطاً۔)

(۲۸۹)

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ : مَفَاتِیْحُ الْغَیْبِ خَمْسٌ لَا یَعْلَمُھَا اِلَّا اللّٰہُ ، لَا یَعْلَمُ مَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ اِلَّا اللّٰہُ ، وَلَا یَعْلَمُ مَا فِیْ غَدٍ اِلَّا اللّٰہُ ، وَلَا یَعْلَمُ مَتٰی یَاْتِی الْمَطَرُ اَحَدٌ اِلَّا اللّٰہُ ، وَلَا تَدْرِیْ نَفْسٌ بِاَیِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ اِلَّا اللّٰہُ ، وَلَا یَعْلَمُ مَتٰی تَقُوْمُ السَّاعَۃُ اِلَّا اللّٰہُ ۔

ترجمہ :— ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : غیب کی چابیاں پانچ ہیں جن کو سوا اللہ کے کوئی نہیں جانتا۔

اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ پیٹ (رحم) کیا گھٹاتے ہیں (کیا بڑھاتے ہیں) ؟

اور اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ کل کیا ہوگا ؟

اور اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ مینہ کب آئیگا ؟

اور اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ کوئی شخص کہاں مریگا ؟

اور اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ قیامت کب ہوگی ؟

(باب فی قول اللہ تعالیٰ: عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احدًا)

(۲۹۰)

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: یَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ وَاَنَا مَعَهٗ اِذَا ذَکَرَنِیْ، فَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ نَفْسِهٖ ذَکَرْتُهٗ فِیْ نَفْسِیْ، وَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ مَلَاٍ ذَکَرْتُهٗ فِیْ مَلَاٍ خَیْرٍ مِّنْهُمْ، وَاِنْ تَقَرَّبَ اِلَیَّ بِشِبْرٍ تَقَرَّبْتُ اِلَیْهِ ذِرَاعًا، وَاِنْ تَقَرَّبَ اِلَیَّ ذِرَاعًا تَقَرَّبْتُ اِلَیْهِ بَاعًا، وَاِنْ اَتَانِیْ یَمْشِیْ اَتَیْتُهٗ هَرْوَلَةً +

ترجمہ :- ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہا، پیغمبر خدا

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : اللہ (غالب و بزرگ) فرماتا ہے : میں اپنے بندے کے اعتقاد کے جو اسکو مجھ پر ہے، نزدیک ہوں، اور میں اسکے ساتھ (ہوتا) ہوں جب وہ مجھ کو یاد کرتا ہے۔ پھر جب وہ مجھ کو اپنے جی میں یاد کرتا ہے میں اسکو اپنے جی میں یاد کرتا ہوں، اور اگر وہ مجھ کو کسی جماعت میں یاد کرتا ہے تو میں اس کو ان سے بہتر جماعت میں یاد کرتا ہوں۔ اور جب ایک بالشت مجھ سے قریب ہوتا ہے تو میں ایک ہاتھ اس سے قریب ہوتا ہوں، اور جب وہ ایک ہاتھ مجھ سے قریب ہوتا ہے، تو میں دونوں بازوؤں کے پھیلاؤ کے قدر اسکے نزدیک ہوتا ہوں۔ اور جب وہ میرے پاس چل کر آتا ہے تو میں اسکے پاس دوڑ کر جاتا ہوں۔

(ق) باب قول اللہ تعالی ـــ وَیُحَذِّرُکُمُ اللّٰہُ نَفْسَہٗ)

(۲۹۱)

عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ طَرَقَہٗ وَ فَاطِمَۃَ بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ لَیْلَۃً، فَقَالَ لَھُمْ : اَلَا تُصَلُّوْنَ ؟ قَالَ عَلِیٌّ : فَقُلْتُ : یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّمَا اَنْفُسُنَا بِیَدِ اللّٰہِ فَاِذَا شَاءَ اَنْ یَّبْعَثَنَا بَعَثَنَا، فَانْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ حِیْنَ قُلْتُ لَہٗ ذٰلِکَ وَ لَمْ یَرْجِعْ اِلَیَّ شَیْئًا، ثُمَّ سَمِعْتُہٗ وَ ھُوَ

مُدْبِرٌ يَضْرِبُ فَخِذَهُ وَ يَقُولُ : وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ٭

ترجمہ :- علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم ان کے اور فاطمہ دختر رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں ایک رات تشریف لائے، پھر ان کو کہا : تم نماز کیوں نہیں پڑھتے؟ علیؓ نے کہا : تو میں نے کہا : ہماری جانیں اللہ کے ہاتھ میں ہیں، تو جب وہ ہمیں جگانا چاہیگا، جاگ پڑیں گے۔ پس جب میں نے یہ بات کہی تو واپس تشریف لے گئے اور مجھ کو کچھ جواب نہ دیا۔ پھر میں نے اُن کو سنا کہ وہ پیٹھ پھیرتے ہوئے اپنی ران پر ہاتھ مارتے اور کہتے ہیں : اور آدمی سب چیزوں سے زیادہ جھگڑالو ہے ٭

(ذکرہ البخاری فی باب المشیۃ والارادۃ)

(٢٩٢)

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالٰى اِذَا اَحَبَّ عَبْدًا نَادٰى جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَبَّ فُلَانًا فَاَحِبَّهٗ فَيُحِبُّهٗ جِبْرِيْلُ، ثُمَّ يُنَادِیْ جِبْرِيْلُ فِی السَّمَاءِ : اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَبَّ فُلَانًا فَاَحِبُّوْهُ فَيُحِبُّهٗ اَهْلُ السَّمَاءِ، وَ يُوْضَعُ لَهُ الْقَبُوْلُ فِیْ اَهْلِ الْاَرْضِ ٭

ترجمہ :- ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : جب اللہ تبارک و تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے، جبرائیل علیہ السلام کو پکارتا ہے کہ اللہ نے فلاں بندے سے محبت کی ہے پس تُو بھی اُس سے محبت کر، سو جبرائیل اس سے محبت کرتا ہے۔ پھر حضرت جبرائیل علیہ السلام آسمان میں ندا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فلاں بندے سے محبت کی ہے، سو تم بھی اُس سے محبت کرو، پس اہلِ آسمان بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں اور اسکے لئے اہلِ زمین میں قبولیت ٹھہرائی جاتی ہے ❊

(باب کلام الرّب مع جبریل)

(۲۹۳)

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ (رض) اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : یَقُوْلُ اللهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالٰی: اِذَا اَرَادَ عَبْدِیْ اَنْ یَّعْمَلَ سَیِّئَةً فَلَا تَكْتُبُوْهَا عَلَیْهِ حَتّٰی یَعْمَلَهَا ، فَاِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوْهَا بِمِثْلِهَا وَاِنْ تَرَكَهَا مِنْ اَجْلِیْ فَاكْتُبُوْهَا لَهٗ حَسَنَةً ، وَاِذَا اَرَادَ اَنْ یَّعْمَلَ حَسَنَةً فَلَمْ یَعْمَلْهَا فَاكْتُبُوْهَا لَهٗ حَسَنَةً ، فَاِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوْهَا لَهٗ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا اِلٰی سَبْعِ مِائَةٍ ❊

ترجمہ :- ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا : اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے : کہ جب بندہ کوئی برائی کرنے کا

ارادہ کرے تو اس کو اس پر نہ لکھو جب تک وہ اس کو عمل میں نہ لے آئے۔ اور جب وہ اس کو کرلے تو اسکو اسکی مثل لکھو (کم و بیش نہ لکھو) اور اگر وہ اسکو میری خاطر چھوڑ دے، تو اس کو اس کے حق میں نیکی لکھو۔ اور اگر وہ کوئی نیکی کرنے کا ارادہ کرے اور نہ کرے، تو اسکو اسکے حق میں نیکی لکھو اور اگر اسکو کرلے تو اسکو اسکے حق میں دس نیکیوں سے سات سو نیکیوں تک لکھو۔

(باب قول اللہ تعالیٰ: یُرِیْدُوْنَ اَنْ یُّبَدِّلُوْا کَلَامَ اللّٰہِ)

۲۹۴

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ، قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰہَ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی یَقُوْلُ لِاَھْلِ الْجَنَّۃِ: یَا اَھْلَ الْجَنَّۃِ! فَیَقُوْلُوْنَ لَبَّیْکَ رَبَّنَا وَسَعْدَیْکَ، وَالْخَیْرُ کُلُّہٗ فِیْ یَدَیْکَ! فَیَقُوْلُ: ھَلْ رَضِیْتُمْ؟ فَیَقُوْلُوْنَ: وَمَا لَنَا لَا نَرْضٰی یَا رَبَّنَا! وَقَدْ اَعْطَیْتَنَا مَا لَمْ تُعْطِ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِکَ. فَیَقُوْلُ: اَلَا اُعْطِیْکُمْ اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِکَ. فَیَقُوْلُوْنَ یَا رَبَّنَا وَاَیُّ شَیْءٍ اَفْضَلُ مِنْ ذٰلِکَ؟ فَیَقُوْلُ اُحِلُّ عَلَیْکُمْ رِضْوَانِیْ فَلَا اَسْخَطُ عَلَیْکُمْ بَعْدَہٗ اَبَدًا۔

ترجمہ:- ابو سعید خدری رضہ سے روایت ہے کہا، پیغمبر خدا صلی اللہ

علیہ وسلم نے فرمایا : اللہ تعالے اہلِ جنت سے کہیگا : اے جنت والو! وہ کہینگے : تیرے ارشاد کی بار بار بجا آوری کے لئے قائم ہیں اور تیرے ارشاد کی فوراً تعمیل کے لئے حاضر ہیں ۔ اور ساری بھلائی تیرے ہاتھوں میں ہے! پھر اللہ تعالے فرمائیگا : کیا تم خوش ہوئے ؟ وہ کہینگے ہم خوش کیوں نہ ہوں پروردگار ہمارے! جبکہ تو نے ہم کو وہ کچھ عطا فرمایا ہے جو اپنی مخلوق میں سے کسی کو نہیں دیا ۔ پھر وہ فرمائیگا : کیا میں تم کو اس سے بھی افضل نہ دوں ؟ اس پر وہ عرض کرینگے : اس سے افضل کونسی شے ہے ؟ پس وہ فرمائیگا : میں تم پر اپنی خوشنودی نازل کرونگا اور اس کے بعد تم سے کبھی ناراض نہ ہونگا ۔

وَاٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔

ذَاتَ لَيْلَةٍ

كَانَتْ إِذْ ذَاكَ لَمْ أَتَذَكَّرْ صَحِيْحًا اَلسَّادِسَة
وَنِصْفٌ مِنَ الْمَسَاءِ، وَكُنْتُ عَلَى الْفَوْرِ قَدْ
عُدْتُ بَعْدَ التَّنَزُّهِ الْمَسَائِيَّةِ، بَعْدَ بُرْهَةٍ قَصِيْرَةٍ
مَاشِيًا فِي الْقَاعَةِ رُوَيْدًا رُوَيْدًا قَدْ دَخَلْتُ الْغُرْفَةَ
وَافْتَتَحْتُ زِرَّةَ الْكَهْرُبَاءِ فَعَادَتِ الْغُرْفَةُ مُنَوَّرَةً
بَعْدَ مَا أَدْرَكَتْهَا الظَّلَامُ، ثُمَّ خَلَعْتُ السُّتْرَةَ وَ
قَصَدْتُ الْأَرِيْكَةَ مُعَلِّقًا إِيَّاهَا فِي الْمِعْلَقَةِ وَ
بَادَرْتُ إِلَى الْمِذَاعَةِ الَّتِي كَانَتْ فَوْقَ مِنْضَدَةٍ
جَمِيْلَةٍ إِلَى جَانِبٍ غَرْبِيَّةٍ عَلَى مَقْرُبَةٍ مِنَ الْجِدَارِ،
لِأَنَّنِي قَدْ كُنْتُ تَذَكَّرْتُ أَنَّ تِلْكَ السَّاعَةَ مُخْتَصَّةٌ
لِلْأَنْبَاءِ، فَعَلَى كُلِّ حَالٍ، اِفْتَتَحْتُ زِرَّةَ الْكَهْرُبَائِيَّةِ
الْأُخْرَى الَّتِي تَلْحَقُ بِالْمِذَاعَةِ مُتَّكِئًا عَلَى الْأَرِيْكَةِ
وَكُنْتُ أُطَالِعُ فِي مَجَلَّةِ الْبَرْنَامِجِ أَعْنِي "آواز" فَلَمْ
تَمْضِ إِلَّا قَلَائِلُ، حَتَّى بَدَأَتِ الْمِذَاعَةُ تَقْرَأُ عَلَيْنَا
الْأَنْبَاءَ الدَّاخِلِيَّةَ وَالْخَارِجِيَّةَ، اَلْاِقْتِصَادِيَّه وَ
السِّيَاسِيَّه، اَلْعِلْمِيَّه وَالزِّرَاعِيَّه، عَلَى الْإِخْتِصَارِ
لَمْ تَبْقَ بِقَاعُ الْأَرْضِ مِنْ مَشَارِقِهَا أَوْ مَغَارِبِهَا إِلَّا

سَمِعْتُ عَنْ اَحْوَالِهَا وَ وَقَائِعِهَا الحَاضِرَةِ الخَاصَّةِ وَجِيْزًا.
نَعَمْ! هٰذِهِ الإِذَاعَةُ كَانَتْ اَوَّلًا فِي اللُّغَةِ الإِنْكِلِيْزِيَّةِ.
ثُمَّ بَعْدَ هُنَيْهَةٍ اَخَذَتْ تُعَاوِدُ هٰذِهِ الأَنْبَاءَ بِاَسْرِهَا
فِي اللُّغَةِ الأُرْدِيَّةِ. إِذْ كَادَتْ اَنْ تَبْلُغَ النِّهَايَةَ
فَاَعْلَنَتْ فِي الأَخِيْرِ قَائِلَةً اَنَّ هٰذِهِ الأَنْبَاءَ كُلَّهَا
تُذَاعُ مِنْ مَحَطَّةٍ فُلَانِيَّةٍ وَ هٰذَا هُوَ الإِخْتِتَامُ وَ
سَرْتَ تَسْمَعُوْنَ مَرَّةً اُخْرٰى عِنْدَ التَّاسِعَةِ وَ رُبْعٍ مِنَ
اللَّيْلِ. بَعْدَ ذٰلِكَ اَخَذَ المُعْلِنُ يَقُوْلُ اَنَّ هُنَا
مَحَطَّةُ الإِذَاعَةِ الفُلَانِيَّةِ وَ سَتَسْمَعُوْنَ الغِنَاءَ عَنِ
المُوْسِيْقَارِ السَّيِّدَةِ الفُلَانِيَّةِ وَ تَلُوْهَا صَاحِبُ فُلَانٍ
يَعْزِفُ الآلَاتِ الطَّرَبِ كَذَا وَ كَذَا. عَلَى الفَوْرِ تَقَدَّمَتْ
اِلَى المِذْيَاعِ مُدَوَّرَةً الإِبْرَةَ مِنْ مَحَطَّةٍ اِلٰى مَحَطَّةٍ
اُخْرٰى لِلإِذَاعَةِ. وَ لٰكِنْ اَخَذَ مِنِّي العَجَبُ كُلَّ مَأْخَذٍ،
عِنْدَ مَا لَمْ اَجِدْ مَحَطَّةً وَاحِدَةً اَيْضًا بِدُوْنِ الأَغَانِي
وَ بِدُوْنِ عَزْفِ آلَاتِ الطَّرَبِ. فَغَلَقْتُ المِذْيَاعَ
غَاضِبًا، لِاَنِّيْ، فِي الحَقِيْقَةِ، اَحْتَقِرُ العَزْفَ كُلَّ
اِحْتِقَارٍ طَبْعًا. نَعَمْ اَللّٰهُمَّ بَعْضُ اَقْرَاصِ الغِرَامُوْفُوْنِيَّةِ،
فَبَعْضَ الأَحْيَانِ، اَنَا اَسْتَمِعُ اِلَيْهَا مِنْ غَيْرِ شَكٍّ،
عِنْدَ الثَّانِيَةَ وَعَشَرَ فِي النَّهَارِ، وَ لٰكِنْ عَلٰى شَرِيْطَةِ
الفُرْصَةِ بِالكُلِّيَّةِ.
عَلَى الجُمْلَةِ، بَعْدَ هٰذَا دَعَوْتُ الخَادِمَ قَائِلًا يَا فُلَانُ

يَا فُلَانُ هَاتِ الْعَشَاءَ. ثُمَّ أَنَا جَلَسْتُ فَوْقَ الْأَرِيكَةِ مُتَنَاوِلًا بِيَدِي الْكِتَابَ بِاسْمِهِ "The Spirit of Islam" فِي اللُّغَةِ الْإِنْكِلِيزِيَّةِ، بِدُونِ شَكٍّ، هٰذَا الْكِتَابُ جَدِيرٌ بِالْوَصْفِ، الْمَغْزَى الْخَالِصُ " عَنِ الدِّينِ الْقَيِّمِ، عَلَى الْخُصُوصِ، نَافِعٌ جِدًّا لِلطُّلَّابِ الْإِنْكِلِيزِيَّةِ الَّذِينَ وُلِدُوا بَيْنَ مُهُودِ الْأُمَّهَاتِ الْمُسْلِمَاتِ وَهُمْ يَعْتَنِقُونَ الْإِسْلَامَ أَيْضًا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ عَنْ سُوءِ الْحَظِّ بِعُلُومِ الدِّينِيَّةِ هُمْ فِي غَايَةِ الْإِبْتِعَادِ.

الْآنَ مَا كُنْتُ مُتَجَاوِزًا عَنْ أَرْبَعٍ أَوْ خَمْسِ صَفَحَاتٍ حَتّٰى دَخَلَ الْخَادِمُ فِي الْغُرْفَةِ قَائِلًا! تَفَضَّلُوا يَاحَضْرَةُ بِالْعَشَاءِ الْمَائِدَةُ مُسْتَعِدَّةٌ. فَمِنْ هُنَالِكَ تَرَكْتُ الْكِتَابَ فَوْقَ الْمِنْضَدَةِ وَخَرَجْتُ قَاصِدًا الْغُرْفَةَ الْمَائِدَةَ. عَجَبًا! أَنَّنِي كُنْتُ الْيَوْمَ وَحِيدًا فِي هٰذِهِ الْغُرْفَةِ الْكَبِيرَةِ عَنْ سُوءِ الْحَظِّ، عَلٰى مَائِدَةٍ كَبِيرَةٍ بِهٰذَا الْقَدَرِ.

عَلٰى كُلِّ حَالٍ، بَعْدَ مَا غَسَلْتُ الْيَدَ وَنَشَّفْتُهَا بِالْمِنْشَفَةِ، تَقَدَّمْتُ الْمَائِدَةَ الْمُضَاءَةَ بِالْكَهْرُبَاءِ وَالْمُتَزَيِّنَةَ بِالْمَلَاعِقِ الصِّغَارِ وَعَدَاهَا مِنَ السَّكَاكِينِ وَالشَّوْكَاتِ النَّظِيفَةِ الْمَصْقُولَةِ، كَانَتِ الْغُرْفَةُ أَيْضًا بِنَفْسِهَا مُتَزَيِّنَةً بِرُسُومٍ شَتّٰى الْعَدِيدَةِ مِنْ أَفَاضِلِ الرِّجَالِ وَبَعْضِ الْمَنَاظِرِ الرَّائِقَةِ مِنْ بِقَاعِ كَشْمِيرَ.

وَ اَمَّا الْحَقِیْقَةُ اَنَّ هٰذِهٖ كُلَّهَا كَانَتْ غَيْرَ مَرْضِيَّةٍ لِلنَّفْسِ، وَمِنَ الْوَاضِحِ الْجَلِيْلِ اَنَّ الْمَرْءَ سَبَبُ مَرْضَاتِهٖ هُوَ التَّحَادُثُ وَ الْمُصَاحَبَةُ مَعَ بَعْضِ اَصْدِقَاءِهٖ بِدُوْنِ التَّخْصِيْصِ .

مِنَ الضَّرُوْرِي، اَنَّ الْغُرْفَةَ النَّيِّرَةَ ، اَلْمَائِدَةَ الْفَكِهِيَّةَ الْمُحْتَوِيَةَ عَلٰى مَطَاعِمِ الْمَرْغُوْبَةِ ، وَ اَيْضًا بَعْضُ اَنْوَاعِ اِنِيْقَةٍ مِنْ اَدَوَاتِ الرَّفَاهِيَّةِ - هٰذِهٖ كُلُّهَا تُحَمِّسُنِي لِلتَّلَذُّذِ ، وَ مَا كَانَ لِيْ اَيْضًا بُدٌّ فِي الْحَقِيْقَةِ بِدُوْنِ اَنْ اَتَنَاوَلَ الطَّعَامَ مُتَفَكِّهًا وَ اَبْقٰى فَوْقَ الْمَائِدَةِ غَيْرَ قَصِيْرٍ مِنَ الْمُدَّةِ - وَ لٰكِنْ مَعًا بِسُرْعَةٍ تَامَّةٍ قَدْ خَطَرَ بِبَالِيْ اَنَّ الْآنَ السَّابِعَةُ وَ نِصْفُ فِي السَّاعَةِ وَهٰذَا الْوَقْتُ لِلْاِذَاعَةِ مِنْ مَحَطَّةِ رُوْسِيَا اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ، فَلَمْ تَمْضِ الْآنَ اِلَّا بِضْعُ دَقَائِقَ حَتّٰى تَاَخَّرْتُ عَنِ الْمَائِدَةِ وَ خَاطَبْتُ الْخَادِمَ، غَاسِلًا يَدِيْ بِالصَّابُوْنِ ، هَاهُنَا الْمَائِدَةُ وَ اَنْتَ يَا فُلَانُ !

مَاسِحًا الْيَدَ بِالْمِنْدِيْلِ بِالسُّرْعَةِ قَصَدْتُ غُرْفَةَ الْاِسْتِقْبَالِ، وَ مَا كِدْتُ الْآنَ اَنْ اَجْلِسَ حَتّٰى اَفْتَتَحْتُ زِرَّةَ الْكَهْرُبَاءِ الْمُلْحِقَةَ بِالرَّادِيُو، بَعْدَ بُرْهَةٍ قَصِيْرَةٍ اَخَذْتُ اُدَوِّرُ الْاِبْرَةَ بِقَدْرِ مَا اَمْكَنَنِيْ بِالسُّرْعَةِ حَتّٰى اِذَا بَلَغْتُ تِسْعَ وَ عَشَرَ مِتْرًا عَلٰى مَوْجَةٍ قَصِيْرَةٍ، فَمِنَ الْعَجَبِ، اَنِّيْ بِدُوْنِ تَمَهُّلٍ قَدْ اَدْرَكْتُ تِلْكَ الْمَحَطَّةَ الَّتِيْ

كُنتُ أُرِيدُ أَعنِي رُوسِيَا وَ كَانَت تُذَاعُ هُنَاكَ وَقتَئِذٍ الأَنبَاءُ فِي العَرَبِيَّةِ فَوَقَفتُ هُنَاكَ وَتَرَكتُ الإِبرَةَ عَلَى حَالِهَا بِدُونِ تَنقِيصٍ أَوِ زِيَادَةٍ . بَادَرتُ إِلَى مِنضَدَةٍ أُخرَى لِتَنَاوُلِ الكُرَّاسَةِ وَ أَخذًا قَلَمَ الحِبرِ بِيَدِي جَلَستُ أَمَامَ الرَّادِيُو عَلَى مَقرَبَةٍ مِنهُ بِسُكُوتٍ تَامٍّ عَلَى الأَغلَبِ، بَقِيَتِ الإِذَاعَةُ إِلَى خَمسَ عَشَرَةِ دَقِيقَةً فَأَنَا لَا زِلتُ مُستَمِرًّا مُكِبًّا فَوقَ الكُرَّاسَةِ وَ مُتَوَجِّهًا تِلقَاءَ الرَّادِيُو . مَهمَا أَلقَى المُذِيعُ أَثنَاءَ إِذَاعَتِهِ كَلِمَةً فُصحَى الجَيِّدَةَ عَلَى مِقيَاسٍ أَدَبِيٍّ ، فَعَلَى الفَورِ ، قَد كُنتُ أَضبِطُهَا فِي الكُرَّاسَةِ ، فَهٰكَذَا أَنَا كُنتُ أُبذِلُ جُهُودِي فِي الإِنضِبَاطِ حَتَّى انتَهَتِ الأَنبَاءُ ، قَالَ المُذِيعُ مُعلِنًا هُنَا "مَاسكو" هٰكَذَا أَنتُم تَستَمِعُونَ كُلَّ يَومٍ أَيُّهَا المُستَمِعُونَ الكِرَامُ فِي هٰذَا الوَقتِ مَسَاءً عَلَى مِترٍ فُلَانٍ وَ عَلَى مَوجَةٍ فُلَانِيَّةٍ وَ ذَبذَبَةٍ فُلَانِيَّةٍ . بَعدَ ذٰلِكَ شَرَعَ بَرنَامَجُ المُوسِيقِيَّةِ وَ لٰكِن عَلَى طِرَازٍ رُوسِيٍّ فَمَا أَعجَبَنِي بِالكُلِّيَّةِ ، نَغَلَّقتُ المِذَاعَةَ ، وَكَانَت عِندَئِذٍ الثَّامِنَةَ وَ رُبعَ مِنَ اللَّيلِ . فَاحسَنتُ هٰذِهِ الوَقفَةَ وَ قُمتُ لِلصَّلٰوةِ . لِأَنَّنِي كُنتُ عَارِفًا بِهٰذَا أَنَّ بَعدَ قَلِيلٍ أَعنِي بَعدَ نِصفِ سَاعَةٍ أَو بَعدَ سَاعَةٍ إِلَّا رُبعَ ثُمَّ نَلجَأُ مُضطَرًّا إِلَى اِستِمَاعِ بَرنَامَجِ الإِنكلِيزِيَّةِ مِن هَيئَةِ إِذَاعَةِ البُرَيطَانِيَةِ . عَلَى الإِختِصَارِ ، بَعدَ الفِرَاغِ عَن تَأدِيَةِ الصَّلٰوةِ ثُمَّ

تَقَرَّبْتُ اِلَى الرَّادِيُو وَ كَانَتْ اِذْ ذَاكَ الثَّامِنَةَ وَ نِصْفَ
تَذَكَّرْتُ بَعْدَ فِكْرٍ قَلِيلٍ، اَنَّ الْآنَ اَيْضًا بَرْنَامِجُ
الْاِنْكِلِيزِيَّةِ مِنْ مَحَطَّةِ الْاِذَاعَةِ اَعْنِيْ اُسْتَرَالِيَا
(Australia) فَافْتَتَحْتُ الْكَهْرُبَاءَ جَالِسًا فَوْقَ
الْكُرْسِيِّ، مَا كِدْتُ الْآنَ اَنْ اَتَّكِأَ حَتّٰى اَخَذَتِ
الْاَصْوَاتُ تَتَدَفَّقُ خَارِجَةً مِنْ اَجْوَافِ الْمِذْاعَةِ
بِاَشَدِّ سُرْعَةٍ، عَلٰى كُلِّ حَالٍ، اَنَا اَيْضًا انْتَبَهْتُ
عَلَى الْفَوْرِ مُكِبًّا عَلَى الْمِنْضَدَةِ وَ اَخَذْتُ اَسْتَمِعُ
بِكُلِّ جَوَارِحِ اِلٰى مَا كَانَ. يُحَدِّثُ صَاحِبُ الْاِذَاعَةِ
مِنَ الْاَخْبَارِ الْعَالَمِيَّةِ. لَا رَيْبَ، اَنَّ اَثْنَاءَ هٰذِهِ
الْاَحَادِيْثِ الطِّوَالِ مَا وَجَدْتُ جُمْلَةً وَاحِدَةً
اَيْضًا الَّتِيْ تَلِيْقُ بِالضَّبْطِ اَوْ تَكُوْنُ هُنَاكَ رَائِحَةٌ
اَدَبِيَّةٌ، وَ لٰكِنْ ثُمَّ اَيْضًا بَقِيْتُ مُتَوَجِّهًا وِجْهَةَ
الرَّادِيُو بِالْكُلِّيَّةِ، حِيْنَمَا وَجَدْتُ كَلِمَةً نَادِرَةً الَّتِيْ
اَنَا كُنْتُ غَيْرَ عَارِفٍ بِهَا، فَعَلَى الْفَوْرِ، كُنْتُ
اَضْبُطُهَا فَوْقَ جَبْهَاتِ الْكُرَّاسَةِ، لِكَيْ اَسْئَلَ
عَنْ مَعَانِيْهَا بَعْضَ اَسَاتِذَةِ الْاِنْكِلِيْزِيَّةِ الَّذِيْنَ
كَانُوْا مِنْ اَصْدِقَائِيْ ثُمَّ اَحْفَظُهَا جَيِّدَةً، لِتَكُوْنَ
لِيْ حِفْظُ هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ خَيْرَ مُسَاعِدٍ فِي اللَّيَالِ
الْآتِيَةِ، عَلَى الْخُصُوْصِ، عِنْدَ اِسْتِمَاعِ الْخُطَبِ
مِنْ اَعَاظِمِ رِجَالِ الْاُوْرُبِّيِّ الَّتِيْ تُذَاعُ مِنْ

مَحَطَّاتِ الإِذَاعَةِ شَتّٰى وَاحِدَةً بَعْدَ وَاحِدَةٍ مِنَ الْعَاشِرَةِ إِلَى الثَّانِيَةِ وَ عَشَرَ مِنَ اللَّيْلِ۔
الْحَاصِلُ، أَنَّنِي هٰكَذَا كُنْتُ أَسْتَمِعُ إِلٰى بَرْنَامِجِ الْكُلِّيْزِيَّةِ مُسْتَمِرًّا، تَارَةً الأَنْبَاءَ الْعَالَمِيَّةَ وَمَرَّةً أُخْرٰى الإِنْتِقَادَاتِ عَلٰى أَحْوَالِ سِيَاسِيَّةِ الدَّاخِلِيَّةِ وَ الْخَارِجِيَّةِ، حَتّٰى بَلَغَتِ الإِذَاعَةُ مِنْ هُنَا إِلٰى إِتْمَامٍ، وَ بَعْدَ بُرْهَةٍ قَصِيْرَةٍ، عَلَى الأَغْلَبِ، هٰذِهِ الْوَقْفَةُ مَا كَانَتْ مُتَجَاوِزَةً عَنْ خَمْسِ دَقَائِقَ، حَتّٰى بَدَأَ بَرْنَامِجُ آخَرُ تَلُوهَا مِنْ أَمْرِيْكِيَا. هٰذَا أَيْضًا كَانَ بِلُغَةٍ إِنْكِلِيْزِيَّةٍ، مِنْ غَيْرِ شَكٍّ، هُنَالِكَ الْقَلْبُ قَدِ امْتَلَأَتْ بِالْفَرَحِ وَ غَايَةَ السُّرُوْرِ وَ بِدُوْنِ مُبَالَغَةٍ لَمْ يَبْقَ لِإِعْجَابِيْ حَدٌّ، حِيْنَمَا سَمِعْتُ الْمُذِيْعَ الأَمْرِيْكِيَّ، أَنَّهُ يَتَكَلَّمُ بِهٰذَا الْقَدْرِ اللُّغَةَ الْفُصْحٰى وَ بِهٰذَا الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ هُوَ قَادِرٌ عَلٰى لَهْجَةٍ خَالِصَةٍ جَيِّدَةٍ. وَ الْعَجِيْبُ أَنَّهُ كَانَ عَالِيَ الصَّوْتِ أَيْضًا بِالشِّدَّةِ.

أَسَفًا! أَيُّهَا الْقُرَّاءُ الْكِرَامُ، لَوْ لَا الْمَخَافَةُ لِضِيْقِ الْوَقْتِ فَأَنَا اسْتَعْرَضْتُ إِلَيْكُمْ اِسْتِعْرَاضًا وَجِيْزًا مِنْ مُلَخَّصَاتِ خُطُبَاتِهِ الذَّهَبِيَّةِ وَمُنْتَقَدَاتِهِ الْقَيِّمَةِ الْمَشْهُوْرَةِ، عِلَاوَةً عَلٰى هٰذَا، أَيْضًا أَنَا أَخَافُ أَشَدَّ مَخَافَةٍ طِوَالَةَ الْعِبَارَةِ، فِي الْحَالِ. لِأَنَّنِيْ أَعْرِفُ أَنَّ بَرْنَامِجَ الْعَرَبِيَّةِ بَاقٍ إِلَى الآنَ كُلُّهُ وَ هُوَ أَيْضًا بِنَفْسِهِ

طويلٌ، ولو أنّ بين جنبيه مختفيةٌ المنافعُ الجزيلةُ،
بدون الشكّ، ولا كذب، أنّ هناك غير عديدة
من أحاسن الرموز الثمينة لرغبة لعلم اللغة
العربية الجديدة بداءة.

على الجملة، هذا البرنامج أي الإنكليزية من
أمريكا قد بلغ الختام عند العاشرة من الليل. وبعد
دقيقة واحدة فقط، بدأ برنامج العربية من
(محطة الإذاعة) أنقرة وهي عاصمة تركيا، على متن
٣١ ولكن هذا البرنامج كان لاثنتا عشرة دقيقة فقط،
فما كان شيءٌ خاصٌّ عدا ترجمة الخطبة التي ألقاها
رئيس جمهورية التركية صاحب الفخامة عصمت
إنونو وإن لم تكن هناك محاضرة أدبية ولا
المقالات الغرّاء كانت تقرأ علينا، ثمّ أيضًا تلقّيتُ
غير عديدة من الجملات الرائقة التي تفيد في
كلّ الآونة عند إنشاء المقالات أو عند إلقاء
المحاضرات في اللغة العربية بعدُ، وهذا هو النفعُ
العظيمُ، عند ظنّي، على الخصوص لطلبة اللغة
العربية الهنديّين الذين ما سافروا إلى بلاد العربية
قطّ ولا يمكنهم عن سوء الحظّ أن يصاحبوا مع
العرب عوضُ. منذ يوم الولادة إلى أن تغشيهم اللحود
فتأمّل أنت أيضًا أيّها القاري وأنت أيضًا

اَیَّتُھَا الْقَارِئَۃُ ! اَوَ ھٰذَا صَحِیْحٌ کُلُّہٗ اَمْ لَا۔ اَوَ یَنْفَعُکَ اِسْتِمَاعُ الرَّادِیُو فِیْ ھٰذِہِ السَّبِیْلِ اَعْنِیْ اَلتَّعَلُّمِ اللُّغَۃِ الْعَرَبِیَّۃِ بِدُوْنِ نَفَقَاتٍ عَظِیْمَۃٍ وَ بِدُوْنِ تَمَلُّقٍ شَدِیْدٍ لِرَجُلٍ فُلَانٍ اَوْ سَیِّدَۃٍ فُلَانِیَّۃٍ فَافْعَلْ بِدُوْنِ تَمَھُّلٍ، مَاذَا اَنَا اَفْعَلُ اَیُّھَا الْاَخُ، وَاعْمَلِیْ اَنْتِ اَیْضًا یَا اَیَّتُھَا السَّیِّدَۃُ بِمَاذَا قَرَاْتِ الْاٰنَ وَ بِمَاذَا اَنَا اَدُلُّکِ الْقَرِیْبَ فِیْ عِبَارَۃٍ اٰتِیَۃٍ اِلٰی اَھَمِّ بَرَامِجِ الْعَرَبِیَّۃِ۔

(الباقی آتی)

ترجمہ :-

ایک رات

اسوقت، اگر مجھے اچھی طرح یاد ہے، تو شام کے ساڑھے چھ بجے تھے، اور میں ابھی فوراً شام کی سیر کے بعد واپس آیا تھا۔ تھوڑی دیر صحن میں آہستہ آہستہ چہل قدمی کرتے کے بعد، میں کمرہ میں داخل ہوا اور بجلی کا بٹن دبا دیا۔ کمرہ روشن ہوگیا جبکہ بالکل تاریک پڑا ہوا تھا۔ پھر میں نے کوٹ اتارا اور اُسے کھونٹی میں لٹکاتے ہوئے کاؤچ کی طرف بڑھے، اور ریڈیو کی طرف جلدی سے ہاتھ بڑھایا جو مغربی جانب ایک حسین سی میز پر رکھا ہوا تھا دیوار کے قریب۔ اس لئے کہ مجھے یاد آگیا تھا کہ یہ وقت خبروں کے لئے مخصوص ہے۔ بہرحال میں نے کاؤچ پر ٹیک لگاتے ہوئے وہ دوسرا بجلی کا بٹن بھی دبا دیا جو ریڈیو سے ملحق (ملا ہوا) تھا۔ اس حالت میں کہ میں پروگرام کا رسالہ یعنی "آواز" کو دیکھ رہا تھا۔ ابھی تھوڑی دیر ہی ہوئی تھی کہ ریڈیو نے ہمیں اندرونی اور بیرونی خبریں سنانا شروع کر دیں، اقتصادی، سیاسی، علمی زرعی (وغیرہ وغیرہ)، مختصر یہ ہے کہ زمین کا کوئی چپہ باقی نہیں رہا، خواہ مشرق ہو یا

خرب، مگر اسکے حالات اور خاص خاص واقعات کو مختصر طور پر میں نے سُن لیا۔
ں! یہ اشاعت پہلے پہل تو انگریزی زبان میں تھی اور اسکے محض تھوڑی دیر بعد
ی ریڈیو تمام خبریں اُردو میں دُہرانے لگا۔ جب اختتام کے قریب پہنچا، تو اخیر میں
علان کیا کہ یہ تمام خبریں فلاں اسٹیشن سے نشر کی جارہی ہیں اور یہ آخری خبر ہے' اور
نقریب دوبارہ رات کے سوا نو بجے آپ سنیں گے۔ اس کے بعد اعلان کرنے والے
نے کہا، یہ فلاں ریڈیو اسٹیشن ہے' اور اب آپ عنقریب فلاں بیگم سے گانا
سنیں گے، اور اسکے بعد فلاں صاحب فلاں فلاں ساز سنائیں گے۔ (اتنا سنتے ہی)
درا میں ریڈیو کی طرف بڑھا۔ سوئی کو ایک اسٹیشن (میٹر) سے دوسرے ریڈیو اسٹیشن
کی طرف گھماتے ہوئے، لیکن مجھے بیحد تعجب دامنگیر ہوا جس وقت کہ ایک اسٹیشن
بھی بغیر گانے بجانے کے نہ پایا۔ غصہ میں آکر جھنجلا کر میں نے ریڈیو بند کر دیا۔ اسلئے
کہ درحقیقت، میں راگ راگنی کو سخت حقارت کی نگاہ سے دیکھتا ہوں فطری طور
پر، ہاں! بعض وقت دوپہر کو بارہ بجے چند گراموفون ریکارڈ بیشک سُن لیتا ہوں،
لیکن بشرطیکہ مکمل فرصت ہو۔

حاصل کلام، اسکے بعد نوکر کو آواز دی میں نے، فلانے ... فلانے، کھانا
لے آؤ۔ پھر میں ایک کتاب ہاتھ میں لیتے ہوئے کاؤچ پر بیٹھ گیا، جس کا نام "سپرٹ
آف اسلام" تھا، انگریزی زبان میں تھی، بے شک یہ کتاب تعریف کے قابل ہے۔
دین قیم یعنی اسلام کا بہترین نچوڑا اور لب لباب ہے۔ خاص طور پر ان انگریزی
طالبعلموں کے لئے بیحد مفید ہے جو مسلم ماؤں کی گود میں پیدا ہوتے اور اسلام کے نام
لیوا بھی ہیں مگر بدقسمتی کہ دینی علوم سے کوسوں دُور پڑے ہوئے ہیں۔ ابھی میں چار
یا پانچ صفحات سے آگے نہیں بڑھا تھا کہ نوکر کمرہ میں یہ کہتا ہوا آیا: جناب عالی!
کھانے کی میز تیار ہے (کھانا چنا جا چکا ہے)، تشریف لائیں تناول فرمائیں۔ بس اتنا

سنتے ہی میں نے کتاب کو میز پر ڈال دیا اور میں نکل کر کھانے کے کمرہ کی طرف بڑھا تعجب تو یہ ہے کہ میں آج بدقسمتی سے اتنے بڑے کمرہ اور اس قدر بڑی میز پر (بالکل) تنہا تھا۔

بہر حال جب میں نے ہاتھ دھویا اور تولیہ سے صاف کر لیا تو دسترخوان کی طرف بڑھا جو بجلی سے روشن تھا، اور چھوٹے بچچوں، نیز چھری اور کانٹوں سے جو صاف ستھرے اور پالش کئے ہوئے تھے، اُن سے آراستہ تھا۔ بذاتِ خود کمرہ بھی کئی ایک بڑی بڑی ہستیوں کی مختلف تصویروں سے سجا ہوا تھا۔ نیز بعض وادیٔ کشمیر کے دلچسپ مناظر کے (فوٹو بھی) آویزاں تھے۔ لیکن سچ تو یہ ہے کہ یہ ساری دلچسپ کائنات دل کو نہیں بھاتی تھی، اور یہ بالکل واضح ہے، کیونکہ انسان کی مسرت کا اصل سبب تو دوستوں کی ہم نشینی اور باہمی گفتگو (کا حسین تسلسل) ہے۔ یہ ضروری بات تھی کہ روشن کمرہ، مزہ دار دسترخوان جو خوشگوار کھانوں اور بعض نادر ترین اسباب راحت اور عشرت پر مشتمل ہو، لذت اندوری کی سرگوشی کرے، اور درحقیقت میرے لئے بھی کوئی چارہ نہ تھا بجز اس کے کہ میں مزے لے کر (اطمینان سے) کھانا کھاتا رہوں اور دیر تک دسترخوان پر بیٹھا رہوں لیکن ساتھ ہی، جلد دل میں آیا کہ اُف .... اُف اس وقت تو گھڑی میں ساڑھے سات بجے ہیں اور روس سے عربی زبان میں نشر کا وقت ہے۔

ابھی صرف چند لمحات گذرے تھے کہ میز سے اُٹھ گیا (پیچھے ہٹ گیا)، ہاتھ صابون سے دھوتے ہوئے نوکر کو مخاطب کیا: فلانے! لو یہ دسترخوان ہے، اور تم (جانو اور تمہارا کام)، ہاتھ کو رومال سے صاف کرتے ہوئے تیزی سے گول کمرہ کا ارادہ کیا۔ ابھی بیٹھنے بھی نہ پائے تھے کہ ریڈیو والا بجلی کا بٹن دبا دیا۔ ذرہ سی دیر کے بعد جتنا جلد مجھ سے ہو سکا (ریڈیو کی) سوئی گھمانے لگا

جب میں شورٹ ویو (Short wave) پر ۱۹ میٹر پر پہنچا، تو کچھ عجیب بات رہی، بغیر کسی خاص مہلت کے وہی اسٹیشن جو میں چاہتا تھا اُسے پا لیا یعنی روس (ماسکو)۔ اُس وقت وہاں سے عربی خبریں نشر ہو رہی تھیں۔ بس میں وہیں ٹھہر گیا اور سوئی کو اُسی جگہ پر بغیر کسی گھٹاؤ بڑھاؤ (آگے پیچھے کرنے) کے چھوڑ دیا، اور جلدی سے کاپی اٹھانے کے لئے دوسری میز کی طرف میں بڑھا اور فاؤنٹن پن ہاتھ میں لے کر ریڈیو کے سامنے قریب ہو کر مکمل خموشی کے ساتھ بیٹھ گیا۔ پندرہ منٹ تک خبریں براڈ کاسٹ ہوتی رہیں ریڈیو کی طرف متوجہ ہو کر کاپی پر (خوب دھیان کے ساتھ) جھکا رہا۔ جہاں نشر کرنے والے نے (اپنی آواز کو) نشر کرنے کے درمیان کوئی عمدہ فصیح کلمہ بولا جو ادبی کسوٹی پر پورا ہو، پس فوراً میں اُسے کاپی میں درج کر لیتا تھا۔ ایسا ہی میں ان (کلموں کو) نقل کرنے میں کوشش کر رہا تھا کہ خبریں ختم ہو گئیں اور اناؤنسر .... نے کہا "یہ ماسکو ہے"۔ سامعین کرام آپ ایسا ہی ہر روز شام کو اسی وقت، فلاں میٹر ——— فلاں ویو (wave) ——— اور فلاں کلو سائیکل ——— پر سنا کریں گے۔ اس کے بعد گانے بجانے کا پروگرام شروع ہو گیا۔ لیکن چونکہ روسی طریقہ پر تھا۔ اس لئے مجھے ذرہ پسند نہ آیا۔ میں نے ریڈیو بند کر دیا۔ اس وقت رات کے سوا آٹھ بجے تھے۔ اس دقیقہ کو میں نے بہتر سمجھا اور نماز کے لئے تیار ہو گیا، اس لئے کہ میں جانتا تھا کہ تھوڑی دیر بعد یعنی آدھ گھنٹہ یا پون گھنٹہ کے بعد پھر B.B.C. سے انگریزی پروگرام سننے کے لئے مجبور ہونا پڑے گا ——— مختصر یہ کہ نماز کی ادائیگی سے فارغ ہو کر پھر ہم ریڈیو کے نزدیک پہنچے۔ اب ساڑھے نو بجے تھے۔ ایک خفیف سے تفکر کے بعد یاد آیا کہ اس وقت بھی آسٹریلیا کے ریڈیو اسٹیشن سے

انگریزی کا پروگرام ہے - میں نے کرسی پر بیٹھے ہوئے بجلی کھول دی - ابھی (کا فیچ پر) ٹیک بھی لگانے نہ پائے تھے کہ ریڈیو سے انتہائی تیزی کے ساتھ آواز اُچھل اُچھل کر باہر آنے لگی - بہرحال، میں بھی فوراً کرسی کی طرف سرنگوں ہوتے ہوئے چوکنا ہو بیٹھا اور ہمہ تن گوش ہو کر (مکمل طور پر) سننے لگا، جو کچھ بھی دنیا کی خبریں نشر کرنے والا نشر کر رہا تھا -

شک نہیں کہ ان تمام باتوں کے سلسلہ میں ایک جملہ بھی ایسا نہیں پایا جو نوٹ کرنے کے قابل ہوتا اُس میں ادب کی بُو ہو - لیکن پھر بھی مکمل طور پر ریڈیو کی طرف متوجہ رہا - جب کوئی نیا لفظ ملتا تھا جو میں نہیں جانتا تھا (غیر مانوس تھا) تو فوراً اُسے کاپی کی پیشانیوں (سرے) پر لکھ لیتا تھا - تاکہ میں اس کا معنیٰ بعض انگریزی پروفیسروں سے جو میرے دوست تھے، اُن سے پوچھ لوں اور اُسے اچھی طرح یاد کر لوں، تاکہ آیندہ راتوں میں انھی الفاظ کا ذہن نشین کر لینا میرے لئے بہترین مددگار ثابت ہو، خاص طور پر یورپین بڑی بڑی ہستیوں کی تقریریں سننے کے وقت، جو مختلف ریڈیو اسٹیشنوں سے یکے بعد دیگرے دس بجے سے لیکر بارہ بجے تک نشر ہوتی رہتی ہیں ——— حاصل کلام یہ ہے کہ میں اسی طرح مسلسل انگریزی پروگرام سنتا جا رہا تھا - کبھی عالمگیر خبریں اور کبھی اندرونی اور بیرونی سیاسی احوال پر تقریریں، یہاں تک کہ یہ انگریزی خبریں بھی درجۂ تکمیل کو پہنچ گئیں - تھوڑی دیر کے بعد، غالباً یہ وقفہ پانچ منٹ سے زیادہ نہ ہوگا - اس کے بعد دوسرا پروگرام امریکہ سے شروع ہوگیا - یہ بھی انگریزی زبان میں تھا - بے شک اس منزل پر آکر، دل فرحت اور انتہائی مسرت سے لبریز ہوا تھا، اور بلا مبالغہ میرے تعجب کی کوئی حد نہیں رہی، جبکہ میں نے امریکی ناشر سے سنا (اور محسوس کیا کہ) وہ اس قدر فصیح زبان بول رہا ہے اور ایسے بہترین

خالص لہجہ (Pronunciation) پر قادر ہے ۔ تعجب زیادہ تو یہ تھا
زغضب کا بلند آہنگ (اونچی آواز رکھنے والا) بھی تھا ۔
قارئین کرام ! افسوس ۔ اگر وقت کی تنگی کا خوف نہ ہوتا تو مختصر طور پر
اس کی زریں تقریر اور بیش بہا تنقیدات کا خلاصہ بھی ضرور پیش کرتا ۔ علاوہ
ازیں فی الحال عبارت کے بھی طویل ہو جانے کا زیادہ خوف ہے ۔ اس لئے کہ مجھے
معلوم ہے کہ عربی کا تمام پروگرام ابھی باقی ہے جو بذاتِ خود (شبِ فرقت کی
طرح) طویل ہے ۔ اگرچہ اُس عربی پروگرام کے ذکر میں بھی بے حساب فائدے
پنہاں ہیں ۔ بلا شک و شبہ ذرہ جھوٹ نہیں کہ وہاں (اس پروگرام میں)
بھی نئی عربی زبان سیکھنے کے شیدائیوں کے لئے لا تعداد بہترین قیمتی
رموز ہیں ۔

حاصل کلام، یہ پروگرام یعنی امریکہ سے انگریزی کی نشریات کے دس بجے
ختم ہو گئی اور صرف ایک منٹ کے بعد "النقرہ" سے جو ترکستان کا دارُ
الخلافہ ہے عربی کا پروگرام شروع ہوا، ۳۱ میٹر پر ۔ لیکن یہ پروگرام صرف
بارہ منٹ کے لئے تھا ۔ اس خطبہ کے ترجمہ کے ماسوا جسے ترکستان
کے صدر عالیجاہ عصمت انونو نے پیش کیا تھا اور کوئی خاص دوسری
چیز نہ تھی ۔

اگرچہ یہاں کوئی دلچسپ یا ادبی لکچر نہ تھا، تاہم کئی ایک ایسے
دلچسپ جملے حاصل کئے جو مجھے ہر وقت خواہ مضمون نگاری کا وقت ہو یا عربی
زبان میں لیکچر دینے کا وقت، کام آئیں گے، اور میرے نزدیک یہ سب سے
بڑھ کر فائدہ ہے، خاص ان ہندوستانی عربی زبان کے طلاب کے لئے جنہوں
نے جب سے جنم لیا، نہ تو عربی ممالک کا سفر کیا اور نہ بدقسمتی سے قبر کی آغوش

میں پہنچنے تک کوئی امکان ہے کہ انھیں عربوں کی ہم نشینی حاصل ہو۔ پس تو بھی غور کر اے قاری، نیز تو بھی اے قاریہ! کہ آیا یہ (مذکورہ بات) تمام صحیح ہے یا نہیں؟ اس مقصد یعنی بغیر زبردست اخراجات اور لمبی چوڑی چاپلوسی کئے عربی زبان سیکھنے میں ریڈیو کا سننا فائدہ دیگا یا نہیں؟ تو اے (عزیز) بھائی تم بھی وہی کام کرو جو میں کرتا ہوں (یعنی عربی پروگرام کے وقت ریڈیو بلا ناغہ سنو) اور تو بھی اے خاتون عمل کر اس (ہدایت) پر جو ابھی تو نے پڑھا ہے۔ نیز ان باتوں پر جو ابھی عنقریب آنے والی عبارت میں عربی کے اہم پروگرام کی طرف اشارہ کرونگا۔ (باقی آیندہ)

عبدالرشید ایچ۔ اے

پروگرام ریڈیو

تک		میٹر	بجے			
۲۰ منٹ	۔	۱۹ اور ۴۸	۔ ۳۰ ۔ ۷	روس ۔	عربی ۔	شورٹ ویو
۳ گھنٹے		۴۴ اور ۴۵	۷ ۔ ×	شرق ادنیٰ	//	//
۲۰ منٹ		۲۹ اور ۳۰	۱۰ ۔ ×	النقرہ	//	//
½ ۱ گھنٹے		۱۹ اور ۳۰	۱۰ ۔ ۳۰	لندن	//	//

سُورَةُ يُوسُفَ

مَكِّيَّةٌ

وَهِيَ مِائَةٌ وَّاحِدَى عَشَرَ اٰيَةً

وَّ اِثْنَا عَشَرَ رُكُوْعًا

سورۂ یوسف مکہ میں نازل ہوئی اور وہ

ایک سو گیارہ آیتیں اور بارہ رکوع ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کا نام لے کر جو بہت بخشش کرنے والا نہایت مہربان ہے۔

الٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ①

اَلِفْ	لَامْ	رَا كف	تِلْكَ	اٰيٰتُ	اَلْ كِتَابِ	اَلْ	مُبِيْنِ
ا	ل	ر	وہ	آیتیں ہیں	کتاب		روشن کی

الف۔ لام۔ را کف وہ واضح کتاب کی آیتیں ہیں۔(۱)۔

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

۱	اِنَّا	اَنْزَلْنَا	هُ	قُرْاٰنًا	عَرَبِيًّا	لَعَلَّ	كُمْ
۱	تحقیق	ہمنے آتارا	اس کو	ایک قرآن	عربی زبان کا	تاکہ	

ہم نے اس (کتاب) کو ایک عربی پڑھنت کے طور پر آتارا تاکہ

تَعْقِلُوْنَ ② نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ

تَعْقِلُوْنَ	۲	نَحْنُ	نَقُصُّ	عَلَيْكَ	اَحْسَنَ	اَلْ	قَصَصِ
سمجھو	۲	ہم	بیان کرتے ہیں	تجھ پر	بہت اچھا		بیان کرنا

تم سمجھو۔ (۲)۔ ہم اس قرآن (یعنی پڑھنت) کو تیری طرف وحی کرکے

بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ ق وَ

بِ	مَا	اَوْحَيْنَا	اِلَيْكَ	هٰذَا	اَلْ	قُرْاٰنَ ق	وَ
بذریعہ	اسکے کہ	ہمنے وحی کیا	تیری طرف	یہ		قرآن	اور

اچھے سے اچھے طرز بیان میں پیروی کے قابل احوال تجھ کو سناتے ہیں اور

اِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ③

اِنْ	كُنْتَ	مِنْ قَبْلِ	هٖ	لَ	مِنْ سے	اَلْغٰفِلِيْنَ	۳
تحقیق	تھا تو	پہلے	اسکے	البتہ		بیخبروں میں سے	۳

یقیناً تو اس (کے نزول) سے پہلے ان ہی میں سے تھا جو (اس قصے سے) بےخبر ہیں (۳)

اِذْ قَالَ یُوْسُفُ لِاَبِیْهِ یٰۤاَبَتِ

اِذْ	قَالَ	یُوْسُفُ	لِ	اَبِیْ	هِ	یَا	اَبَتِ
جب	کہا	یوسف نے	سے	باپ	اسکے	اے	باپ میرے!

جب یوسف نے اپنے باپ سے کہا : ابا جان! میں نے (خواب

اِنِّیْ رَاَیْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ

اِنِّیْ	رَاَیْتُ	اَحَدَ	عَشَرَ	كَوْكَبًا	وَ	ال	شَمْسَ
تحقیق	میں نے دیکھے	گیارہ		تارے	اور		سورج

میں) گیارہ تاروں کو اور سورج اور چاند کو دیکھا، میں نے

وَالْقَمَرَ رَاَیْتُهُمْ لِیْ سٰجِدِیْنَ ﴿۴﴾ قَالَ

وَ	اَلْ	قَمَرَ	رَاَیْتُ	هُمْ	لِ یْ	سٰجِدِیْنَ	قَالَ
اور		چاند	دیکھا میں نے	ان کو	مجھے	سجدہ کرتے	اُسنے کہا

انھیں دیکھا کہ (وہ) مجھ کو سجدہ کر رہے ہیں۔ (۴)۔ (باپ نے) کہا

یٰبُنَیَّ لَا تَقْصُصْ رُءْیَاكَ عَلٰۤى اِخْوَتِكَ

یَا	بُنَیَّ	لَا	تَقْصُصْ	رُءْیَا	كَ	عَلٰى	اِخْوَةِ
اے	میرے پیارے بیٹے	نہ	بیان کرنا	خواب	تیرا	پاس	بھائیوں کے

میرے عزیز فرزند! اپنا خواب اپنے بھائیوں کو مت سُنا دینا

فَیَكِیْدُوْا لَكَ كَیْدًا ؕ اِنَّ الشَّیْطٰنَ

كَ	فَ	یَكِیْدُوْا	لَ	كَ	كَیْدًا	اِنَّ	اَلشَّیْطٰنَ
تیرے	کہ	وہ داؤ کریں گے	لئے	تیرے	کوئی داؤ	بتحقیق	شیطان

کہ وہ تجھ سے کوئی چال چل جائیں ط بے شبہ شیطان

لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ﴿۵﴾ وَكَذٰلِكَ

لِ	اَلْ	اِنْسَانِ	عَدُوٌّ	مُبِیْنٌ	۵	وَ	كَذٰلِكَ
کا		انسان	دشمن	کھلا	۵	اور	اسی طرح

انسان کا صریح دشمن ہے۔ (۵)۔ اور ایسے ہی

يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَ يُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ

يَجْتَبِيْ	كَ	رَبُّ	كَ	وَ	يُعَلِّمُ	كَ	مِنْ تَاْوِيْلِ
برگزیدہ کریگا	تجھ کو	رب	تیرا	اور	تعلیم کریگا	تجھ کو	تعبیر

تیرا رب تجھ کو چن لیگا، اور تجھ کو باتوں کے نتیجہ نکالنے کا

الْاَحَادِيْثِ وَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَ

اَلْ	اَحَادِيْثِ	وَ	يُتِمُّ	نِعْمَتَ	هٗ	عَلَيْكَ	وَ
	باتوں کی	اور	پوری کریگا	نعمت	اپنی	تجھ پر	اور

علم دیگا اور تجھ پر اور یعقوب کے خاندان پر اپنی نعمت پوری

عَلٰۤى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَاۤ اَتَمَّهَا عَلٰۤى اَبَوَيْكَ

عَلٰى	اٰلِ	يَعْقُوْبَ	كَمَا	اَتَمَّ	هَا	عَلٰى	اَبَوَيْكَ
پر	خاندان	یعقوب	جیسا کہ	اسنے پوری کی	وہ	پر	دو باپوں تیرے

کریگا جیسا کہ اس سے پہلے تیرے دو دادوں ابراہیم اور

مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَ اِسْحٰقَ ط اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ

مِنْ	قَبْلُ	اِبْرٰهِيْمَ	وَ	اِسْحٰقَ ط	اِنَّ	رَبَّكَ	عَلِيْمٌ
	اس سے پہلے	ابراہیم	اور	اسحاق پر	بیشک	رب تیرا	علم والا

اسحاق پر پوری کی ط بیشک تیرا رب بڑا دانا حکمت والا

حَكِيْمٌ ۶ لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَ اِخْوَتِهٖۤ

حَكِيْمٌ	۶	لَ قَدْ	كَانَ	فِيْ میں	يُوْسُفَ	وَ	اِخْوَةِ
حکمت والا ہے	۶	البتہ	ہیں		یوسف	اور	بھائیوں میں

ہے - (۶) - بیشک یوسف اور اسکے بھائیوں (کے احوال) میں

اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ۷ اِذْ قَالُوْا

هٖ	اٰيٰتٌ	لِ	اَلْ	سَائِلِيْنَ	۷	اِذْ	قَالُوْا
اس کے	نشانیاں	لیے		پوچھنے والوں	۷	جب	انھوں نے کہا

پوچھنے والوں کے لیے کئی نشانیاں ہیں - (۷) جب انھوں نے کہا

ع ۱ ۱۱

لَيُوسُفُ وَاَخُوهُ اَحَبُّ اِلٰى اَبِيْنَا

لَ	يُوسُفُ	وَ	اَخُو	هُ	اَحَبُّ	اِلٰى اَبِيْ	نَا
البتہ	یوسف	اور	بھائی	اسکا	بہت پیارے ہیں	باپ کو	ہمارے

یوسف اور اس کا بھائی ہمارے باپ کو ہم سے بہت پیارے ہیں

مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ط اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ

مِنْ نَا	وَ	نَحْنُ	عُصْبَةٌ	اِنَّ	اَبَا	نَا	لَ
ہم سے	اور	ہم ہیں	زبردست جماعت	بے شبہ	باپ	ہمارا	

حالانکہ ہم ایک طاقتور جماعت ہیں، یقیناً ہمارا باپ ایک کھلی

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ⑧ نِ اقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ

فِيْ میں	ضَلٰلٍ	مُّبِيْنٍ	۸	اُقْتُلُوْا	يُوْسُفَ	اَوْ	اِطْرَحُوْ
	غلطی میں ہے	صریح	۸	مار ڈالو	یوسف کو	یا	پھینک دو

غلطی پر ہے۔ (۸) یوسف کو مار ڈالو یا کسی جگہ

اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ

هُ	اَرْضًا	يَخْلُ	لَ	كُمْ	وَجْهُ	اَبِيْ	كُمْ
اسکو	کسی زمین میں	خالی رہ جائے		تمہارے لئے	رخ	باپ کا	تمہارے

پھینک آؤ، تمہارے باپ کا رُخ تمہارے لئے خالی ہو جائیگا

وَتَكُوْنُوْا مِنْ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ⑨

وَ	تَكُوْنُوْا	مِنْ	بَعْدِ	هٖ	قَوْمًا	صٰلِحِيْنَ	۹
اور	ہو جانا		پیچھے	اسکے	لوگ	نیک	۹

اور اس کے بعد تم لوگ بھلے رہو گے۔ (۹)

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ

قَالَ	قَآئِلٌ	مِنْهُمْ	لَا	تَقْتُلُوْا	يُوْسُفَ	وَ اَلْقُوْ	هُ
کہا	ایک کہنے والے	انہیں سے	مت	قتل کرو	یوسف کو	اور ڈال دو	اسکو

ان میں ایک کہنے والا بولا: یوسف کو جان سے نہ مارو، اور اگر

فِیْ غَیٰبَتِ الْجُبِّ یَلْتَقِطْهُ بَعْضُ

فِیْ میں	غَیَابَۃ	اَلْ	جُبّ	یَلْتَقِطْ	ہٗ	بَعْضُ	اَلْ
	تہ میں		کوئیں کی	نکال لے جائے	اسکو	کوئی	

کچھ کرنا ہی ہے تو اس کو اندھیارے کوئیں میں ڈال دو، کوئی راہگیروں

السَّیَّارَۃِ اِنْ کُنْتُمْ فٰعِلِیْنَ ۱۰ قَالُوْا یٰاَبَانَا

سَیَّارَۃِ	اِنْ	کُنْتُمْ	فَاعِلِیْنَ	۱۰	قَالُوْا	یَا	اَبَانَا
مسافر	اگر	ہو تم	کرنے والے	۱۰	انھوں نے کہا	اے	ہمارے باپ

کا قافلہ اس کو نکال لے گا - (۱۰) - (اس صلاح کے بعد) انھوں نے کہا

مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰی یُوْسُفَ وَاِنَّا

مَا	لَ كَ	لَا	تَاْمَنُ	نَا	عَلٰی پر	یُوْسُفَ	وَ اِنَّا
کیا ہے	تجھ کو	نہیں	تو اعتبار کرتا	ہمارا		یوسف پر	اور ہم تو

باوا جان! کیا بات ہے کہ آپ یوسف پر ہمارا اعتبار نہیں کرتے حالانکہ

لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ۱۱ اَرْسِلْهُ مَعَنَا

لَهٗ	لَ	نَاصِحُوْنَ	۱۱	اَرْسِلْ	ہٗ	مَعَ	نَا
اسکے		خیر خواہ ہیں	۱۱	بھیج	اسکو	ساتھ	ہمارے

ہم اسی کا بھلا چاہ رہے ہیں - (۱۱) - کل اسکو ہمارے ساتھ بھیج دیجئے

غَدًا یَّرْتَعْ وَ یَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ

غَدًا	یَرْتَعْ	وَ	یَلْعَبْ	وَ	اِنَّا	لَ کو	ہٗ
کل	چرے	اور	کھیلے	اور	ہم		اسکے

(وہاں) وہ چریگا اور کھیلے گا اور ہم اسکی پاسبانی کرتے

لَحٰفِظُوْنَ ۱۱ قَالَ اِنِّیْ لَیَحْزُنُنِیْ

لَ	حَافِظُوْنَ	۱۱	قَالَ	اِنَّ	یْ	لَ یَحْزُنُ	نِیْ
	پاسبان ہونگے	۱۱	کہا			غم میں ڈالتا ہے	مجھے

رہینگے - (۱۱) - (یعقوب ؑ نے) کہا: بات تو یہ ہے کہ تمہارا اسکو

أَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ

اَنْ	تَذْهَبُوْا	بِ	هٖ	وَ	اَخَافُ	اَنْ	يَاْكُلَ
کہ	تم جاؤ	لیکر	اس کو	اور	میں ڈرتا ہوں	کہ	کھاجائے

اپنے ساتھ لے جانا میرے غم کا باعث ہوگا اور مجھ کو اسکا بھی ڈر ہے کہ

الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ (۱۳)

هُ	اَلْ	ذِئْبُ	وَ	اَنْتُمْ	عَنْ	هُ	غٰفِلُوْنَ
اسکو		بھیڑیا	اور	تم	،	اس سے	بے خبر ہو

بھیڑیا اس کو کھاجائے اور تم اس سے غافل رہو۔ (۱۳)۔

قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ

۱۳	قَالُوْا	لَ	اِنْ	اَكَلَ	هُ	ال	ذِئْبُ
۱۳	انھوں نے کہا		اگر	کھاجائے	اسکو		بھیڑیا

انھوں نے کہا: ہمارے مضبوط جتھے کے ہوتے ہوئے اگر

وَنَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّا اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ (۱۴)

وَ	نَحْنُ	عُصْبَةٌ	اِنَّا	اِذًا	لَ	خَاسِرُوْنَ	۱۴
اور	ہم ہیں	ایک بڑا گروہ	ہم	تب تو	خسارے کے	مارے ہیں	۱۴

بھیڑیا اسکو کھاجائے تو ہمارا تو ہونا ہی اکارت ہوا۔ (۱۴)۔

فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَاَجْمَعُوْا اَنْ

فَ	لَمَّا	ذَهَبُوْا	بِ	هٖ	وَ	اَجْمَعُوْا	اَنْ
پھر	جب	وہ گئے	لیکر	اسکو	اور	انھوں نے ٹھہرالیا	کہ

پھر جب وہ اسکو لے گئے، اور اسکو اندھے کوئیں میں

يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ

يَجْعَلُوْا	هُ	فِيْ غَيٰبَتِ	الْجُبِّ	وَ	اَوْحَيْنَا	اِلٰى هِ
ڈال دیں	اسکو	تہ میں	کوئیں کی	اور	ہم نے اشارہ کیا	اسکو

ڈال دینے کی ٹھان لی (تو انھوں نے ایسا ہی کیا) اور ہم نے اسکو وحی

لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَ

لَ	تُنَبِّئَنَّ	هُمْ	بِ	اَمْرِ	هِمْ	هٰذَا	وَ
ضرور	تو جتلائیگا	ان کو		معاملہ	ان کا	یہ	اور

بھیجی کہ ضرور (ایک وقت ایسا آئیگا کہ) تو انکو انکا یہ معاملہ جتلائیگا اور وہ

هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً

هُمْ	لَا	يَشْعُرُوْنَ	وَ	جَآءُوْٓا	اَبَا	هُمْ	عِشَآءً
وہ	نہ	جانیںگے	اور	وہ آئے	باپکے پاس	اپنے	اندھیرا ہوئے

جانتے بھی نہ ہونگے۔ (۱۵) ۔ اور وہ عشا کے وقت اپنے باپکے پاس

يَّبْكُوْنَ ﴿۱۶﴾ قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ

يَبْكُوْنَ	۱۶	قَالُوْا	يَا	اَبَانَا	اِنَّا	ذَهَبْنَا	نَسْتَبِقُ
روتے	۱۶	انھوں نے کہا	اے	ہمارے باپ	تحقیق	لگے	دوڑ کی بازی لگانے

روتے ہوئے آئے۔ (۱۶)۔ کہنے لگے: اے باپ ہمارے! ہم تو دوڑ کے مقابلے

وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ

وَ	تَرَكْنَا	يُوْسُفَ	عِنْدَ	مَتَاعِ	نَا	فَ	اَكَلَ
اور	چھوڑا ہمنے	یوسف کو	پاس	سامان کے	اپنے	تو	کھا لیا

لگ گئے اور یوسف کو اپنے اسباب کے پاس چھوڑ گئے تھے، اتنے میں بھیڑیا

الذِّئْبُ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا

هُ	ال	ذِئْبُ	وَ	مَا	اَنْتَ	بِ	مُؤْمِنٍ	لَ	نَا
اسکو		بھیڑیئے نے	اور	نہیں	تو		اعتبار کرنیوالا		ہمارا

اسکو کھا گیا، اور تجھ کو تو ہماری بات کا یقین ہی نہ آئیگا

وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ

وَلَوْ	كُنَّا	صَادِقِيْنَ	۱۷	وَ	جَآءُوْ	عَلٰى	قَمِيْصِهٖ
اگرچہ	ہم ہوں	سچ ہی بولتے	۱۷	اور	وہ آئے	پر	اسکے کرتے

گو ہم سچے بھی ہوں۔ (۱۷) ۔ اور وہ اس کے کرتے پر

استاد کی امداد کے بغیر

عربی سکھا دینے والی کتابیں

کتاب	قیمت	کتاب	قیمت
معلم العربیہ	عہ	خزینۃ العلوم حصہ اول مجلد	۴عہ ر
مدرس العربیہ	۸عہ ر	لغات القرآن	۱۰ر
عربی ٹیچر	عہ	لغات القرآن عزیزی	۴ر دم
عربی کا معلم جدید حصہ اول	۱۴ر	مصباح القرآن ″	۸عہ ر
″ ″ دوم	۱۴ر	عربی بول چال حصہ اول	۴ر
کلید ″ ″ اول	۵ر	″ ″ ″ دوم	۱۴ر
″ ″ ″ دوم	۵ر	کتاب الصرف	۱۴ر
کلام عربی حصہ اول	۱۰ر	کتاب النحو	۱۰ر
″ ″ دوم	۱۰ر	قوانین عربی	۱۲ر
ترجمان القرآن جلد اول، دوم		اردو عربی ترجمہ	۸عہ ر
سوم، چہارم، پنجم، ششم ہدیہ فی جلد	عہ	الصحیفۃ الاولیٰ	
″ جلد ۲۹ و ۳۰	عہ	″ الثانیہ	
ہدایت العربیہ	عا	″ الثالثہ	ہر چہار حصہ
اساس عربی	عا	″ الرابعہ	۸عہ ر
اللغات والامثال	عا	الدروس العربیہ حصہ اول	۸عہ ر

ملنے کا پتہ: مکتبہ علمیہ مدرسۃ البنات جالندھر شہر

مفید کتابیں

کتاب	قیمت	کتاب	قیمت
نقش وفا: از حضرت نواب صدر یار جنگ بہادر		نماز بلاد اسلامیہ میں	۲ر
و علیا بیگم ״ ״	۶ر	سیر دلبراں: قابل دید	۳ر
محمد اور عورت ذات	۳ر	مقتول بے حجابی	[illegible]
اظہار حق: تفسیر سورۂ والتین	۶ر	قواعد عربی حصہ اول علم صرف	۱۲ر
ہمارے اعمال اور انکی قدر و قیمت	۲ر	عروس غربت: ایم-ایم اسلم	عہ
الناموس المفصل: تفسیر سورۂ مزمل	۴ر	بقائے دوام: ״ ״ ״	۶
نور الحق: تفسیر سورۂ علق مع ضمیمہ	۳ر	انتقام: ״	۳
اصل الاصول اہل حدیث اور اہل قرآن کے مناظرہ پر محاکمہ	۶ر	پیمان وفا: ״	۵ر
		خط تقدیر: ״	۶ر
سمجھ اچھی کہ بے سمجھی:	۱ر	غزال: ״	۱۰ر
ارشادات القرآن	۸ر	ساربان: ״	۴ر
تندرستی ہزار نعمت	۵ر	چار سہیلیاں: ״	عہ
الاحسان: تصوف کا بیان	۸ر	بڑی بی: ״	۱۲ر
لالۂ صحرا نظم: از پروفیسر محمد اکبر منیر	۴ر	نور ہدایت: ״	۴ر
جبریل و ابلیس ״ ״	۴ر	دریائے وحدت: قرآن شریف آیات اور	
اتاترک	۲ر	گرنتھ کے شبدوں کی یکرنگی	۱۲ر
شان اردو	۶ر	الفوز الکبیر: فتح الخبیر فارسی	۸ر

رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۵۵۵

تعلیمی صحیفہ

فروری سنہ ۱۹۴۶ء

مدیر: محمد احمد خاں اکبر

قواعد

۱۔ رسالہ ہر انگریزی مہینے کے پہلے ہفتے میں شائع ہوتا ہے۔

۲۔ رسالہ نہ پہنچنے کی اطلاع اسی مہینے کی بیسویں تاریخ تک دفتر میں پہنچ جانی چاہیے، ورنہ رسالہ بشرط موجودگی قیمت پر ملیگا۔

۳۔ چندہ سالانہ ۳ے ر ۔ فی پرچہ ۴ر

۴۔ اشتہارات کی اُجرت کا تصفیہ منیجر سے بذریعہ خط و کتابت کرنا چاہیے۔

جنرل برقی پریس ریلوے روڈ جالندھر شہر میں چھپکر
باہتمام محمد احمد خاں ذاکر پرنٹر پبلشر کے اہتمام سے دارالقرآن سے شائع ہوا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیام اسلام
جالندھر شہر
جلد ۱۷ فروری ۱۹۳۶ء صفر ۱۳۶۵ھ نمبر ۲

ذاتَ لَیلَۃٍ

(جناب مولنا عبدالرشید صاحب ایم۔ اے)

(سلسلہ کے لئے دیکھو پیام اسلام ماہ جنوری ۱۹۳۶ء)

لَا تَنْسَوْنَ اَیُّهَا الْقُرَّاءُ الْكِرَامُ! اَنَّ بِمِثْلِ هٰذَا الْأُسْتَاذِ الشَّفِيْقِ الْعَطُوْفِ لَا تَجِدُوْنَ اَبَدًا دَائِمًا عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ وَ لَا فِى الْاَجْوَاءِ السَّمَائِيَّةِ۔ هٰذَا هُوَ يُعَلِّمُكُمُ اللُّغَةَ۔ هٰذَا هُوَ يُلْقِىْ اِلَيْكُمُ الْخُطَبَ وَ الْمُحَاضِرَاتِ۔ هٰذَا هُوَ يَقْرَءُ عَلَيْكُمْ اَنْبَاءَ الْعَالَمِيَّةِ بِاَسْرِهَا۔ هٰذَا هُوَ يَدُلُّكُمْ تَمَامَ اِدْلَالٍ اِلٰى اَحْوَالِ السِّيَاسِيَّةِ الْخَارِجِيَّةِ وَالدَّاخِلِيَّةِ۔ هٰذَا مَا هُوَ يُحَدِّثُ

بَاحِثًا عَنْ بَعْضِ اَسْبَابٍ خَفِيَّةٍ مِنَ الرُّقِيَّاتِ الْبَاهِرَةِ
فِي مَصْلَحَةِ الزِّرَاعِيَّةِ اَوِ الْعِلْمِيَّةِ مِنَ الطَّبْعِيَّاتِ .
وَ غَيْرِ ذٰلِكَ اَيْضًا مِنَ الْمَبَاحِثِ الْقَيِّمَةِ الذَّهَبِيَّةِ اللَّتِي
خَارِجَةٌ عَنِ الْاِحْصَاءِ عَلٰى وَجْهٍ بَسِيْطٍ مَخَافَةً لِسَعَةِ
لِلْمَقَالِ وَضِيْقًا لِلْوَقْتِ ، نَعَمْ ! لَقَدْ فَاتَنِيْ اَنْ اَدُلَّكَ
اِلٰى اَمْرٍ ضَرُوْرِيٍّ ، وَ هُوَ اَنَّ هٰذِهٖ كُلَّهَا اللَّتِيْ ذَكَرْتُ
الْآنَ ، بِدُوْنِ كَدٍّ وَصُعُوْبَاتٍ شَاقَّةٍ بِلَا شَكٍّ ، هُوَ
الْمُعَلِّمُ اَعْنِي الرَّادِيُوْ يَقْرَأُ عَلَيْكُمُ الدُّرُوْسَ مِنَ الْبِدَايَةِ
اِلٰى النِّهَايَةِ وَ اَنْتُمْ مُتَّكِئُوْنَ عَلَى الْاَرَائِكِ وَ بَعْضَ
الْاَحْبَابِ اَنْتُمْ تُصْغُوْنَ اِلَيْهِ وَ مَعَ اَنَّكُمْ عَلٰى فِرَاشِكُمُ
اللَّيِّنَةِ . اَوْ هٰكَذَا يُمْكِنُ عِنْدَ مُعَلِّمٍ اٰخَرَ مِنَ الْمَدَارِسِ
اَوِ الْكُلِّيَّاتِ اَيُّهَا الْقُرَّاءُ ؟ كَلَّا .

بَلْ عَلَى الْخِلَافِ ، اِذَا فَعَلْتُمْ هٰكَذَا عِنْدَ اَسَاتِذَتِكُمُ
الْمَذْكُوْرِيْنَ اَوْ بَعْضِ الْمُعَلِّمَاتِ الْفَاضِلَاتِ ، فَبِدُوْنِ
اَدْنٰى مِنْ شَكٍّ ، هُمْ يَضْرِبُوْنَكُمْ ضَرْبًا فَجِيْعًا ، وَ اِنْ
لَمْ يَجِدُوا الْاِسْتِطَاعَةَ ، فَعَلَى الْاَقَلِّ ، يُصْبِحُوْنَ غَيْرَ
مَرْضَاةٍ وَ يَحْتَقِرُوْنَكُمْ كُلَّ اِحْتِقَارٍ ، وَ لَا يَوَدُّوْنَ
عَلَى الْاِطْلَاقِ ، اَنْ يَقْرَؤُا عَلَيْكُمُ الدُّرُوْسَ اَوْ يَنْظُرُوْا
اِلَيْكُمْ بِنَظْرَةٍ مَرْضِيَّةٍ — فِي الْحَقِيْقَةِ عَلٰى سَبِيْلِ الْاِحْتِرَامِ ،
هٰذِهٖ كُلُّهَا صَحِيْحٌ اَيْضًا عَلَى الْخُصُوْصِ لِمَنْ خُلِقَ اِنْسَانًا
وَ اَصْبَحَ مُكَلَّلًا بِاَشْرَفِ الْخَلَائِقِ بَيْنَ اَجْزَاءِ الْعَالَمِ . وَ

هٰذِهِ بِعَيْنِهَا مِنْ مُعْتَقَدَاتِيْ، مَعَ هٰذَا اَنَّنِيْ مُتَقَدِّمٌ فِي الْحَالِ اِلَى رَصِيْفٍ اٰخَرَ.

مَعْذِرَةً يَا اَيُّهَا الْاَفَاضِلُ تَبَعَّدْتُ قَلِيْلًا عَنِ الْغَايَةِ الْاَصْلِيَّةِ فَهَا اَنَا اَرْجِعُ الْآنَ، عَلٰى كُلِّ حَالٍ، عِنْدَ مَا بَلَغَتِ الْخِتَامَ اَنْبَاءُ الْعَرَبِيَّةِ مِنَ النَّشْرَةِ فَبَعْدَ دَقِيْقَةٍ اَوْ دَقِيْقَتَيْنِ هٰذِهِ الْخُطْبَةُ الْمَذْكُوْرَةُ لِصَاحِبِ الْفَخَامَةِ عِصْمَتْ اِنُوْنُوْ قَدْ تَرَدَّدَتْهَا، اِحْدٰى سَيِّدَةٌ فِي اللُّغَةِ الْفَارِسِيَّةِ اَيْضًا قَدْ زَادَتْ بَعْضَ اَنْبَاءِ الدَّاخِلِيَّةِ مِنْ تُرْكِيَا، بَعْدَ عِشْرِيْنَ مِنْ دَقِيْقَةٍ قَدِ انْتَهَتْ هٰذِهِ الْاِذَاعَةُ اَيْضًا. دَوَّرْتُ الْاِبْرَةَ اَقَلَّ قَلِيْلٍ اَعْنِيْ مِتْرًا وَاحِدًا فَقَطْ فَاِذَنْ سَمِعْتُ دَوْتَ الْجَرَسِ مَعَ غَايَةِ الْوَضَاحَةِ. ظَنَنْتُ بِلَا مِرْيَةٍ، كَانَ هُنَا سَاعَةٌ كَبِيْرَةٌ فِيْ غُرْفَتِيْ وَهِيَ تَدُقُّ مَرَّةً بَعْدَ اُخْرٰى. فَمِنْ هُنَالِكَ اَنَا اَخَذْتُ اُعِدُّ مَعَ غَايَةِ تَيَقُّظٍ بَعْدَ مَا بَلَغَتِ الْخَامِسَةَ. سَمِعْتُ صَوْتًا عَالِيًا وَهُوَ يَقُوْلُ "هُنَا لَنْدَن".

فَوَاللّٰهِ، لَمْ يَبْقَ حَدٌّ لِاِعْجَابِيْ، ذٰلِكَ الْحِيْنَ وَبَقِيْتُ مُتَحَيِّرًا فِيْ هٰذَا، بِهٰذَا الْقَدْرِ غَايَةِ الْاِبْتِعَادِ وَالْمَسَافَةِ الطَّوِيْلَةِ بَيْنِيْ وَبَيْنَ لَنْدَن وَبِقَدْرِ هٰذَا الصَّوْتُ الْعَالِي الْوَاضِحُ. فَسُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْمُقْتَدِرِ.

بِالْاِخْتِصَارِ، اَلْآنَ حَانَتِ الْآوِنَةُ الْاَصْلِيَّةُ الَّتِيْ

كُنْتُ اَتَرَقَّبُ لِتَحِيَّتِهَا مِنْ لَحْظَةٍ إِلٰى لَحْظَةٍ مَعَ غَايَةِ الْاِضْطِرَابِ، مُتَّصِلاً بِهٰذَا رَجُلٌ، كَانَ عَلَى الْاَغْلَبِ مِنْ بِلَادٍ عَرَبِيَّةٍ حَيّٰى بِتَحِيَّةٍ مُبَارَكَةٍ - اَلْمُسْتَمِعِيْنَ الْكِرَامَ، ثُمَّ اَلْقٰى اَمَامَ الرَّادِيُو اَهَمَّ بَرَامِجِ الْاُسْبُوْعِيَّةِ مِنَ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ، وَ عَدَّدَ اَسْمَاءَ الْمُوْسِيْقَارِ وَالْمُذِيْعِيْنَ اَيْضًا، دَالاً اِلٰى اَهَمِّ الْمَوَاضِيْعِ الْآتِيَةِ مَثَلاً عبدالرحمٰن اعظم بیگ، وعبد الفتّاح سفیرِ مِصْرَ هُمَا يُلْقِيَانِ الْخُطْبَةَ عَلٰى مَوْضُوْعٍ فُلَانٍ وَ يَوْمَ كَذَا وَ كَذَا - رَقِيْب فتحي احمد. عبد العزيز عتيق، سليمان اعظمى هٰؤُلَاءِ يَقْرَءُوْنَ الْمَقَالَاتِ تَحْتَ عُنْوَانٍ فُلَانٍ وَ يَوْمَ فُلَانٍ وَالسَّاعَةُ الْفُلَانِيَّةُ. عَلٰى هٰذَا الْقِيَاسِ اَتَمَّ الْبَرْنَامِجَ كُلَّ اِتْمَامٍ مَعَ غَايَةِ الْوَضَاحَةِ، حَتّٰى اَعَادَ الْبَرْنَامِجَ ثَانِيًا اَيْضًا لِسُهُوْلَةِ الْمُسْتَمِعِيْنَ. ثُمَّ تَلٰى رَجُلٌ عِدَّةَ آيَاتٍ مُبْهَمَاتٍ مِنَ الْقُرْآنِ الْحَكِيْمِ بِلَهْجَةٍ خَاصَّةٍ مِصْرِيَّةٍ مَعَ غَايَةِ الصَّوْتِ الْعَالِي وَ لَحْنٍ طَيِّبٍ، فَاسْتَمَعْتُ اِلَيْهِ بِكُلِّ جَوَارِحٍ وَ غَايَةِ الْهُدُوْءِ.

لَا تَتَعَجَّبْ، اَيُّهَا الْقَارِئُ! لَسْتُ اَنَا وَحِيْدًا هٰكَذَا فَقَطْ، بَلِ اللهُ وَحْدَهُ يَعْلَمُ تَمَامَ الْعِلْمِ، اَنَّ اَجْوَاءَ الْغُرْفَةِ اَيْضًا صَارَتْ مُتَأَثِّرَةً عِنْدَ مَا تُلِيَ الْقُرْآنُ الْحَكِيْمُ وَ قَدْ خَيَّمَ السُّكُوْنُ عَلٰى كُلِّ حَالٍ، بَعْدَ ذٰلِكَ حضرت عَبْدُ الْعَزِيْزِ عَتِيْق قَرَأَ مَقَالَةً تَحْتَ عُنْوَانِ

---

* جزا[illegible] حبذا الماضي الجميل على [illegible]

اِتِّجَاهَاتُ الْجَدِيْدَةُ فِي الشِّعْرِ الْعَرَبِي" يَأْخُذُ النَّمَاذِجَ قَلِيْلَةً قَلِيْلَةً مِنْ دَوَاوِيْنِ الشُّعَرَاءِ لَا مِنَ الْجَاهِلِيِّيْنَ اَوِ الْمُخَضْرَمِيْنَ بَلْ مِنَ الْاَزْمِنَةِ الْجَدِيْدَةِ مَثَلًا مِنْ دِيْوَانِ شَوْقِي بِكْ اَوْ مِنْ دِيْوَانِ حَافِظ وَغَيْرِهِمَا مِنْ اَعَاظِمِ الشُّعَرَاءِ الَّذِيْنَ خَطَوْا خُطْوَةً جَدِيْدَةً فِي الْجَوِّ الْاَدَبِي، فَاَوَّلًا حَضْرَتُ الْاَدِيب عبد العزيز عتيق قَرَأَ بَعْضَ حِصَصِ الْقَصَائِدِ عَلٰى حَضَرَاتِ الْمُسْتَمِعِيْنَ مِنْ كُلِّ شَاعِرٍ، عَلٰى سَبِيْلِ الْاِنْفِرَادِ، لَوْ اَحَسَّ ضَرُوْرَةً لِشَرْحِ الْمَقَالِ فَيَشْرَحُهُ اَيْضًا وَهٰكَذَا جَرٰى نَحْوَ اثْنَتَيْ عَشَرَةَ دَقِيْقَةً۔

بَعْدَ ذٰلِكَ نَحْوَ خَمْسٍ مِنْ دَقَائِقَ، سَيِّد محمد ابراهيم زَيْنُ الدِّين وَ سيد سَامِي طٰه قَدْ تَكَلَّمَا مِثْلَ الْمُحَادِثَةِ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ، عَلٰى اَحْوَالِ الْمُؤْتَمَرَاتِ اللَّتِيْ انْعَقَدَتِ الْحَالَ وَ اَيْضًا كَانَتْ مُنْعَقِدَةً قَبْلُ، لَا شَكَّ، اَنَّ هٰذِهِ الْمُحَادَثَةُ كَانَتْ فَقَطْ لِلدِّعَايَةِ الْكَاذِبَةِ مِنْ جَانِبِ الْحُكُوْمَةِ، فَلِهٰذَا السَّبَبِ، لَا اُرِيْدُ التَّحَدُّثَ عَنْهَا فِي هٰذِهِ الْمَقَالَةِ الْعِلْمِيَّةِ، وَ اَنَا اَيْضًا، بِلَا مِرْيَةٍ قَدْ سَمِعْتُ هٰذِهِ كُلَّهَا مَعَ الْقَلْبِ الصَّافِي بِدُوْنِ عَبُوْسٍ اَوْ اَيِّ اِضْطِرَابٍ وَ تَيَقَّنْتُ بَعْدَ الْفَرَاغِ اَنَّ هٰذِهِ اُحْبُوْلَةُ الْخِدَاعِ مُطْلَقًا وَ مَكِيْدَةٌ جَمِيْلَةٌ مِنْ غَيْرِ اَدْنٰى شَكٍّ، اللَّتِيْ تُعْرَضُ اَمَامَ الْعَرَبِ السَّاذِجِ وَ هُمْ عَنْهَا غَافِلُوْنَ كُلَّ غَفْلَةٍ. عَلٰى كُلِّ حَالٍ، لَسْتُ اَنَا الْآنَ بِبَاحِثٍ عَنْ

أَحْوَالِهِمِ السِّيَاسِيَّةِ وَ لَا عَنِ الْمُسْتَقْبَلِ. اَوْ بِهٰذَا الطَّرِيْقِ
أَعْنِي الدِّعَايَةِ الْكَاذِبَةِ يَرْتَفِعُوْنَ إِلٰى رَبْوَةِ الْعِزِّ وَ
الشَّرَفِ أَوْ يَهْبِطُوْنَ إِلٰى خَفَضَاتِ الذُّلِّ وَ الْعُبُوْدِيَّةِ
كُلَّ هُبُوْطٍ، الَّتِيْ هِيَ سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا فِيْ عَالَمِنَا هٰذَا
وَ اَشَدُّ عَذَابًا مِنْ مَثْوَى الْجَحِيْمِ، مِنْ غَيْرِ اَدْنٰى شَكٍّ.

بَعْدَ هٰذَا سَمِعْتُ بَرْنَامَجَ الْمُوْسِيْقِيَّةِ مِنَ الْأُغْنِيَّةِ
وَ بَعْضَ آلَاتِ الْعَزْفِ الْجَدِيْدَةِ، مِنْ غَيْرِ شَكٍّ، هٰذِهِ
الْحَفْلَةُ الْمُوْسِيْقِيَّةُ أَعْجَبَتْنِيْ إِعْجَابًا تَامًّا. وَلَوْ اَنَّنِيْ
لَسْتُ بِمُغْرَمِ الْأَغَانِيْ عَلٰى سَبِيْلِ عُمُيًا بَلْ اَكْثَرَ الْاَحْيَانِ
اَنَا اَنْظُرُ إِلَيْهَا بِنَظَرِ احْتِقَارٍ، وَ لٰكِنْ بِدُوْنِ اَيَّةِ
مُبَالَغَةٍ، لَمْ اَدْرِ اَيُّهَا الْقَارِيْ مَاذَا تَسَبَّبَ وَ اَيَّةُ
قُوَّةٍ كَهْرُبَائِيَّةٍ قَدِ اضْطَرَّنِيْ كُلَّ اِضْطِرَارٍ، وَ بَقِيْتُ
اَسْتَمِعُ نَحْوَ بِضْعٍ مِنْ دَقَائِقَ، غَرِيْقًا فِيْ نَشْوَةِ الْفَرْحِ وَ
السُّرُوْرِ الْوَافِيْ. نَعَمْ! كَانَتْ هٰذِهِ الْحَفْلَةُ الْمُوْسِيْقِيَّةُ
تَحْتَوِيْ عَلٰى نَوَابِغِ الْمُوْسِيْقَارِ، عَبْدِ الْغَنِيْ سَيِّدْ، سَيِّدَةِ
كَلْثُوْم، وَ عَبْدِ الْوَهَّاب، وَ اَيْضًا كَانَ هُنَاكَ مُغَنٍّ آخَرَ
اَلْمَعْرُوْف "بلبل غرّيد" وَ لٰكِنَّ الْاَسَفَ اَنَّنِيْ نَسِيْتُ
الْحَالَ اسْمَهُ. شَرْحُ تَوْصِيْفِ هٰذِهِ الْمَهَارَةِ فِيْ فَنِّ
مُوْسِيْقِيٍّ اَوْ بِطِيْبِ اَلْحَانِهِمُ الْجَذَّابَةِ طَوِيْلٌ جِدًّا وَ
اَيْضًا، عِنْدَ ظَنِّيْ لَا يَحْتَوِيْ عَلَى الْمَعَارِفِ الْخَاصَّةِ، فَمِنْ
هُنَالِكَ اَنَا اَتْرُكُهُ عَلٰى حَالِهِ، اِسْتَمِعُوْا اَنْتُمْ بِاَنْفُسِكُمْ

فِی اللَّیَالِ الآتِیَةِ عَلٰی حَسْبِ تَوْقِیْتِ الْبَرْنَامِجِ ۔

بَعْدَ خِتَامِ هٰذِهِ الْحَفْلَةِ، عبدالرزّاق هلالی قَرَأَ مَقَالَةً غَرَّاءَ "مُشَاهِدَاتِیْ فِی لندن" مِنَ الْوَاضِحِ الْجَلِیْلِ، اَنَّ فِیْ هٰذِهٖ بِضْعَ دَقَائِقَ الْعَرَبِیَّةِ، اِحَاطَةُ الْمَوْضُوْعِ الْبَسِیْطِ هٰذَا خَارِجٌ عَنِ الْاِمْکَانِ بَلِ الْحَقِیْقَةُ اَنَّهٗ مُحَالٌ، عَلَی الْاِطْلَاقِ، عَلٰی کُلِّ حَالٍ، ثُمَّ اَیْضًا شُکْرًا جَمِیْلًا، لِحَضْرَةِ الْاَدِیْبِ عبدالرزّاق هلالی اَنَّهٗ اَشَارَ اِلٰی اَکْثَرِ مُقَامَاتٍ کَرِیْمَةٍ فِی هٰذِهِ الدَّقَائِقِ الْعَدِیْدَةِ اَلْوَاقِعَةِ فِیْ لَنْدَن مَثَلًا هَائید بارك (Hied Park) دَارُ الْبَرْلَمَان، قُصُوْرُ اَعَاظِمِ الرِّجَالِ، الْمَعَاهِدُ الْعِلْمِیَّةُ وَ غَیْرُهَا، یُمْکِنُنِیْ اَیْضًا اَیُّهَا الْقُرَّاءُ! اَنْ اُقَدِّمَ اِلَیْکُمْ بِالْوَضَاحَةِ وَ لٰکِنْ اَخَافُ ضِیْقَ الْمَقَامِ وَخَاصَّةً اَشْتَکِیْ قِلَّةَ لَحَظَاتِ الْفُرْصَةِ. لَا بَأْسَ، اِسْتَمِعُوْا اَلْآنَ اَنْفُسُکُمُ النَّادِیَ لِتَتَنَاوَلُوْا حَظًّا وَافِرًا مِنَ الْمَعَارِفِ وَ لِتَعْرِفُوْا کُلَّ الْمَعْرِفَةِ فَائِدَتَهُ الْکُبْرٰی، عَدَا ذٰلِكَ، اِعْلَمُوْا عِلْمَ الْیَقِیْنِ، اَنَّ قَبْلَ عِدَّةِ سَنَوَاتٍ مَا کَانَ هُنَاكَ اَحَدٌ هُوَ یَحْلُمُ اَیْضًا مِنَ الْاِخْتِرَاعِ هٰکَذَا. وَ لَا کِذْبَ اَنَّهٗ مَا کَادَ اَنْ یُحِیْطَ بِهِ التَّصَوُّرُ.

عَفَا اللّٰهُ عَنْ ذٰلِكَ الرَّجُلِ الَّذِیْ تَقَدَّمَ اِلَی ابْتِکَارِ هٰذِهِ الْآلَةِ وَ خَطٰی خُطْوَةً عَمَلِیَّةً النَّافِعَةَ لِسَائِرِ النَّاسِ، بِدُوْنِ تَخْصِیْصٍ، شُکْرًا لِلّٰهِ اَنَّ سَعْیَ الْحَثِیْثَ لِهٰذَا

الْمُخْتَرِع قَدْ تَكَلَّلَ اَيْضًا بِنَجَاحٍ ذَهَبِيٍّ، حَتَّى الآنَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنَ الْقَاصِي اَوِ الدَّانِي يَسْتَفِيدُ مِنْهَا بِلَا تَخْصِيصٍ عَلَى حَسَبِ مِيلَانِهِمِ الطَّبِيعَةِ. اَلْحَقِيقَةُ اَنَّ هٰذِهٖ اَعْنِي الاِذَاعَةَ هِيَ الطَّرِيقَةُ الْمُثْلَى لِاِنْتِشَارِ اللُّغَةِ فِي اَرْجَاءِ الْعَالَمِ بِاَسْرِهَا. كَيْفَمَا هُنَاكَ اَعْنِي فِي هَيْئَةِ اِذَاعَةِ الْبُرَيْطَانِيَا (B. B. C. London) بَرْنَامِجٌ خَاصٌّ مُسْتَقِلٌّ لِنَحْوِ سَاعَتَيْنِ، عَلَى الاَغْلَبِ، كُلَّ لَيْلَةٍ تَحْتَ الْعُنْوَانِ.... "اَللُّغَةُ الاِنْكِلِيزِيَّةُ" (English by Radio)....... بِوَاسِطَةِ الرَّادِيُو" هٰذِهٖ هِيَ مِنَ الْمَسَاعِي الاُورُبِّيِّينَ لِاِنْتِشَارِ اللُّغَةِ الاِنْكِلِيزِيَّةِ فِي كُلِّ آفَاقٍ مِنَ الْعَالَمِ مَشَارِقَ الاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا. وَاَمَّا الْعَرَبُ لِاِنْتِشَارِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ الَّتِي نُزِّلَ فِيهَا الْقُرْآنُ وَبِهَا تَكَلَّمَ الرَّسُوْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَهُمْ فِي غَفْلَةٍ عَلَى الاِطْلَاقِ وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ. يَلَيْتَنِي قَدْ كُنْتُ اَدْرِي اَنَّ مَتَى هٰؤُلَاءِ يَسْتَيْقِظُوْنَ مِنْ سُبَاتٍ عَمِيقٍ. كُلَّ لَيْلَةٍ قَدِ اسْتَمَعْتُ اِلَى رَادِيُو وَاَيْضًا اَسْتَمِعُ بِالْمَرَّةِ نَحْوَ عِشْرِيْنَ دَقِيقَةٍ اِلَى مَحَطَّةِ الاِذَاعَةِ مَاسْكُو وَبِهٰذَا الْقَدْرِ غَالِبًا اِلَى الْمَحَطَّةِ اَنْقَرَة وَنَحْوَ اَرْبَعٍ مِنَ السَّاعَاتِ اِلَى مَحَطَّةِ الشَّرْقِ الاَدْنَى وَنَحْوَ سَاعَةٍ كَامِلَةٍ الاِذَاعَةِ مِنْ لَنْدَنْ وَهٰذِهِ الْبَرَامِجُ كُلُّهَا الَّتِي ذَكَرْتُ الآنَ فِي اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ وَلٰكِنَّ الاَسَفُ، اَنَّنِي مَا وَجَدْتُ بَرْنَامِجًا وَاحِدًا اَيْضًا

لِتَعْلِيْمِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ خَارِجَ بُلْدَانِ الْعَرَبِ اَوْ دَاخِلِهَا،
كَيْفَمَا تُوْجَدُ فِي اللُّغَةِ الْاِنْكِلِيْزِيَّةِ بَرْنَامَجٌ خَاصٌّ لِمُحِبِّي
اللُّغَةِ وَالْمَعَارِفِ عَلٰى طِرَازٍ جَدِيْدٍ وَ بِطَرِيْقَةٍ سَهْلَةٍ
الْمُبْتَكِرَةِ. نَعَمْ! لَوْ هُنَاكَ بَرْنَامَجٌ عَلَى الاصح لِتَلَقِّي
الدُّرُوْسِ فِي اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ بِتَوَسُّطِ الرَّادِيُو وَاَنَا خَاطِئٌ
فِيْ اِدْرَاكِهَا بَعْدَ جُهْدٍ بَلِيْغٍ اَيْضًا فَعَفَى اللّٰهُ عَنِّيْ
وَاِلَّا فَهَدَى اللّٰهُ اَرْبَابَ الْمَعَارِفِ مِنْ سُكَّانِ الْعَرَبِ اِلٰى
هٰذِهِ الْخُطْوَةِ الْعِلْمِيَّةِ النَّافِعَةِ لِعَوَامِ النَّاسِ بِدُوْنِ اَيِّ
تَخْصِيْصٍ، وَهِيَ الخطوة وَضْعُ بَرْنَامَجٍ خَاصٍّ "لِتَعْلِيْمِ اللُّغَةِ
الْعَرَبِيَّةِ مَعَ الرَّادِيُو" عَلٰى كُلِّ مَحَطَّاتِ الْاِذَاعَةِ الْعَرَبِيَّةِ.
وَاِنَّ هٰذَا غَيْرُ مُمْكِنٍ فَعَلَى الْاَقَلِّ، عَلٰى محطّاتِ الاذاعة
الواقعة بَيْنَ بُلْدَانِ الْعَرَبِ.

هٰذَا صَحِيْحٌ، اَنَّ الْعَرَبَ طُوْلَ اللَّيْلِ وَ اَيْضًا فِيْ
اُوَيْقَاتِ النَّهَارِ لَا يَزَالُوْنَ يُلْقُوْنَ الْخُطَبَ فِي اللُّغَةِ
الْعَرَبِيَّةِ وَ يَقْرَءُوْنَ الْمَقَالَاتِ الْغَرَّاءِ عَلَى الْمُسْتَمِعِيْنَ
وَ هٰكَذَا اَكْثَرَ الْاَحْيَانِ يُعْرِضُوْنَ التَّمْثِيْلَ وَالرِّوَايَاتِ
اَيْضًا الْمُتَرْجَمَةَ مِنْ لُغَةِ اِنْكِلِيْزِيَّةِ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ وَلٰكِنْ
سَمَاحَةً لِيْ، هٰذِهٖ كُلُّهَا لَيْسَتْ مِنْ حُبِّ اِنْتِشَارِ اللُّغَةِ
الَّتِيْ هِيَ مِنْ لُغَةِ اُمَّتِهِمْ، بَلِ الْحَقُّ اَنَّ هٰذِهِ الدِّعَايَةَ
الْخَالِصَةُ لِلْحُكُوْمَةِ. عَلٰى كُلِّ حَالٍ، اَنَا اَعْتَرِفُ بِنَفْسِيْ
اَنَّ خِدْمَةَ الْوَطَنِ وَخِدْمَةِ اَيْضًا لَابُدَّ بِالرَّأْسِ وَالْعَيْنِ،

وَ لٰكِنَّ خِدْمَةَ اللُّغَةِ عَلٰى هٰذَا الطَّرِيْقِ الْمَذْكُوْرِ هِيَ الْاَعْلٰى. عِنْدَ ظَنِّيْ وَلَوْ فِيْ وَقْتٍ قَلِيْلٍ كَيْفَمَا ذَكَرْتُ الْآنَ بِالْوَضَاحَةِ.

عَفْوًا لِيْ! اَيُّهَا الْاِخْوَان ثُمَّ تَنَحَّيْتُ قَلِيْلًا عَنِ الْمَوْضُوْعِ مِنَ الممكن، اَنْ تَقُوْلُوْا لِيْ قَوْلًا شَدِيْدًا غَاضِبًا. وَ لٰكِنْ هُنَا اَيْضًا فِيْ هٰذِهِ الْعِبَادَةِ اَرٰى غَيْرَ عَدِيْدَةٍ مِنَ الْمَنَافِعِ فِيْ سَبِيْلِ اِنْتِشَارِ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ وَ هٰذِهٖ هِيَ الْغَايَةُ الْكُبْرٰى الَّتِيْ اَنَا اُرِيْدُ.

لَا تَخْشَوْنَ، هَا اَنَا اُتِمُّ الْآنَ الْمَقَالَةَ بِعَدِيْدَةٍ مِنَ الْكَلِمَاتِ فَقَطْ.

عَلَى الْاِخْتِصَارِ، اَنَّ بَعْدَ تِلْكَ الْمَقَالَةِ اَعْنِيْ "مُشَاهَدَاتٌ فِيْ لَنْدَن" اَلَّتِيْ قَرَأَهَا حَضْرَتُ الْاَدِيْب عَبْدُ الرَّزَّاق هِلَالِى، سَمِعْتُ رِوَايَةً تَحْتَ عُنْوَانِ "تَاجِرُ الْبُنْدُقِيَّة" هٰذِهٖ فِي الْاَصْلِ مِنْ رِوَايَاتِ شَيْكِسْبِيْر مُتَرْجَمَةً مِنْ لُغَةٍ اِنْكِلِيْزِيَّةٍ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ، تَعَرَّضَهَا عِيْسٰى خَلِيْل صَبَّاغ ... مِنَ الْبِدَايَةِ اِلَى النِّهَايَةِ وَ تَلَقَّيْتُ حَظًّا وَافِرًا مِنَ الْجُمَلَاتِ الرَّائِقَةِ الَّتِيْ حَتَّى الْآنَ فِي الْكُرَّاسَةِ وَلَعَلَّهَا تَبْقٰى اَمَدًا بَعِيْدًا حَتّٰى مَا تَتَلَأْلَأُ النُّجُوْمُ بَيْنَ كَبِدِ السَّمَاءِ وَحَتّٰى مَا تُرْسِلُ الشَّمْسُ اَشِعَّتَهَا الذَّهَبِيَّةَ مِنْ مَشَارِقِهَا

اِذْ ذَاكَ كَانَتِ اثْنَتَا وَ عَشَرَةَ مِنَ اللَّيْلِ، وَ قَدْ بَلَغَتِ النِّهَايَةَ بَرَامِجُ الْعَرَبِيَّةِ وَالْفَارِسِيَّةِ وَ اَيْضًا الْاُرْدِيَّةِ

...ا إلّا بَعْض حَفَلاتِ الموسيقيَّةِ هُنا وَ هُناك، غَلَّقتُ
...اعَةً نَاظِرًا اِلى خَارِجِ الشُّبّاكِ، فَيا لِلعَجَبِ! كَانَت
... حِينَئِذٍ مُكفَهِرَّةً وَ قَدْ غَمَرَهَا جَوٌّ زَاخِرٌ مِن
...دِهَاشٍ وَكَانَ السُّكُونُ قَدْ خَيَّمَ عَلى كُلِّ شَيءٍ.
...نَ الانزِوَاءِ إِلى غُرفَةِ النَّومِ بِغَايَةِ السُّرعَةِ أَخَذَنِي
...وْمُ فَمَا دَرَيتُ أَنَّ مَاذَا أَحدَثَ بَعدُ.

...طُوبى لَكُمْ، أَيُّهَا القُرَّاء! أَنَّ حَضرَةَ المُدِيرِ عَبدُ الحق
...اس وَهَبَ لِي سَمَاحَةً أَنْ أُعَبِّرَ مَا فِي ضَمِيرِي مِن
...عَاتِ حُبِّ اللُّغَةِ العَرَبِيَّةِ عَلى صَفحَتَينِ أَوْ زَائِدَةً عَلى
...بِيلِ الضَّرُورَةِ، فَهَا الآنَ مِنْ فَضلِ اللهِ العَزِيزِ
...سَوفَ أَبذِلُ كُلَّ جُهُودِي إِلى حَلِّ مُشكِلاتِكُمْ وَ بِقَدرِ
...ا يُمكِنُ لِي أَدُلُّكُمْ إِلى طَرِيقَةٍ سَهلَةٍ نَافِعَةٍ. نَعَمْ!
...يَنبَغِي لَكُمْ أَنْ تَحفَظُوا كُلَّ حِفظٍ هٰذِهِ الطَّرِيقَةَ.

أَوَّلَ مَرَّةٍ فِي مَجَلَّةِ "پیامِ اسلام" يُعرَضُ إِلَيكُمْ
الجُمَلاتَ الأُردِيَّةِ اللَّتِي أَنتُمْ تَحتَاجُونَ إِلَيهَا فِي كُلِّ
حَوَائِجِ المَعِيشَةِ وَعَلى الخُصُوصِ هٰذِهِ الجُمَلاتُ تَحتَوِي
عَلى أَسمَاءِ المُختَرَعَاتِ الجَدِيدَةِ اللَّتِي مَا أَنتُمْ تَجِدُونَهَا
أَبَدًا فِي كُتُبٍ قَدِيمَةٍ الدَّارِجَةِ فِي مَدَارِسِكُمْ وَ مَعَ
مَا أَنَّكُمْ تَحتَاجُونَ إِلَيهَا كُلَّ احتِيَاجٍ. عَلى كُلِّ حَالٍ،
فَإِذَا بَلَغَكُمْ هٰذِهِ المَجَلَّةَ فَتَرجَمُوا هٰذِهِ الجُمَلاتَ
إِلى العَرَبِيَّةِ بِقَدرِ مَا يُمكِنُ لَكُمْ وَضَعُوهَا عَلى حِدَةٍ

فَفِی شَهْرٍ اٰخَرَ حِیْنَمَا تَتَنَا وَلُوْنَ المَجَلَّةَ فَهُنَاكَ اَنْتُمْ تَجِدُوْنَ هٰذِهِ الجُمْلَاتَ المُتَرْجَمَةَ اِلٰی لُغَةٍ عَرَبِیَّةٍ فُصْحٰی. فَالْاٰنَ اِرْجِعُوا البَصَرَ عِدَّةَ مَرَّاتٍ لِتَعْرِفُوْا اَنَّ مَاذَا هُوَ الصَّحِیْحُ وَمَاذَا غَیْرُ صَحِیْحٍ. فَفِی مَرَّةٍ اُخْرٰی اَیْضًا اُبْذِلُوْا جُهُوْدَكُمْ فِی التَّرْجَمَةِ وَالتَّصْحِیْحِ. حَتّٰی بَعْدَ مَرَّاتٍ عَدِیْدَةٍ اَنْتُمْ تَحُسُّوْنَ بِاَنْفُسِكُمُ الفَرْقَ الوَاضِحَ مِنْ قَبْلُ.

نَعَمْ! یُقَدَّمُ اِلَیْكُمُ الطَّرِیْقَةُ المُبْتَكَرَةُ السَّهْلَةُ لِاِنْشَاءِ المَقَالَاتِ وَاَیْضًا المَكَاتِیْبِ الَّتِیْ تَنْفَعُكُمْ فِی تَاْدِیَةِ الْاِمْتِحَانِ مَوْلوی فاضل و درجة مولوی تَارَةً یُشَارُ اِلٰی بَعْضِ اَسْبَابِ النَّجَاحِ الذَّهَبِیْ فِی هٰذِهِ المَجَلَّةِ خَاصَّةً لِطَلَبَةِ العِلْمِ الَّذِیْنَ هُمْ لَیْسُوْا بِدَاخِلِیْنَ فِی اَیِّ مَعَاهِدَ عِلْمِیٍّ عَنْ سُوْءِ الحَظِّ اَوْ تَحْتَ بَعْضِ وُجُوْهٍ خَاصَّةٍ.

فَهُنَالِكَ، یَا اَیُّهَا الْاِخْوَانُ! اِشْتَرِكُوْا هٰذِهِ المَجَلَّةَ بِقَدْرِ مَا یُمْكِنُ لَكُمْ بِالسُّرْعَةِ.

هَا! العُنْوَانُ اَیْضًا نُدَرِّجُ لَكُمْ فِی الاُرْدِیَّةِ وَاَیْضًا فِی الاِنْكِلِیْزِیَّةِ، لَعَلَّكُمْ تَضْطَرُّوْنَ اِلٰی بَعْضِ السُّؤَالِ المُشَاوَرَةَ عَنْ بَعْضِ تَعْلِیْقَاتِ الاَدَبِیَّةِ.

عبد اللہ رشید

ایچ۔ اے۔

ترجمہ :-

ایک رات

(سلسلہ کے لئے دیکھو پیام اسلام ماہ جنوری ۱۹۴۶ء)

قارئینِ کرام! آپ یہ نہ بھولیں اس (ریڈیو) شفیق مہربان استاد جیسا کوئی قیامت تک تمہیں نہ تو روئے زمین پر ملے گا اور نہ آسمان کی (وسیع) فضاؤں میں - یہ ذرا دیکھو تو، یہ (ریڈیو تمہیں (کیسا) زبان سکھاتا ہے، تقریریں اور لکچر پیش کرتا ہے - سارے جہان کی خبریں تمہیں سناتا ہے - اندرونی اور بیرونی سیاسی حالات کی طرف مکمل رہنمائی کرتا ہے - یہی ریڈیو ہے جو تمہیں اعلیٰ سے اعلیٰ ترقیوں کے بعض مخفی راز بتاتا ہے خواہ وہ محکمہ زراعت کے ہوں یا سائنس کے اور بھی بہت سی لاتعداد زرّین بحثیں ہوتی ہیں جن کا مفصل طور پر ذکر دشوار ہے مضمون کے وسیع ہوجانے کے ڈر سے اور وقت کی تنگی سے - ہاں! ایک ضروری بات کی طرف اشارہ کرنا رہ گیا، وہ یہ ہے کہ، یہ تمام (فائدہ حاصل کرنے کی صورتیں) جن کا میں نے ابھی ذکر کیا ہے، بلا شک، بغیر کسی مشقّت یا (طویل) دشواریوں حاصل ہوتی ہیں - (وضاحت کے لئے ذرہ غور کریں) یہ استاد یعنی ریڈیو تمہیں سبق پڑھاتا ہے یا پڑھائیگا ابتدا سے انتہا تک اور آپ مزہ سے کاؤچ پر (بے تکلف) ٹیک لگائے ہوئے ہونگے - بعض مرتبہ تو آپ ادھر (سبق کی طرف) کان بھی لگائے ہونگے باوجودیکہ آپ نرم اور گداز بستر پر ہوں گے - قارئین! کیا کسی سکول یا کالج کے کسی ماسٹر یا پروفیسر سامنے آپ ایسا کر سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں - بلکہ اس کے خلاف اگر کسی استاد یا استانیونی کے سامنے اگر ایسا کیا (یعنی آزادی سے پیش آئے) تو بغیر کسی معمولی شک وشبہ کے (قدیم دستور کے ماتحت) یا تو دردناک

مارپیٹ کی سزا دیں گے، اور اگر کہیں دال نہ گل سکی (یعنی مارپیٹ نہ سکے) تو کم از کم ناخوش ضرور ہو جائیں گے اور بے حد آپ کو حقیر سمجھیں گے، اور مطلقاً اسے دوست نہیں رکھیں گے کہ آپ کو سبق پڑھائیں یا پسندیدہ نگاہ سے آپ کو دیکھیں۔

درحقیقت، عزت اور احترام کے اعتبار سے یہ تمام درست بھی ہے۔ خاص طور پر اس ذات کے لئے جسے انسان بنایا گیا اور اشرف المخلوقات کے تاج سے مزین ہوا اس ساری کائنات میں۔ اور ہُوبہُو (بالکل) یہی میرے بھی نظریئے ہیں، باوجودیکہ میں اسوقت کسی دوسرے پلیٹ فارم پر قلم چلا رہا ہوں۔

قابلِ قدر بھائیو! معافی چاہتا ہوں، اصل مقصد سے کسی قدر دُور جا پڑا۔ لیجئے میں پھر اُسی طرف آتا ہوں۔ بہرحال، جب انقرہ سے عربی خبریں ختم ہو گئیں تو ایک یا دو منٹ کے بعد یہی مذکورہ عصمت انونو والی تقریر کو ایک خاتون نے فارسی میں دہرایا۔ نیز ترکستان کی بعض اندرونی خبروں کا بھی اضافہ کیا۔ بیس منٹ کے بعد یہ نشر بھی ختم ہو گئی۔ سوئی کو میں نے تھوڑا سا گھمایا یعنی صرف ایک میٹر۔ اچانک میں نے گھڑیال کی آواز بالکل صاف سنی۔ بلاشبہ مجھے ایسا معلوم ہوا کہ یہیں میرے کمرہ میں کوئی بڑی سی گھڑی رکھی ہوئی ہے اور وہ یکے بعد دیگرے بجتی جا رہی ہے۔ خیر میں انتہائی بیداری کے ساتھ شمار کرتا گیا، جب پانچ ہو چکے تو میں نے ایک بلند آواز سنی یہ کہتے ہوئے: "یہ لندن ہے" بخدا اُس وقت میرے تعجّب کی انتہا نہ رہی، اور اس معاملہ میں متحیّر سا ہو گیا کہ (اللہ اکبر) اس قدر دُوری، اتنی طویل مسافت میرے اور لندن کے درمیان ہے اور اس قدر اونچی اور صاف آواز، خدائے قدوس بزرگ و برتر کی قدرت (یہ سب ادنےٰ کرشمہ) ہے۔

مختصر یہ ہے کہ اب وہ حقیقی گھڑیاں نصیب ہوئیں جن کی آمد کا میں ہر ہر لمحہ انتہائی بے چینی کے ساتھ انتظار کر رہا تھا۔ اس کے ساتھ ہی ایک آدمی جو غالباً عربی تھا ، اس نے سامعین کو ہدیۂ تسلیم پیش کیا۔ پھر ریڈیو کی لہروں کے سامنے عربی زبان کے ہفتہ بھر کے ضروری ضروری پروگرام پیش کئے۔ گانے بجانے والے اور براڈکاسٹ کرنے والوں کے نام گنائے ۔ اہم آئندہ موضوع اور عنوان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے مثال کے طور پر عبدالرحمٰن اعظم بیگ اور عبدالفتاح سفیر مصر یہ دونوں فلاں موضوع پر اور فلاں ——— دن تقریر کریں گے۔ رقیب فنجی احمد، عبدالعزیز عتیق، سلیمان اعظمی، یہ لوگ فلاں عنوان پر فلاں دن مضامین سنائیں گے ۔ اسی طرح پروگرام کو نہایت وضاحت کے ساتھ مکمل کیا ، یہانتک کہ سامعین کی سہولت کے لئے اسی پروگرام کو دوبارہ بھی لوٹا دیا۔ اسکے بعد ایک آدمی نے قرآن کریم کی خاص مصری لہجہ میں تلاوت کی، نہایت بلند آواز اور خوش الحانی کے ساتھ۔ میں نے ہمہ تن گوش ہوکر نہایت خموشی کے ساتھ سنا۔

آپ تعجب نہ کریں، صرف میں ہی اکیلا ایسا متاثر نہ تھا، بلکہ خدائے وحد خوب جانتا ہے کہ جو نہی قرآن حکیم کی تلاوت شروع ہوئی، کمرہ (جیسے غیر ذی روح) کی فضا بھی اثرانداز ہوگئی تھی، اور خموشی نے اس کے تمام اطراف پر خیمہ اندازی کر رکھی تھی۔ گرشتہ حسین لمحات کتنے پُرلطف تھے ۔

اس کے بعد جناب عبدالعزیز عتیق نے "عربی اشعار کا دورِ جدید" اس عنوان پر ایک مضمون سنایا۔ شعراء کے دواوین سے تھوڑا تھوڑا نمونہ لیتے تھے۔ مگر ہاں ! جاہلیین یا مخضرمین میں سے نہیں بلکہ عصرِ جدید مثلاً شوقی بک یا حافظ وغیرہ جیسے چوٹی کے شاعروں کے دیوان سے جنھوں نے ادبی فضا میں ایک نیا قدم اٹھایا۔ پہلے تو ادیب موصوف سامعین کرام پر قصائد کے بعض حصے انفرادی طور پر ایک شاعر

کے پڑھتے تھے۔ اگر کہیں تشریح کی ضرورت محسوس کرتے تھے تو تشریح بھی کر دیتے تھے (عربی زبان میں)۔ اسی طرح کوئی بارہ منٹ تک (یہ سلسلہ) جاری رہا۔

اس کے بعد پانچ منٹ تک سید محمد ابراہیم زین الدین اور سید سامی طٰہٰ نے موجودہ اور گزشتہ کانفرنسوں کے واقعات پر مباحثہ کی طرح آپس میں گفتگو کی ـــــ یہ گفتگو، بلا شک، ایک جھوٹا پروپیگنڈہ تھا حکومت کی جانب سے، اسلئے اس مضمون میں اس کا ذکر مناسب نہیں۔

ہاں میں نے یہ تمام باتیں بغیر ترشروئی یا بغیر کسی الجھن صاف دل سے سنیں اور بے شک سنیں۔ (لیکن) ختم ہونے کے بعد یقین یہ کیا کہ مطلقاً دھوکہ بازی کا جال ہے، اور ذرہ برابر شک نہیں، یہ ایک حسین فریب ہے جو سادہ لوح عربوں کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے اور وہ بیچارے انتہائی غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۔ بہر حال سر دست نہ تو ان کے سیاسی احوال کو چھیڑنا چاہتا ہوں اور نہ ان کے مستقبل پر زیادہ روشنی ڈالنا چاہتا ہوں، کہ آیا وہ اس طرح یعنی غلط پروپیگنڈا کے ماتحت عزت اور وقار کی بلندی تک پہنچیں گے یا ذلت اور عبودیت کی (پست اور ذلیل ترین) گہرائیوں میں بری طرح گریں گے۔ جو ہمارے اس موجودہ سیاسی دَور میں بلا شبہ، بدترین قیام گاہ ہے، اور (سچ تو یہ ہے) کہ جہنم کی سکونت سے بھی زیادہ پُرعذاب ہے۔

اس کے بعد میں نے موسیقی کا پروگرام سنا۔ کچھ تو (دلچسپ) گانا تھا اور کچھ نئے نئے ساز تھے۔ موسیقی کا پروگرام بے شک، مجھے بیحد پسند آیا۔ اگرچہ میں کورانہ طور پر گانے کا دلدادہ نہیں ہوں، بلکہ بسا اوقات تو اسے حقارت کی نگاہ سے دیکھتا ہوں، لیکن بلا مبالغہ، میں جان نہ سکا کہ آخر کیا سبب تھا اور کونسی کہربائی طاقت نے مجھے بے حد مجبور کر دیا اور میں کئی منٹ تک کافی مسرتوں کے

نشہ میں ڈوبا ہوا یہ پروگرام سنتا رہا۔ ہاں یہ موسیقی کی مجلس چند چوٹی کے ماہرین موسیقیت پر مشتمل تھی۔ عبدالغنی، کلثوم اور عبدالوہاب۔ ہاں ایک اور دوسرا (مشہور) گویا بھی تھا، جو بلبل غرّید (یعنی چہچہانے والا بلبل) کے نام سے مشہور ہے۔ ان موسیقی کے ماہران فن یا اُن کی پُرکشش خوش الحانی کی مفصل تعریف بیان کرنا یہ تو بہت طویل (داستان) ہے۔ نیز میرے خیال میں کوئی خاص معلومات سے بھی تعلق نہیں رکھتی۔ اسلئے میں اُسے نظرانداز کرتا ہوں۔ آپ خود ہی پروگرام کے مطابق آئندہ راتوں میں سنیں۔

اس مجلس کے ختم ہونے کے بعد عبدالرزاق ہلالی نے ایک شاندار مضمون پڑھا "مشاہداتی فی لندن" یعنی میں نے لندن میں کیا دیکھا؟ یہ بالکل صاف ہے کہ اس عربی پروگرام کے چند منٹ میں اتنے وسیع موضوع کا احاطہ کرنا امکان سے باہر چیز تھی بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ مطلقاً محال بات تھی۔ پھر بھی دلی شکریہ جناب ادیب صاحب کا کہ انھوں نے ان چند گنے چنے لمحات میں اکثر مشہور پاکیزہ مقامات کی طرف اشارہ کر دیا، مثلاً ہائیڈ پارک، اسمبلی ہاؤس، بڑے بڑے لوگوں کی کوٹھیاں، علمی ادارے وغیرہ۔ قارئین! میں ان چیزوں کو بھی وضاحت کے ساتھ پیش کر سکتا ہوں، لیکن (پھر وہی) وقت کے تنگ ہونے کا ڈر ہے۔ خاص طور پر فرصت کے قلیل لمحات کا شکوہ ہے۔ کوئی حرج نہیں، اب آپ خود ریڈیو (کے علمی پروگرام) سنیں تاکہ آپ معلومات کا کافی حصہ جمع کر سکیں۔ اس کے بڑے بڑے فائدوں کو خوب جان سکیں۔ اس کے ماسوا آپ کو یہ بھی یقینی علم ہو جائے کہ آج سے چند سال قبل کوئی اس قسم کی (مفید) ایجاد کا خواب بھی نہیں دیکھتا تھا، اور جھوٹ نہیں اس کا تصور بھی احاطہ نہیں کر سکتا تھا

خدا معاف کرے، اس بندۂ خدا کو جس نے اس مشین کی ایجاد کی طرف قدم بڑھایا اور ایسا عملی قدم اٹھایا جو ساری دنیا کے لئے سودمند ثابت ہوا بغیر کسی خصوصیت کے

خدا کا شکر کہ اس موجد کی جان توڑ کوشش زرین کامیابی کے تاج سے مزین بھی ہوئی۔ یہانتک کہ آج ہر ایک نزدیک اور دور رہنے والا بلا تخصیص اپنے اپنے طبعی میلان کے مطابق فائدہ اٹھاتا ہے۔ درحقیقت یہ ریڈیو دنیا کے گوشہ گوشہ میں زبان پھیلانے کیلئے بہترین طریقہ ہے، جیسا کہ بی۔ بی سی لندن سے ایک خاص مستقل پروگرام غالباً دو گھنٹہ کیلئے ہر رات انگلش بائی ریڈیو کے نام سے (نشر) ہوتا ہے۔

یہ تو ہے یورپین لوگوں کی کوشش انگریزی زبان کو دنیا کے گوشہ گوشہ مشرق و مغرب میں پھیلانے کیلئے۔ لیکن عرب اس عربی زبان کے پھیلانے کیلئے جسمیں کہ قرآن نازل ہوا، رسول پاک نے اس زبان میں گفتگو کی، اس سے غافل اور مطلقاً غافل پڑے ہیں، اور (یوں کہنا چاہئے) کہ کنارہ کش ہیں۔ کاش! میں جان سکتا کہ یہ خواب خرگوش (گہری نیند) سے کب بیدار ہونگے۔ ہر رات میں نے ریڈیو سنا اور سنتا رہتا ہوں۔ بلاناغہ تقریباً بیس منٹ ریڈیو اسٹیشن سے اور غالباً اتنا ہی انقرہ سے اور تقریباً چار گھنٹے "شرق ادنیٰ" سے اور ایک گھنٹہ کے قریب مکمل لندن سے اور یہ تمام مذکورہ پروگرام عربی میں ہوتے ہیں، لیکن افسوس کہ ایک پروگرام بھی عربی زبان سکھانے کا خواہ وہ عرب کی اندرونی دنیا میں ہو یا بیرونی دنیا میں نہیں پایا۔ جیسا کہ زبان اور علم کے شائقین کیلئے انگریزی زبان میں ایک خاص پروگرام نئے طرز اور انوکھے آسان طریقہ پر۔ ہاں اگر صحیح طور پر ریڈیو کے ذریعے عربی زبان (سکھانے) کیلئے کوئی پروگرام ہے اور میں پوری کوشش کے بعد بھی اسکے حاصل کرنے میں قاصر رہوں تو اللہ تعالیٰ معاف کرے مجھے، ورنہ ساکنان عرب کے ارباب علم کو خدا اس عملی قدم کی طرف ہدایت کرے جو عوام کیلئے بغیر کسی امتیاز کے مفید ہے۔ اور وہ قدم (کیا ہے) ایک خاص پروگرام کا مقرر کرنا (عربی زبان ریڈیو کے ذریعے سکھانے کیلئے) تمام عربی ریڈیو اسٹیشنوں پر۔ اور اگر یہ غیر ممکن ہے، تو کم از کم اُن ریڈیو اسٹیشنوں پر جو عربی دنیا میں واقع ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ عرب تمام رات اور دن کے بھی تھوڑے سے حصہ میں عربی زبان میں تقریریں کرتے رہتے ہیں اور شاندار

مضمون بھی سامعین کو سناتے رہتے ہیں۔ ایسا ہی بسا اوقات ڈرامے اور ناول بھی انگریزی زبان سے عربی میں ترجمہ شدہ پیش کرتے رہتے ہیں۔ لیکن مجھے اجازت دی جائے (کچھ کہنے کی) یہ تمام مذکورہ باتیں انکی اپنی مادری (عربی) زبان کو پھیلانے کی محبت کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ یہ تو حکومت کا خالص پروپیگنڈہ ہے۔ بہرحال مجھے بھی یہ اعتراف ہے کہ خدمت وطن اور خدمت حکومت بھی بسرو چشم ضروری ہے لیکن زبان کی خدمت تو میرے ذکر کئے ہوئے طریقہ پر میرے خیال میں ہوگی، اگرچہ تھوڑا سا ہی وقت مقرر ہو، جیسا کہ ابھی وضاحت کے ساتھ میں نے ذکر کیا۔

بھائیو! مجھے معاف رکھو! پھر کس قدر موضوع سے ہٹ گیا ہوں۔ ممکن ہے کہ غصہ میں کچھ سخت سست مجھے کہو، لیکن یہاں بھی اس عبارت میں کئی ایک فائدے عربی زبان کے پھیلانے میں دیکھتا ہوں (اور یہی) وہ بڑا مقصد ہے جسے میں چاہتا ہوں۔

آپ نہ ڈریں، یہ لیجئے اب صرف چند کلمات میں یہ مضمون ختم کئے دیتا ہوں۔ مختصر یہ ہے کہ اس مضمون کے بعد یعنی "لندن میں کیا دیکھا" جسے ادیب عبدالرزاق ہلالی صاحب نے پڑھا تھا۔ ایک چیز ناول کے رنگ میں "تاجر البندوقیۃ" کے عنوان کے ماتحت سنا۔ یہ اصل میں شیکسپیئر کی ناول کا ایک حصہ تھا جسے انگریزی سے عربی میں ترجمہ کیا گیا تھا۔ عیسیٰ خلیل صباغ نے پیش کیا تھا۔ ابتداء سے انتہا تک میں نے سنا۔ کئی ایک کافی مزیدار جملے بھی حاصل کئے، جو آج تک کاپی میں موجود ہیں اور شاید کیا ایک مدت دراز تک جبتک کہ آسمان کے جگر (آغوش) میں ستارے جگمگاتے رہیں اور جب تک کہ آفتاب افق مشرق سے اپنی سنہری شعاعیں بھیجتا رہے۔ یہ (جملے) بھی کاپی میں باقی رہیں گے۔ اب رات کے بارہ بج چکے تھے۔ عربی، فارسی اور اردو کے تمام پروگرام ختم ہو چکے تھے۔ ماسوا بعض یہاں وہاں گانے بجانے کی مجلسوں کے، کھڑکی سے نگاہ باہر ڈالتے ہوئے میں نے ریڈیو بند کر دیا۔ اُف ... اُف اسوقت بھیانک سیاہ رات تھی۔ دہشت اور خوف کا موجزن دریا

اس پر ٹھاٹھیں مار رہا تھا۔ خموشی ہر طرف خیمہ ڈالے ہوئے تھی۔ سونے کے کمرہ میں پہنچکر فوراً مجھ پر نیند کا غلبہ ہوا اور پھر نہیں معلوم کہ کیا ہوا (اور کیا نہیں)۔

قارئین آپکو خوشخبری ہو کہ جناب پرنسپل عبدالحق عباس صاحب نے مجھے یہ اجازت دیدی ہے کہ اپنی عربی زبان کی محبت کی قلبی سوزشوں کو آپ پر ظاہر کروں۔ پیام اسلام کے دو صفحے پر یا جتنے ضروری ہوں لکھدوں۔

لیجئے! اب میں عنقریب خداوند عزیز کے فضل سے جس قدر مجھ سے ہو سکے گا، آپ کی مشکلات کو دور کرنے کی کوشش کرونگا اور آسان اور مفید طریقے بتاؤنگا۔ ہاں آپکو بھی چاہیئے کہ یہ بات خوب یاد رکھیں، پہلی بار تو پیام اسلام میں اردو کے چند جملے وہ دئے جائینگے جنکی آپکو ضروریاتِ زندگی میں زیادہ مانگ ہے۔ خاصکر یہ جملے ایسی نئی نئی ایجادات پر مشتمل ہونگے جو آپ اپنے مدرسہ کی مروّجہ پرانی کتابوں میں قیامت تک نہ پائینگے۔ باوجودیکہ آپکو اشد ضرورت ہے۔ بہرحال، جب آپکو یہ رسالہ ملے تو ان جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں جتنا آپ سے ہو سکے اور اسے علیحدہ رکھدیں۔ دوسرے مہینہ میں جب رسالہ آپ حاصل کرینگے تو وہاں آپکو بھی جملے عربی زبان میں ترجمہ شدہ ملینگے۔ اب آپ کئی بار نظر دوڑائیں تاکہ آپکو معلوم ہو جائے کہ کیا صحیح ہے اور کیا غلط۔ ایسا ہی دوسری بار بھی ترجمہ اور تصحیح کے اوپر اپنی کوشش صرف کریں، یہانتک کہ کئی بار میں آپ خود کھلم کھلا فرق پائینگے پہلے کی نسبت، ہاں مضمون نگاری اور خطوط نویسی کے بھی آپکو نئے نئے اور آسان طریقے بتلائے جائینگے جو مولوی فاضل اور درجہ مولوی کیلئے بھی مفید ہونگے۔ کبھی بعض زرّیں کامیابی کے اصول کی طرف اشارہ کیا جائے گا۔ اس پیام اسلام میں خاصکر ان طالبعلموں کیلئے جو بدقسمتی سے یا کسی خاص وجوہات کی بنا پر کسی علمی ادارہ میں داخل نہیں ہیں۔

تو اے پیارے بھائیو! آپ کا فرض ہے کہ اس پیام اسلام کے خریدار بن جائیں (اور اپنے متعلقین کو بھی خریدار بنائیں) جس قدر جلد ہو سکے۔ یہ لیجئے میں اپنا پتہ بھی لکھ

دیتا ہوں، شاید کسی ادبی معاملہ میں آپ کو کچھ پوچھنا پڑے -

عبدالرشید ایچ-اے، معرفت خان اسلم صاحب
محلہ برہ خان تحصیل- ڈاکخانہ مردان-صوبہ سرحد

اَلدُّرُوسُ العَرَبِیَّۃ

صورۃ رسالۃ من اب الی ابنٍ لہٗ یوبخہٗ علی الاسراف

یا بُنَیَّ

بعد لثم وجناتك والدعاء بطول بقائك اخبرك بلسان المحبۃ الوالدیۃ ان منهاج الاسراف (۱) الذی فرضت علی نفسك انتهاجہٗ مذموم عندی بل عند عقلاء المعمور كلّہِ و مُنْهِیٌ عنہٗ فی الشَّریعۃِ۔ وقد رایتُ انہٗ افضی بك الی الافلاس فانا یا ولدی قد اقتربت من القبر۔ وما اقتنیتہٗ بالعناء اوشك ان یكون لك بلا كلفۃ ومن غیر مشقّۃ۔ فانت ای ولدی الوریث الذی لراحتہِ كدَّ ابوك علیٰ جمع ما جمع من المال واقتناء ما اقتنیٰ من العقار والضیاع وانت قد اهلكت من ذٰلك المالِ مقدارًا وافرًا وراء الملاذّ وفی طلب الملاهی۔ فحسبك یا ولدی ما اولجت سیرتك

علیٰ قلب ابیک الشیخ من الاسی و الاسف فارتشد بکلامی و قف عندہٗ و اکحل اجفان بصیرتک بانوار الاسفار الکریمة و الّا حرمتک المیراث و وهبت کلّ ما لی من العقار لاحد الاقارب و ترکتک تبکی علی وفاتی بل علیٰ وفاة رزقکَ. و هٰذا القدر کفایة لذی الفهم ،
والسلام

الداعی

من ..... فی ..... سنة .....   والدک فلان

الجواب

ابت الحنون و سیدی العطوف

لقد سالت مدامعی ندمًا علیٰ ما اسخطتک وَأجّج[۲] لاعج الحزن فی القلب انی اولجت الکدر علی فؤاد سیدی الوالد الشیخ العطوف. و لو لا ثقتی بأن حلمک یسع ذنبی و رأفتک تستر زلّتی لأوشک ان یذهب الندم بحیاتی. و فی اطّلاعی علیٰ رسالتک تبینت سبیل الخیر و طریق الرّشاد واثبت لی النظر فی اعمالی انّی کنت ضالاً سبیل الخیر سالکًا طریق الشقاء فی العاجلة و الآجلة[۳] فنکّبتُ عن ذٰلک المسلک وجفوت اهلهُ فاسألک الصفح و أعدک لزوم ما یسرّک و إتیان ما یفرحک لاخوفًا من ان تمنعنی ما لک

(۲) آلهب (۳)

و لا طمعًا فی ان نعطیتی ایاہ بل لمجرّد اکرامك و انصاف
نفسی بردّھا عن الغیّ و مجانبة المذامّ و مباعدة المغا
ھذا و انی اختم الکتاب بتعفیر(۲) الجبین علیٰ قدمیك
ملتمسًا اکبر نعم الدنیا عندی رضاك و اطال اللّٰہ
بقاءك ، راجی دعائك

من ..... فی ..... سنة ..... فلاں

(ترجمہ)

نمونہ ایک باپ کے خط کا اپنے کسی بیٹے کے نام جس کو فضول خرچی پر ڈانٹتا ہے

بیٹا !

رخسار بوسی اور دعائے درازئے عمر کے بعد میں تجھ کو پدرانہ محبت کی زبان سے یہ بتلاتا ہوں کہ جس فضول خرچی کی راہ چلنا تو نے اپنی ذات پر فرض ٹھہرا رکھا ہے، وہ میرے ہی نزدیک نہیں بلکہ معمورۂ عالم کے تمام خردمندوں کے نزدیک مذموم اور شریعت میں ممنوع ہے، اور میں نے دیکھا کہ اس روش نے تجھ کو ناداری تک پہنچا دیا ہے، سو بیٹا! میں تو گور کنارے پہنچ چکا ہوں، اور جو کچھ میں نے مشقت سے کمایا ہے، وہ بغیر کسی محنت و زحمت کے تیرے ہاتھ لگنے والا ہے سارے ورثہ پانے والے میرے فرزند! جس کی راحت ہی کے لئے تیرے باپ نے جو مال جوڑا ہے اس کے جوڑنے میں اور جو ملک اور جائیداد اکٹھی کی ہے اس کے اکٹھا کرنے میں تکلیف اٹھائی ہے، اور تو نے اس مال میں سے بہت سی مقدار کھیل تماشوں کے شوق اور مزے کی چیزوں کے ذوق میں برباد کر دی ہے۔ سو بیٹا! جو رنج و غم تیری خصلت نے تیرے بوڑھے باپ کے دل پر داخل کیا ہے، وہی تجھ کو کافی ہے۔ سو تو میرے کلام سے سدھر جا، اور اس کے پاس تو قف نہ

اور اپنی بصیرت کی پلکوں میں کتب مقدسہ کی روشنائیوں کا سرمہ لگا، ورنہ میں تجھ کو میراث سے محروم کر کے سب مال و جائیداد اقرباء میں سے کسی کو دے دونگا اور تجھ کو اپنی وفات بلکہ تیرے رزق کی وفات پر روتا چھوڑ جاؤنگا۔ سمجھدار کو اسی قدر کافی ہے والسلام ؂

دعاگو

از مورخہ تیرا والد توملان

جواب

پدر شفیق و آقائے مہربان

اس خط کو پڑھ کر کہ میں نے آپ کو ناراض کیا ہے، میرے آنسو بہ نکلے اور اس (گناہ) نے کہ میں نے اپنے آقا، اپنے والد بزرگوار محبت شعار کے دل میں رنجیدگی کو داخل کیا ہے، میرے دل میں غم کی بھڑک بھڑکا دی۔ اگر مجھ کو یہ بھروسہ نہ ہوتا کہ آپکی بردباری میرے گناہ کو سمائیگی اور آپ کی شفقت میری ذلت کو ڈھانپ لیگی، تو ندامت میری زندگی کا خاتمہ کر دیتی۔ گرامی نامہ کے مطالعہ سے نیکی اور نیک چلنی کا راستہ روشن ہو گیا، اور اپنے اعمال پر نظر ڈالنے نے یہ ثابت کر دیا کہ میں دنیا و آخرت میں راہِ خیر سے بھٹک کر طریقِ بدبختی پر چل رہا تھا۔ میں نے اس مسلک سے انحراف کر کے ساتھیوں کو چھوڑ دیا ہے اور آپ سے درگزر کا سائل ہو کر ایسے کاموں سے پیوست رہنے اور ایسے اعمال کے بجالانے کا وعدہ کرتا ہوں جو آپ کی مسرت و فرحت کا موجب رہیں۔ نہ تو اس خوف سے کہ آپ اپنا مال مجھ سے روک رکھینگے اور نہ اس لالچ سے کہ آپ مجھ کو عطا کر دینگے، بلکہ محض آپ کے اکرام کی خاطر اور اپنے نفس کو بدچلنی سے پھیرنے اور قابل مذمت کاموں سے برکنار اور عیوب سے دور رہ کر اسکی خدمت بجا لانے کے لئے۔ اس کے بعد میں جبینِ نیاز کو آپ کے قدموں پر خاک آلود اور آپ کی خوشنودی کی استدعا کر کے جو میرے

نزدیک دنیا میں سب سے بڑی نعمت ہے، نیاز نامے کو ختم کرتا ہوں، خدائے پاک آپکی زندگی دراز فرمائے

دعا کا امیدوار

از ..... در ..... سمہ ..... فلاں

اَلْقُبَّرَةُ

(۲)

(۱) وَ كَانُوْا يَذْهَبُوْنَ إِلَى تَلٍّ قَرِيبٍ. فِيهِ صُخُوْرٌ كَثِيْرَةٌ، وَ يَأْخُذُوْنَ زَادَهُمْ، وَ يَصْرِفُوْنَ هُنَاكَ وَقْتًا طَوِيْلًا فِيْ ظِلِّ الصُّخُوْرِ.

(۲) وَ بَيْنَمَا هُمْ صَاعِدُوْنَ ذَاتَ يَوْمٍ إِلَى ذٰلِكَ التَّلِّ، رَأَى بَدِيْعٌ عُصْفُوْرًا صَغِيْرًا طَارَ عَنِ الْأَرْضِ أَمَامَهُ، وَ كَانَ يَصْعَدُ وَ يَعْلُوْ فِي الْجَوِّ وَ يُزَقْزِقُ.

(۳) فَوَقَفَتْ أَدْمَا تَنْظُرُ إِلَيْهِ، أَمَّا أَخُوْهَا بَدِيْعٌ فَلَمْ يَرَهُ بَعْدَ أَنْ طَارَ فَوَقَفَ يَضْحَكُ عَلَى أُخْتِهِ، لِأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ يَعْرِفُ سَبَبَ وُقُوْفِهَا.

(۴) فَقَالَتْ لَهُ أَدْمَا، أَلَا تَسْمَعُ زَقْزَقَةَ ذٰلِكَ

الْعُصْفُوْرِ، قِفْ وَ اَصْغِ يَا بَدِيعُ، حَتّٰى نَرٰى
اَيْنَ صَارَ.

(٥) فَجَعَلَ بَدِيعٌ يَلْتَفِتُ إِلَى الْيَمِيْنِ وَ إِلَى الشِّمَالِ، وَ مَا كَانَ يَقْدِرُ اَنْ يَرٰى شَيْئًا، وَ لٰكِنَّهٗ كَانَ يَسْمَعُ زَقْزَقَةً وَ لَا يَرٰى عُصْفُوْرًا.

(٦) فَقَالَتْ اَدْمَا هَا هُوَ طَائِرٌ فِي الْجَوِّ عَالٍ جِدًّا. اِصْبِرْ قَلِيْلًا حَتّٰى نَرٰى إِذَا كَانَ يَنْزِلُ، فَنَعْرِفَ مِنْ اَيِّ نَوْعٍ مِنَ الْعَصَافِيْرِ هُوَ.

(٧) فَالْتَقَطَ بَدِيعٌ حَجَرًا بِيَدِهٖ، وَ حِيْنَ وَقَعَ الْعُصْفُوْرُ عَلَى الصَّخْرِ اَرَادَ اَنْ يَرْمِيَهٗ بِالْحَجَرِ فَمَنَعَتْهُ اُخْتُهٗ اَدْمَا وَ قَالَتْ لَهٗ: هِيَ قُنْبُرَةٌ لَا تَرْمِهَا بِالْحَجَرِ، وَ إِذَا رَمَيْتَهَا بِهٖ أُخْبِرُ أُمِّيْ بِذٰلِكَ.

(٨) قَالَ بَدِيعٌ، لَسْتُ أَقْصِدُ بِالْعُصْفُوْرِ شَرًّا وَ لَا ضَرَرًا وَ إِنَّمَا أَرَدْتُ اَنْ أَرٰى، إِذَا كَانَتْ يَدِيْ لَا تَزَالُ صَيُوْبَةً.

(٩) فَقَالَتْ أَدْمَا، إِذَا كَانَتْ يَدُكَ صَيُوْبَةً فَلَا يَجُوْزُ أَنْ تَضُرَّ أَحَدًا بِهَا ـــ وَ قَالَتْ اُخْتُهٗ عَلْيَا: هَلْ أَضَرَّتِ الْقُنْبُرَةُ بِكَ يَا أَخِيْ. قَالَ لَا، لَمْ تَعْمَلْ بِيْ شَيْئًا، فَقَالَتْ إِذًا اِطْرَحِ الْحَجَرَ

وَلَا تَرْمِهَا بِهِ .

(۱۰) فَسَمِعَ بَدِيعٌ مِنْ أُخْتِهِ عَلْيَا ، وَطَرَحَ الْحَجَرَ ، وَصَعِدُوا إِلَى التَّلِّ ، وَلَعِبُوا هُنَاكَ وَقْتًا طَوِيلًا ، ثُمَّ رَجَعُوا إِلَى الْبَيْتِ وَأَخْبَرُوا أُمَّهُمْ عَمَّا كَانَ مِن أَمْرِ بَدِيعٍ وَالْقُبَّرَةِ .

ترجمہ :-

چکور (۳)

(۱) کبھی کبھی وہ قریب کی پہاڑی کی طرف جاتے، جس میں بڑی بڑی چٹانیں تھیں، اور اپنا توشہ لیتے، اور وہاں چٹانوں کی چھاؤں میں اپنا بہت سا وقت صرف کرتے۔

(۲) اس اثنا میں کہ وہ ایک دن اس پہاڑی پر چڑھ رہے تھے، بدیع نے ایک چھوٹا سا پرند دیکھا، جو اس کے آگے کی زمین سے اُڑا، اور وہ فضا میں چڑھتا اور اونچا ہوتا اور چہچہاتا جا رہا تھا۔

(۳) پس ادما اس کو دیکھنے کے لئے ٹھہر گئی۔ لیکن اس کے بھائی بدیع نے اس کو اڑنے کے بعد نہ دیکھا تھا، سو وہ بھی اپنی بہن پر ہنسنے کو ٹھہر گیا۔ اسلئے کہ اس نے اس کے کھڑے ہونے کا سبب نہ جانا تھا۔

(۴) اس سے ادما نے کہا: کیا تم اس چڑیا کے چہچہے نہیں سنتے؟ بدیع! ٹھہرو اور سنو تاکہ دیکھیں کہاں گیا؟

(۵) بدیع دائیں بائیں دیکھنے لگا، اور وہ کوئی چیز دیکھ نہیں سکتا۔ لیکن وہ چہچہے سنتا تھا، اور کسی چڑیا کو نہیں دیکھتا تھا۔

(۶) پس ادما نے اس سے کہا: دیکھو! وہ فضا میں بہت اونچا اُڑ رہا ہے۔ تھوڑی دیر صبر کرو، تاکہ جب وہ اترے تو ہم اس کو دیکھ سکیں کہ وہ چڑیوں کی کونسی قسم ہے؟

(۷) پس بدیع نے اپنے ہاتھ سے ایک پتھر اٹھایا، اور جب وہ پرندہ چٹان پر اُترا، تو اس کو پتھر مارنا چاہا، اس کی بہن ادما نے اس کو منع کیا اور کہا: یہ چکور ہے اس کو نہ مارو۔ اگر تم نے اس پر پتھر پھینکا، تو میں یہ بات اماں جان سے کہہ دوں گی۔

(۸) بدیع نے کہا: میں چڑیا سے برائی کرنے یا اس کو تکلیف پہنچانے کا ارادہ نہیں کرتا۔ میں تو یہ دیکھنا چاہتا ہوں کہ میرے ہاتھ کا نشانہ ہمیشہ بے خطا ہی ...

(۹) ادما نے کہا: اگرچہ ... تو یہ تو جائز نہیں کہ اس سے کسی کو تکلیف پہنچاؤ، اور اس کی بہن علیا نے کہا: کبھی بھائی اس چکور نے تم کو تکلیف دی ہے؟ اس نے کہا: نہیں، اس نے مجھ کو کچھ نہیں کہا۔ علیا نے کہا: تب یہ پتھر پھینک دو اور اس کو اس پر مست چلاؤ۔

(۱۰) بدیع نے اپنی بہن علیا کی بات سنکر پتھر پھینک دیا اور وہ پہاڑ پر چڑھ گئے اور وہاں بہت وقت کھیلتے رہے۔ پھر وہ گھر کو آئے اور ماں کو بدیع اور چکور کی بات سنائی۔

فتح الحمید

یعنی قرآن مجید مع ترجمہ جدید "فتح الحمید"

چند آراء کا خلاصہ

"یہ ترجمہ مختصر اور مطالب خیز ہے۔ زبان صاف اور شستہ، سلیس لطیف اور دلکش ہے۔ محاورے کی پابندی کے ساتھ الفاظ کی رعایت بھی برقرار ہے"۔

(مولنا) عبداللہ العمادی

"ہم کو یہ کہنے میں ذرا تامل نہیں کہ فتح الحمید نہایت دلپسند اور صحیح و مستند ترجمہ ہے اور اس کو نئے ترجموں پر ہر قسم کی فوقیت اور فضیلت حاصل ہے"۔

(مولنا) محمد حلیم ردولوی

"ترجمہ فتح الحمید مستند، صحیح اور تمام ترجموں میں زیادہ مفید و کارآمد ہے"۔

(مولنا) احسان اللہ نجیب آبادی

"اصح التراجم اور بہترین تراجم ہے"۔ (حضرت مولنا) بدرالدین (امیر شریعت بہار)

طباعت نفیس، خط پاکیزہ، ہدیہ بلا جلد چار روپیہ، اگر مجلد درکار ہو، تو جلد قسم اول ایک روپیہ چھ آنے، اور قسم دوم ۱۴ر علاوہ

ملنے کا پتہ

مینیجر مکتبہ علمیہ۔ مدرسۃ البنات جالندھر شہر

امام اعظم کا ہدایت نامہ

(از ابن الانور سید محمد ازہر شاہ قیصر کشمیری دیوبند)

حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اسلام کی ابتدائی عمر کے عہد فرخ عہد کے ان سرآمد روزگار علما اور جلیل القدر فقہاء میں سے ہیں کہ انکی شخصیت اپنے علم و عمل کی تابانیوں اور زہد و ریاضت کی ضوفشانیوں کے ساتھ اسلام کے آسمان حیات پر مہر منور بنکر چمکی اور اگلی پچھلی تمام روشنیاں انکے آگے گرد ہوکر رہ گئیں، وہ اسلام کے ایوان عالی میں آئے تو اس شان کیساتھ کہ انکے صدر دروازہ پر قدم رکھتے ہی تمام حاضرین دم بخود ہو گئے اور پوری فضا انکی جلالت علم و عمل سے تھرا سی گئی دنیا کو ماننا پڑا کہ آنے والا آن آنے والوں میں سے ہے جو روز روز نہیں بلکہ ماہ و سال کی ہتو گردشوں اور شب و روز کے پیہم الٹ پھیر کے بعد اپنی صورت دکھاتے ہیں۔ حضرت امام کا سنہ پیدائش مولانا شبلی نعمانی مرحوم کے حسب ارشاد ۸۰ھ اور وطن مالوف کوفہ ہے۔ ابتدائی عمر میں آپ کو تعلیم و تعلم سے دلچسپی نہیں تھی زندگی کا کافی حصہ بسر کرنے کے بعد فقہ کی تحصیل و تعلیم پر توجہ ہوئی۔ پھر اس فن کو حاصل کیا اور اسطرح کہ اپنی قوت ایجاد، جدت طبع، دقت نظر، وسعت معلومات اور بالغ نظری سے خاص اس دقیق فن کو حاصل کیا اور اسطرح مرتب و مدون کر دیا کہ انکے اجتہادی مسائل گذشتہ بارہ ساڑھے بارہ سو برس سے اکثر اسلامی سلطنتوں میں سرکاری قانون کی حیثیت سے زیر عمل ہیں، امام عالی مقام اپنی نکتہ آفرینی، دماغی کمالات، اور خداداد فہم و فراست کے لحاظ سے شہرۂ آفاق حیثیت رکھتے ہیں۔ عربی کی رجال و تاریخ کی جن کتابوں میں آپکے حالات مختصر طور پر بیان کئے گئے ہیں۔ اُن میں بیسیوں ایسے واقعات نظر پڑتے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ الجھے اور بگڑے ہوئے معاملات کی تہ تک چشم زدن میں پہنچ جانا امام ہی کا خاص منصب تھا۔ اور آپ میں اجتہاد و ایجاد کی ایک وسیع طاقت تھی اتنی اور ایسی کہ شاید کوئی دوسرا عالم ان کی برابری کا دعویٰ کر سکے طبیعت اسقدر حاضر اور ذہن اسقدر رسا تھا کہ منٹوں اور سکینڈوں میں آپ

دور دراز کی باتوں تک جا پہنچتے تھے بارہا ایسا ہوا کہ ضرور تمندوں نے کسی خاص پیچیدہ معاملہ میں
ایسے اور تمام علمائے عصر سے استصواب رائے کیا، دوسرے علماء تو ابھی سوال ہی کو سمجھنے میں لگے رہتے کہ امام نے
بیساختہ طور پر اسکا جواب ارشاد فرمادیا۔ ایک قدیم عالم کا یہ مقولہ بہت صحیح ہے۔ کہ "اگر آدھی دنیا کی عقل ایک
پلڑے میں اور ابوحنیفہ کی عقل دوسرے پلڑے میں رکھی جاتی تو ابوحنیفہ کا پلڑا یقیناً بھاری رہتا۔"
خارجہ بن مصعب کا قول ہے جسے مولانا شبلی نے اپنی کتاب "سیرۃ النعمان" میں نقل کیا ہے کہ "میں کم و
بیش ایک ہزار عالموں سے ملا جن میں عاقل صرف تین چار شخص دیکھے ان عقلمند علماء میں سے پہلے سب سے
افضل اور سب سے زیادہ ابوحنیفہ تھے۔" مولانا شبلی نے اپنی کتاب میں بالکل صحیح کہا ہے۔
ہمارے علماء کی وہ خصوصیات جن کا ذکر بہت پرزور الفاظ میں کیا جاتا ہے تیزی ذہن، قوت حافظہ
بے نیازی، تواضع، قناعت، زہد، اتقا غرض اس قسم کی خصوصیتیں ہوتی ہیں لیکن عقل ورائے اور فراست
وتدبیر کا ذکر تک بھی نہیں آتا۔ گویا یہ باتیں دنیاداروں کیساتھ مخصوص ہیں۔ علامہ ابن خلدون نے اسی
کو ان الفاظ میں کہا ہے کہ علماء کا طبقہ انتظام اور ریاست کے امور عامہ سے بالکل مناسبت نہیں رکھتا۔"
لیکن یہ صرف امام اعظم کی خصوصیت ہے۔ کہ زہد و ورع اور نیکی و بزرگی کے نہایت قیمتی اوصاف کیساتھ
آپ میں دانشمندی، دقیقہ سنجی، نکتہ سنجی اور اصابت رائے کے کمالات بھی جمع تھے۔ آپنے آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے ذخیرۂ احادیث اور قرآن مجید کی آیات محکمات کو سامنے رکھ کر انسے فقہ حنفی کے جو مسائل پیدا
کئے پھر اس فن کو اصول عقل سے قریب تر اور انہیں اسلام کی صحیح روح کو باقی رکھنے میں جو مہتم بالشان تو
کی افسوس ہے کہ بخیال طوالت ان کا کوئی ہلکا سا نظارہ بھی اس مضمون میں دکھایا نہیں جاسکتا۔ ...
فقہ حنفی کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ امام اعظم اجتہاد و اصابت رائے کو تنہا مالک تھے۔ علم و عقل کی ...
غرض فضیلتیں، قدرت کی بارگاہ فیاض سے امام اعظم کو اس فراوانی سے بخشی گئی تھیں کہ اگلے پچھلے تمام علماء نے
انکے ادب و احترام کو اپنا اخلاقی فرض سمجھا ہے۔ اس آخری دور میں حجۃ الاسلام، عارف باللہ حضرت مولانا
السید محمد انور شاہ الکشمیری علیہ الرحمۃ ان تمام محاسن عالیہ اور مکارم اخلاق کے جامع تھے جن سے پچھلے
بزرگان امت کے نام تاریخ کا جلی عنوان بنے ہوئے ہیں۔ حضرت مرحوم دینی معاملات و مسائل میں خود ذاتی

تحقیق دا جتہاد کا ذوق رکھتے تھے اور دین و مذہب کا شاید ہی کوئی ایسا مسئلہ ہو جس پر آپ کو حق الیقین حاصل نہ ہوا اور جسے آپ نے صرف ایماناً و اعتقاداً ہی نہیں بلکہ علیٰ وجہ البصیرت تسلیم نہ کیا ہو، امام اعظم کے متعلق حضرت موصوف کا یہ مقولہ یاد رکھنے کے قابل ہے کہ

امام اعظم اتنی بڑی عقل و فراست کے مالک تھے کہ اگر اسلام میں ذرہ بھر کوئی کھوٹ ہوتی تو وہ یقیناً امام اعظم کو کھٹکتی اور وہ دلاورانہ اسلام کی صداقت سے انکار کرتے یہ اسلام کی صداقت کی ایک کھلی ہوئی دلیل ہے کہ امام اعظم ایسا مجتہد اور مبصر جو زمانہ کی پیہم کروٹیں لینے اور دنیا کے مسلسل انقلابات کے بعد کہیں قرنوں اور صدیوں کے بعد منظر عام پر آتا ہے، اسلام کا حلقہ بگوش رہا ہے۔

امام اعظم اپنے اس علم و فضل کے علاوہ اپنی ذاتی زندگی میں بھی بہت ارفع و اعلیٰ تھے تجارت آپکا ذریعۂ معاش تھا۔ اور کپڑے کی تجارت سے امام اعظم نے بڑی دولت حاصل کی تھی جسے وہ طلبا او غربا کی امداد میں بیدریغ خرچ کرتے تھے آپ نہایت رقیق القلب، رحمدل، فیاض، سادہ طبیعت اور نیک سرشت تھے عبادت الٰہی میں آپکا شغف حیرت انگیز بلکہ اس دور بیدینی میں تو بہت سوں کیلئے ناقابل اعتبار ہوگا علامہ ذہبی نے انکے متعلق کہا ہے کہ

انکی پرہیز گاری اور عبادت کے واقعات تواتر کی حد تک پہنچ گئے ہیں۔ اکثر نماز میں یا قرآن پاک کی تلاوت کے وقت آپ پر رقت طاری ہو جاتی تھی اور گھنٹوں رویا کرتے تھے۔

ابراہیم بصری کا بیان ہے کہ

میں ایک دفعہ نماز فجر میں امام ابو حنیفہ کیساتھ شریک ہوا تھا امام نے نماز میں آیت پڑھی ولاتحسبن اللہ غافلا عما یعمل الظالمون یعنی خدا کو ظالموں کی کردار سے بے خبر نہ سمجھنا، امام ابو حنیفہ پر یہ آیت سنکر ایسی حالت طاری ہو گئی کہ ان کا سارا بدن کانپنے لگا۔

زائدہ کہتے ہیں کہ

مجھکو ایک ضروری مسئلہ دریافت کرنا تھا امام ابو حنیفہ کیساتھ نماز عشا میں شریک ہوا اور منتظر رہا کہ کہ نوافل سے فارغ ہوں تو دریافت کروں وہ قرآن پڑھتے پڑھتے اس آیت پر پہنچے کہ وقنا عذاب السموم

بار بار صرف اس ایک آیت کو تمام رات پڑھتے رہے۔ اور صبح کردی۔

غرضیکہ ذکر و عبادت میں امام ابوحنیفہ کی شہرت ضرب المثل ہے آپ بہت نڈر، صاف گو اور امر حق کے اظہار میں جری تھے اپنی اس حق پسندی اور صاف گوئی کی بدولت آپکو دار و رسن کی سخت اذیتیں بھی برداشت کرنی پڑیں اور وہ اسطرح کہ عباسی خلیفہ منصور نے انکے لئے قضا کا عہدہ تجویز کیا جسے امام نے اپنی ذاتی مصالح اور اسوقت کے ملکی اور سیاسی حالات کی بناء پر قبول نہیں کیا۔ امام چونکہ منصور کی خلافت سے خوش نہیں تھے اور اسکے مقابلہ میں خاندان سادات کی خلافت کے حامی و مددگار تھے۔ اسلئے منصور نے اپنا انتقام لینے کیلئے عہدۂ قضا سے آپکے اس انکار کو بہانہ بنایا اور امام موصوف کو قید و بند کی عذابناک تکلیفوں میں مبتلا کر دیا۔ ہر چند کہ پورا عالم اسلامی حضرت امام اعظم کا گرویدہ اور انکے کمالات باطنی کا مداح تھا۔ خلیفہ کے اس نازیبا عمل سے تمام مملکت میں آتش غضب بھڑک اٹھی مگر قاہر قوتوں اور جبار حکمرانوں کے مقابلہ پر ہر کوئی آنے کی ہمت نہیں کرتا۔ مسلمانوں کی اس سرد مہری اور خوف و بزدلی کا یہ نتیجہ ہوا کہ تمام مسلمانوں کے جذبات و خواہشات کے خلاف امام ابوحنیفہ جیل میں بند رہے اور وہیں خلیفہ کی سازش سے آپ کو زہر سے ہلاک کیا گیا۔ امام اعظم جیسے نادرۂ روزگار بزرگ کو جیل کی آہنی سلاخوں اور اونچی اونچی دیواروں کی اوٹ میں سم قاتل سے اسطرح ہلاک کر دینا خلیفہ منصور کی شقاوت قلبی اور بدترین سیرت پر دلالت کرتا ہے افسوس ہے کہ جس جرم عظیم پر شاید اغیار بھی تیار نہ ہوتے اسے ایک مسلمان خلیفہ بیدھڑک کر گذرا تاریخ منصور کی اس ستم رانی پر شرم شرم کی آواز بلند کرتی ہے اور علم و عمل آسکی اس ظلم پسندی پر ماتم سرا ہیں۔

سر دست ہمیں اپنے اس مضمون میں حضرت امام ابوحنیفہ کے ایک ہدایت نامہ کی چند سطریں نقل کرنی ہیں، جو آپنے اپنے ایک لائق اور مشہور شاگرد حضرت امام ابو یوسف کو قلمبند فرما کر دیا تھا۔ لیکن ہم نے مناسب سمجھا کہ اسموقعہ پر خود حضرت امام ابوحنیفہ کے متعلق بھی چند حرف عرض کر دیں تاکہ پڑھنے والے امام موصوف کی قدر و منزلت سے آگاہ ہو سکیں۔

امام ابو یوسف جعفرا امام ابوحنیفہ کے ایک بہت عزیز اور محبوب شاگرد تھے۔ ان کی دینی بصیرت اور اعلیٰ قابلیت کی قدر کرتے ہوئے خلیفہ رشید نے اپنے زمانۂ خلافت میں انہیں صیغۂ قضا کی وزارت تفویض کی تھی

امام ابوحنیفہ نے اپنے اس سعادتمند شاگرد کو چند نصیحتیں قلمبند کر کے دی تھیں جو امام ابو یوسف کے تمام
کے تمام مہمات دینی و دنیوی میں انکی رہبر رہتی تھیں، ہم سمجھتے ہیں کہ آج بھی طلباء علماء ان سے بہت
کچھ فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ اسلئے ہم حضرت مولانا شبلی کی سیرۃ النعمان سے اسکے بعض ٹکڑے یہاں نقل
کرتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ نے اپنی اس تحریر میں پہلے سلطان وقت کے تعلقات کا ذکر کیا ہے چنانچہ شاگرد
کو خطاب فرماتے ہوئے کہتے ہیں کہ

بادشاہ کے پاس بہت کم آمد و رفت رکھنا۔ اس سے ہر وقت پر خطر رہنا جس طرح انسان آگ سے پر خطر
رہتا ہے۔ جبتک کوئی خاص ضرورت نہو دربار میں نہ جانا کہ اپنا اعزاز و وقار قائم رہے اگر اتفاق سے
دربار میں ایسے لوگ موجود ہوں جن سے تم کو واقفیت نہو تو اور بھی پرہیز کرنا کیونکہ جب ان کا رتبہ
معلوم نہیں تو ممکن ہے کہ مخاطبت اور گفتگو میں انسے جو برتاؤ کیا جائے وہ ان کی شان کے مناسب
نہو وہ اگر تم سے زیادہ بلند رتبہ رکھتے ہیں اور تم نے اس کا لحاظ نہیں کیا تو بے تمیزی سمجھی جائے گی
اور اگر معمولی آدمی ہیں اور تم نے ان کی زیادہ تعظیم و تکریم کی تو بادشاہ کی نظر میں تمہاری ذلت ہوگی
بادشاہ اگر تم کو عہدۂ قضا پر مقرر کرنا چاہے تو پہلے دریافت کر لینا کہ وہ تمہارے طریق اجتہاد سے موافق
ہے کہ نہیں۔ ایسا نہو کہ سلطنت کے دباؤ سے تمہیں اپنی رائے کیخلاف عمل کرنا پڑے۔ جس عہدہ اور
منصب کی تم میں قابلیت نہو اسکو ہرگز قبول نہ کرنا۔

حضرت امام ابوحنیفہ نے اگرچہ اس ہدایت نامہ میں بادشاہ کی حسرت و توقیر کی بہت تاکید کی
ہے لیکن اظہار حق کے موقعہ پر کامل آزادی اور آزادروی سے کام لینے کی تلقین فرمائی ہے۔ چنانچہ اخیر میں
کہتے ہیں کہ اگر کوئی شخص شریعت میں کسی بدعت کا موجد ہو تو علانیہ اسکی غلطی کا اظہار کرنا کہ اور لوگوں کو
اسکی تقلید کی جرأت نہو اس بات کی کچھ پروا نہ کرنا کہ وہ شخص جاہ و حکومت رکھتا ہے کیونکہ اظہار حق میں
خدا تمہارا مددگار ہوگا وہ اپنے دین کا خود محافظ و حامی ہے۔ اور اگر بادشاہ سے کوئی نامناسب حرکت صادر
ہو تو صاف کہدینا گو میں عہدہ و خدمت کے لحاظ سے آپکا مطیع ہوں تاہم آپکو آپکی غلطی پر مطلع کر دینا
میرا فرض ہے پھر بھی نہ سمجھے تو تنہائی میں اسے سمجھانا کہ تمہارا یہ فعل قرآن مجید اور احادیث نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

کے خلاف ہی۔ اگر سمجھ گیا تو خیر ورنہ خدا سے دعا کرنا کہ اسکے شر سے تم کو محفوظ رکھے۔

زندگی کے معمولی کاروبار کے متعلق بھی امام ابو یوسف کو نہایت عمدہ ہدایتیں کی ہیں۔ لکھتے ہیں کہ تحصیل علم کو سب امور پر مقدم رکھنا اس سے فراغت ملے تو جائز ذرائع سے دولت حاصل کرنا کہ ایک وقت میں علم اور دولت دونوں کی تحصیل ممکن نہیں پھر نیک کام کر لینا لیکن اسوقت جب یہ یقین ہو جائے کہ تم اہل وعیال کی تمام ذمہ داریاں اٹھا سکوگے۔ ایسی عورت سے شادی نہ کرنا جو دوسرے شوہر سے اولاد رکھتی ہو۔ عام آدمیوں اور خصوصاً دولتمندوں سے میل وجول کم رکھنا۔ ورنہ ان کو گمان ہوگا کہ تم ان سے توقع رکھتے ہو اور اس خیال سے وہ رشوت دینے پر آمادہ ہونگے۔ بازار میں جانے۔ دکانوں پر بیٹھنے یا مسجد میں کوئی چیز یا سقایات اور سقاؤں کے ہاتھ سے پانی پی لینے میں نہایت احتراز رہے۔ تم سے کوئی شخص مسئلہ پوچھے تو صرف سوال کا جواب دو۔ اپنی طرف سے کچھ نہ بڑھاؤ۔ عقائد کیمتعلق عوام سے گفتگو نہ کرنی چاہئے۔ شاگردوں کے ساتھ ایسے خلوص اور محبت سے پیش آؤ کہ کوئی غیر دیکھے تو سمجھے کہ تمہاری اولاد ہے اور معمولی درجہ کے لوگ تم سے مناظرہ کریں تو احتراز کرو، کسی شہر میں جانا ہو تو وہاں کے علماء اور فضلاء سے اسطرح ملو کہ ان کو رقابت کا خیال نہو۔ علمی تذکرہ آئے تو جو بات کہو خوب سوچ سمجھکر کہو اور وہی کہو جس کا کافی ثبوت دے سکتے ہو مناظرہ کیوقت جرأت اور استقلال سے کام لو۔ ورنہ دل میں ذرا بھی خوف ہوگا تو خیالات مجتمع نہ ہوسکیں گے اور زبان میں لغزش ہوگی جو لوگ آداب مناظرہ سے واقف نہیں یا مکابرہ کرنا چاہتے ہیں۔ ان سے ہرگز گفتگو نہیں کرنی چاہئے۔ مناظرہ کیوقت غصہ کرنا چاہئے اور عام حالات میں زیادہ نہ ہنسنا چاہئے زیادہ ہنسی سے دل افسردہ ہوجاتا ہے۔ جو کام کرو اطمینان اور وقار کے ساتھ کرو۔ کوئی شخص جبتک سامنے سے نہ پکارے کبھی جواب نہ دو، کیونکہ پیچھے سے پکارنا صرف جانوروں کیلئے مخصوص ہے، رستہ میں چلو تو دائیں بائیں نہ دیکھو۔ حمام میں جاؤ تو عام آدمیوں کی نسبت زیادہ اجرت دو۔ صبح اور دوپہر کے وقت حمام میں نہ جاؤ۔ گفتگو میں سختی نہ ہو اور آواز بلند نہ ہونے پائے۔ کوئی چیز خریدنی ہو تو خود بازار میں نہ جاؤ بلکہ نوکر کو بھیجکر منگوالو، خانگی کاروبار دیانتدار نوکروں کے ہاتھ میں چھوڑ دینا چاہئے کہ تمہیں اپنے مشاغل اور علمی مصروفیات کیلئے کافی وقت اور فرصت ہاتھ آئے، بادشاہ

کے قریب سکونت اختیار نہ کرو۔ ہر چیز سے بے نیازی اور بے پروائی ظاہر ہو اور فقر کی حالت میں وہی استغناء قائم رہے۔ عام آدمیوں میں بیٹھ کر وعظ نہ کہو کہ ایسے موقعہ پر واعظ اکثر جھوٹ بولنے پر مجبور ہوتا ہے۔ شاگردمیں کسی کو فقہ کے درس کی اجازت دو تو خود بھی اسکے درس میں شریک ہو کہ اسکے متعلق صحیح رائے قائم کرسکو وہ اگر کبھی غلطی کرجائے تو بتادو۔ تمہارے چپ رہنے سے لوگوں کو گمان ہوگا۔ کہ اسنے جو کچھ کہا وہ صحیح کہا فقہ کے سوا اور علوم کی مجلس ہو تو خود نہ جاؤ بلکہ اپنے معتمد دوستوں اور شاگردوں کو بھیجدو کہ وہ آکر تم سے پورے حالات بیان کردیں ہر بات میں تقویٰ اور امانت کو پیش نظر رکھو اور خدا کے ساتھ دل سے وہی معاملہ کرو۔ جو لوگوں کے سامنے ظاہر کرتے ہو، جبوقت اذان کی آواز آئے تو نماز کیلیئے تیار ہو جاؤ۔ ہر مہینہ میں دو چار دن روزہ کیلیئے مقرر کرلو۔ نماز کے بعد ہر روز کسی قدر وظیفہ پڑھا کرو، قرآن کی تلاوت قضا نہونے پائے، دنیا پر بہت نہ مائل ہو۔ اکثر قبرستان میں نکل جایا کرو۔ لہو ولعب سے پرہیز کرو، اپنے ہمسائے کی کوئی برائی دیکھو تو پردہ پوشی کرو۔ اہل بدعت سے بچو۔ نماز میں جبتک لوگ تم کو امام نہ بنائیں خود امام نہ بنو، جو لوگ تم سے ملنے آئیں انکے سامنے علمی تذکرہ نہ کرو وہ اگر اہل علم ہونگے تو فائدہ اٹھائیں گے ورنہ کم ازکم ان کو تم سے محبت پیدا ہوگی۔

امام اعظم کا یہ ہدایت نامہ دراصل ایک سلک گوہریں ہے جسمیں موصوف نے قیمتی ہدایتوں اور نصیحتوں کے درہائے شہوار پرو دیئے ہیں۔ کاش اہل علم حضرات کو ان پر عمل کی توفیق ہو اور اس قسم کی محتاط۔ باوقار اور شاندار زندگی اختیار فرماکر علم کی قدر ومنزلت میں اضافہ فرمائیں۔

بِدَمٍ كَذِبٍ ۚ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ

بِ	دَمٍ	كَذِبٍ	قَالَ	بَلْ	سَوَّلَتْ	لَ	كُمْ
ساتھ	خون	جھوٹے کے	کہا	بلکہ	بنائی ہے	واسطے	تمہارے

جھوٹ موٹ کا لہو بھی لگا لائے (یعقوبؑ نے) کہا بلکہ تمہارے دلوں نے

أَنْفُسُكُمْ أَمْرًا ۖ فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ وَاللَّهُ

اَنْفُسُ	كُمْ	اَمْرًا	فَ	صَبْرٌ	جَمِيلٌ	وَ	اَللّٰهُ
دلوں نے	تمہارے	ایک بات	سو	صبر	عمدہ	اور	اللہ

تمہارے لئے ایک بات بنا دی ہے سو اچھا صبر (ہی اچھا) اور جو کچھ تم بتاتے ہو

الْمُسْتَعَانُ عَلَىٰ مَا تَصِفُونَ ۱۸ وَجَاءَتْ

اَلْ مُسْتَعَانُ	عَلٰى مَا	تَصِفُوْنَ	۱۸	وَ	جَاءَتْ	سَيَّارَةٌ
ہی مدد مانگا جاتا ہے	اس پر جو	تم بیان کرتے ہو	۱۸	اور	آیا	ایک قافلہ

اس پر اللہ ہی ہے جس سے مدد مانگی جاتی ہے - (۱۸) - اور ایک قافلہ (ادھر) آنکلا

سَيَّارَةٌ فَأَرْسَلُوا وَارِدَهُمْ فَأَدْلَىٰ دَلْوَهُ ۖ

فَ	اَرْسَلُوْا	وَارِدَ	هُمْ	فَ	اَدْلٰى	دَلْوَ	هٗ
پھر	انھوں نے بھیجا	پانی لانیوالا	اپنا	سو	اُسنے لٹکایا	ڈول	اپنا

اور انھوں نے اپنا سقا (اس کنوئیں پر پانی لانیکو) بھیجا اور اسنے اپنا ڈول ڈالا (اور ڈول میں

قَالَ يَا بُشْرَىٰ هَٰذَا غُلَامٌ ۚ وَأَسَرُّوهُ

قَالَ	يَا	بُشْرٰى	هٰذَا	غُلَامٌ	وَ	اَسَرُّوْ	هُ
کہا	اے	مژدہ!	یہ	لڑکا ہے	اور	انھوں نے چھپا لیا	اسکو

یوسف کو دیکھکر) کہا: اہاہا! یہ (تو کوئی) لڑکا (نکل آیا) اور انھوں نے اسکو ایک پونجی

بِضَاعَةً ۚ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ۱۹

بِضَاعَةً	وَ	اَللّٰهُ	عَلِيْمٌ	بِ	مَا	يَعْمَلُوْنَ	۱۹
مال تجارت سمجھ کر	اور	اللہ	خوب جانتا ہے		جو کچھ	وہ کرتے ہیں	۱۹

سمجھ کر چھپا لیا اور جو کچھ وہ کرتے تھے اللہ کو خوب معلوم ہے - (۱۹) -

وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ

وَ	شَرَوْ	هُ	بِ	ثَمَنٍ	بَخْسٍ	دَرَاهِمَ	مَعْدُوْدَةٍ
اور	انھوں نے بیچا	اسکو	پر	مول	کھوٹا	پادھلیاں	گنی ہوئی

اور اُسے ایک کھوٹیا قیمت پر کچھ گنتی کے درہموں کو بیچ ڈالا،

وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ۲۰ وَ

وَ	كَانُوْا	فِیْ هِ	مِنْ	اَلْ	زَاهِدِیْنَ	۲۰	وَ
اور	وہ تھے	اسمیں			بے رغبت	۲۰	اور

اور وہ (اسلئے کہ مفت کا مال تھا) اس سے بے رغبت تھے۔ (۲۰)۔ اور

ع ۲ ۱۱

قَالَ الَّذِی اشْتَرٰهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖ

قَالَ	اَلَّذِیْ	اِشْتَرٰی	هُ	مِنْ	مِصْرَ	لِ	اِمْرَاَةِ
کہا	جس نے	خریدا	اسکو		مصر سے	کو	عورت

جس شخص نے اس کو مصر سے مول لیا تھا، اس نے اپنی بیوی سے

اَکْرِمِیْ مَثْوٰهُ عَسٰٓی اَنْ یَّنْفَعَنَآ

هٖ	اَکْرِمِیْ	مَثْوٰی	هُ	عَسٰی	اَنْ	یَنْفَعَ	نَا
اپنی	باحرمت رکھ	جگہ	اسکی	شاید	کہ	وہ نفع دے	ہمکو

کہا: اس کو اچھی طرح رکھنا، اغلب ہے کہ ہمکو نفع پہنچائے

اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ط کَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِیُوْسُفَ

اَوْ	نَتَّخِذَ	هُ	وَلَدًا ط	کَذٰلِكَ	مَکَّنَّا	لِ	یُوْسُفَ
یا	ہم بنالیں	اسکو	بیٹا ط	اسی طرح	ہمنے اقتدار بخشا		یوسف کو

یا ہم اسکو بیٹا (ہی) بنالیں ط اسی طرح ہم نے یوسف کو

فِی الْاَرْضِ وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ

فِیْ	اَلْ	اَرْضِ	وَ	لِ	نُعَلِّمَ	هُ	مِنْ
		ملک میں	اور	اسلئے کہ	ہم سکھائیں	اسکو	کچھ

اس سرزمین میں جما دیا اور اسلئے کہ ہم اس کو باتوں کے

تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ؕ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى

تَاْوِيْلِ	اَل	اَحَادِيْث	وَ	اَللّٰهُ	غَالِبٌ	عَلٰى	اَمْر
تعبیر دینا		خوابوں کی	اور	اللہ	غالب ہے		کام پر

کچھ پھل بتانے سکھا دیں اور اللہ اپنے کام پر جیت رکھتا ہے

اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۲۱

هٖ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ	اَل	نَاس	لَا يَعْلَمُوْنَ	۲۱
اپنے	لیکن	اکثر		لوگ	نہیں جانتے	۲۱

لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ (۲۱)۔

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا

وَ	لَمَّا	بَلَغَ	اَشُدَّ	هٗ	اٰتَيْنَا	هُ	حُكْمًا
اور	جب	وہ پہنچا	قوت کو مضبوطی	اپنی	ہم نے دیا	اسکو	حکم

اور جب وہ اپنی جوانی کو پہنچا ہم نے اس کو حکمت و

وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ۲۲

وَ	عِلْمًا ط	وَ	كَذٰلِكَ	نَجْزِىْ	اَل مُحْسِنِيْنَ	۲۲
اور	علم دا	اور	ایسے ہی	ہم بدلا دیتے ہیں	احسان والوں کو	۲۲

دانش عطا کی اور اسی طرح ہم احسان والوں کو جزا دیتے ہیں۔(۲۲)

وَرَاوَدَتْهُ الَّتِىْ هُوَ فِىْ بَيْتِهَا

وَ	رَاوَدَتْ	هُ	اَلَّتِىْ	هُوَ	فِىْ	بَيْت	هَا
اور	پھسلایا	اسکو	اس عورت نے کہ	وہ (تھا)		گھر میں	اس کے

اور جس عورت کے گھر میں وہ رہتا تھا اس نے چاہا کہ وہ بے قابو

عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَ

عَنْ سے	نَفْس	هٖ	وَ	غَلَّقَتْ	اَل	اَبْوَابَ	وَ
	ذات سے	اسکی	اور	بند کرلئے		دروازے	اور

ہو کر اس کی خواہش پوری کرے اور اس نے سب دروازے بند کرلئے اور

قَالَتْ هَيْتَ لَكَ ط قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ

قَالَتْ	هَيْتَ	لَ	كَ ط	قَالَ	مَعَاذَ	اللّٰهِ	اِنَّ
کہا	لو	آ جا	ؤ ط	کہا	پناہ	خدا کی	

اور کہا لو آ جاؤ ط (یوسف نے) کہا : معاذ اللہ، وہ تو

رَبِّیْٓ اَحْسَنَ مَثْوَایَ ط اِنَّهٗ

ہٗ	رَبّ	ی	اَحْسَنَ	مَثْوَا	یَ ط	اِنَّ	ہٗ
وہ	مالک ہے	میرا	اسنے اچھا کیا	بسیرا	میرا ط	تحقیق ہے	یہ کہ

میرا آقا ہے، اسنے مجھ کو اچھی طرح رکھا ہے ط حق یہ ہے کہ نمک حرام

لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۲۳ وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ

لَا	یُفْلِحُ	الظّٰلِمُوْنَ	۲۳	وَ لَ	قَدْ هَمَّتْ	بِ ہٖ
نہیں	کامیاب ہوتے	ستمگار	۲۳	اور البتہ	وہ قصد کر چکی تھی	اسکا

پنپ نہیں سکتے۔ (۲۳) - اور وہ تو اس کا قصد کر ہی چکی تھی

وَهَمَّ بِهَا ج لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ

وَ	هَمَّ	بِ	هَا ج	لَوْ	لَا	اَنْ	رَّ اٰ
اور	اُسنے قصد کرلیا تھا	اسکو (ہٹانے) کا		اگر	نہ ہوتا	کہ	دیکھی اُسنے

اور یوسف بھی اس کو آزار پہنچانے کا قصد کر لیتا ط اگر اُسنے اپنے

بُرْهَانَ رَبِّهٖ ط كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ

بُرْهَانَ	رَبِّ	ہٖ ط	كَذٰلِكَ	لِ	نَصْرِفَ	عَنْ ہُ	اَلسُّوْٓءَ
قدرت	رب کی	اپنے ط	ایسا ہی ہوا	تاکہ	ہم پھیر دیں	اس سے	برائی

رب کی قدرت نہ دیکھ لی ہوتی ط ایسا ہی ہوتا کہ ہم اس سے برائی اور

وَالْفَحْشَآءَ ط اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِیْنَ

وَ	اَلْفَحْشَآءَ ط	اِنَّهٗ	مِنْ عِبَادِ نَا	اَلْ مُخْلَصِیْنَ	۲۴
اور	بے حیائی	بیشک	بندوں میں سے ہے ہمارے	برگزیدہ	۲۴

بے حیائی کو دور رکھیں ط یقیناً وہ ہمارے ان بندوں میں سے ہے جو چن لئے جاتے ہیں (۲۴)

وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ

وَ	اِسْتَبَقَا	اَلْ بَابَ	وَ	قَدَّتْ	قَمِيْصَ	هٗ	مِنْ سے
اور	دونو دوڑے	دروازے کو	اور چیر ڈالا عورت نے		کرتہ	اس کا	

اور وہ دونو (آگے پیچھے) دروازے کو دوڑے اور عورت نے اس کا کرتہ پیچھے سے

دُبُرٍ وَّ اَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ؕ

دُبُرٍ	وَ	اَلْفَيَا	سَيِّدَ	هَا	لَدَا	اَلْ	بَابِ ؕ
پیچھے سے	اور	دونو آملے	خاوند سے	اس	پاس	دروازے کے ؕ	

چیر ڈالا، اور عورت کے شوہر کو دروازے کے پاس پایا ؕ

قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا

قَالَتْ	مَا	جَزَآءُ	مَنْ	اَرَادَ	بِ اَهْلِ	كَ	سُوْٓءًا
عورت نے کہا	کیا	سزا ہے	اسکی جو	چاہے	جورو سے	تیری	برائی

عورت بولی: جو شخص تیری گھروالی سے برا ارادہ کرے اس کی

اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۲۵ قَالَ

اِلَّآ	اَنْ	يُّسْجَنَ	اَوْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	۲۵	قَالَ
سوا	اسکے کہ	قید کیا جائے	یا	عذاب	دردناک	۲۵	کہا

یہی سزا ہونی چاہیئے کہ یا تو قید کر دیا جائے یا کوئی دردناک عذاب پائے (۲۵) یوسف نے کہا

هِيَ رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ وَشَهِدَ

هِيَ	رَاوَدَتْ	نِيْ	عَنْ	نَفْسِ	يْ	وَ	شَهِدَ
اسی نے	پھسلایا	مجھ کو کہ	لے قابو کرلے	دل	میرا	اور	گواہی دی

یہی مجھ کو ورغلاتی تھی، اور عورت کے گھر کے لوگوں

شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ

شَاهِدٌ	مِنْ	اَهْلِ	هَا	اِنْ كَانَ	قَمِيْصُ	هٗ	قُدَّ
ایک گواہ نے	گھر کے لوگوں میں سے		عورت کے	اگر ہو	کرتا	اس کا	پھٹا ہوا

میں سے ایک گواہی دینے والے نے گواہی دی کہ اگر اس کا کرتہ سامنے سے

مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ

مِنْ	قُبُلٍ	فَ	صَدَقَتْ	وَ	هُوَ	مِنَ	الْ
آگے سے		تو	سچ کہا عورت نے	اور	وہ ہے		

پھٹا ہوا ہو تو عورت سچی اور وہ جھوٹا ہے

الْكٰذِبِيْنَ ۲۶ وَاِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ

كَاذِبِيْنَ	۲۶	وَ	اِنْ	كَانَ	قَمِيْصُ	هٗ	قُدَّ
جھوٹوں میں سے	۲۶	اور	اگر	ہو	کرتا	اسکا	پھٹا ہوا

(۲۶) - اور اگر اس کا کرتہ پیچھے سے پھٹا ہوا

مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ

مِنْ	دُبُرٍ	فَ	كَذَبَتْ	وَ	هُوَ	مِنَ	الْ
پیچھے سے		تو	عورت نے جھوٹ کہا	اور	وہ ہے		

ہو تو عورت جھوٹی اور یوسف سچا

الصّٰدِقِيْنَ ۲۷ فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ

صَادِقِيْنَ	۲۷	فَ	لَمَّا	رَاٰ	قَمِيْصَ	هٗ	قُدَّ
سچوں میں سے	۲۷	پھر	جب	اُسنے دیکھا	کرتہ	اس کا	پھٹا ہوا

ہے - (۲۷) - پھر جب اس نے دیکھا کہ اس کا کرتہ پیچھے سے

مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ ط اِنَّ

مِنْ دُبُرٍ	قَالَ	اِنَّ	هٗ	مِنْ	كَيْدِ	كُنَّ ط	اِنَّ
پیچھے سے	کہا		یہ		چرتر ہے	تمہارا ط	بیشک

پھٹا ہوا ہے تو کہا : یہ تمہارا ہی چرتر ہے ، بے شک

كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ۲۸ يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا

كَيْدَ	كُنَّ	عَظِيْمٌ	۲۸	يُوْسُفُ	اَعْرِضْ	عَنْ	هٰذَا
چرتر	تمہارا	بہت بڑا ہوتا ہے	۲۸	یوسف	جانے دو	اس	بات کو

تمہارا چرتر بہت بڑا ہوتا ہے - (۲۸) - یوسف تو اس بات کو جانے دے

وَاسْتَغْفِرِیْ لِذَنْۢبِكِ ۖۚ اِنَّكِ كُنْتِ

وَ اِسْتَغْفِرِیْ	لِ	ذَنْبِ	كِ	اِنَّ	كِ	كُنْتِ
اور (اے عورت) تو معافی مانگ لے		قصور کی	اپنے	بیشک	تو	ہے

اور (زلیخا!) تو اپنے قصور کی معافی مانگ لے ؔ درحقیقت تو ہی

مِنَ الْخٰطِـِٕیْنَ ۲۹ ع وَقَالَ نِسْوَةٌ فِی

مِنْ	اَلْ	خَاطِئِیْنَ	۲۹	وَ	قَالَ	نِسْوَةٌ	فِیْ
میں سے		خطاکاروں	۲۹	اور	کہا	کچھ عورتوں نے	میں

قصوروار ہے۔ (۲۹) - اور کچھ عورتوں نے شہر میں

الْمَدِیْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا

اَلْ	مَدِیْنَةِ	اِمْرَاَةُ	اَلْ	عَزِیْزِ	تُرَاوِدُ	فَتٰی	هَا
	شہر	عورت		عزیز کی	پھسلانا چاہتی ہے	غلام کو	اپنے

چرچا کیا کہ عزیز کی عورت اپنے غلام کو پھسلا کر اسکا دل

عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ؕ اِنَّا

عَنْ نَفْسِ هٖ	قَدْ شَغَفَ	هَا	حُبًّا ط	اِنَّا	لَ
اسکے دل سے	دل میں گھر کر گئی ہے	اسکے	اسکی محبت	ہم	

لینا چاہتی ہے ؔ اسکی محبت اسکے دل میں بس گئی ہے ط ہم تو دیکھتے ہیں

لَنَرٰىهَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ۳۰ فَلَمَّا

نَرٰی	هَا	فِیْ	ضَلَالٍ	مُبِیْنٍ	۳۰	فَ	لَمَّا
دیکھتے ہیں	اسکو	میں	غلطی	صریح	۳۰	پھر	جب

کہ وہ صاف غلطی میں (پڑی ہوئی) ہے۔ (۳۰) - پھر جب اُسنے

سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَیْهِنَّ وَ

سَمِعَتْ	بِ	مَكْرِ	هِنَّ	اَرْسَلَتْ	اِلٰی	هِنَّ	وَ
سنا اُسنے		مکر	ان کا	آدمی بھیجا	طرف	ان کی	اور

ان کی مکاری سنی تو ان کو بلا بھیجا اور

أَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَأً وَّآتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ

أَعْتَدَتْ	لَ ئے	هُنَّ	مُتَّكَأً	وَ	آتَتْ	كُلَّ	وَاحِدَةٍ
طیار کی		انکے لئے	ایک محفل	اور	دی	ہر	ایک کو

ان کے لیے مسند طیار کی اور ان میں سے ہر ایک کے ہاتھ میں ایک ایک

مِّنْهُنَّ سِكِّينًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ فَلَمَّا

مِنْ هُنَّ	سِكِّينًا	وَ	قَالَتِ	اُخْرُجْ	عَلَى هِنَّ	فَ	لَمَّا
ان میں سے	ایک چھری	اور	بولی	نکل آ	انکے سامنے	پھر	جب

چھری دے دی، اور (یوسف کو کہا) کہ انکے سامنے نکل آ، پھر جب (وہ نکلا اور)

رَأَيْنَهُ أَكْبَرْنَهُ وَقَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ

رَأَيْنَ	هُ	أَكْبَرْنَ	هُ	وَ	قَطَّعْنَ	أَيْدِي	هُنَّ
ان عورتوں نے دیکھا	اسکو	مان گئیں بڑائی	اسکی	اور	کاٹ لئے	ہاتھ	اپنے

عورتوں نے اسکو دیکھا، اسکی بڑائی کو مان گئیں اور اپنے ہاتھ کاٹ لئے

وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ط إِنْ

وَ	قُلْنَ	حَاشَ	لِلّٰهِ	مَا	هٰذَا	بَشَرًا ط	إِنْ
اور	بول اٹھیں	سبحان	اللہ !	نہیں ہے	یہ	انسان ط	نہیں

اور کہہ اٹھیں: یہ تو انسان نہیں ہے ط ہو نہ ہو یہ کوئی

هٰذَا إِلَّا مَلَكٌ كَرِيمٌ ۳۱ قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ

هٰذَا	إِلَّا	مَلَكٌ	كَرِيمٌ	۳۱	قَالَتْ	فَ	ذٰلِكُنَّ
یہ	مگر	فرشتہ	معزز	۳۱	کہا	سو	یہ ہے

معزز فرشتہ ہے۔ (۳۱)۔ تب اس نے کہا: یہی

الَّذِي لُمْتُنَّنِي فِيهِ ط وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهُ

الَّذِي	لُمْتُنَّ	نِي	فِيهِ ط	وَ	لَ قَدْ	رَاوَدْتُ	هُ
وہ کہ	تمنے ملامت کی	مجھ کو	اسکے بارے میں	اور	ہاں ہے	بہلایا میں نے	اسکو

تو ہے جسکے بارے میں تم مجھ کو ملامت کرتی تھیں۔ ہاں ہاں میں نے ہی اسکے دل کو

استاد کی امداد کے بغیر

عربی سکھا دینے والی کتابیں

کتاب	قیمت	کتاب	قیمت
معلم العربیہ	عہ	خزینۃ العلوم حصہ اول مجلد	۴عہ
مدرس العربیہ	۸عہ	لغات القرآن	۱۰/
عربی ٹیچر	عہ	لغات القرآن عزیزی	۴عہ
عربی کا معلم جدید حصہ اول	۱۴/	مصباح القرآن "	۸عہ
" " " " دوم	۱۴/	عربی بول چال حصہ اول	۱۴/
کلید " " اول	۵/	" " " " " دوم	۱۴/
" " " دوم	۵/		
کلام عربی حصہ اول	۱۰/	کتاب الصرف	۱۴/
" " حصہ دوم	۱۰/	کتاب النحو	۱۰/
ترجمان القرآن جلد اول، دوم،		قوانین عربی	۱۲/
سوم، چہارم، پنجم، ششم۔ ہدیہ فی جلد	عہ	اردو عربی ترجمہ	۸عہ
جلد ۲۹ و ۳۰ "	عہ	الصحیفۃ الاولیٰ	
ہدایت العربیہ	ھا	" الثانیہ	چہار حصے
اساس عربی	ھد	" الثالثہ	
اللغات والامثال	عا	" الرابعہ	۸عہ
		الدروس العربیہ حصہ اول	[illegible]

ملنے کا پتہ:- مکتبہ جامعہ مدرسۃ البنات جالندھر شہر

مفید کتابیں

کتاب	قیمت
نقشِ وفا: از حضرت نواب صدر یار جنگ بہادر	
وعلیا بیگم　　"　　"	۶/
محمدؐ اور عورت ذات	۳/
اظہارِ حق: تفسیر سورۃ والتین	۶/
ہمارے اعمال اور انکی قدر و قیمت	۲/
الناموس المفصل: تفسیر سورہ مزمل	۴/
نور الحق: تفسیر سورۂ علق مع ضمیمہ	۳/
احسن الاصول: اہل حدیث اور اہل قرآن کے مناظرہ پر محاکمہ	۶/
سمجھ اچھی کہ بے سمجھی:	۱/
ارشادات القرآن	۸/
تندرستی ہزار نعمت: صحت کے مجرب اصول	۵/
الاحسان: تصوف کا بیان	۸/
لالہ صحرا نظم: از پروفیسر منیر ایم اے	۴/
جبریل و ابلیس　　"　　"	۴/
اتاترک	۶/
شانِ اردو: قابل ملاحظہ	۶/

کتاب	قیمت
ثمار بلادِ اسلامیہ میں	۲/
سترِ دلبراں: قابل دید	۳/
مقتولِ بے حجابی	۱/
قواعدِ عربی حصہ اول علم صرف	۱۲/
عروسِ غربت: ایم۔ ایم۔ اسلم	۴/
بقائے دوام:　　"	عہ
انتقام:　　"	۳/
پیمانِ وفا　　"	
خطِ تقدیر　　"	۶/
غزال　　"	۱۰/
ساربان　　"	۴/
چار سہیلیاں　　"	عہ
بڑی بی:　　"	۱۲/
نورِ ہدایت	۴/
دریائے وحدت: قرآن شریف کی آیات اور گرنتھ کے شبدوں کی یکرنگی	۱۴/
الفوز الکبیر مع فتح الخبیر فارسی	۸/

ملنے کا پتہ: مینیجر کتبخانہ انجمن اشاعت اسلام دار القرآن جالندھر شہر

رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۵۵۵

پیام آرام

جالندھر شہر

تعلیمی صحیفہ

مارچ سنہ ۱۹۳۶ء

مُدیر : محمد احمد خاں فاکر

قواعد

۱۔ رسالہ ہر انگریزی مہینے کے پہلے ہفتے میں شائع ہوتا ہے۔

۲۔ رسالہ نہ پہنچنے کی اطلاع اسی مہینے کی بیسویں تاریخ تک دفتر میں پہنچ جانی چاہیے، ورنہ رسالہ بشرطِ موجودگی قیمت پر ملیگا۔

۳۔ چندہ سالانہ ۳ے۔ فی پرچہ ۴ر

۴۔ اشتہارات کی اُجرت کا تصفیہ منیجر سے بذریعہ خط و کتابت کرنا چاہیے۔

جنرل برقی پریس ریلوے روڈ جالندھر شہر میں چھپ کر
باہتمام محمد احمد خاں ذاکر پرنٹر پبلشر "دار القرآن" سے شائع ہوا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیامِ اسلام

جالندھر شہر

جلد ۱۷ | مارچ ۱۹۴۶ء ربیع الاول ۱۳۶۵ھ | نمبر ۳

فی وصف اللغۃ

قَالَ مُحَمَّدُ ابْنُ یَعْقُوْبَ فِی الْقَامُوْسِ اِنَّ عِلْمَ اللُّغَۃِ هُوَ الْکَافِلُ بِاِبْرَازِ اَسْرَارِ الْجَمِیْعِ الْحَافِلِ بِمَا یَتَضَلَّعُ مِنْهُ الْقَاحِلُ وَ الْکَاهِلُ وَ الْیَافِعُ وَ الرَّضِیْعُ وَ اِنَّ بَیَانَ الشَّرِیْعَۃِ لَمَّا کَانَ مَصْدَرُهٗ عَنْ لِسَانِ الْعَرَبِ وَکَانَ الْعَمَلُ بِمُوْجَبِہٖ لَا یَصِحُّ اِلَّا بِاِحْکَامِ الْعِلْمِ بِمُقَدَّمَتِہٖ وَجَبَ عَلٰی رُوَّامِ الْعِلْمِ وَ طُلَّابِ الْاَثَرِ اَنْ یَجْعَلُوْا عُظْمَ اجْتِهَادِهِمْ وَاعْتِمَادِهِمْ وَ اَنْ یَصْرِفُوْا جُلَّ عِنَایَتِهِمْ فِیْ اِرْتِیَادِهِمْ اِلٰی عِلْمِ اللُّغَۃِ وَالْمَعْرِفَۃِ لِوُجُوْهِهَا وَ الْوُقُوْفِ عَلٰی مُثُلِهَا وَ رُسُوْمِهَا

وَ قَدْ عُنِیَ بِهِ مِنَ الْخَلَفِ وَ السَّلَفِ فِیْ کُلِّ عَصْرٍ
عِصَابَةٌ هُمْ اَهْلُ الْاِصَابَةِ اَحْرَزُوْا دَقَائِقَهُ
وَ اَبْرَزُوْا حَقَائِقَهُ وَ عَمَرُوْا دِمَنَهُ وَ فَرَعُوْا قُنَنَهُ
وَ تَنَصَّوْا شَوَارِدَهُ وَ نَظَمُوْا قَلَائِدَهُ وَادْهَقُوْا
مَخَاذِمَ الْبَرَاعَةِ وَ اَرْعَقُوْا مَخَاطِمَ الْیَرَاعَةِ فَاَلَّفُوْا
وَ اَفَادُوْا وَ صَنَّفُوْا وَ اَجَادُوْا وَ بَلَغُوْا مِنَ
الْمَقَاصِدِ قَاصِیَتَهَا وَ مَلَکُوْا مِنَ الْمَحَاسِنِ نَاصِیَتَهَا
جَزَاهُمُ اللّٰهُ رِضْوَانَهُ وَ اَحَلَّهُمْ مِنْ رِیَاضِ الْقُدُسِ
جِنَانَهُ قَالَ وَ هٰذِهِ اللُّغَةُ الشَّرِیْفَةُ الَّتِیْ لَمْ تَزَلْ
تَرْتَفِعُ الْعَقِیْرَةُ غَرِیْدَةً بِاَنِهَا وَ تَصُوْغُ ذَاتُ طَوْقِهَا
بِقَدْرِ الْقُدْرَةِ فُنُوْنَ اَلْحَانِهَا وَ اِنْ دَارَتِ الدَّوَائِرُ
عَلٰی ذَوِیْهَا وَ اَخْنَتْ عَلٰی نَضَارَةِ رِیَاضِ عَیْشِهِمْ
تَنْوِیْهًا حَتّٰی لَا لَهَا الْیَوْمَ دَارِسٌ سِوَی الطَّلَلِ فِی
الْمَدَارِسِ وَ لَا مُجَاوِبَ اِلَّا الصَّدٰی مَا بَیْنَ اَعْلَامِهَا
الدَّوَارِسِ وَ لٰکِنْ لَمْ یَتَصَوَّحْ فِیْ عَصْفِ تِلْکَ الْبَوَارِحِ
نَبْتُ تِلْکَ الْاَبَاطِحِ اَصْلًا وَ رَاسًا وَ لَمْ تَسْتَلِبِ الْاَعْوَادُ
الْمُوْرِقَةُ عَنْ اٰخِرِهَا وَ اِنْ اَذْوَتِ اللَّیَالِیْ غِرَاسًا
وَ لَا تَتَسَاقَطُ عَنْ عَذَبَاتِ اَفْنَانِ الْاَلْسِنَةِ ثِمَارُ
اللِّسَانِ الْعَرَبِیِّ مَا اتَّقَتْ مُصَادَمَتَهُ هُوْجُ الزَّعَازِعِ
بِمُنَاسَبَةِ الْکِتَابِ وَ دَوْلَةِ النَّبِیِّ، وَ لَا یَنْشَئُنَا هٰذِهِ
اللُّغَةَ الشَّرِیْفَةَ اِلَّا مَنِ اهْتَاتَ بِهِ رِیْحُ

الشّقاءِ وَ لا یختار علیھا الّا مَن اعتاض
الساقیۃ مِنَ الشجواءِ افادتھا میا مِن انفاس
المستجنّ بطیبۃ طیبا فشدت بھا ایکیۃ
النطق علیٰ فنن اللسان رطیبًا یتدا ولھا
القومُ مَا ثنت الشمالُ معاطف غصن۔
وَ مرت الجنوبُ لِقحۃ مُزن استنظلالًا
بدولۃ مَن رفع منارھا فاعلیٰ وَ دلّ علیٰ
الشَّجرۃِ الخُلد وَ مُلکٍ لا یبلیٰ وَ کیف
لا وَ الفصاحۃُ ارج بغیر ثنائہ لا
یعبقُ وَ السّعادہ صبٌّ سِوی تُرابِ
بابِہ لا یعشق ؎

اِذا تنفّس مِنْ نادیک ریحانُ
تارّجت مِنْ قمیصِ الصُّبحِ اردان

وَ مَا اجدر ھٰذا اللسانَ وَ ھُوَ
حبیبُ النفسِ وَ عشیقُ الطبع وَ سمیرُ
ضمیرِ الجمع وَ قد وقف علیٰ ثنیّۃ
الوداع وَ ھوّ قبلیٌ مُزنہ بالاقلاع
بِاَن یُعتنی ضمًّا وَ التزامًا کالاحبّۃ
لدی التّوادیع وَ یکرّمَ بنقلِ
الخُطواتِ علیٰ اثارِہٖ حالۃ التّشییع وَ
اِلیٰ الیومِ نَالَ القومُ بِہ المراتبَ

وَ الحُظُوظَ وَ جَعَلُوْا حَمَاطَةَ
جُلْجُلَانِہِمْ لَوْحَہُ الْمَحْفُوْظ ۔ وَ
فَاحَ مِنْ زُھَرِ تِلْكَ الخَمَائِلِ وَ اِنْ
اَخْطَأَہُ صَوْبُ الغُیُوْثِ الھَوَاطِلِ مَا
تَتَوَلَّعُ بِہِ الاَرْوَاحُ لَا الرِّیَاحُ.
وَ تُزْھٰی بِہِ الاَلْسُنُ لَا الاَغْصُنُ.
وَ یُطْلِعُ طَلْعَۃَ البَشَرِ لَا الشَّجَرِ
وَ یَجْلُوْہُ مَنْطِقُ السَّحَارِ لَا الاَسْحَارُ.
تُصَانُ عَنِ الْخَبْطِ اَوْرَاقٌ عَلَیْہِ
اشْتَمَلَتْ . وَ یَتَرَفَّعُ عَنِ السُّقُوْطِ
نَضِیْجُ ثَمَرٍ اَشْجَارُہُ احْتَمَلَتْ
مِنْ لُطْفِ بَلَاغَۃِ لِسَانِہِمْ مَا یَفْضَحُ
فُرُوْعُ الاٰسِ رَجَّلَ جَعْدَھَا مَاشِطَۃُ
الصَّبَا. وَ مِنْ حُسْنِ بَیَانِہِمْ مَا
اسْتَلَبَ الغصن رشاقتہ فَقَلِقَ
اضْطِرَابًا شَاءَ اَوْ اَبٰی . انتہٰی حاصلہ

ترجمہ :-

محمد بن یعقوب نے قاموس میں کہا : یقیناً عِلْمُ اللُّغۃ ہی انسانی سوسائٹی کے رازوں کو آشکار کرنے کا ذمہ دار اور اس تمام (سواد) سے بھرپور ہے جس سے بر و بحر اور جوان و بچہ سیراب ہوتے ہیں۔ چونکہ بیانِ شریعت کا مصدر زبانِ عرب ہے اور اس کے بموجب عمل اس کے مقدمے کے علم کو پختہ کئے بغیر درست نہیں ہوسکتا، قاصدانِ علم اور طالبانِ اثر پر واجب ہے کہ وہ اپنی محنت اور ٹیک کا بڑا حصہ اور اپنی زیادہ تر توجہ لغت کے علم، اس کے وجوہ کی شناخت اور اس کی مثالوں اور رسموں کی آگاہی طلب کرنے میں صرف کریں، اور ہر زمانے میں خلف و سلف میں سے ایک جماعت نے کہ وہی دستکار تھے اس کا اہتمام رکھا، اس کی باریکیوں کو محفوظ رکھا، اس کی حقیقتوں کو آشکار کیا، اس کے آثار کو معمور رکھا۔ اس کی چوٹیوں پر چڑھے، اس کے بدکنے والوں کو شکار کیا، اس کے بار پردے، فضیلت کی شمشیروں کو تیز کیا، اور قلم کی نوکوں کو روشنائی سے بھرا، پس تالیفیں کیں اور مفید کیں اور تصنیفیں کیں اور خوب کیں، دُور و دراز مقصدوں تک رسائی پائی اور خوبیوں کی چوٹیوں پر قابض ہوئے۔

اللہ ان کو اپنی خوشنودی کی جزا دے اور ان کو باغہائے قدس کے احاطے میں اتارے۔ یہ وہ لغت شریفہ ہے جس کے ہاں چہچہاتی چڑیا ہمیشہ اونچے سُروں گاتی رہی ہے اور اس کی طوق والی (فاختہ یا کبوتری) تا بمقدور طرح طرح کی سریں نکالتی رہتی ہے۔ اگرچہ اس کے اہل پر گردشیں آگئیں اور ان کے باغ ہائے عیش کی تر و تازگی کو مرجھا کر تباہ کر دیا، یہانتک کہ آج مدرسوں میں پرانی چٹائیوں کے سوا کوئی اس کا خوانندہ نہ رہا۔ اور اس کے مٹے ہوئے نشانوں کے درمیان بجز صدیٰ کے کوئی جواب دہندہ نہ رہا، لیکن ان گرم ہواؤں کے تند چلنے سے ان سنگریزہ زاروں کی روئیدگی یکسر سوکھ ہی نہیں گئی اور پتوں والی ڈالیاں بالکل چھل ہی نہیں گئیں، اگرچہ زمانہ نے پودوں کو مرجھا دیا ہے۔ قسم قسم کی زبانوں کی ٹہنیوں سے عربی زبان کے پھل نہیں جھڑینگے۔ جب تک کتاب اللہ کی مناسبت اور نبی کی دولت کے سہارے مصائب زمانہ کی آندھیوں سے بچتی رہے

اور اس لغتِ شریف سے وہی نفرت کریگا جس پر بدبختی کی آندھی سنسنائی ہو اور کسی آلودہ زبان کو وہی پسند کریگا جو کشادہ کنویں کے عوض نالی کو قبول کرے - طیبہ میں پنہاں ہونیوالے کے دموں کی برکتوں نے اس کو خوشبو عطا کی اور گویائی کی چڑیا نے زبان کی شاخوں پر تروتازہ نغمے گائے قوم اس کو جاری رکھے گی - جب تک شمالی ہوا ٹہنیوں کی گردنوں کو موڑتی رہے گی اور جنوبی ہوا بادل کی دودھار اونٹنی کے تھن نچوڑتی رہے گی - اس ذات گرامی کی دولت کے زیر سایہ جس نے اس کا منار اُٹھایا، پھر بلند کیا اور ہمیشگی کے درخت اور نہ پرانی ہونی بادشاہی کی راہ بتائی - اور کیسے نہ ہو کہ فصاحت خوشبو ہے جو اس کی ثنا کے بغیر نہیں مہکتی اور سعادت عاشق ہے جو اس کی خاک در کے سوائے عشق نہیں کرتی ؎

جب تیری محفل کے گلبن مہکتے ہیں ،، قمیص صبح کی آستینیں خوشبودار ہو جاتی ہیں

اور کسقدر شایاں ہے یہ زباں (درحالیکہ محبوبِ جان و مرغوب طبع اور داستانسرائے ضمیر جمع ہے - اور الوداع کی گھاٹی پر ٹھہر گئی ہے اور اس کے قبلہ رُخ بادل نے لنگر اٹھا لینے کا قصد کر لیا ہے) کہ اس کو اسطرح لپٹ کر گلے لگا لیا جائے جیسے احباب کو رخصت کرنے کے وقت - اور اسکے پاؤں کے نشانوں پر قدم بڑھا کر اس کی تکریم کی جائے جیسی مشایعت کی حالت میں کی جاتی ہے -

آجتک قوم نے اس کے ذریعے مراتب اور مطالب حاصل کیئے اور اپنے سویدائے قلب کی تہ اس کی لوحِ محفوظ کو بنایا - اور ان جھاڑیوں کے پھولوں سے اگرچہ موسلا دھار برسنے والے بادلوں کی بارش اس سے چوک گئی - ایسی خوشبو مہکی جس پر ریحیں نہیں روحیں گرویدہ ہوتی ہیں اور اس سے شاخیں نہیں زبانیں گلپوش ہوتی ہیں اور اس سے بشر کی طلعت کو طلوع ملتا ہے نہ کہ شجر کی - اور اسکو جادو بیانوں کی گویائی جلا دیتی ہے نہ کہ صبح - ایسے ورق خبط سے محفوظ رکھے جاتے ہیں جو اس پر مشتمل ہوں اور ایسے پکے پھل گرپڑنے سے بچے رہتے جنکے اشجار اسکو اٹھائے ہوئے ہیں انکی بلاغت کا لطف اس حد تک ہے کہ موردکی چوٹیوں کو جنکے گھونگریالے بالوں میں مشاطۂ صبا نے کنگھی کی ہو رسوا کر دیتا ہے انکا حسن بیاں ایسا ہے کہ اس نے ٹہنیوں سے جو خوش اندامی چھین لی تو وہ خواہی نخواہی اضطراب کیوجہ

اربعین عندلیب

غلاموں کے حقوق

قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ حَفِظَ عَلٰی اُمَّتِیْ اَرْبَعِیْنَ حَدِیْثًا مِنْ اَمْرِ دِیْنِھَا کُتِبَ فِیْ زُمْرَۃِ الْعُلَمَاءِ وَحُشِرَ فِیْ زُمْرَۃِ الشُّھَدَاءِ وَکُنْتُ لَہٗ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ شَافِعًا وَّ شَھِیْدًا وَقِیْلَ لَہٗ اُدْخُلْ مِنْ اَیِّ اَبْوَابِ الْجَنَّۃِ شِئْتَ (کتاب الاربعین للنووی صفحہ ۳۰۲)۔

وَ مَنْ کَتَبَ عَنِّیْ اَرْبَعِیْنَ حَدِیْثًا رَجَاءَ اَنْ یَّغْفِرَ اللّٰہُ لَہٗ غُفِرَ لَہٗ (منتخب کنز العمال صفحہ ۷۵ جلد ۴ بر حاشیہ مسند امام احمدؒ)۔

وَمَنْ تَرَکَ اَرْبَعِیْنَ حَدِیْثًا بَعْدَ مَوْتِہٖ فَھُوَ رَفِیْقِیْ فِی الْجَنَّۃِ (الکنوز الحقائق للمناوی صفحہ ۱۶۷ جلد ۳ بر حاشیہ جامع صغیر مطبوعہ مصر)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میری اُمت میں جو شخص امرِ دین کی چالیس ۴۰ حدیثیں حفظ کریگا وہ علماء کے گروہ میں لکھا جائیگا اور شہیدوں کی جماعت میں اٹھایا جائیگا۔ میں قیامت میں اس کی شفاعت کرونگا اور اس کے حق میں شہادت دونگا۔ اس سے کہا جائیگا کہ تو جنت کے جس دروازے میں سے چاہے داخل ہوجا۔
جو شخص بہ نیت مغفرت چالیس حدیثیں لکھے گا، اللہ اس کے تمام گناہ بخش دے گا۔

اور جو اپنے مرنے کے بعد چالیس حدیثیں چھوڑ جائیگا، وہ جنت میں میرا رفیق ہوگا۔ (سبحان اللہ)

تحفۃً یہ چہل حدیث اس نیّت سے پیش کی جا رہی ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے گناہ بخش دے، اور مجھے نبی اُمّی فداہُ روحی و ابی و اُمّی کی غلامی نصیب کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا وَ شَفِيعِنَا وَ مَلَاذِنَا وملجانا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كَمَالِ اللّٰهِ وَكَمَا يَلِيْقُ بِكَمَالِهٖ

(۱)

اِسْتَوْصُوْا بِالْاُسَارٰى خَيْرًا (طبرانی عن ابی ہریرہؓ)

نبیؐ کا حکم ہے یہ غازیوں کو ٭ بھلائی سے رکھو تم قیدیوں کو

(۲)

لِلْمَمْلُوْكِ طَعَامُهٗ وَكِسْوَتُهٗ بِالْمَعْرُوْفِ (مسلم)

تم پہ حق مملوک کا ہے مومنو ٭ کھانا کپڑا خوشدلی سے اُن کو دو

(۳)

خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِلْمَمَالِيْكِ (دیلمی)

وہی شخص تم سب میں ہے نیک اختر

جو اپنے غلاموں کے حق میں ہو بہتر

(۴)

اِتَّقُوا اللّٰهَ فِيْمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ (بخاری فی الادب)

اِتَّقُوا اللّٰهَ فِی الصَّلٰوةِ وَمَا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ (خطیب بغدادی)

نماز اور غلام، ان کے بارہ میں ڈرنا

(ادا تم حقوق ان کے بروقت کرنا)

(۵)

اُوْصِیْکُمْ بِالْجَارِ وَمَا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ (دیلمی)

غلام اور خادم پہ احسان کرو ✧ پڑوسی کی مشکل کو آسان کرو

(۶)

کَانَ مِمَّا یَقُوْلُ لِلْخَادِمِ اَلَكَ حَاجَةٌ (مسند احمد)

یہ خادم سے بھی پوچھ لیتے تھے حضرت

کسی چیز کی تو نہیں تم کو حاجت

(۷)

لَا تَسْتَخْدِمُوْا اَرِقَّاءَکُمْ لَیْلًا فَاِنَّ اللَّیْلَ لَهُمْ

وَالنَّهَارَ لَکُمْ (بزاز)

نہ لو رات کو تم غلاموں سے خدمات

تمہارے لئے دن ہے ان کیلئے رات

(۸)

اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ اَنْ یُعْفٰی عَنْ ذَنْبِ السَّرِیِّ (حاکم)

کرو در گذر قیدیوں کی خطا ٭ تو محبوب تم کو رکھے گا خدا

(۹)

أُعْفُ عَنِ الْخَادِمِ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعِيْنَ مَرَّةً (ابوداؤد)

تَعْفُوْا عَنْهُ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعِيْنَ مَرَّةً (احمد)

غلاموں سے ہوں روز ستّر خطائیں

تو پھر بھی یہ ہے حکم تم عفو کر دیں

(۱۰)

لَا تَضْرِبُوا الرَّقِيْقَ (طبرانی)

یہ ہے حکم سرکار کا مومنوں کو ٭ غلاموں کو اپنے نہ مارا کرو

(۱۱)

لَا تَضْرِبُوْا إِمَاءَكُمْ عَلٰى كَسْرِ إِنَائِكُمْ فَإِنَّ لَهَا أَجَلًا

(حلیہ ابی نعیم)

نہ مارو باندیوں کو تم اگر برتن کوئی ٹوٹے

کہ ہر تن کے لئے بھی وقت آتا ہے کہ وہ چھوٹے

(۱۲)

عَاقِبُوْا أَرِقَّاءَكُمْ عَلٰى قَدْرِ عُقُوْلِهِمْ (دارقطنی)

غلاموں سے سرزد ہو کوئی خطا

دو اُن کی سمجھ کے مطابق سزا

(۱۳)

اِذَا ضَرَبَ اَحَدُكُمْ فَلْيَتَّقِ الْوَجْهَ (ابو داؤد)

مارتے ہی ہو غلاموں کو اگر

تو نہ مارو منہ پہ یا رخسار پر

(۱۴)

مَنْ لَطَمَ حُرًّ وَجْهِ عَبْدِهٖ فَاِنَّ كَفَّارَتَهٗ عِتْقُهٗ

(فردوس دیلمی)

غلاموں کو اپنے جو مارے طمانچے

یہ کفّارہ اس کا ہے "آزاد کر دے"

(۱۵)

اِذَا ضَرَبَ اَحَدُكُمْ خَادِمَهٗ فَذَكَرَ اللّٰهَ فَلْيَرْفَعْ عَنْهُ

(ترمذی)

خدا کا واسطہ خادم اگر دے

تو ہاتھ اپنا اُٹھا لو تم سزا سے

(۱۶)

(مسلم)

مَنْ ضَرَبَ مَمْلُوْكَهٗ حَدًّا لَمْ يَاْتِهٖ فَكَفَّارَتُهٗ عِتْقُهٗ

غلام ایسا جس کی نہ تھی کچھ خطا ۔ مگر اس کو دے دی گئی ہو سزا

تو اب اس کا کفّارہ ہوگا یہی

کہ آزاد کر دیں بحکمِ نبیؐ

(۱۷)

مَنْ ضَرَبَ مَمْلُوكَهٗ ظُلْمًا اُقِيْدَ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (طبرانی)

غلاموں کو مارے کوئی ناروا

تو محشر میں بدلہ لیا جائے گا

(۱۸)

اِنَّ خِيَارَ عِبَادِ اللّٰهِ الْمُوْفُوْنَ الْمُطِيْعُوْنَ (بیہقی، طبرانی فی الاوسط۔ ابن عساکر۔ حلیہ عن ابی حمید الساعدی۔ احمد عن عائشہؓ)

وہی بندے ہیں سب میں خیر العباد

جو ہوں باوفا و اطاعت نہاد

(۱۹)

لِلْعَبْدِ الْمَمْلُوْكِ الصَّالِحِ اَجْرَانِ (شیخان)

یہ ہے ارشاد شہ خیر الانامؐ ٭ اجر دُگنا پاتا ہے صالح غلام

(۲۰)

لِلْمَمْلُوْكِ اَجْرَانِ وَالْاَجْرَانِ جَنَّتَانِ (ابو داؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ)

غلاموں کو ہوگا جو دُگنا ثواب

وہ دو جنتیں ہوں گی باآب و تاب

(۲۱)

اِنَّ مِنْ شِرَارِ النَّاسِ الَّذِیْنَ یَبِیْعُوْنَ النَّاسَ (بخاری)

یہ فرماتے ہیں سرورِ جنّ و انساں
کہ بدذات ہوتے ہیں بردہ فروشاں

(۲۲)

بَیْعُ مَمْحُوْقٌ اَیْ بَیْعُ الرَّقِیْقِ (احمد)

یہ کہتے ہیں حضرت علیہ السلام
کہ برکت نہیں رکھتی بیعِ غلام

(۲۳)

لَا تُبَاعَ اُمُّ الْوَلَدِ (طبرانی)

ہو تم کو تمھاری کنیزک سے اولاد ٭ تو اُس کو نہ بیچو، نبیؐ کا ہے ارشاد

(۲۴)

لَا یَحِلُّ لِرَجُلٍ اَنْ یُفَرِّقَ بَیْنَ اثْنَیْنِ اِلَّا بِاِذْنِہِمَا (مسند احمد)

اگر دو غلاموں میں ہو کچھ قرابت ٭ تو تفریق ان میں نہ ہو بے اجازت

(۲۵)

نَھٰی اَنْ یُّفَرِّقَ بَیْنَ الْاُمِّ وَوَلَدِھَا (دار قطنی)

یہ فرماتے ہیں وہ حبیبِ خدا ٭ کہ بیٹے سے ماں کو نہ کرنا جُدا

(۲۶)

اِذَا عَمِیَ الْعَبْدُ فَلَا رِقَّ عَلَیْہِ (دیلمی)

غلام اندھا جو ہو جائے کسی کا
اُسے آزاد کر دینا ہے اچھا

(۲۷)

مَنْ وَّلَدَتْ اَمَتُہٗ فَھِیَ حُرَّۃٌ مِّنْ بَعْدِہٖ (احمد)

اگر باندی کو ہو مولا سے اولاد
تو بعد از مرگِ مولا ہے وہ آزاد

(۲۸)

اَیُّمَا رَجُلٌ اَعْتَقَ اَمَتَہٗ ثُمَّ تَزَوَّجَھَا فَلَہٗ اَجْرَانِ (بخاری، مسلم)

کرے عقد باندی سے آزاد کر کے
تو دو اجر اُس کو ملیں گے خدا سے

(۲۹)

مَنْ مَلَکَ ذَا رَحِمٍ عُتِقَ (نسائی)

اقربار کی مِلک ہو جائے غلام
تو رہائی آپ ہی پائے غلام

(۳۰)

لَا یُحَاسَبُ الْعَبْدُ عَلٰی مَا اَکَلَہٗ مَعَ اِخْوَانِہٖ (خطیب)

قابلِ پرسش نہیں ہے وہ غلام
کرلے اپنے بھائی کو جو ہم طعام

(۳۱)

مَنْ اَعْتَقَ رَقَبَۃً مُؤْمِنَۃً فَھِیَ فِکَاکُہٗ مِنَ النَّارِ (احمد)

مسلمان بندے کو کردے جو آزاد
وہ نارِ جہنم سے بے شک ہو آزاد

(۳۲)

اِنَّ اللّٰہَ یُبْغِضُ الطَّلَاقَ وَیُحِبُّ الْعِتَاقَ (دیلمی)

طلاق اس طرح حق کو ہے ناپسند
ہے جس طرح آزاد کرنا پسند

(۳۳)

مَوْلَی الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِھِمْ (بخاری)
اِنَّ مَوْلَی الْقَوْمِ مِنْھُمْ (ترمذی)
مَوَالِیْنَا مِنَّا (طبرانی)

یہ جتنے ہیں آزاد کردہ غلام + ہمیں سے ہیں وہ سب کے سب بلاکلام

(۳۴)

كَانَ يَأْكُلُ مَعَ خَادِمِهٖ (ضحاک)

نبیؐ کھانا کھاتے تھے خادم کے ساتھ

(غلاموں کے ساتھ اور ملازم کے ساتھ)

(۳۵)

اَلْاَكْلُ مَعَ الْخَادِمِ مِنَ التَّوَاضُعِ (دیلمی)

جو خادم ہوں (اُن کے دلوں کو لبھانا)

تواضع میں داخل ہے ساتھ ان کے کھانا

(۳۶)

كَانَ يُجِيبُ دَعْوَةَ الْعَبْدِ (ترمذی)

كَانَ يُجِيبُ دَعْوَةَ الْمَمْلُوكِ (ترمذی)

خدا کے وہ مصدق و صادق رسول

غلاموں کی دعوت بھی کرتے قبول

(۳۷)

لَعَنَ اللّٰهُ رَجُلًا قَامَتْ لَهُ الْعَبِيدُ صُفُوفًا (دار قطنی)

لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ قَامَتْ لَهُ الْعَبِيدُ صُفُوفًا (فردوس دیلمی)

کسی کے لئے ہوں صف آرا غلام ✤ تو اُس پر ہو لعنت خدا کی (مدام)

(۳۸)

مَنِ اعْتَزَّ بِالْعَبِیْدِ اَذَلَّهُ اللّٰهُ (نوادر الاصول)

غلاموں سے حاصل کرے گا جو عزّت

اُسے آخرت میں خدا دے گا ذلّت

(۳۹)

کَسْبُ الْاِمَاءِ حَرَامٌ (الضیاء)

نَهٰی عَنْ کَسْبِ الْاَمَةِ (بخاری)

رسول اللہؐ نے کی رہنمائی

کہ ناجائز ہے باندی کی کمائی

(۴۰)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ غِنَائِیْ وَغِنَیٰ مَوَالِیَّ (احمد)

غنی مجھ کو تُو یا الٰہی بنا دے

غلامانِ آزاد کو بھی غنا دے

(از واعظ)

اَلدُّرُوْسُ الْعَرَبِیَّةُ

اَلْمَطَرُ

(۱) فِیْ ذَاتِ یَوْمٍ ، حِیْنَمَا ابْتَدَأَتِ السَّمَاءُ تُمْطِرُ کَانَتْ هِنْدُ وَ اُخْتُهَا اَنِیْسَةُ خَارِجًا فِیْ رِوَاقِ الْبَیْتِ ۔

(۲) فَقَالَتْ هِنْدُ الصَّغِیْرَةُ لِاُخْتِهَا : اَنَا لَا اُحِبُّ الْمَطَرَ ، لِاَنَّ الْمَطَرَ یَحْبِسُ النَّاسَ فِی الْبُیُوْتِ ، فَلَا یَقْدِرُ اَحَدٌ اَنْ یَخْرُجَ ۔

(۳) فَقَالَتْ اَنِیْسَةُ ، لٰکِنْ هَلْ تَعْرِفِیْنَ مَنَافِعَ الْمَطَرِ ؟ هٰذِهِ الدُّفْعَةُ مِنَ الْمَطَرِ الْاٰنَ ، کُلُّهَا خَیْرٌ ، وَ اَنَا مُبْتَهِجَةٌ بِهَا کَثِیْرًا ۔

(٤) فَاَجَابَتْ هِنْدُ : اَنْتِ الْاٰنَ مُبْتَهِجَةٌ ، اَنَا مَا کُنْتُ اَظُنُّ اَنَّ اَحَدًا یَفْرَحُ بِالْمَطَرِ ، وَ عُمْرِیْ مَا اَحْبَبْتُ الْمَطَرَ ۔

(٥) وَ لٰکِنْ هَلْ تُحِبِّیْنَ الْخَوْخَ وَ التُّفَّاحَ

هِنْدٌ: نَعَمْ اَنَا اُحِبُّهَا، وَ كُلُّ اَحَدٍ يُحِبُّهَا، وَ لٰكِنْ اَيْنَ الْمَطَرُ وَ هٰذِهِ الْاَشْيَاءُ۔

(٦) فَقَالَتْ اَنِيْسَةُ: اَلْمَطَرُ نَافِعٌ لِكُلِّ هٰذِهِ الْاَشْيَاءِ وَ لِغَيْرِهَا، وَ لَوْ لَا الْاَمْطَارُ مَا كُنْتِ تَرَيْنَ عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ نَبَاتًا اَخْضَرَ۔

ترجمہ :-

مینہ

(۱) ایک دن جب مینہ برسنے لگا، ہند اور اس کی بہن انیسہ باہر برآمدے میں تھیں۔

(۲) ننھی ہند نے اپنی باجی سے کہا: میں مینہ کو پسند نہیں کرتی، کیونکہ مینہ لوگوں کو گھروں میں بند کر دیتا ہے، پس کوئی باہر نکل نہیں سکتا۔

(۳) انیسہ نے کہا: مگر مینہ کے فائدے بھی جانتی ہو؟ پانی کی یہ بوچھاڑ اب ساری کی ساری اچھی ہے اور میں اس سے بہت خوش ہوں۔

(۴) ہند نے جواب دیا: تم اب خوش ہو، میں نہیں سمجھتی تھی کہ کوئی بارش سے (بھی) خوش ہوتا ہے۔ میں نے عمر بھر مینہ کو پسند نہیں کیا۔

(۵) لیکن اے ہند! کیا تم آڑو اور سیب پسند کرتی ہو؟ ہاں میں ان کو پسند کرتی ہوں، اور ہر شخص ان کو چاہتا ہے۔ لیکن کہاں مینہ اور کہاں یہ سب چیزیں!

(۶) انیسہ نے کہا: مینہ ان سب چیزوں کو اور ان کے سوا اور چیزوں کو مفید

ہے۔ اگر بارشیں نہ ہوتیں، تو تو رُوئے زمین پر کوئی ہری بھری اُگنے والی چیز نہ دیکھتی۔

سَامِحْ وَلَا تَحْقِدْ

(۱)

(۱) كَانَ اَيُّوْبُ يَتِيْمًا يَسْكُنُ فِيْ بَيْتٍ حَقِيْرٍ قَرِيْبٍ مِنْ بَيْتِ فَارِسٍ. وَكَانَتْ اُمُّهٗ مَرِيْضَةً فِي الْفِرَاشِ مِنْ زَمَانٍ طَوِيْلٍ لَا تَقْدِرُ عَلَى النُّهُوْضِ، وَلِذٰلِكَ لَمْ يَكُنْ لِاَيُّوْبَ مَنْ يُرَبِّيْهِ فِي الْآدَابِ.

(۲) فَكَبِرَ اَيُّوْبُ عَلَى الْخُشُوْنَةِ وَالْقَسَاوَةِ، وَكَانَ لَا يُطَاقُ وَكَثِيْرًا مَا كَانَ يَحْتَالُ عَلٰى فَارِسٍ وَيَخْدَعُهٗ.

(۳) وَفِيْ ذَاتِ يَوْمٍ قَامَ فَارِسُ عِنْدَ شُرُوْقِ الشَّمْسِ، وَاَخَذَ الْقَفَصَ وَعَلَّقَهٗ خَارِجًا فِيْ شَجَرَةِ تُوْتٍ. وَكَانَ فِي الْقَفَصِ حَسُّوْنٌ جَمِيْلٌ رَبَّاهُ عِنْدَهٗ طُوْلَ اَيَّامِ الشِّتَاءِ.

(۴) وَفِيْمَا يَضْرِبُ بِالْحِجَارَةِ مِنْ اَمَامِ بَيْتِهٖ اَصَابَ قَفَصَ فَارِسٍ فَخَافَ اَبُو الْحَسَنِ وَسَقَطَ فِيْ اَسْفَلِ الْقَفَصِ فَظَنَّهٗ فَارِسُ

قَدْ مَاتَ.

(٥) وَ حِيْنَ رَأَى اَيُّوْبُ ذٰلِكَ طَرَحَ الحِجَارَةَ وَ فَرَّ هَارِبًا، وَ اَمَّا فَارِسُ فَدَخَلَ اِلَى أُمِّ اَيُّوْبَ وَ اَخْبَرَهَا بِمَا فَعَلَ ابْنُهَا. وَ قَالَ اَنَا لَا اَقْدِرُ اَنْ اُسَامِحَ اَيُّوْب، بَلْ مِثْلُهُ يَجِبُ اَنْ يَتَأَدَّب، حَتّٰى لَا يَعُوْدَ اِلَى الشَّرِّ.

سامح و لا تحقد

سَامِحْ وَ لَا تَحْقِدْ

(۲)

(١) فَقَالَتْ اُمُّ اَيُّوْبَ: لَا تَغْضَبْ يَا ابْنِيْ. لَعَلَّ اَيُّوْبَ فَعَلَ ذٰلِكَ عَلٰى غَيْرِ قَصْدٍ. تَعَالَ لِنَرَى هَلْ تَاَذَّى العُصْفُوْرُ.

(٢) فَاَتٰى فَارِسُ وَ اُمُّ اَيُّوْبَ اِلَى الحَسُّوْنِ. فَاِذَا هُوَ سَالِمٌ يَتَنَقَّلُ فِي القَفَصِ كَاَنْ لَمْ يُصِبْهُ شَيْءٌ. ثُمَّ اَخَذَ يُزَقْزِقُ عَلٰى عَادَتِهِ. فَدَلَّ ذٰلِكَ عَلٰى اَنَّهُ نَسِيَ الرَّعْبَةَ الَّتِيْ اَصَابَتْهُ مِنَ الْحَجَرِ.

(۳) فَقَالَ فَارِسٌ فِي نَفْسِهٖ : إِذَا كَانَ الْعُصْفُوْرُ قَدْ نَسِيَ الشَّرَّ الَّذِيْ فَعَلَهٗ بِهٖ اَيُّوْبُ. فَيَجِبُ اَنْ اَنْسَاهُ اَنَا وَ لَا اَحْقِدَ عَلَيْهِ.

(٤) وَ فِي الْغَدِ الْتَقَى بِأَيُّوْبَ فَضَحِكَ اِلَيْهِ وَ تَكَلَّمَ مَعَهٗ وَ اٰنَسَهٗ. فَخَجِلَ اَيُّوْبُ مِنْهُ وَ لَمْ يَعُدْ مِنْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ يُؤْذِيْهِ بِشَيْءٍ.

كان في القفص حسون

ترجمہ :-

معاف کر دو اور بَیر نہ رکھو

(۱) ایّوب یتیم تھا جو فارس کے گھر کے پاس ایک چھوٹے سے گھر میں رہتا تھا۔ اور اس کی ماں بہت مدت سے بچھونے میں بیمار (پڑی) تھی، اُٹھ بیٹھ نہ سکتی تھی، اسلئے کوئی ایسا شخص نہ تھا جو ایّوب کی ادب آداب میں تربیت کرے۔

(۲) سو ایّوب سختی اور سنگدلی کی حالت پر پڑا ہوا، اور وہ ناقابلِ برداشت ہوگیا تھا۔ اور اکثر وہ فارس سے چالاکی کرتا اور اس کو دھوکا دیتا تھا۔

(۳) ایک دن فارس سورج نکلنے کے وقت اُٹھا، اور پنجرہ لیا اور اس کو باہر توت کے درخت پر لٹکا دیا۔ پنجرے میں ایک خوبصورت حسّون (گانے والا چھوٹا سنہری پرندہ) تھا، جس کو اس نے اپنے پاس جاڑوں بھر پالا تھا۔

(۴) جبکہ ایّوب اپنے گھر کے سامنے پتھر چلا رہا تھا (ایک پتھر) فارس کے پنجرے میں جا لگا، جس سے ابوالحُسن (حسّون) ڈر کر پنجرے کی تہ میں گر گیا، اور فارس نے سمجھ لیا کہ مر گیا۔

(۵) جب ایوب نے یہ دیکھا، تو پتھروں کو پھینک بھاگ نکلا - پھر فارس ایوب کی ماں کے پاس اندر گیا اور جو کچھ اس کے بیٹے نے کیا تھا، اسکو بتایا، اور کہا: میں ایوب کو معاف نہیں کر سکتا، بلکہ ایسے شخص کو سدھرنا چاہیئے، تاکہ پھر ایسا بُرا کام نہ کرے -

معاف کردو اور بیر نہ رکھو

(۲)

(۱) ایوب کی اماں نے کہا: خفا نہ ہو بیٹا! شاید ایوب نے بلا ارادہ ایسا کیا ہو- آؤ دیکھیں، کیا چڑیا کو تکلیف پہنچی ہے؟

(۲) فارس اور ایوب کی ماں حسون کے پاس آئے، تو دیکھا کہ وہ صحیح سالم پنجرے میں اِدھر اُدھر پھدک رہا ہے، گویا اسکو چوٹ ہی نہیں آئی - پھر وہ اپنی عادت پر چہچہانے لگا، جس سے ثابت ہوا کہ وہ اس دہشت کو بھول گیا ہے جو اس کو پتھر سے پہنچی تھی -

(۳) فارس نے اپنے دل میں کہا: جب پرندہ اس برائی کو بھول گیا ہے جو اُس سے ایوب نے کی تھی، تو مجھ کو بھی اسے بُھلا دینا چاہیئے، اور اس سے بیر نہ رکھنا چاہیئے-

(۴) دوسرے دن وہ ایوب سے ملا، تو خندہ پیشانی سے ملا، اور اس سے بات چیت کی اور ہل مِل گیا - پس ایوب اس سے شرمسار ہوا اور اُس وقت سے پھر اس کو کبھی نہ ستایا +

اَلْمِرْآةُ الْمَكْسُوْرَةُ

(١)

(١) فِيْ عِيْدِ مِيْلَادِ سَلِيْمٍ اَتَتْ عَمَّتُهُ وَاَعْطَتْهُ كُجَّةً جَمِيْلَةً . فَطَارَ سَلِيْمٌ فَرَحًا بِالْكُجَّةِ. وَ اَخَذَهَا وَ جَعَلَ يَضْرِبُ بِهَا اَرْضَ الْبَيْتِ فَتَرْتَفِعُ عَنِ الْاَرْضِ .

(٢) فَقَالَتْ لَهُ اُمُّهُ : يَا ابْنِيْ لَا تَلْعَبْ بِهَا هُنَا ، اُخْرُجْ اِلٰى خَارِجٍ وَ الْعَبْ هُنَاكَ . فَخَرَجَ وَ بَقِيَ قَلِيْلًا ثُمَّ رَجَعَ اِلَى الْبَيْتِ ، وَ كَانَتْ اُمُّهُ وَ عَمَّتُهُ قَدْ خَرَجَتَا اِلَى الْبُسْتَانِ .

(٣) فَابْتَدَأَ يَلْعَبُ بِالْكُجَّةِ كَالْاَوَّلِ ، وَ فِيْمَا هُوَ يَلْعَبُ اَصَابَتِ الْكُجَّةُ الْمِرْآةَ ، فَتَكَسَّرَتْ ، وَ خَافَ سَلِيْمٌ جِدًّا وَ رَفَعَ صَوْتَهُ وَ صَارَ يَبْكِيْ .

(٤) وَ حِيْنَ سَمِعَتْهُ اُمُّهُ يَبْكِيْ ، اَسْرَعَتْ اِلَى الْبَيْتِ فَرَأَتِ الْمِرْآةَ مُكَسَّرَةً . فَغَضِبَتْ مِنْهُ ، وَ اَرَادَتْ اَنْ تُقَاصَّهُ ، فَهَرَبَ مِنْ اَمَامِهَا وَ هُوَ يَصْرُخُ وَ يَقُوْلُ ، غَضَبًا عَنِّيْ يَا اُمِّيْ ، غَضَبًا عَنِّيْ .

٥) وَ كَانَ سَلِيمٌ صَبِيًّا طَائِشًا ، لَا يُؤَثِّرُ فِيهِ تَوْبِيخٌ وَ لَا قِصَاصٌ . وَ مَا كَانَتْ أُمُّهُ تَعْلَمُ مَاذَا تَفْعَلُ بِهِ حَتَّى يَنْتَبِهَ وَ يَصْحُوَ .

كَانَ سَلِيمٌ طَائِشًا

اَلْمِرْآةُ الْمَكْسُورَةُ

(٢)

١) وَ أَخِيرًا وَضَعَتْ أُمُّ سَلِيمٍ قِطَعَ الْمِرْآةِ عَلَى رَفٍّ قُبَالَةَ الْبَابِ ، وَ بَعْدَ حِينٍ دَخَلَتْ مَرْيَمُ عَمَّتُهُ فَرَأَتْهَا ، وَ قَالَتْ كَيْفَ انْكَسَرَتِ الْمِرْآةُ وَ مَنْ كَسَرَهَا ؟ وَ لَمَّا سَمِعَ سَلِيمٌ ذٰلِكَ خَرَجَ بِخِفَّةٍ مِنَ الْبَيْتِ قَبْلَ أَنْ تَعْرِفَ عَمَّتُهُ بِمَا فَعَلَ .

٢) ثُمَّ بَعْدَ هٰذَا دَخَلَ أَبُو سَلِيمٍ ، وَقَالَ عَجَبًا ! مَنْ كَسَرَ الْمِرْآةَ ؟ إِنَّهُ يَسْتَاهِلُ قِصَاصًا كَبِيرًا عَلَى هٰذَا الْفِعْلِ الشَّنِيعِ .

٣) ثُمَّ بَعْدَ أَيَّامٍ دَخَلَ عَمُّهُ يُوسُفُ . وَ كَانَتْ قِطَعُ الْمِرْآةِ مَا زَالَتْ فِي مَحَلِّهَا قُبَالَةَ الْبَابِ . وَ لَمَّا رَآهَا تَكَدَّرَ وَ

غَضِبَ . وَ قَالَ مَنْ فَعَلَ هٰذَا ، اَخَافُ
اَنْ يَدْخُلَ مَخْزَنِي وَ يُكَسِّرَ الزُّجَاجَ الَّذِي
عِنْدِي . مَنْ هُوَ اَخْبِرُوْنِي حَتّٰى لَا اَدَعَهُ
يَدْخُلُ مَخْزَنِي اَبَدًا .

(٤) فَكَبُرَ عَلَى الصَّبِيِّ سَلِيْمٍ كَلَامُ عَمِّهٖ ، لِاَنَّهٗ
كَانَ يُحِبُّ كَثِيْرًا اَنْ يَذْهَبَ اِلٰى مَخْزَنِهٖ .
وَ نَدِمَ عَلٰى زَلَّتِهٖ وَ خَجِلَ . وَ كَانَ كُلَّمَا
اِفْتَكَرَ بِالْمِرْآةِ الْمَكْسُوْرَةِ تَدْمَعُ عَيْنَاهُ ،
وَ لَمْ يَطُلِ الْوَقْتُ حَتّٰى اَصْلَحَ سِيْرَتَهٗ
وَ صَارَ غُلَامًا هَادِئًا .

صار سليم عاقلاً

ترجمہ

ٹوٹا ہوا آئینہ

(۱)

(۱) سلیم کے جنم دن پر اسکی پھوپی آئی اور اس کو ایک خوشنما فٹ بال دیا۔ سلیم فٹ بال لے کر خوشی سے پھولا نہ سمایا۔ اس کو لیا اور گھر کے فرش پر مارنے لگا، اور وہ زمین سے اُبھرتا تھا۔

(۲) اس کی ماں نے اس کو کہا : بیٹا ! اس سے یہاں نہ کھیلو۔ باہر چلے جاؤ اور وہاں کھیلو۔ پس وہ نکلا اور تھوڑی دیر رہ کر پھر گھر میں لوٹ آیا اور اسکی ماں اور پھوپی دونوں باغ کو نکل چکی تھیں۔

(۳) پھر اس نے پہلے کی طرح فٹ بال سے کھیلنا شروع کر دیا۔ اور کھیلتے کھیلتے بال آئینے کو جا لگا اور وہ ٹوٹ گیا۔ سلیم بہت ڈرا اور آواز اٹھائی اور رونے لگا۔

(۴) اور جب ماں نے اس کو روتے سنا، جلدی جلدی گھر کو گئی تو آئینے کو ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا پایا۔ غصے ہو کر چاہا کہ اس کو سزا دے، تو وہ چلاتا ہوا اور یہ کہتا ہوا اس کے سامنے سے بھاگ کھڑا ہوا: اماں! میں نے جان کر نہیں (توڑا) جان کر نہیں۔

(۵) اور سلیم چھچھورا بچہ تھا۔ نہ تو جھڑکی اس پر اثر کرتی تھی نہ سزا۔ اور اس کی ماں نہیں جانتی کہ اس سے کیا سلوک کرے کہ اسکو ہوش آجائے۔

ٹوٹا ہوا آئینہ

(۲)

(۱) آخر اس نے آئینے کے ٹکڑے دروازے کے سامنے ایک طاق (بریکیٹ) پر رکھ دئے۔ کچھ دیر کے بعد اس کی پھوپی مریم اندر آئی تو اس نے اسے دیکھا، کہا: آئینہ کیسے ٹوٹ گیا، اسکو کس نے توڑا؟ جب سلیم نے یہ سنا، تو اس سے پہلے کہ اسکی پھوپی کو اسکی کرتوت معلوم ہو، پھرتی کے ساتھ گھر سے نکل گیا۔

(۲) پھر اس کے بعد سلیم کا باپ اندر آیا، اور کہا: تعجب ہے، آئینہ کس نے توڑا؟ اسکو تو اس برے کام پر بڑی سزا ملنی چاہئے۔

(۳) پھر کچھ دنوں کے بعد اس کا چچا یوسف داخل ہوا، اور شیشے کے ٹکڑے اب بھی دروازے کے سامنے اپنی جگہ موجود تھے۔ جب اس نے ان کو دیکھا، پریشان ہوا، غصہ کیا اور کہا: کس نے یہ کام کیا ہے؟ میں ڈرتا ہوں کہ میرے مخزن میں داخل

ہوکر جو شیشہ میرے پاس ہے اسکو بھی توڑ ڈالیگا - وہ کون ہے؟ مجھ کو بتاؤ تاکہ میں اسکو کبھی اپنے مخزن میں داخل نہ ہونے دوں -

(۴) بچے سلیم پر اپنے چچا کی بات بڑی بھاری پڑی، کیونکہ وہ اسکے مخزن میں جانا بہت پسند کرتا تھا - وہ اپنی لغزش پر پچھتایا اور شرمسار ہوا، اور وہ جب کبھی توڑے ہوئے شیشے کو سوچتا، تو اسکی آنکھوں میں آنسو آجاتے، اور زیادہ دیر نہ لگی کہ اس کا چلن درست ہوگیا -

اَلْجُوْدُ بِالنَّفْسِ

(۱)

اِسْتَخْدَمَ اَحَدُ الْمُلَّاكِ، عَدَدًا مِنَ النَّقَّاشِيْنَ لِزَخْرَفَةِ وَاجِهَةِ قَصْرِهِ. فَنَصَبَ الْعُمَّالُ صِقَالَةً، وَقَفُوْا عَلَيْهَا، وَ وَضَعُوْا بِجَانِبِهِمِ الْمَوَادَّ الَّتِیْ يَحْتَاجُوْنَ اِلَيْهَا، وَ لَمْ يُحْكِمُوْا رِبَاطَهَا، فَانْحَلَّتْ حِبَالُهَا.

اَلْجُوْدُ بِالنَّفْسِ

(۲)

وَ سَقَطَ الْعُمَّالُ جُثَثًا هَامِدَةً. اِلَّا

اثْنَيْنِ، اَحَدُهُمَا يَافِعٌ، وَ الثَّانِي رَجُلٌ، تَعَلَّقَا بِنَافِذَةٍ، وَ كَانَا عُرْضَةً لِلْهَلَاكِ. لِاَنَّ النَّافِذَةَ، كَادَتْ يَهْوِى بِهِمَا، لِاَنَّهَا لَمْ تَقْوَ، عَلَى اِحْتِمَالِهِمَا مَعًا.

اَلْجُوْدُ بِالنَّفْسِ

(۳)

فَصَرَخَ اَحَدُهُمَا: اِلٰهِىْ اِنَّنِىْ رَبُّ اُسْرَةٍ، لَا عَائِلَ لِاَفْرَادِهَا سِوَاىَ، فَاَنْقِذْنِىْ بِفَضْلٍ مِنْ لَدُنْكَ.
وَ نَادَى الْاٰخَرُ: اِلٰهِىْ اِنِّىْ وَحِيْدٌ، فِىْ هٰذِهِ الدُّنْيَا، فَلَا اَعُوْلُ اَحَدًا.
قَالَ هٰذَا وَ تَرَكَ النَّافِذَةَ، فَسَقَطَ عَلَى الْاَرْضِ، وَ مَاتَ لِسَاعَتِهٖ وَ قَدْ اَنْقَذَ رَبَّ الْاُسْرَةِ، وَ عَائِلَهَا، بِهٰذَا الْعَمَلِ الْعَظِيْمِ.
وَ الْجُوْدُ بِالنَّفْسِ، اَقْصٰى غَايَةُ الْجُوْدِ.

سخاوت بجان

(۱)

کسی بادشاہ نے اپنے محل کا چہرہ سجانے کے لئے کچھ نقاش کام پر لگائے۔ مزدوروں نے پاڑ لگائی۔ اس پر کھڑے ہوئے اور اپنے پاس وہ مصالحہ رکھا جس کی ضرورت پڑتی ہے، اور اس کے بندھن اچھی طرح نہ کسے، پس اس کے رسے کھل گئے۔

سخاوت بجان

(۲)

اور مزدور گر کر تن بے جان تھے۔ ہاں دو آدمی جن میں سے ایک نوجوان تھا، اور دوسرا مرد ایک روشندان سے لٹک گئے، اور وہ (بھی) ہلاکت کا نشانہ تھے، کیونکہ روشندان بھی ان دونوں کو لے گرنے کو تھا، اس لئے کہ اس میں ان دونوں کو اٹھائے رکھنے کی قوت نہ تھی۔

سخاوت بجان

(۳)

ان میں سے ایک چلایا: الٰہی! ٹبّردار ہوں، جن کا میرے سوا کوئی خبرگیر نہیں۔ مجھ کو اپنے فضل سے بچالے۔ دوسرا پکارا: الٰہی! میں دنیا میں اکیلا ہوں، میں کسی کو پرورش نہیں کرتا۔ یہ کہکر روشنداں کو چھوڑ دیا اور زمین پر گرا اور اسی ساعت مر گیا۔

اَسْبَابٌ وَ مُسَبَّبَاتٌ

(۱)

لُعْبَةُ كُرَةِ الْقَدَمِ ـــ تُحَرِّكُ الدَّمَ.
اَلسِّبَاحَةُ ـــ تُفِيدُ الْعَضَلَاتِ.
اَلصَّيْدُ وَ الْقَنَصُ ـــ يُفِيدُ الرِّئَتَيْنِ.
رُكُوبُ الْخَيْلِ ـــ يُعَلِّمُ الْفُرُوسِيَّةَ.
اَلْبَحْثُ بِتُرَوٍّ ـــ يُوَصِّلُ إِلَى الْحَقِيقَةِ.
حُسْنُ الْمُعَامَلَةِ ـــ يُورِثُ الْمَحَبَّةَ.

اَسْبَابٌ وَ مُسَبَّبَاتٌ

(۲)

اَلْمُنَاقَشَةُ بِإِخْلَاصٍ ـــ تُؤَدِّى إِلَى الصَّوَابِ.
لُعْبَةُ الشِّطْرَنْجِ ـــ تُقَوِّى الذَّاكِرَةَ، وَ تُدَرِّبُ عَلَى طُرُقِ

الْمُنَاوَرَاتِ ۔

اَلْمُرَاهَنَاتُ وَ الْمُقَامَرَةُ ـــ
تَسْلِبُ الْمَالَ وَ
تُخْرِبُ الْبُيُوْتَ الْعَامِرَةَ.

تَرْكُ الْاَعْمَالِ الْحُرَّةِ ـــ
يُفْقِرُ الْاَهَالِيْ ، وَ
يَجْعَلُهُمْ غُرَبَاءَ فِيْ
بِلَادِهِمْ ۔

اَلْجُلُوْسُ فِيْ مَشَارِبِ الْقَهْوَةِ ـــ
مُضَيِّعَةٌ لِلْوَقْتِ ، وَ
مُفْسِدَةٌ لِلْاَخْلَاقِ وَ
الْاَعْمَالِ ۔

تَأْلِيْفُ الشِّرْكَاتِ ـــ
يُوْجِدُ الْقُوَّةَ فِي
الرَّأْيِ وَ الْكَثْرَةَ فِيْ
رَأْسِ الْمَالِ وَ يَجْلِبُ
الرِّبْحَ الْوَفِيْرَ ۔

ترجمہ :-

اسباب و مُسبّبات

(۱)

فٹ بال کا کھیل — خون کو حرکت دیتا ہے ۔

تیراکی — عضلوں کو مفید ہے ۔
شکار — پھیپھڑوں کو فائدہ دیتا ہے ۔
گھوڑے پر چڑھنا — اسپ سواری سکھاتا ہے ۔
سوچ کے ساتھ کرید کرنا — اصلیت تک پہنچاتا ہے ۔
برتاؤ کی اچھائی — محبت پیدا کرتی ہے ۔

اسباب و مسببات

(۲)

صاف نیت کے ساتھ چھان بین — درستی تک پہنچاتی ہے ۔
شطرنج بازی — یاد داشت کو تقویت دیتی اور سیاسی چالوں کی مشق کراتی ہے ۔
شریفیت کاموں کا چھوڑنا — پیشہ وروں کو تنگدست اور اپنے وطن میں پردیسی بنا دیتا ہے ۔
قہوہ خانوں میں بیٹھنا — اوقات کو کھونے اور اخلاق و اعمال کو بگاڑنے کا موجب ہوتا ہے ۔
کمپنیوں کا بنانا — رائے میں قوت اور سرمائے میں کثرت پیدا کرتا اور زیادہ نفع کھینچ لاتا ہے ۔

مِصْرُ

اِنَّ مِصْرَ مِنْ اَخْصَبِ الْبُلْدَانِ وَ مَوْقِعُهَا فِی الشِّمَالِ الشَّرْقِیِّ مِنْ اَفْرِیْقِیَا عَلٰی سَاحِلِ الْبَحْرِ الْاَبْیَضِ الْمُتَوَسِّطِ، وَ هِیَ مِنْ اَقْدَمِ الْبِلَادِ الْمَشْهُوْرَةِ فِی التَّارِیْخِ، وَكَانَ الْفَرَاعِنَةُ مُلُوْكًا لَهَا فِیْ قَدِیْمِ الزَّمَانِ، وَ تَشْهَدُ آثَارُهُمْ عَلٰی تَقَدُّمِ الْمِصْرِیِّیْنَ فِیْ تِلْكَ الْاَیَّامِ، وَ مِنْ هٰذِهِ الْآثَارِ الْاَهْرَامُ، وَ قَدْ بَنَا بَعْضُ مُلُوْكِهِمْ لِتَكُوْنَ قُبُوْرًا لَهُمْ. وَ فِیْ هٰذِهِ الْبِلَادِ یَمْتَدُّ نَهْرُ النِّیْلِ، وَ هُوَ مِنْ اَعْظَمِ اَنْهُرِ الْاَرْضِ وَ تَصُبُّ مِیَاهُهُ فِی الْبَحْرِ الْمَذْكُوْرِ وَ فِی الْقُطْرِ الْمِصْرِیِّ مُدُنٌ شَهِیْرَةٌ اَعْظَمُهَا الْقَاهِرَةُ وَ هِیَ الْعَاصِمَةُ

ترجمہ: مصر ایک نہایت زرخیز ملک ہے اور اسکا محل وقوع افریقیہ کے شمال مشرق میں میڈیٹرینین سی کے کنارے پر ہے اور وہ تاریخ کے بہت پرانے مشہور ملکوں میں سے ہے۔ قدیم زمانے میں فراعنہ اس کے بادشاہ تھے، اور انکی یادگاریں ان ایام میں مصریوں کی ترقی کی گواہی دیتی ہیں! ورانھی یادگاروں میں سے اہرام ہیں جن کو بعض بادشاہوں نے بنایا تھا تاکہ انکے مقبرے ہوں، اور ملک میں دریائے نیل بہتا ہے جو روئے زمین کے بہت بڑے دریاؤں میں سے ہے، اور اسکے پانی بحر مذکور میں گرتے ہیں اور ملک مصر میں مشہور شہر ہیں جن میں سب سے بڑا قاہرہ ہے جو دارالسلطنت ہے۔

اُنشُودَۃٌ فِی الصِّدقِ

اَلصِّدقُ فِی المَقَالِ	مِنْ اَشْرَفِ الخِلَالِ
عِنْدَ ذَوِی المَعَالِی	عَلَامَۃُ الکَمَالِ
ھُوَ النَّجَاۃُ وَالشَّرَف	لِمَنْ بِہٖ قَدِ اتَّصَف
فَسُلَّمُ العُلَاءِ	صِدْقٌ بِلَا رِیَاءٍ
اِذْ ھُوَ لِلنِّسَاءِ	زَیْنٌ وَ لِلرِّجَالِ
فَکُنْ بُنَیَّ صَادِقًا	تَنَلْ کَمَالًا فَائِقًا
وَ تُرْضِیْ عَنْکَ خَالِقًا	مَوْلَاکَ ذَا الجَلَالِ

أُنْشُودَةُ الأَطْفَالِ فِي المَدْرَسَةِ

نَحْنُ أَطْفَالٌ صِغَار فِي نَشَاطٍ كَالكِبَار
شُغْلُنَا طُولَ النَّهَار بِسُرُورٍ وَ اجْتِهَاد

نعتني وقتَ الدُّرُوس بِنِظَامٍ وجُلُوس
وَ نُقَوِّى فِي النُّفُوس كُلَّ خَيْرٍ و رشاد

نَحْنُ بِالعلم المنير نَطْلُبُ العيش النَّضِير
فَلَهُ فضلٌ كبير كل خَيْرٍ و رِشَاد

إِنَّنَا نَبْغِي الفَلَاح فِي غُدُوٍّ و رواح
نَسْأَلُ اللهَ النَّجَاح إِنَّهُ هَادِي العِبَادِ

عَنْ نَّفْسِہٖ فَاسْتَعْصَمَ وَلَئِنْ

عَنْ	نَفْسِ	ہٖ	فَ اِسْتَعْصَمَ	وَ	لَ	اِنْ
سے	دل	اس کے	پس اُسنے اپنے آپ کو تھام رکھا	اور	البتہ	اگر

ورغلایا تھا سو اس نے ضبطِ نفس سے کام لیا اور اگر وہ (آئندہ بھی)

لَّمْ یَفْعَلْ مَآ اٰمُرُہٗ لَیُسْجَنَنَّ وَلَیَکُوْنًا

لَمْ	یَفْعَلْ	مَا	اٰمُرُ	ہٗ	لَ یُسْجَنَنَّ	وَ	لَ یَکُوْنَنْ
نہ	کیا اس نے	جو	میں فرماتی ہوں	اس کو	تو وہ قید کیا جائیگا	اور	ہوگا

جو فرمان میں اس کو کرتی ہوں۔ اُسے بجا نہ لائے گا۔ تو قید کر دیا جائے گا ۔

مِّنَ الصّٰغِرِیْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ رَبِّ

مِنْ میں سے	ال	صَاغِرِیْنَ	۳۲	قَالَ	رَبِّ	(ی)	ال
		خوار دن	۳۲	(یوسف نے) کہا	رب	میرے	

اور بے عزت بھی ہوگا ۳۲ (یوسف نے) کہا: اے میرے پروردگار!

السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا یَدْعُوْنَنِیْ

سِجْنُ	اَحَبُّ	اِلَیْ	یَ	مِنْ مَا	یَدْعُوْنَ	نِ	یْ
بندیخانہ	زیادہ محبوب	کو	مجھ	اس سے کہ	وہ بلاتی ہیں		مجھ کو

یہ قید خانہ مجھ کو اس کام سے جس کی طرف یہ مجھ کو

اِلَیْہِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّیْ کَیْدَھُنَّ اَصْبُ

اِلَیْ ہِ	وَ	اِنْ لَا	تَصْرِفْ	عَنْ نِیْ	کَیْدَ	ھُنَّ	اَصْبُ
اسکی طرف ط	اور	اگر نہ	تو پھیریگا	مجھ سے	داؤ	اُنکا	میں جھک جاؤنگا

بلاتی ہیں بہت پسند ہے اور اگر تو ان کے فریب کو مجھ سے دور نہ کریگا تو میں ان پر مائل

اِلَیْھِنَّ وَاَکُنْ مِّنَ الْجٰھِلِیْنَ ﴿۳۳﴾

اِلَیْھِنَّ	وَ	اَکُنْ	مِنْ	اَلْ	جَاھِلِیْنَ	۳۳	فَ
انکی طرف	اور	ہو جاؤنگا	میں سے		جاہلوں	۳۳	سو

ہو جاؤنگا اور جاہلوں [illegible]

فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ

كَيْدَهُنَّ	عَنْ هُ	صَرَفَ	فَ	هُ	رَبُّ	لَ هُ	اِسْتَجَابَ
داؤ ان کا	اس سے	دور کر دیا	پس	اس کے	رب نے	اس کی	مان لی

اس کے رب نے اس کی دعا قبول کر لی اور ان عورتوں کا داؤ (فریب) اس سے دور کر دیا۔

اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٣٤﴾

٣٤	عَلِيْمُ	اَلْ	سَمِيْعُ	اَلْ	هُوَ	هُ	اِنَّ
٣٤	جانتا ہے		سنتا		ہی	وہ	بیشک

بیشک وہی (سب کی) سنتا اور سب کچھ جانتا ہے۔ ٣٤

ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ

اٰيَاتِ	اَلْ	رَاَوْا	مِنْ بَعْدِ مَا	لَهُمْ	بَدَا	ثُمَّ
نشانیاں		انھوں نے دیکھ لیں	پیچھے اس کے کہ	ان کو	مناسب نظر آیا	پھر

پھر (یوسف کی عصمت کی) نشانیاں دیکھ لینے کے بعد بھی ان کو یہ سوجھی کہ

لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿٣٥﴾ وَدَخَلَ

دَخَلَ	وَ	٣٥	حِيْنٍ	حَتّٰى	هُ	لَ يَسْجُنُنَّ
اندر آئے	اور	٣٥	ایک مدت	تک	اس کو	کہ قید ہی کر دیں

اس کو ایک مدت تک قید ہی کر دینا چاہیئے ٣٥ اور اس کے ساتھ

مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ ؕ قَالَ اَحَدُهُمَآ

هُمَا	اَحَدُ	قَالَ	فَتَيَانِ ؕ	سِجْنَ	اَلْ	هُ	مَعَ
ان میں سے	ایک نے	کہا	دو جوان ؕ	بندیخانے میں		اس کے	ساتھ

بندیخانے میں دو غلام اور داخل ہوئے ؕ ان میں سے ایک نے کہا:

اِنِّيْٓ اَرٰىنِيْٓ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ الْاٰخَرُ

اَلْ اٰخَرُ	قَالَ	وَ	خَمْرًا ۚ	اَعْصِرُ	اَرٰى نِ ىْ	اِنَّ ىْ
دوسرے نے	کہا	اور	شراب ۚ	نچوڑتا ہوں	میں دیکھتا ہوں اپنے تئیں کہ	کہ

اِنِّیْٓ اَرٰىنِیْٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِیْ خُبْزًا تَاْكُلُ

ال	تَاْكُلُ	خُبْزًا	رَاْسِیْ	فَوْقَ	اَحْمِلُ	اَرٰىنِیْ	اِنِّیْ
	کھاتے ہیں	روٹی	اپنے سر کے	اوپر	کہ اٹھائے ہوئے ہوں		کہ میں خود کو دیکھتا ہوں

کہ میں دیکھتا ہوں کہ میں اپنے سر پر روٹی اٹھائے ہوئے ہوں (اور) پرندے

الطَّيْرُ مِنْهُ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ اِنَّا

اِنَّا	ٖہ	تَاْوِیْلِ	بِ	نَا	نَبِّئْ	مِنْ ہُ	طَیْرُ
ہم	اسکی ج	تعبیر		ہم کو	بتا	اس میں سے	پرندے

اس کو نوچ نوچ کر کھا رہے ہیں ہم کو اس کی تعبیر بتا دے ج کہ ہم

نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۳۶ قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا

كُمَا	لَا يَاْتِیْ	قَالَ	۳۶	الْمُحْسِنِیْنَ	مِنْ	نَرٰىكَ
تم کو	نہیں آئیگا	کہا یوسف نے	۳۶	نیکوکاروں میں سے	ایک	دیکھتے ہیں تجھکو

تجھ کو ایک نیک مرد دیکھتے ہیں ۳۶ یوسف نے کہا: جو کھانا تم کو

طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ

تَاْوِیْلِهٖ	بِ	كُمَا	اِلَّا نَبَّاْتُ	تُرْزَقٰنِ ہٖ	طَعَامٌ
تعبیر اس کی		تم کو	مگر بتادی ہوگی میں نے	دیا جاتا ہے تم دونو کو وہ	کھانا کہ

(ہر روز) ملتا ہے وہ ابھی تمہارے پاس آیا بھی نہ ہوگا کہ میں اس کے تمہارے

قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِیْ

ىْ	عَلَّمَ نِ	مِمَّا	ذٰلِكُمَا	كُمَا	يَاْتِیَ	اَنْ	قَبْلَ
مجھ کو	سکھایا	جس میں سے	یہ ہے	تم کو	وہ آئے	اس سے کہ	پہلے

پاس آنے سے پہلے ہی تمکو اس کی تعبیر بتادی ہوگی یہ اس میں سے ہے۔ جو

رَبِّیْ اِنِّیْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ	قَوْمٍ	مِلَّةَ	تَرَكْتُ	اِنِّیْ	ىْ	رَبُّ
نہیں ایمان رکھتے	ان لوگوں کا جو	دین	چھوڑ دیا	بیشک	میرے	رب نے

میرے رب نے مجھ کو تعلیم کی ہے میں نے ان لوگوں کا دین چھوڑ رکھا ہے جو اللہ پر ایمان نہیں

وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾

۳۷	كٰفِرُوْنَ	هُمْ	اٰخِرَةِ	ال	بِ	هُمْ	وَ
۳۷	منکر ہیں	وہی	آخرت		کے	وہ	اور

اور آخرت کے بھی وہی منکر ہیں ۳۷

وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِيْۤ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ

اِسْحٰقَ	وَ	اِبْرٰهِيْمَ	يْ	اٰبَآءِ	مِلَّةَ	اِتَّبَعْتُ	وَ
اسحاق	اور	ابراہیم	اپنے	باپوں کے	دین کی	میں نے پیروی کی	اور

اور میں نے اپنے باپ دادوں ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کے دین کا

وَيَعْقُوْبَ ؕ مَا كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ

بِاللّٰهِ	نُشْرِكَ	اَنْ	لَ نَا	كَانَ	مَا	يَعْقُوْبَ ؕ	وَ
ہم ساجھی ٹھہرائیں اللہ کے ساتھ		کہ	روا ہمکو	ہے	نہیں	یعقوب کے ؕ	اور

اتباع کیا (ہوا) ہے ؕ ہم کو یہ شایاں نہیں کہ ہم اللہ کے ساتھ کسی بھی چیز کو

مِنْ شَيْءٍ ؕ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا وَ

وَ	عَلَيْنَا	اللّٰهِ	فَضْلِ	مِنْ	ذٰلِكَ	شَيْءٍ	مِنْ
اور	ہم پر	اللہ کا	فضل		یہ ہے	چیز ؕ	کوئی سی

شریک ٹھہرائیں ؕ یہ اللہ کا فضل ہے ہم پر (بھی) اور سب لوگوں پر (بھی)

عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ

۳۸	لَا يَشْكُرُوْنَ	اَلنَّاسِ	اَكْثَرَ	لٰكِنَّ	وَ	اَلنَّاسِ	عَلٰى پر
۳۸	شکر نہیں کرتے	لوگ	بہت سے	لیکن		لوگوں پر	

لیکن اکثر لوگ قدر نہیں کرتے ۳۸

﴿۳۸﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ

اَرْبَابٌ	ءَ	سِجْنِ	ال	(نِ)		صَاحِبَيِ	يَا
دیوتا	کیا	قید خانے کے				دو رفیقو	اے

اے بندیخانے کے دو رفیقو! بھلا کئی جدا جدا رب

مُتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ

مُتَفَرِّقُوْنَ	خَيْرٌ	اَمْ	اَللّٰهُ	اَلْ	وَاحِدُ	اَلْ
جدا جدا	بہتر ہیں	یا	اللہ		اکیلا	

اچھے یا اکیلا اللہ جو سب سے زبردست ہے۔

مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَآءً

قَهَّارُ	۳۹	مَا	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	ہٖ	اِلَّا	اَسْمَآءً
زبردست ط	۳۹	نہیں	پوجتے ہو تم	سوا	اس کے	مگر	کچھ نام

۳۹ تم اس کے سوا جن کو پوجتے ہو وہ تو محض نام ہی

سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ

سَمَّيْتُمْ	وْ	هَا	اَنْتُمْ	وَ	اٰبَاءُ	كُمْ	مَا
کہ رکھ لئے		وہ	تم نے	اور	باپوں نے	تمہارے	نہیں

نام ہیں جو تم نے اور تمہارے باپوں نے رکھ لئے ہیں۔ اللہ نے

اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ط اِنِ

اَنْزَلَ	اَللّٰهُ	ب ساتھ	هَا	مِنْ	سُلْطٰنٍ ط	اِنْ	اَلْ
اتاری	اللہ نے		ان کی	کوئی	سند ط	نہیں	

ان کی کوئی سند نازل نہیں کی ط اللہ کے سوا کسی کی

اَلْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ط اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ

حُكْمُ	اِلَّا	لِلّٰهِ ط	اَمَرَ	اَنْ	لَا	تَعْبُدُوْا	اِلَّا
حکومت	مگر	اللہ کی	اس نے فرمایا ہے	کہ	نہ	پوجو	مگر

حکومت نہیں ط اس نے حکم دے رکھا ہے کہ اسکے سوا کسی کی بندگی

اِيَّاهُ ط ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

اِيَّاهُ ط	ذٰلِكَ	اَلْ دِيْنُ	اَلْ	قَيِّمُ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ	اَلنَّاسِ
اس کو ط	یہ ہے	دین		درست	مگر	اکثر	لوگ

نہ کرو ط یہی ہے سیدھا دین لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

لَا يَعْلَمُوْنَ ۳۸ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّآ

لَا يَعْلَمُوْنَ	۳۸		صَاحِبَيِ	اَلْ	سِجْنِ	اَمَّآ
نہیں جانتے	۳۸	اے	دو رفیقو!		بندیخانے کے	پر

اے قید خانے کے دو رفیقو! تم میں سے

اَحَدُكُمَا فَيَسْقِىْ رَبَّهٗ خَمْرًا ج وَ

اَحَدُ	كُمَا	فَ	يَسْقِىْ	رَبَّ	هٗ	خَمْرًا ج	وَ
ایک	تمہارا	سو	پلائیگا	آقا کو	اپنے	شراب ج	اور

ایک تو اپنے آقا کو مے پلائیگا۔ ج اور جو

اَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ

اَمَّا	اَلْ	اٰخَرُ	فَ	يُصْلَبُ	فَ	تَاْكُلُ	اَلْ
پر		دوسرا	سو	سولی دیا جائیگا	پھر	کھائینگے	

دوسرا ہے، تو وہ سولی دیا جائے گا اور پرندے

مِنْ رَّاْسِهٖ ط قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِىْ

طَيْرُ	مِنْ	رَّاْسِ	هٖ ط	قُضِيَ	اَلْ	اَمْرُ	اَلَّذِىْ
پرندے	میں سے	سر	اسکے ط	فیصلہ کیا جا چکا	وہ	کام	کہ

اس کے سر کو نوچ نوچ کر کھائیں گے ط جس کام کی تم تحقیق چاہتے

فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ط وَقَالَ لِلَّذِىْ ظَنَّ

فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ	۴۱	وَ	قَالَ	لِ	اَلَّذِىْ	ظَنَّ
اس کے بارے میں تم پوچھتے تھے	۴۱	اور	کہا		اس کو کہ	گمان کیا

تھے اس کا فیصلہ ہو چکا ہے اور جس کی نسبت گمان کیا تھا کہ ان دونوں

اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِىْ عِنْدَ رَبِّكَ ز

اَنَّ	هٗ	نَاجٍ مِنْهُمَا	اُذْكُرْ	نِىْ	عِنْدَ	رَبِّكَ ز
کہ	وہ	رہائی پانیوالا ہے ان دونوں سے	ذکر کرنا	مجھ کو	پاس	اپنے آقا کے

میں سے وہ بچ رہیگا اس کو کہا کہ اپنے آقا کے پاس میرا ذکر کرنا

فَاَنْسٰىهُ الشَّيْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ

فَ	اَنْسٰى	هُ	الشَّيْطَانُ	ذِكْرَ	رَبِّ	هٖ	فَ
پھر	بھلا دیا	اس کو	شیطان نے	ذکر کرنا	آقا سے	اپنے	پھر

سو شیطان نے اس کو اپنے آقا سے تذکرہ کرنا بھلا دیا

فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَقَالَ

لَبِثَ	فِي السِّجْنِ	بِضْعَ	سِنِيْنَ	۴۲	وَ	قَالَ	اَلْ
رہا	قید خانے میں	کئی	برس	۴۲	اور	کہا	

اس وجہ سے وہ چند سال اور قید خانے میں رہ گیا ۴۲ اور مصر کے بادشاہ نے کہا:

الْمَلِكُ اِنِّيْٓ اَرٰى سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ

مَلِكُ	اِنِّيْٓ	اَرٰى	سَبْعَ	بَقَرٰتٍ	سِمَانٍ	يَاْكُلُ	هُنَّ
بادشاہ نے	کہ میں	دیکھتا ہوں	سات	بیل	موٹے	کھا جاتے ہیں	ان کو

میں (خواب میں) دیکھتا ہوں کہ سات موٹی موٹی گائیں ہیں جن کو سات

سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ

سَبْعٌ	عِجَافٌ	وَ	سَبْعَ	سُنْبُلَاتٍ	خُضْرٍ	وَ	اُخَرَ
سات	دبلے	اور	سات	خوشے	سبز	اور	دوسرے

دبلی گائیں کھا جاتی ہیں اور سات ہری ہری بالیں ہیں اور (سات) اور ہیں

يٰبِسٰتٍ ۭ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِيْ فِيْ

يٰبِسٰتٍ	يَا اَيُّهَا	اَلْ	مَلَاُ	اَفْتُوْ	نِ	ىْ	فِيْ
سوکھے ہوئے	اے		سردارو	جواب دو		مجھ کو	متعلق

سوکھی ہوئی (اور یہ سوکھی بالیں ہری بالوں کو چٹ کر جاتی ہیں) اے اہل دربار تم میرے

رُءْيَايَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْيَا تَعْبُرُوْنَ

رُءْيَا	يَ	اِنْ	كُنْتُمْ	لِ	اَلْ	رُءْيَا	تَعْبُرُوْنَ
خواب کے	میرے	اگر	ہو تم			خواب کی	تعبیر کرتے

خواب کی تعبیر بتاؤ اگر تم خوابوں کی تعبیر دیا کرتے ہو۔

﴿۴۴﴾ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِيْلِ

۴۴	قَالُوْا	اَضْغَاثُ	اَحْلَامٍ ج	وَ	مَا	نَحْنُ	بِ
۴۴	انھوں نے کہا	خواب ہیں	پریشان ج	اور	نہیں	ہم	

۴۴ انھوں نے کہا: (یہ) اڑتے خواب ہیں اور ہم ایسے خوابوں کی تعبیر

الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَقَالَ

تَاْوِيْلِ	اَلْ	اَحْلَامِ	بِ	عَالِمِيْنَ	۴۴	وَ	قَالَ
تعبیر	ان	خوابوں کی		جانتے	۴۴	اور	کہا

سے آگاہ نہیں ہیں ۴۴ اور جو شخص ان دو

الَّذِيْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا

الَّذِيْ	نَجَا	مِنْ هُمَا	وَ	اِدَّكَرَ	بَعْدَ	اُمَّةٍ	اَنَا
جس نے	رہائی پائی	ان دونوں میں سے	اور	یاد کیا	بعد	ایک مدت کے	میں

(قیدیوں) میں سے رہا ہو گیا تھا، اس نے کہا: اور ایک مدت کے بعد اسکو یاد آگیا: میں

اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِيْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ﴿۴۵﴾

اُنَبِّئُ	كُمْ	بِ	تَاْوِيْلِ	هٖ	فَ	اَرْسِلُوْا	نِ (ی)
بتاؤں گا	تم کو		تعبیر	اسکی	سو	تم بھیجدو	مجھ کو

تم کو اس (خواب) کی تعبیر بتاؤں گا، سو تم مجھ کو بھیج دو۔

يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ اَفْتِنَا فِيْ

۴۵	يُوْسُفُ	اَيُّهَا	اَلْ	صِدِّيْقُ	اَفْتِ	نَا	فِيْ
۴۵	یوسف	اے		سچے (مرد)	جواب دے	ہم کو	بارے میں

۴۵ (وہ گیا اور جاکر کہا) یوسف! اے راستی کے سروپ! ہم کو اس (خواب)

سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّ

سَبْعِ	بَقَرَاتٍ	سِمَانٍ	يَاْكُلُ	هُنَّ	سَبْعٌ	عِجَافٌ	وَ
سات	بیلوں کے	موٹے	کھاجاتے ہیں	ان کو	سات	دبلے	اور

کی تعبیر دے کہ سات موٹی گائیں ہیں، انکو سات دبلی (گائیں) کھا جاتی ہیں۔ اور

مفید کتابیں

کتاب	قیمت	کتاب	قیمت
نقشِ وفا: ازحضرت نواب صدیار جنگ بہادر و علیا بیگم 〃 〃	۶/	نماز بلادِ اسلامیہ میں	۲/
محمد اور عورت ذات	۳/	سترِ دلبراں: قابل دید	۳/
اظہارِ حق: تفسیر سورۃ والتین	۶/	مقتولِ بے حجابی	۱/
ہمارے اعمال اور ان کی قدر و قیمت	۲/	قواعدِ عربی حصہ اوّل۔ علم صرف	۱۲/
الناموس المفصل: تفسیر سورۃ مزمل	۴/	عروسِ غربت: ایم۔ ایم۔ اسلم	عمہ/
نور الحق: تفسیر سورۃ علق مع ضمیمہ	۳/	بقائے دوام: 〃 〃	عہ
اصل الاصول: اہلِ حدیث اور اہلِ قرآن کے مناظرہ پر محاکمہ	۶/	انتقام: 〃 〃 〃	۳/
		پیمانِ وفا: 〃 〃 〃	۵/
		خطِ تقدیر: 〃 〃 〃	۶/
سمجھ اچھی کہ بے سمجھی:	۱/	غزال: 〃 〃 〃	۱۰/
ارشادات القرآن	۸/	ساربان: 〃 〃 〃	۴/
تندرستی ہزار نعمت	۵/	چار سہیلیاں: 〃 〃 〃	عہ
الاحسان: تصوف کا بیان	۸/	بڑھی بی: 〃 〃 〃	۱۲/
لالۂ صحرا نظم: از پروفیسر محمد اکبر منیر	۴/	نورِ ہدایت: 〃 〃 〃	۴/
جبریل و ابلیس: 〃 〃 〃	۴/	دریائے وحدت: قرآن شریف کی آیات اور گرنتھ کے شبدوں کی یکرنگی۔	عمہ ۱۲/
اتاترک	۶/		
شانِ اردو	۶/	الفوز الکبیر، فتح الخبیر فارسی	۸/

ملنے کا پتہ: مینیجر کتب خانہ انجمن اشاعتِ اسلام، دار القرآن جالندھر شہر

استاد کی امداد کے بغیر

عربی سکھا دینے والی کتابیں

کتاب	قیمت	کتاب	قیمت
معلم العربیہ	عہ	خزینۃ العلوم حصہ اول مجلد	عہ/
مدرّس العربیہ	۸/ عہ	لغات القرآن	۱۰/
عربی ٹیچر	عہ	لغات القرآن عزیزی	۴/ عا
عربی کا معلم جدید حصہ اول	۱۴/	مصباح القرآن ”	۸/ عہ
” ” دوم	۱۴/	عربی بول چال حصہ اول	۱۴/
کلید ” اول	۵/	” ” دوم	۱۴/
” ” دوم	۵/	کتاب الصرف	۱۴/
کلام عربی حصہ اول	۱۰/	کتاب النحو	۱۰/
” ” دوم	۱۰/	قوانینِ عربی	۱۲/
ترجمان القرآن جلد اول، دوم		اردو عربی ترجمہ	۸/ عہ
سوم، چہارم، پنجم، ششم ہدیہ فی جلد	عہ	الصحیفۃ الاولیٰ	
جلد ۲۹ و ۳۰ ”	عہ	” الثانیہ	
ہدایت العربیہ	عا	” الثالثہ	[illegible]
اساس عربی	عا	” الرابعہ	[illegible]
اللغات والامثال	عا	الدروس العربیہ حصہ اول	[illegible]

ملنے کا پتہ: منیجر مکتبۂ علمیہ۔ مدرسۃ البنات۔ جالندھر شہر

رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۵۵۵

پیام اسلام

جالندھر شہر

تعلیمی صحیفہ

اپریل ۱۹۴۶ء

مدیر : محمد احمد خاں ذاکر

قواعد

۱۔ رسالہ ہر انگریزی مہینے کے پہلے ہفتے میں شائع ہوتا ہے۔

۲۔ رسالہ نہ پہنچنے کی اطلاع اسی مہینے کی بیسویں تاریخ تک دفتر میں پہنچ جانی چاہیئے، ورنہ رسالہ، بشرطِ موجودگی، قیمت پر ملیگا

۳۔ چندہ سالانہ ۳ے ۔ فی پرچہ ۴؍

۴۔ اشتہارات کی اُجرت کا تصفیہ منیجر سے بذریعہ خط وکتابت کرنا چاہیئے۔

جنرل برقی پریس ریلوے روڈ جالندھر شہر میں چھپ کر
باہتمام محمد احمد خان ذاکر پرنٹر پبلشر "دار القرآن" سے شائع ہوا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیغام حق
جالندھر شہر
جلد ۱۷ | اپریل ۱۹۴۶ء ربیع الثانی ۱۳۶۵ھ | نمبر ۴

تعلیم الاحادیث

دعا کرنے کے متعلق صحیح حدیثیں

(۱) لَیْسَ شَیْءٌ اَکْرَمَ عَلَی اللّٰہِ تَعَالٰی مِنَ الدُّعَاءِ۔

اللہ تعالیٰ کے پاس دُعا سے عزیز تر کوئی چیز نہیں ہے۔

(۲) اَفْضَلُ الْعِبَادَۃِ الدُّعَاءُ۔

دعا افضل تر عبادت ہے۔

(۳) لَا تَعْجِزُوْا بِالدُّعَاءِ فَاِنَّہٗ لَنْ یَّهْلِكَ مَعَ الدُّعَاءِ اَحَدٌ۔

دعا کرنے میں کوتاہی نہ کیا کرو، کیونکہ دعا کرتے ہوئے کوئی تباہ نہیں ہوتا۔

(۴) لِيَسْأَلْ اَحَدُكُمْ رَبَّهٗ حَاجَتَهٗ كُلَّهَا حَتّٰى يَسْئَلَهٗ شِسْعَ نَعْلِهٖ اِذَا انْقَطَعَ۔

تم میں سے ہر شخص کو اپنی حاجت اپنے پروردگار ہی سے مانگنی چاہئے یہانتک کہ اگر جوتی کا تسمہ بھی ٹوٹ جائے تو یہ بھی اسی سے مانگے۔

(۵) اَلدُّعَاءُ يَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ، وَ مِمَّا لَمْ يَنْزِلْ، فَعَلَيْكُمْ عِبَادَ اللّٰهِ بِالدُّعَاءِ۔

دعا مفید ہے اس بلا کے لئے جو نازل ہوئی ہے اور اس کے لئے بھی جو نازل نہیں ہوئی لہٰذا اے بندگانِ خدا تم پر دعا کی پابندی لازم ہے۔

(۶) اَلدُّعَاءُ يَرُدُّ الْقَضَاءَ، وَ اِنَّ الْبِرَّ يَزِيْدُ فِى الرِّزْقِ وَ اِنَّ الْعَبْدَ لَيُحْرَمُ الرِّزْقَ بِالذَّنْبِ يُصِيْبُهٗ۔

دعا قضائے الٰہی کو رد کرتی ہے اور حسنِ سلوک رزق میں اضافہ کرتا ہے اور بندہ گناہ کرنے کی وجہ سے رزق سے محروم ہو جاتا ہے۔

(۷) لَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ اِلَّا الدُّعَاءُ وَ لَا يَزِيْدُ فِى الْعُمُرِ اِلَّا الْبِرُّ۔

دعا ہی حکم قضا کو رد کر سکتی ہے اور نیکی ہی عمر میں ترقی کا سبب بنتی ہے۔

(۸) اَلدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ وَ عِمَادُ الدِّیْنِ وَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ۔

دعا مومن کا ہتھیار اور دین کا ستون ہے اور آسمان اور زمین کا نور ہے۔

(۹) اَقْرَبُ مَا یَکُوْنُ الْعَبْدُ مِنْ رَّبِّہٖ وَ ھُوَ سَاجِدٌ، فَاَکْثِرُوا الدُّعَاءَ۔

بندہ سجدہ میں اپنے پروردگار سے بہت قریب ہو جاتا ہے۔ لہٰذا زیادہ دعائیں کیا کرو

(۹) سَلُوا اللّٰہَ بِبُطُوْنِ اَکُفِّکُمْ، وَ لَا تَسْئَلُوْہُ بِظُھُوْرِھَا، فَاِذَا فَرَغْتُمْ فَامْسَحُوْا بِھَا وُجُوْھَکُمْ۔

اللہ سے دعا کرو تو اپنی ہتھیلیوں کو چہرے کے سامنے رکھا کرو، ان کی پیٹھ نہ رکھو پھر جب فارغ ہو جاؤ تو ہاتھوں کو اپنے منہ پر پھیر لو۔

ف۔ یہ طریقہ دعائے رغبت کا ہے یعنی جو چیز مانگی جاتی ہے اس کے لئے ہتھیلیاں چہرے کے سامنے رکھنا چاہیئے۔ دوسری صورت دعاے رہبت کی ہے۔ اس میں کسی آفت کو دفع کرنے کی دعا کی جاتی ہے۔ اس صورت میں ہتھیلیوں کی پیٹھ چہرے کے سامنے کرنی چاہیئے جیسا کہ کوئی مارتا ہے تو ہاتھوں سے روکا جاتا ہے استسقا میں یہی طریقہ ہے

(۱۱) سَلُوا اللّٰہَ بِبُطُوْنِ اَکُفِّکُمْ وَ لَا تَسْئَلُوْھَا بِظُھُوْرِھَا۔

اللہ سے دعا کرو تو اپنی ہتھیلیاں سامنے اٹھا کر دعا کیا کرو۔ ہاتھوں کی پیٹھ چہرے

کی طرف کر کے دعا نہ کیا کرو۔

(۱۲) مَا رَفَعَ قَوْمٌ اَكُفَّهُمْ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى يَسْئَلُوْنَهٗ اِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يَّضَعَ فِيْ اَيْدِيْهِمُ الَّذِيْ سَئَلُوْا۔

جو قوم اپنے ہاتھ اٹھا کر اللہ تعالیٰ سے کچھ مانگتی ہے تو اللہ پر حق ہوتا ہے کہ ان کے ہاتھوں میں وہ چیز رکھدے جس کی انھوں نے درخواست کی ہے۔

(۱۳) كَانَ يَسْتَحِبُّ الْجَوَامِعَ مِنَ الدُّعَاءِ وَ يَدَعُ مَا سِوٰى ذٰلِكَ.

آپؐ جامع کلمات ہیں اور جمع کے صیغہ کے ساتھ دعا کرنے کو پسند فرماتے تھے اور اسکے سوا دعا کی جو صورتیں ہوتی ہیں اُنکو چھوڑ دیتے تھے۔

(۱۴) كَانَ اِذَا ذَكَرَ اَحَدًا فَدَعَا لَهٗ بَدَاَ بِنَفْسِهٖ۔

جب آپؐ کسی کا ذکر کرتے اور اس کے لئے دعا فرمانا چاہتے تو اپنی ذات اقدس کے لئے پہلے دعا فرماتے۔

(۱۵) اَفْضَلُ الدُّعَاءِ دُعَاءُ الْمَرْءِ لِنَفْسِهٖ۔

افضل ترین دعا، انسان کا اپنے لئے دعا کرنا ہے۔

(۱۶) كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّدْعُوَ عَلٰى اَحَدٍ اَوْ يَدْعُوَ لِاَحَدٍ قَنَتَ بَعْدَ الرُّكُوْعِ۔

جب آپؐ کسی کے خلاف یا کسی کے موافق دعا فرمانا چاہتے تو (نماز میں) رکوع کے

بعد قنوت (وہ دعا) پڑھتے ۔

(۱۷) كَانَ اِذَا دَعَا لِرَجُلٍ اَصَابَتْهُ الدَّعْوَةُ وَ وَلَدَهٗ وَ وَلَدَ وَلَدِهٖ ۔

جب آپ کسی کے حق میں دعا فرماتے تو اس کا اثر اس کو اور اس کی اولاد کو اور اولاد کی اولاد تک پہنچتا ۔

(۱۸) كَانَ يُؤْتٰى بِالصِّبْيَانِ فَيُبَرِّكُ عَلَيْهِمْ وَ يُحَنِّكُهُمْ وَ يَدْعُوْا لَهُمْ ۔

آپ کے پاس بچے لائے جاتے تھے، آپ اُن کو برکت دیتے اور ان کو اپنا لعاب دہن مبارک چٹاتے اور ان کے حق میں دعائے خیر فرماتے تھے ۔

(۱۹) كَانَ اِذَا صَلَّى الْغَدَاةَ جَآءَهٗ خَدَمُ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ بِاٰنِيَتِهِمْ فِيْهَا الْمَآءُ فَمَا يُؤْتٰى بِاِنَاءٍ اِلَّا غَمَسَ يَدَهٗ فِيْهِ ۔

جب آپؐ نمازِ فجر سے فارغ ہوتے تو اہلِ مدینہ کے نوکر چاکر اپنے برتن لیکر آپؐ کے پاس حاضر ہوتے جن میں پانی ہوتا، تو جو برتن آپ کے پاس پیش ہوتا آپ برکت کے لئے اسمیں دستِ مبارک ڈبو دیتے تھے ۔

(۲۰) نَهٰى عَنِ الرُّقٰى، وَ التَّمَائِمِ، وَ التِّوَلَةِ ۔

منتر اور گنڈے اور ٹونے سے آپ نے منع فرمایا ۔

(۲۱) مَنِ اكْتَوٰى اَوِ اسْتَرْقٰى فَقَدْ بَرِئَ مِنَ التَّوَكُّلِ۔
جس نے داغ لیا یا منتر پڑھایا تو وہ (کامل) توکل سے بے تعلق رہا۔

(۲۲) سَبْعُوْنَ اَلْفًا مِنْ اُمَّتِیْ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ : هُمُ الَّذِيْنَ لَا يَكْتَوُوْنَ وَ لَا وَلَا يَسْتَرْقُوْنَ وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ۔
میری امّت میں سے ستّر ہزار افراد جنت میں بغیر حساب لئے داخل ہونگے یہ وہی ہیں جو نہ داغ لیتے ہیں نہ داغ دیتے ہیں اور نہ منتر پڑھواتے ہیں اور نہ بدفالی لیتے ہیں اور صرف اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں۔

(۲۳) اِرْقِ مَا لَمْ يَكُنْ شِرْكٌ بِاللهِ۔
وہ منتر پڑھو جس میں اللہ کے ساتھ کسی طرح کا شرک نہ ہو۔

(۲۴) كَانَ يَاْمُرُ اَنْ نَسْتَرْقِیَ مِنَ الْعَيْنِ۔
آپؐ ہم کو حکم دیتے تھے کہ نظرِ بد کا منتر پڑھا کریں۔

(۲۵) اِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ مِنْ نَفْسِهٖ اَوْ مَالِهٖ اَوْ مِنْ اَخِيْهِ مَا يُعْجِبُهٗ فَلْيَدْعُ لَهٗ بِالْبَرَكَةِ فَاِنَّ الْعَيْنَ حَقٌّ۔
جب تم میں سے کوئی شخص اپنی ذات میں یا مال میں یا اپنے بھائی میں کوئی پسند کی بات دیکھے تو اسکے حق میں برکت کی دعا کرے، کیونکہ نظر لگنا حق ہے۔

(۲۶) عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ ؟ اِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ مِنْ اَخِيْهِ مَا يُعْجِبُهٗ فَلْيَدْعُ لَهٗ بِالْبَرَكَةِ۔

تم میں کا کوئی شخص، اپنے بھائی کو کس بنا پر مار ڈالتا ہے؟ جب تم میں سے کسی کو اپنے بھائی کی کوئی ادا پسند آجائے تو اُس کے لئے برکت کی دعا کرنی چاہیئے۔

ف۔ نہ یہ کہ اُسکی پسندیدہ بات پر حسد کرے اسکے قتل کے درپے رہے استغفراللہ۔

(۲۷) كُلْ فَلَعَمْرِيْ لَمَنْ اَكَلَ بِرُقْيَةٍ بَاطِلٍ لَقَدْ اَكَلْتَ بِرُقْيَةِ حَقٍّ.

کھالے۔ میری بقا کی قسم۔ کھانے والے تو جھوٹا منتر پڑھکر کھاتے ہیں، اور تو سچا منتر پڑھکر کھا رہا ہے۔

ف۔ کفریہ کلمات کے منتر پڑھکر لوگ کما کھاتے ہیں، اگر کسی نے سورۂ فاتحہ وغیرہ دم کرکے اس کا ہدیہ کھایا، تو اسمیں کونسی ناجوازی کی بات ہوئی؟

(۲۸) اَفْضَلُ الذِّكْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَ اَفْضَلُ الدُّعَاءِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔

سب سے افضل ذکر لا الٰہ اِلّا اللہ ہے اور افضل ترین دعا الحمدللہ ہے۔

(۲۹) خَيْرُ الدُّعَاءِ الْاِسْتِغْفَارُ.

بہترین دعا استغفار ہے۔

(۳۰) اِنَّهٗ لَيُغَانُ عَلٰى قَلْبِيْ وَ اِنِّيْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ فِي الْيَوْمِ مِائَةَ مَرَّةٍ۔

میرے دل پر اغیار کا اثر چڑھتا رہتا ہے۔ اس لئے میں روزانہ سو دفعہ اللہ سے مغفرت کا سوال کرتا رہتا ہوں۔

(۳۱) إِنَّ الشَّيْطَانَ قَالَ : وَ عِزَّتِكَ يَا رَبِّ لَا أَبْرَحُ أُغْوِيْ عِبَادَكَ مَا دَامَتْ أَرْوَاحُهُمْ فِيْ أَجْسَادِهِمْ فَقَالَ الرَّبُّ : وَ عِزَّتِيْ وَ جَلَالِيْ لَا أَزَالُ أَغْفِرُ لَهُمْ مَا اسْتَغْفَرُوْنِيْ ۔

شیطان نے کہا : اے میرے پروردگار! تیری عزت کی قسم ہے کہ میں تیرے بندوں کو بھٹکاتا رہوں گا جب تک کہ ان کے جسم میں ان کی روح ہو، تو پروردگار نے فرمایا کہ میری عزت اور میرے جلال کی قسم ہے میں بھی ان کو بخشتا رہونگا جب تک کہ وہ مجھ سے بخشش مانگتے رہیں ۔

(۳۲) قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى : يَا عِبَادِيْ إِنِّيْ حَرَّمْتُ الظُّلْمَ عَلٰى نَفْسِيْ جَعَلْتُهُ مُحَرَّمًا بَيْنَكُمْ فَلَا تَظَالَمُوْا يَا عِبَادِيْ كُلُّكُمْ ضَالٌّ إِلَّا مَنْ هَدَيْتُهُ فَاسْتَهْدُوْنِيْ أَهْدِكُمْ ، يَا عِبَادِيْ كُلُّكُمْ جَائِعٌ إِلَّا مَنْ أَطْعَمْتُهُ فَاسْتَطْعِمُوْنِيْ أُطْعِمْكُمْ يَا عِبَادِيْ كُلُّكُمْ عَارٍ إِلَّا مَنْ كَسَوْتُهُ فَاسْتَكْسُوْنِيْ أَكْسُكُمْ ، يَا عِبَادِيْ إِنَّكُمْ تُخْطِئُوْنَ بِاللَّيْلِ وَ النَّهَارِ وَ أَنَا أَغْفِرُ الذُّنُوْبَ

جَمِیْعًا فَاسْتَغْفِرُوْنِیْ اَغْفِرْ لَکُمْ، یَا عِبَادِیْ اِنَّکُمْ لَنْ تَبْلُغُوْا ضَرِّیْ فَتَضُرُّوْنِیْ وَ لَنْ تَبْلُغُوْا نَفْعِیْ فَتَنْفَعُوْنِیْ، یَا عِبَادِیْ لَوْ اَنَّ اَوَّلَکُمْ وَ اٰخِرَکُمْ وَ اِنْسَکُمْ وَ جِنَّکُمْ کَانُوْا عَلٰی اَتْقٰی قَلْبِ رَجُلٍ وَّاحِدٍ مِّنْکُمْ مَا زَادَ ذٰلِکَ فِیْ مُلْکِیْ شَیْئًا یَا عِبَادِیْ لَوْ اَنَّ اَوَّلَکُمْ وَ اٰخِرَکُمْ وَ اِنْسَکُمْ وَ جِنَّکُمْ کَانُوْا عَلٰی اَفْجَرِ قَلْبِ رَجُلٍ وَاحِدٍ مِّنْکُمْ مَا نَقَصَ ذٰلِکَ مِنْ مُلْکِیْ شَیْئًا، یَا عِبَادِیْ لَوْ اَنَّ اَوَّلَکُمْ وَ اٰخِرَکُمْ وَ اِنْسَکُمْ وَ جِنَّکُمْ قَامُوْا فِیْ صَعِیْدٍ وَاحِدٍ فَاسْئَلُوْنِیْ فَاَعْطَیْتُ کُلَّ اِنْسَانٍ مَسْئَلَتَهٗ مَا نَقَصَ ذٰلِکَ مِمَّا عِنْدِیْ اِلَّا کَمَا یَنْقُصُ الْمَخِیْطُ اِذَا اُدْخِلَ الْبَحْرَ یَا عِبَادِیْ اِنَّمَا هِیَ اَعْمَالُکُمْ اُحْصِیْهَا لَکُمْ ثُمَّ اُوَفِّیْکُمْ اِیَّاهَا فَمَنْ وَجَدَ خَیْرًا فَلْیَحْمَدِ اللّٰهَ وَ مَنْ وَجَدَ غَیْرَ ذٰلِکَ فَلَا یَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَهٗ ۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اے بندو! ظلم کو میں نے اپنی ذات پر حرام قرار دیا ہے اور تمھارے فیما بینہن (آپس میں) بھی حرام ٹھیرایا ہے۔ لہٰذا ایک دوسرے پر ظلم نہ کیا کرو۔ اے بندو! تم سب گمراہ ہو، مگر وہ جس کو میں نے راہ دکھائی۔ لہٰذا میری رہنمائی طلب کیا کرو، میں تم کو راہ دکھاؤنگا۔ اے بندو تم سب بھوکے ہو بجز اس کے جس کو میں نے کھلایا۔ لہٰذا مجھ سے روزی مانگا کرو، میں تم کو کھلاؤنگا اے بندو! تم سب برہنہ ہو مگر وہ جس کو میں نے پہنایا، لہٰذا مجھ سے پوشش طلب کیا کرو، میں تم کو پہناؤنگا۔ اے بندو! تم سب رات دن خطائیں کرتے رہتے ہو میں تمام گناہوں کو بخشتا رہتا ہوں۔ لہٰذا مجھ سے بخشش مانگا کرو، میں تم کو بخش دونگا۔ اے بندو! تم کبھی اس حد تک نہیں پہنچ سکتے ہو کہ مجھے کوئی نفع پہنچا سکو اے بندو! اگر تمہارے اولین و آخرین انس و جن سب کے سب تم میں سے زیادہ متقی شخص کا سا دل رکھتے ہوں، تو اس سے میری سلطنت میں کچھ اضافہ نہ ہوگا اور اگر تمھارے اولین و آخرین انس و جن سب کے سب بدکار ترین شخص کا سا دل رکھیں، تو اس سے میری مملکت میں کچھ بھی کمی نہیں ہو سکتی۔ اے بندو! اگر تمھارے اولین و آخرین انس و جن سب ملکر ایک جگہ کھڑے ہو جائیں اور مجھ سے (جو چاہیں، جتنا چاہیں) مانگنے لگیں اور میں ان سب کو ان کی منہ مانگی مرادیں بھی دیدوں تو میری ملکیت میں کوئی کمی نہیں ہو سکتی۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کسی سمندر میں سوئی ڈال کر نکال لی جائے (تو اس سے سمندر کا پانی کیا کم ہوتا ہے؟) اے بندو! یہ تمھارے ہی عمل ہیں جن کا میں شمار کرتا رہتا ہوں۔ پھر ان کی پوری پوری جزا دے دیتا ہوں۔ لہٰذا جس کو اچھی جزا ملے وہ اللہ کا شکر ادا کرتا رہے اور جس کو اس کے سوا ملے تو وہ اپنے نفس پر ملامت کیا کرے۔

(۳۳) قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: يَا ابْنَ آدَمَ اِنَّكَ مَا دَعَوْتَنِيْ وَ رَجَوْتَنِيْ غَفَرْتُ لَكَ عَلٰى مَا كَانَ مِنْكَ وَ لَا اُبَالِيْ يَا ابْنَ اٰدَمَ لَوْ بَلَغَتْ ذُنُوْبُكَ عِنَانَ السَّمَاءِ ثُمَّ اسْتَغْفَرْتَنِيْ غَفَرْتُ لَكَ وَ لَا اُبَالِيْ، يَا ابْنَ اٰدَمَ لَوْ اَنَّكَ اَتَيْتَنِيْ بِقُرَابِ الْاَرْضِ خَطَايَا ثُمَّ لَقِيْتَنِيْ لَا تُشْرِكُ بِيْ شَيْئًا لَاَتَيْتُكَ بِقُرَابِهَا مَغْفِرَةً.

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے ابنِ آدم تو جب تک مجھ سے مانگتا رہیگا اور امید رکھیگا، میں تجھے بخشتا رہونگا۔ تجھ سے جو گناہ بھی ہوتا رہے مجھے اس کی پروا نہیں ہے اے ابنِ آدم اگر تیرے گناہ آسمان کے کنارہ تک بھی پہنچ جائیں، پھر تو مجھ سے مغفرت کی درخواست کرے، تو میں تجھے بخش دونگا، مجھے کچھ بھی پروا نہیں ہے۔ اے ابن آدم! اگر تو میرے ساری زمین کی مشک بنا کر اسمیں گناہ بھر کر میرے پاس لائیگا، پھر مجھ سے اس حالت میں ملیگا کہ میرے ساتھ تو کسی قسم کا شرک نہیں کرتا ہے، تو میں بھی ایسے کئی مشکیزے مغفرت سے بھر کر تیرا استقبال کرونگا۔

(۳۴) كَفَّارَةُ مَنِ اغْتَبْتَ اَنْ تَسْتَغْفِرَ لَهٗ.

تم نے جس کی غیبت کی ہے اس کا کفارہ یہ ہے کہ اس کے لئے دعائے مغفرت کرو۔

(۳۵) كَانَ يَسْتَغْفِرُ لِلصَّفِّ الْمُقَدَّمِ ثَلَاثًا وَّ لِلثَّانِيْ مَرَّةً۔

آپ صف اول میں رہنے والوں کے لئے تین دفعہ اور صف دوم میں رہنے والوں کے لئے ایک دفعہ استغفار فرماتے تھے، یعنی ان کی بخشش و مغفرت کی دعا کرتے تھے

(۳۶) اِنَّ رَبَّكَ لَيَعْجَبُ مِنْ عَبْدِهٖ اِذَا قَالَ: رَبِّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَ هُوَ يَعْلَمُ اَنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ غَيْرِیْ ۔

آپ کا رب اپنے اس بندہ سے بہت خوش ہوتا ہے جب وہ کہتا ہے کہ اے میرے پروردگار! میرے گناہ بخش دے کیونکہ وہ جانتا ہے کہ میرے سوا گناہوں کو اور کوئی بخش نہیں سکتا ۔

(۳۷) ضَحِكَ رَبُّنَا مِنْ قُنُوْطِ عِبَادِهٖ وَ قُرْبِ غَيْرِهٖ ۔

ہمارے پروردگار کو اپنے بندوں کی ناامیدی اور غیر اللہ کی نزدیکی سے ہنسی آتی ہے

ف ۔ اس بنا پر کہ یہ کیسے نادان ہیں کہ اللہ سے تو ناامید ہوتے ہیں اور دوسروں سے مانگنا چاہتے ہیں درحالیکہ ساری کائنات اللہ کی ہے ۔

(۳۸) اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی يُمْهِلُ حَتّٰی اِذَا كَانَ ثُلُثُ اللَّيْلِ الْاٰخِرِ نَزَلَ اِلٰی سَمَآءِ الدُّنْيَا، فَنَادٰی: هَلْ مِنْ مُّسْتَغْفِرٍ؟ هَلْ مِنْ تَائِبٍ؟ هَلْ مِنْ سَائِلٍ؟ هَلْ مِنْ دَاعٍ حَتّٰی يَتَفَجَّرُ الْفَجْرُ ۔

اللہ سبحانہٗ تعالیٰ (یوں تو ہمیشہ) متوجہ ہی رہتا ہے، یہاں تک کہ جب آخری تہائی

رات رہتی ہے تو آسمانِ دنیا پر نزولِ اجلال فرماتا ہے اور منادی ہوتی ہے، کیا کوئی مغفرت کا خواہاں ہے؟ کیا کوئی توبہ کرتا ہے؟ کیا کوئی مانگنے والا ہے؟ کیا کوئی دعا کرنے والا ہے؟ (یہ سلسلہ) فجر طلوع ہونے تک رہتا ہے۔

(۳۹) اِنَّ فِی اللَّیْلِ لَسَاعَةً لَا یُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُّسْلِمٌ یَسْئَلُ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْهَا خَیْرًا مِنْ اَمْرِ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ اِلَّا اَعْطَاهُ اِیَّاهُ وَ ذٰلِكَ كُلَّ لَیْلَةٍ۔

رات میں ایک گھڑی ایسی ہوتی ہے کہ جسمیں مسلمان بندہ اللہ تعالیٰ سے دنیا و آخرت کی جو بھلائی بھی چاہتا ہے، وہ اسکو عطا فرماتا ہے اور یہ گھڑی ہر رات میں ہوتی ہے۔

(۴۰) صَلَاةُ اللَّیْلِ مَثْنٰی مَثْنٰی وَ تَتَشَهَّدُ فِیْ كُلِّ رَكْعَتَیْنِ وَ تَبَأَّسُ وَ تَمَسْكَنُ، وَ تَضَعُ بِیَدِكَ وَ تَقُوْلُ :۔ "اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ"۔
فَمَنْ لَّمْ یَفْعَلْ ذٰلِكَ فَهُوَ خِدَاجٌ۔

تہجد کی نماز دو دو رکعت ہیں اور ہر دو رکعت میں ایک تشہد ہے اور اپنی فقر و مسکنت کا اظہار ہے اور اپنے ہاتھ اُٹھا کر یوں کہو :۔

اے اللہ مجھے بخش دے۔

جس نے ایسا نہ کیا اس کی نمازِ تہجد ناقص ہے

(۴۱) خَیْرُ یَوْمٍ طَلَعَتْ فِیْهِ الشَّمْسُ یَوْمُ الْجُمُعَةِ:

فِيْهِ خُلِقَ اٰدَمُ، وَ فِيْهِ اُهْبِطَ، وَ فِيْهِ تِيْبَ عَلَيْهِ، وَ فِيْهِ قُبِضَ، وَ فِيْهِ تَقُوْمُ السَّاعَةُ مَا عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ دَابَّةٌ اِلَّا وَ هِيَ تُصِيْخُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مُصِيْخَةً حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ شَفَقًا مِنَ السَّاعَةِ اِلَّا ابْنَ اٰدَمَ، وَ فِيْهِ سَاعَةٌ لَا يُصَادِفُهَا عَبْدٌ مُؤْمِنٌ وَ هُوَ فِي الصَّلٰوةِ يَسْئَلُ اللّٰهَ شَيْئًا اِلَّا اَعْطَاهُ اِيَّاهُ.

بہترین دن جس میں آفتاب طلوع ہوا ہے وہ جمعہ کا دن ہے : اسی دن آدم پید[ا] کئے گئے۔ اسی میں زمین پر اتارے گئے اور اسی دن ان کی توبہ قبول ہوئی، اور اس[ی] دن اُن کی وفات ہوئی، اور اسی دن قیامت ہوگی۔ روئے زمین پر کوئی ایسا جاند[ار] نہیں جو جمعہ کے دن صبح سے چیختا نہ رہتا ہو، قیامت کے ڈر سے، سوا ابن آدم ک[ے]۔ اسی میں ایک ساعت ایسی ہے کہ اس کو ایماندار بندہ ہی بحالت نماز پاتا ہے اور اس وقت اللہ سے کوئی چیز مانگتا ہے تو وہ اس کو ضرور ملتی ہے۔

(۴۲) خَمْسُ دَعَوَاتٍ يُسْتَجَابُ لَهُنَّ : دَعْوَةُ الْمَظْلُوْ[مِ] حَتّٰى يُنْتَصَرَ، وَ دَعْوَةُ الْحَاجِّ حَتّٰى يَصْدِرَ [وَ] دَعْوَةُ الْغَازِيْ حَتّٰى يَقْفُلَ وَ دَعْوَةُ الْمَرِيْضِ حَتّٰى يَبْرَأَ وَ دَعْوَةُ الْاَخِ لِاَخِيْهِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ

وَ اَسْرَعُ هٰذِهِ الدَّعْوَاتِ اِجَابَةً دَعْوَةُ الْاَخِ لِاَخِيْهِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ.

پانچ دعائیں مستجاب ہیں، بددعا مظلوم کی تاآنکہ اس کی مدد کی جائے اور حاجی کی دُعا تا واپسی اور غازی کی دعا تارجوع اور بیمار کی دعا تاصحت اور ایک بھائی کی دعا غائبانہ دوسرے بھائی کے لئے۔ اور ان تمام میں جلد تر قبول ہونے والی دعا ایک مسلمان بھائی کی اپنے بھائی کے لئے غائبانہ دعا کرنا ہے۔

(۴۳) اَلْغَازِىْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ الْحَاجُّ وَ الْمُعْتَمِرُ وَفْدُ اللّٰهِ دَعَاهُمْ فَاَجَابُوْهُ وَ سَئَلُوْهُ فَاَعْطَاهُمْ۔

خدائے عز وجل کی راہ میں جہاد کرنے والا، اور حاجی، اور عمرہ کرنے والا، یہ تینوں اللہ کے وفد ہیں اُس نے اِن کو بُلایا تو انھوں نے جواب دیا (یعنی آئے) اور انھوں نے اُس سے درخواست کی (دعا کی اور مانگا) تو اُس نے اُن کو دیا (یعنی دعا قبول فرمائی)۔

(۴۴) ثِنْتَانِ لَا تُرَدَّانِ: اَلدُّعَاءُ عِنْدَ النِّدَاءِ وَ عِنْدَ الْبَأْسِ حِيْنَ يُلْحِمُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا۔

دو دعائیں رد نہیں ہوتی ہیں: ایک وہ دعا جو اذان کے بعد کی جائے، دوسری وہ دعا جو جہاد کے موقع پر کی جائے جس وقت ہر دو فریق آپس میں گتھنے لگتے ہیں

(۴۵) اِذَا نَادَى الْمُنَادِىْ فُتِحَتْ اَبْوَابُ السَّمَاءِ وَ اسْتُجِيْبَ الدُّعَاءُ۔

جب مؤذّن اذان دیتا ہے تو آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں اور دعا قبول ہوتی ہے۔

(۴۶) اَلدُّعَاءُ بَیْنَ الْاَذَانِ وَ الْاِقَامَۃِ مُسْتَجَابٌ فَادْعُوْا

اذان اور اقامت کے درمیان دعا قبول ہوتی ہے، لہٰذا (اسوقت) دعا کیا کرو۔

(۴۷) اَلدُّعَاءُ لَا یُرَدُّ بَیْنَ الْاَذَانِ وَ الْاِقَامَۃِ۔

اذان اور اقامت کے درمیان کی دعا رد نہیں ہوتی۔

(۴۸) دُعَاءُ الْاَخِ لِاَخِیْہِ بِظَھْرِ الْغَیْبِ لَا یُرَدُّ۔

ایک بھائی کی غائبانہ دعا اپنے بھائی کے لئے رد نہیں ہوتی۔

(۴۹) مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ یَدْعُوْ لِاَخِیْہِ بِظَھْرِ الْغَیْبِ اِلَّا قَالَ الْمَلَکُ وَ لَکَ بِمِثْلٍ۔

کوئی مسلمان اپنے بھائی کے لئے غائبانہ دعا کرتا ہے تو فرشتہ کہتا ہے تجھے بھی اتنا ملے

(۵۰) مَنْ دَعَا لِاَخِیْہِ بِظَھْرِ الْغَیْبِ قَالَ الْمَلَکُ الْمُوَکَّلُ بِہٖ: اٰمِیْنَ، وَ لَکَ بِمِثْلِہٖ۔

جو اپنے بھائی کے لئے غائبانہ دعا کرتا ہے تو جو فرشتہ اس کے پاس مقرر ہے وہ کہتا ہے: "آمین" اور تجھے اتنا ہی ملے۔

(۵۱) ثَلَاثُ دَعَوَاتٍ لَا تُرَدُّ: دَعْوَۃُ الْوَالِدِ لِوَلَدِہٖ، وَ دَعْوَۃُ الصَّائِمِ، وَ دَعْوَۃُ الْمُسَافِرِ۔

تین دعائیں رد نہیں ہوتی ہیں۔ دعا باپ کی اپنے بچے کے لئے، اور دعا روزہ دار کی

اور دعا مسافر کی ۔

(۵۲) مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ بِصِدْقٍ بَلَّغَهُ اللّٰهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ وَإِنْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهٖ .

جو شخص سچائی کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے شہادت کی درخواست کرے تو اللہ اسکو شہداء کے مرتبے میں پہنچا دیگا ، اگرچہ وہ اپنے بستر پر مرا ہو ۔

(۵۳) مَنْ طَلَبَ الشَّهَادَةَ صَادِقًا أُعْطِيَهَا وَلَوْ لَمْ تُصِبْهُ .

جو شخص سچائی کے ساتھ شہادت کا خواستگار ہو تو وہ اسے دی جائیگی ، اگرچہ وہ اس کو نہ پہنچے ۔

(۵۴) دَعْوَةُ الْمَظْلُومِ مُسْتَجَابَةٌ ، وَإِنْ كَانَ فَاجِرًا فَفُجُورُهُ عَلٰى نَفْسِهٖ .

مظلوم کی بد دعا قبول ہوا کرتی ہے ، اگر وہ بدکار بھی ہو تو اس کی بدکاری اسکی ذات تک محدود ہے ۔

(۵۵) اِتَّقُوا دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ فَإِنَّهَا تَصْعَدُ إِلَى السَّمَاءِ كَأَنَّهَا شَرَارَةٌ .

مظلوم کی بد دعا سے بچتے رہو کیونکہ وہ آسمان پر السا چڑھ جاتی ہے گویا کہ وہ آگ کا شعلہ ہے

(۵۶) اِتَّقُوْا دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ وَ اِنْ كَانَ كَافِرًا فَاِنَّهَا لَيْسَ دُوْنَهَا حِجَابٌ ۔

مظلوم کی بددعا سے بچتے رہو، اگرچہ وہ کافر کیوں نہ ہو۔ کیونکہ اسکے آگے کوئی روک نہیں ہے

(۵۷) اِيَّاكُمْ وَ دَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ وَ اِنْ كَانَتْ مِنْ كَافِرٍ فَاِنَّهُ لَيْسَ لَهَا حِجَابٌ دُوْنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

مظلوم کی بددعا سے بچتے رہو، گو وہ کافر ہو، کیونکہ اس بددعا اور اللہ عزوجل کے درمیان کوئی پردہ حائل نہیں ہے۔

(۵۸) يُسْتَجَابُ لِاَحَدِكُمْ مَا لَمْ يَعْجَلْ ، يَقُوْلُ : دَعَوْتُ فَلَمْ يُسْتَجَبْ لِيْ ۔

تمھاری دعا قبول ہو کر رہتی ہے جب تک کہ کوئی جلدی نہ کرے (جلدی یہ کہ) د کہتا ہے: میں نے دعا کی اور میری دعا قبول نہ ہوئی۔

(۵۹) سَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ، فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ اَنْ يُّسْاَلَ ، وَ اَفْضَلُ الْعِبَادَةِ اِنْتِظَارُ الْفَرَجِ ۔

اللہ سے اس کے فضل کی درخواست کرتے رہو، کیونکہ اللہ کو اس سے مانگنا ہی (پسند) ہے، اور افضل ترین عبادت کشائش کا انتظار ہے۔

ف۔ دعا کا اثر ظاہر ہونے میں اگر تاخیر ہو تو پریشان نہ ہونا چاہیئے، اور نہ یہ کہنا کہ (میں) نے دعا کی مگر وہ قبول نہ ہوئی، بلکہ صبر و سکون کے ساتھ توقع رکھنی چاہیئے کہ فض(ل)

اس کا اثر ظاہر ہوگا۔

(۶۰) اِنَّ الرَّجُلَ لَيَطْلُبُ الْحَاجَةَ فَيَزْوِيهَا اللّٰهُ تَعَالٰى لِمَا هُوَ خَيْرٌ لَّهُ فَيَتَّهِمُ النَّاسَ ظُلْمًا لَهُمْ فَيَقُولُ مَنْ سَبَعَنِيْ۔

انسان ایک حاجت کا طلبگار رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس سے بہتر کوئی چیز اسکو دینے کے لئے اسکی حاجت کو پوشیدہ فرما دیتا ہے، تو یہ شخص زبردستی لوگوں کو متہم کرتا پھرتا ہے کہ مجھے کس نے پچھاڑ دیا۔

(۶۱) سَيَكُوْنُ قَوْمٌ يَعْتَدُوْنَ فِي الدُّعَاءِ۔

عنقریب ایسی قوم بھی ہوگی جو دعامیں حد سے تجاوز کیا کرے گی۔

ف۔ ہر انسان کو اپنے مناسب حال دعا کرنا اور اپنے حد اعتدال پر قائم رہنا چاہیئے دعامیں حد سے بڑھ جانا جائز نہیں۔

(۶۲) مُرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ قَبْلَ اَنْ تَدْعُوْا فَلَا يُسْتَجَابَ لَكُمْ۔

بھلائی کا حکم اور برائی کی ممانعت کئے جاؤ قبل اسکے کہ تم دعا کرو اور تمھاری دعا قبول نہ ہو۔

ف۔ یعنی دعا اور توبہ کا دروازہ بند ہونے سے قبل تک یہ سلسلہ جاری رکھو، قیامت کے قریب توبہ کا دروازہ بند ہوگا۔

(۶۳) ثَلَاثَةٌ يَدْعُوْنَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فَلَا يُسْتَجَابُ لَهُمْ: رَجُلٌ كَانَتْ تَحْتَهُ امْرَأَةٌ سَيِّئَةُ

الْخُلُقِ فَلَمْ يُطَلِّقْهَا، وَرَجُلٌ كَانَ لَهُ عَلٰى رَجُلٍ مَالٌ فَلَمْ يُشْهِدْ عَلَيْهِ، وَرَجُلٌ اٰتٰى سَفِيْهًا مَالَهُ وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَاءَ اَمْوَالَكُمْ.

تین شخص ایسے ہیں جو خدائے عز وجل سے دعا کرتے رہتے ہیں مگر اُن کی دعا قبول نہیں ہوتی۔ ایک وہ شخص جس کے تحت بدخُلق عورت ہو، اور وہ اسکو طلاق نہ دے، اور ایک وہ شخص جس کا مال کسی کے ذمہ ہو اور اس کا کسی کو گواہ نہ کیا ہو، اور ایک وہ شخص جس نے بیوقوف کو اسکا مال حوالہ کردیا ہو، درحالیکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ نادان لوگوں کو اپنا مال نہ دیا کرو۔

(۶۴) خَيْرُ مَا يُخَلِّفُ الْاِنْسَانُ بَعْدَهُ ثَلَاثٌ وَلَدٌ صَالِحٌ يَدْعُوْ لَهُ، وَصَدَقَةٌ تَجْرِيْ يَبْلُغُهُ اَجْرُهَا، وَعِلْمٌ يُنْتَفَعُ بِهِ مِنْ بَعْدِهِ.

انسان جو اپنے پیچھے بہترین چیزیں چھوڑ جاتا ہے، وہ تین ہیں: نیک لڑکا جو اس کے لئے دعا کرتا رہتا ہے، اور جاری رہنے والا صدقہ جس کا اجر اس کو پہنچتا رہتا ہے اور علم کہ اس کے بعد بھی اس سے نفع اٹھایا جائے۔

(۶۵) سَلُوا اللّٰهَ عِلْمًا نَافِعًا، وَتَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ مِنْ عِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ.

اللہ سے علم نافع کی درخواست کرو، اور اس علم سے اللہ کی پناہ ڈھونڈو جو غیر مفید ہے۔

(۶۶) سَلْ رَبَّكَ الْعَافِيَةَ وَ الْمُعَافَاةَ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ، فَاِذَا اُعْطِيْتَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَ اُعْطِيْتَهَا فِي الْاٰخِرَةِ فَقَدْ اَفْلَحْتَ.

اپنے رب سے دنیا اور آخرت میں عافیت حاصل ہونے کی دعا کرتے رہو۔ اگر تم کو عافیت دنیا میں اور آخرت میں دے دی گئی تو پھر تمھاری نجات ہو گئی۔

(۶۷) سَلِ اللّٰهَ الْعَفْوَ وَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔

دارین کی معافی اور عافیت کی اللہ سے درخواست کرتے رہو۔

(۶۸) سَلُوا اللّٰهَ الْعَفْوَ وَ الْعَافِيَةَ فَاِنَّ اَحَدًا لَمْ يُعْطَ بَعْدَ الْيَقِيْنِ خَيْرًا مِنَ الْعَافِيَةِ.

اللہ سے عفو اور عافیت کی درخواست کرتے رہو، کیونکہ یقین کے بعد، عافیت سے بہتر کوئی چیز نہیں دی گئی ہے۔

ف۔ یہاں یقین سے ایمان مراد ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

(۶۹) عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَاِنَّهٗ مَعَ الْبِرِّ وَ هُمَا فِي الْجَنَّةِ وَ اِيَّاكُمْ وَ الْكِذْبَ فَاِنَّهٗ مَعَ الْفُجُوْرِ وَ هُمَا فِي النَّارِ وَ سَلُوا اللّٰهَ الْيَقِيْنَ وَ الْمُعَافَاةَ فَاِنَّهٗ لَمْ يُؤْتَ اَحَدٌ بَعْدَ الْيَقِيْنِ خَيْرًا مِنَ الْمُعَافَاةِ وَ لَا تَحَاسَدُوْا وَ لَا

تَبَاغَضُوْا وَ لَا تَقَاطَعُوْا وَ لَا تَدَابَرُوْا وَ كُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا كَمَا اَمَرَكُمْ .

تم سچائی کے پابند رہو کیونکہ سچائی نیکی کی جوڑ ہے اور یہ دونوں چیزیں جنت میں ہونگی اور جھوٹ سے بچتے رہو کیونکہ سچائی نیکی کی جوڑ ہے اور یہ دونوں چیزیں جنت میں ہونگی اور جھوٹ سے بچتے رہو کیونکہ وہ بدکاری کی رفیق ہے، اور یہ دونوں دوزخ میں ہونگی اور اللہ سے یقین اور باہمی الفت کی درخواست کرتے رہو، کیونکہ یقین کے بعد عافیت سے بڑھکر کوئی چیز کسی کو نہیں دی گئی اور آپس میں حسد نہ کیا کرو اور بغض نہ رکھا کرو اور قطع تعلق نہ کرو، اور (نفرت سے سلام کلام نہ کر کے) منہ نہ موڑا کرو، بلکہ اللہ کے بندے اور بھائی بھائی بنے رہو، جیسا کہ اللہ نے تم کو حکم دیا ہے۔

(۷۰) سَلُوا اللّٰهَ الْفِرْدَوْسَ، فَاِنَّهَا سُرَّةُ الْجَنَّةِ، وَ اِنَّ اَهْلَ الْفِرْدَوْسِ يَسْمَعُوْنَ اَطِيْطَ الْعَرْشِ .

اللہ سے فردوس کی درخواست کرو کیونکہ جنت کی ناف ہے اور فردوس میں رہنے والے عرش کی گنگناہٹ سنتے رہتے ہیں۔

(۷۱) لَا يُسْئَلُ بِوَجْهِ اللّٰهِ اِلَّا الْجَنَّةَ .

اللہ کا واسطہ دے کر صرف جنت کی دعا کی جانی چاہیئے۔

عِلْمٌ بِلَا عَمَلٍ كَنَحْلٍ بِلَا عَسَلٍ

(المترجم: عبید الحق الفلاح)

دَخَلَ اَحَدُ الْعُمَّالِ يَوْمًا عَلٰى اَحَدِ الْمُلُوْكِ بِاِذْنِهٖ، فَوَجَدَ حَوْلَهٗ جَمَاعَةً مِنَ الْعُلَمَاءِ سُكُوْنًا كَاَنَّ عَلٰى رُءُوْسِهِمُ الطَّيْرُ وَ لَمْ يَكُنْ يَعْرِفُ مِنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا، فَقَالَ لَهُ الْمَلِكُ:

لَيْتَكَ كُنْتَ عَالِمًا، فَاِنَّ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ مِنَ الْعِلْمِ اَفْضَلُ مِنْ جِهَادِ الْجَاهِلِ اَلْفَ عَامٍ.

فَقَالَ الْعَامِلُ: صَدَقْتَ يَا مَوْلَاىَ، وَ لٰكِنْ مَا الْمَنْفَعَةُ مِنِّىْ اِذَا حَوَيْتُ عُلُوْمَ الْاَوَّلِيْنَ وَ الْاٰخِرِيْنَ وَ كُنْتُ لَا اَبْرَحُ مِنْ خِبَائِىْ وَ لَا اُقَوِّمُ حَيَاتِىْ اِلَّا بِمَا تَتَصَدَّقُ بِهٖ عَلَىَّ كَهٰؤُلَاءِ الْعُلَمَاءِ الَّذِيْنَ قَالَ اللّٰهُ عَنْهُمْ: "اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَاءً وَّ لَا شُكُوْرًا"۔

فَاَعْجَبَ الْمَلِكُ مِنْ جَوَابِهٖ وَ قَالَ: حَقًّا عِلْمٌ بِلَا عَمَلٍ، كَنَحْلٍ بِلَا عَسَلٍ وَ مَثَلُ الْعَالِمِ الَّذِىْ لَا يَعْمَلُ، كَمَثَلِ حَامِلِ السِّرَاجِ يُضِىْءُ لِغَيْرِهٖ وَ لَا يَنْتَفِعُ بِالنُّوْرِ وَ لِلّٰهِ دَرُّ الْقَائِلِ:

اَلْعِلْمُ اَشْرَفُ شَىْءٍ نَالَهُ رَجُلٌ

مَنْ لَمْ يَكُنْ فِيْهِ عِلْمٌ لَمْ يَكُنْ رَجُلًا
تَعَلَّمِ الْعِلْمَ وَاعْمَلْ مَا اسْتَطَعْتَ بِهٖ
فَالْعِلْمُ زَيْنٌ لِمَنْ بِالْعِلْمِ قَدْ عَمِلَا

ترجمہ :- **عمل کے بغیر علم ایسا ہے جیسے مکھی شہد کے بغیر ہو**

ایک دن کوئی گورنر کسی بادشاہ کے پاس اس کی اجازت لے کر آیا، تو اس کے اردگرد علماء کی ایک جماعت کو چُپ چاپ پایا، گویا کہ اُن کے سروں پر پرندے ہیں اور وہ بہت کم علم جانتا تھا، بادشاہ نے اُسے کہا :
کاش تُو عالم ہوتا، کیونکہ ایک ذرّہ برابر علم جاہل کے ہزار سالہ جہاد سے افضل ہے -

گورنر نے کہا : میرے آقا ! آپ نے سچ فرمایا، لیکن مجھ سے کیا فائدہ حاصل ہوگا جب میں پہلوں اور پچھلوں کے علموں پر حاوی ہو جاؤں اور اپنی زندگی کا بجز اُس کے جو آپ مجھے بطور خیرات دیں اور کوئی سامان نہ کروں، جیسا کہ اُن علماء کی کیفیت ہے جن کا حال اللہ نے بیان فرمایا ہے : " ہم تمھیں صرف اللہ تعالیٰ کی خاطر کھلاتے ہیں، تم سے کوئی بدلہ اور شکر گزاری نہیں چاہتے ہیں "

بادشاہ اُس کے جواب سے خوش ہوا اور کہا : " درست ہے عمل کے بغیر علم ایسا ہے جیسے مکھی شہد کے بغیر ہو" ، اور عالم بے عمل کی مثال اس چراغ اُٹھانے والے کی سی ہے جو اوروں کو تو روشنی دیتا ہے اور خود روشنی سے فائدہ نہیں اُٹھاتا۔ کسی نے کیا ہی خوب کہا ہے :

علم بلند ترین چیز ہے جسے کوئی شخص پالے - جس میں علم نہ ہو وہ آدمی نہیں ہوتا
علم سیکھو اور جہاں تک ہو سکے اُس پر عمل کرو - علم اس شخص کیلئے زینت ہے جس نے عمل کیا

اَلْعِلْمُ بِالْعَمَلِ

اَرَادَ كَبِيْرٌ مِنْ كِبَارِ الْأَسَاتِذَةِ اَنْ يَتَعَلَّمَ فَنَّ السِّبَاحَةِ، فَاَحْضَرَ كُتُبَ السِّبَاحَةِ وَ قَرَأَهَا وَ جَعَلَ يَتَدَرَّبُ فِيْ حُجْرَتِهِ فَوْقَ السَّرِيْرِ تَارَةً، وَ عَلٰى سَطْحِ الْاَرْضِ تَارَةً اُخْرٰى، حَتّٰى اَيْقَنَ بِالْقُدْرَةِ عَلٰى اَنْ يَسْبَحَ فِي الْمَاءِ، فَجَمَعَ تَلَامِيْذَهُ وَ اِخْوَانَهُ الْاَسَاتِذَةَ لِيَسْبَحَ اَمَامَهُمْ فِي الْبَحْرِ. فَلَمَّا نَزَلَ تَلَقَّفَتْهُ الْاَمْوَاجُ، هٰذِهِ تَأْخُذُهُ وَ تِلْكَ تَتْرُكُهُ، حَتّٰى أَوْشَكَ اَنْ يَهْلِكَ، فَاَسْرَعَ اِلَيْهِ النَّاسُ وَ انْتَشَلُوْهُ مِنْ بَيْنِ لُجَجِ الْبَحْرِ، فَلَوْ اَنَّهُ اَجْرٰى تَجَارِبَ وَ تَدْرِيْسَهُ عَمَلِيًا فِي الْبَحْرِ لَكَانَ مِنَ النَّاجِحِيْنَ لِاَنَّ الْعِلْمَ بِالْعَمَلِ.

علم کا دارو مدار عمل پر ہے

بڑے استادوں میں سے ایک بڑے استاد نے فن تیراکی سیکھنا چاہا۔ اس نے تیراکی کی کتابیں منگائیں اور انھیں پڑھکر، اپنے کمرہ میں کبھی بستر پر اور کبھی سطح زمین پر مشق کرنے لگا، یہانتک کہ اُسے یقین آگیا کہ وہ پانی میں تیرنے پر قادر ہے۔ اس نے اپنے شاگردوں اور اپنے استاد بھائیوں کو اکٹھے کیا تاکہ وہ سمندر میں ان کے سامنے

---

۱ تیراکی۔ ۲ حاضر کرنا یا تیار کرنا ۳ سیکھنے لگا، خوگر ہونے لگا ۴ کبھی ۵ یقینی جاننا ۶ جلدی سے پکڑا۔

تیرے۔ جب وہ اترا، اسے موجوں نے اُچک لیا۔ یہ پکڑتی ہے اور وہ اسے چھوڑتی ہے، یہاں تک کہ وہ ہلاک ہونے کے قریب ہی تھا کہ لوگ اس کی طرف بھاگے اور انھوں نے سمندروں کی لہروں سے اسے نکالا۔ اگر وہ اپنے تجربوں اور اپنی پڑھائی کو عملی طور پر سمندر میں جاری رکھتا تو وہ ضرور کامیاب لوگوں میں سے ہوتا کیونکہ علم عمل کے ساتھ ہے ☆

المترجم: عبید الحق الفلاح

اَلنَّصِیْحَةُ

اَیُّهَا الْاَبْنَاءُ اِنَّ اٰبَاءَكُمْ قَدْ اَرْسَلُوْكُمْ اِلَى الْمَدَارِسِ لِتَغْذِیَةِ عُقُوْلِكُمْ بِالْعُلُوْمِ وَ الْمَعَارِفِ وَ تَهْذِیْبِ نُفُوْسِكُمْ وَ تَقْوِیْمِ مَا اَعْوَجَ مِنْ اَخْلَاقِكُمْ، فَلَا تَمِیْلُوْا اِلَى سَافِلِ الْاَخْلَاقِ وَ قُبْحِ الْعَادَاتِ وَ حَقِّقُوْا أَمَلَ اٰبَائِكُمْ فِیْكُمْ وَ قُوْمُوْا بِمَا عَهِدَ اِلَیْكُمْ حَقَّ الْقِیَامِ وَ ثَابِرُوْا عَلَى مُذَاكَرَةِ دُرُوْسِكُمْ فَاِنَّ مَنْ جَدَّ وَجَدَ وَ مَنْ زَرَعَ حَصَدَ وَلَا تَرْكَنُوْا اِلَى قُرَنَاءِ السُّوْءِ فَیُصِیْبُكُمُ الضَّرَرُ مِنْ حَیْثُ لَا تَشْعُرُوْنَ۔ هٰذِهِ نَصِیْحَةٌ اُقَدِّمُهَا اِلَیْكُمْ لِتَعْمَلُوْا بِهَا كَیْ تَكُوْنُوْا مِنَ الْفَائِزِیْنَ۔

ترجمہ :۔

بچو تمھارے والدین نے تمھیں مدرسوں میں اس لئے بھیجا ہے کہ تمھارے

[illegible]ول علوم اور معارف کی غذا حاصل کریں۔ تمہاری طبیعتیں پاکیزہ اور اخلاق کی کجی دُور ہو جائے۔ لہٰذا تم اخلاق کی پستی اور بُری عادتوں کی طرف نہ مائل ہو اور اپنے والدین کی آرزوؤں کو اپنے اندر پورا کر دکھاؤ اور اپنے واجبات کو پوری طرح ادا کرو اور سبقوں کے یاد کرنے میں پابندی رکھو، کیونکہ جس نے کوشش کی وہی کامیاب ہوا۔ جس نے بویا، اسی نے کاٹا، اور بُرے ساتھیوں کی طرف نہ مائل ہو کیونکہ ان سے تمہیں اس طرح نقصان پہنچے گا کہ تم محسوس بھی نہ کر سکو گے۔ یہ چند نصیحتیں میں نے تمہارے سامنے رکھی ہیں تاکہ تم ان پر عمل کر کے کامرانوں میں شامل ہو جاؤ۔

اَلْعِلْمُ

اَلْعِلْمُ اَفْضَلُ مُكْتَسَبٍ وَ اَشْرَفُ مُنْتَسَبٍ، وَ اَنْفَسُ ذَخِيْرَةٍ تُقْتَنٰى وَ اَطْيَبُ ثَمَرَةٍ تُجْتَنٰى بِهٖ يُتَوَصَّلُ اِلٰى مَعْرِفَةِ الْحَقَائِقِ وَ يُتَوَسَّلُ اِلٰى نَيْلِ رِضَا الْخَالِقِ، وَ هُوَ اَفْضَلُ نَتَائِجِ الْعَقْلِ وَ اَعْلَاهَا وَ اَكْرَمُ فُرُوْعِهٖ وَ اَذْكَاهَا، فَهُوَ وَسِيْلَةُ الْفَضِيْلَةِ وَ ذَرِيْعَةُ الشَّرِيْعَةِ، وَ نُوْرٌ بَاهِرٌ لِمَنْ اِسْتَضَاءَ بِهٖ، وَ هُوَ الدَّلِيْلُ عَلَى الْخَيْرِ وَ الْعَوْنُ عَلَى الْمُرُوْءَةِ، وَ الصَّاحِبُ فِى الْغُرْبَةِ، وَ الْمُؤْنِسُ فِى الْخَلْوَةِ، وَ الشَّرَفُ فِى النَّسَبِ، قَالَ تَعَالٰى: (يَرْفَعُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ)۔

ترجمہ :-
علم افضل ترین کمائی، بلند ترین نسبت، نفیس ترین ذخیرہ ہے جسے تم جمع کرو،
اور عمدہ ترین پھل ہے جسے تم چنو۔ علم ہی کے ذریعے حقیقتوں کی معرفت تک رسائی
ہوتی ہے علم ہی خالق کی خوشنودی کے حصول کا ذریعہ بنتا ہے۔ یہ عقل کا افضل اور اعلیٰ
ترین نتیجہ اور اس کی بہترین اور عمدہ شاخ ہے۔ علم ہی کسبِ فضائل کا وسیلہ
شریعت تک پہنچنے کا ذریعہ ہے۔ روشنی کے طالب کے لئے نورِ درخشاں ہے۔
بھلائی کی رہنمائی کرنے والا، مروّت پر امداد کرنے والا، غربت میں ساتھ رہنے والا
مونسِ تنہائی، اور نسب کو شرف بخشنے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "تم میں سے
صاحبانِ ایمان اور صاحبانِ علم کے درجے خدا بلند کرتا ہے۔

فَوَائِدُ صَنَادِيْقُ التَّوْفِيْرِ

مِنْ اَهَمِّ مَا يَجِبُ اَنْ تَصْرِفَ اِلَيْهِ الْعِنَايَةَ
غَرْسُ مُبَادِئُ الْاِقْتِصَادِ وَ التَّوْفِيْرِ فِيْ اَذْهَانِ
الْاَوْلَادِ مِنَ الصِّغَرِ حَتّٰى تَرْتَاحَ اِلَيْهِ نُفُوْسُهُمْ
عِنْدَ الْكِبَرِ وَ لَا شَكَّ اَنَّ صَنَادِيْقَ التَّوْفِيْرِ عَظِيْمَ
الْفَائِدَةِ فِيْ كُلِّ بِلَادٍ اُنْشِئَتْ فِيْهَا وَعَلَى الْاَخَصِّ
فِي الْبِلَادِ الَّتِيْ تَكُوْنُ فِيْهَا اَبْوَابُ التَّبْذِيْرِ
وَاسِعَةً۔ فَعَلٰى كُلِّ عَاقِلٍ اَنْ يَّسْعٰى فِيْ وَضْعِ
مَا تَيَسَّرَ لَدَيْهِ فِيْ اِحْدٰى صَنَادِيْقِ التَّوْفِيْرِ
الْمُنْتَشِرَةِ فِيْ اَنْحَاءِ الْقُطْرِ وَ لَا يَخْجَلُ مِنْ

فَإِنَّ الْقَلِيلَ مَعَ الْقَلِيلِ كَثِيرٌ.

سیونگ بنکس کے فوائد

سب سے اہم چیز جس کی طرف توجہ دینا ضروری ہے، وہ یہ کہ بچپن سے بچوں میں کفایت شعاری اور پس اندازی کے اصول ان کے ذہنوں میں بٹھائے جائیں تاکہ اس کی وجہ سے وہ بڑے ہو کر بآسانی کفایت شعار بن سکیں۔ اس میں شک نہیں، پس انداز بنکس کے ذریعہ ہر اس شہر میں جہاں یہ بنک قائم کیا گیا ہے، زبردست فائدہ ہوا ہے خصوصیت کے ساتھ ان شہروں میں جہاں فضول خرچی کا دروازہ کشادہ تھا۔ لہٰذا ہر ایک سمجھدار کو جس قدر بسہولت اس سے ہو سکے اطراف ملک میں پھیلے ہوئے سیونگ بنکس سے کسی ایک میں پس انداز کرنے کی کوشش کرنا چاہیے تھوڑے پس انداز کرنے پر شرمانا نہیں چاہیے، کیونکہ تھوڑا تھوڑا ملکر بہت ہو جاتا ہے۔

وَظَائِفُ الْحَوَاسِ

وَظِيفَةُ السَّمْعِ أَنَّهُ يُؤَثِّرُ عَلَى النَّفْسِ بِمَا يُوْصَلُ إِلَيْهَا مِنْ خَيْرٍ أَوْ شَرٍّ وَ بِهِ يَسْمَعُ الْمَرْءُ الْآدَابَ وَ الْحِكَمَ، فَتَنْمُو لَدَيْهِ مَلِكَةُ التَّفْكِيرِ وَ وَظِيفَةُ الْأَنْفِ. إِسْتِنْشَاقُ الرَّوَائِحِ وَكَذَا الْهَوَاءِ لَازِمٌ لِلْحَيَاةِ. وَ وَظِيفَةُ الذَّوْقِ أَنَّهُ يُمَيِّزُ جَيِّدَ الْأَطْعِمَةِ وَ رَدِيَّهَا وَ يُهَيِّئُ الْمَعِدَةَ بِقَبُولِ مَا يَقُومُهَا. أَمَّا اللَّمْسُ فَلَهُ

وَظِيفَتَانِ إِحْدَاهُمَا تَتَصَرَّفُ فِي الْمَادِّيَاتِ كَالصِّنَاعَةِ وَالتِّجَارَةِ وَالثَّانِيَةُ تَتَصَرَّفُ فِي الْمَعَانِي كَالإِشَارَاتِ وَالْحُرُوفِ الَّتِي تُسْتَعْمَلُ فِي التَّعْبِيرِ عَمَّا فِي الضَّمَائِرِ.

حواس کے فرائض

قوت سماعت کا فریضہ، جو کچھ بھلائی یا برائی کی خبریں اسے پہنچتی ہیں ان کے اثرات کا دل پر ڈالنا ہے۔ یہ وہ قوت ہے، جس کے ذریعہ انسان ادب اور حکمت کی باتیں سنتا ہے، جس سے اس کی فکری قوت بڑھتی ہے۔

ناک کی ڈیوٹی خوشبوؤں کا سونگھنا اور ہوا کا حاصل کرنا جو زندگی کے لئے ضروری ہے۔

زبان کا کام خوش مزہ اور بدمزہ چیزیں تمیز کرنا اور معدہ کو تقویت پہنچانے والی چیزوں کو قبول کرنے کے لئے تیار کرنا ہے۔

رہا قوت لمس تو اس کی دو ڈیوٹیاں ہیں، ایک مادیات میں تصرف کرتی ہے جیسے صنعت تجارت وغیرہ میں، دوسری معانی کے اندر جیسے اشارات اور وہ حروف جو خیالات اور افکار کے ادا کرنے میں استعمال ہوتے ہیں (ترجمہ از عبدالوالی ندوی)

مُصَاحَبَةُ الْعُلَمَاءِ فَائِدَةٌ وَشَرَفٌ

أُصِيبَ (هُوبَرْ) الْعَالِمُ الْمَشْهُورُ فِي التَّارِيخِ الطَّبِيعِيِّ بِكِفَافِ الْبَصَرِ وَهُوَ بَيْنَ الأَقْلَامِ وَ

الْمَحَابِرِ مُكِبًّا[2] عَلَى الدَّرْسِ وَ الِاسْتِطْلَاعِ[3] فَكَبُرَ عَلَيْهِ الْمُصَابُ[4] وَ ضَاقَتِ الدُّنْيَا فِيْ وَجْهِهِ وَ اَسِفَ عَلَى فَقْدِهٖ اَعْظَمُ حَاسَّةٍ[5] فِيْ نَفْسِهٖ وَ اَشَدُّ مَا يُحْتَاجُ اِلَيْهِ فِيْ اَعْمَالِهٖ فَفَكَّرَ فِيْ اَنْ يَسْتَعِيْنَ بِخَادِمٍ عِنْدَهٗ سَلِيْمُ الْعَيْنَيْنِ وَ قَدْ اٰنَسَ[6] فِيْهِ مَيْلًا لِلْعِلْمِ وَ رَغْبَةً فِي التَّحَلِّيْ[7] بِحَلَاهُ فَقَالَ لَهٗ: أَعِنِّيْ يَا وَلَدِيْ عَلَى اِتْمَامِ تَجَارِبِيْ وَ كُنْ عَيْنِيَ الْبَاصِرَةَ وَ اَنَا اُتَمِّمُ لَكَ مَعَارِفَكَ.

فَقَبِلَ الْخَادِمُ بِكُلِّ ارْتِيَاحٍ طَلَبَ مَوْلَاهُ، وَ صَارَ لَا يُفَارِقُهٗ فِيْ تَجَارِبِهٖ وَ دُرُوْسِهٖ وَكَانَ لَهٗ عَيْنَيْنِ مُبْصِرَتَيْنِ.

وكان من ذلك ان اكتشف (هوبر) و قرر مِنَ الْفَوَائِدِ مَا لا يمكن تقديره.

وَ كَانَ مِنْ مُصَاحَبَتِهِ الْخَادِمُ لَهٗ ان استنارت بَصِيْرَتُهٗ وَ تَثَقَّفَ عَقْلُهٗ وَ غَرَسَ الْمَيْلُ لِلْعِلْمِ فِيْ قَلْبِهٖ۔

فَلَمَّا مَاتَ اُسْتَاذُهٗ دَأَبَ عَلَى التحصيل وَ اَكَبَّ عَلَى دَرْسِ الشَّرِيْعَةِ الْغَرَّاءِ حَتّٰى صَارَ قَاضِيًا مَشْهُوْرًا.

---

[2] مشغولا علی، متوجہ تھا۔ [3] کسی چیز کی حقیقت دریافت کرنا، جاننے کی کوشش کرنا [4] ناگہانی بلا مصیبت، صدمہ [5] دریافت کرنے کی چیز۔ [6] معلوم کرنا۔ [7] مزین ہونا

علماء کے ساتھ رہنے میں فائدہ اور شرف ہے

تاریخ طبیعی میں مشہور عالم (ہومیر) کو بینائی کے بند ہونے کی اس وقت تکلیف پہنچی جبکہ وہ قلموں اور دواتوں کے درمیان مطالعہ اور حقیقت کی جستجو میں مشغول تھا۔ یہ ناگہانی مصیبت اس پر شاق گذری۔ دنیا اس کے سامنے تنگ ہوگئی۔ اس بہت بڑی حس کے کھو جانے پر جس کی اپنے کاموں میں اسے بہت ضرورت تھی، اس کے دل کو غم اور افسوس ہوا، تو اس نے اس پر غور کیا کہ وہ اپنے صحیح و سالم آنکھوں والے خادم سے مدد لے اور اس نے اس میں علم کا میلان اور اس کے زیور سے آراستہ ہونے کی رغبت معلوم کرلی تھی۔ اس نے اسے کہا: بیٹا! میرے تجربات کو پورا کرنے میں میری مدد کرو، اور میری بینا آنکھ بن جاؤ، اور میں تمہارے لئے تمہارے معارف مکمل کردونگا۔ خادم نے انتہائی مسرت سے اپنے مالک کی خواہش کو قبول کیا۔ وہ اس کو اس کے تجربوں اور سبقوں میں تنہا نہ چھوڑتا، اور اس کے لئے دیکھنے والی دو آنکھیں ہوگیا۔

اور اسی کی وجہ سے ہومیر اکتشاف کیا کرتا تھا اور اس نے بے اندازہ فائدے ثابت کیے۔

اور اس کے ساتھ رہنے سہنے کی وجہ سے اس کے خادم کی بصیرت نے روشنی حاصل کرلی، اور اس کی عقل تیز ہوگئی، اور علم کی رغبت اس کے دل میں گھر کرگئی۔

پھر جب اس کا استاد مرگیا، وہ برابر تحصیل کرتا رہا اور روشن قانون کے سبقوں میں مشغول و منہمک رہا، حتیٰ کہ ایک مشہور جج ہوگیا۔

اَلْجَهْلُ عَمًى

يُحْكَى أَنَّ صَانِعًا أُمِّيًّا شَاهَدَ أَنَّ بَعْضَ النَّاسِ يَسْتَعْمِلُ الْمِنْظَارَ (النَّظَّارَةَ) عِنْدَ مَا يُطَالِعُ أَوْ يَكْتُبُ فَظَنَّ أَنَّ الْمِنْظَارَ هُوَ الَّذِي يُعَرِّفُهُ[2] الْقِرَاءَةَ وَ الْكِتَابَةَ فَذَهَبَ لِسَاعَتِهِ إِلَى حَانُوتِ[3] بَائِعِ الْمَنَاظِيرِ وَ طَلَبَ مِنْهُ مِنْظَارًا فَأَرَاهُ أَنْوَاعًا كَثِيرَةً فَأَخَذَ وَاحِدًا مِنْهَا وَ وَضَعَهُ عَلَى أَنْفِهِ وَ فَتَحَ كِتَابًا لِيَقْرَأَ فَلَمْ يَعْرِفْ شَيْئًا فَقَالَ: هٰذِهِ النَّظَّارَةُ لَيْسَتْ جَيِّدَةً، فَأَحْضَرَ لَهُ غَيْرَهَا فَوَضَعَهَا عَلَى أَنْفِهِ وَ صَارَ يُجْهِدُ نَفْسَهُ لِيَعْرِفَ وَلَوْ حَرْفًا وَاحِدًا فَلَمْ يُمَيِّزِ الْأَلِفَ مِنَ الْيَاءِ. فَقَالَ لِلْبَائِعِ وَ هُوَ مُقَطِّبُ[4] الْجَبِينِ: وَ هٰذِهِ أَرْدَأُ مِنَ السَّابِقَةِ. فَلَمَّا ضَاقَ صَدْرُ الْبَائِعِ وَ عِيلَ[5] صَبْرُهُ قَالَ لِلْمُشْتَرِي: أَتَعْرِفُ الْقِرَاءَةَ وَ الْكِتَابَةَ؟ أَجَابَ: كَلَّا، لِأَنِّي إِنْ كُنْتُ عَارِفًا لِمَاذَا جِئْتُ إِلَى هُنَا.

فَضَحِكَ الْبَائِعُ وَ ضَحِكَ السَّامِعُونَ مَعَهُ وَ قَالَ لَهُ أَحَدُهُمْ: هٰذَا الدُّكَّانُ لَيْسَ مَدْرَسَةً وَ لَوْ كَانَ الْأَمْرُ كَمَا ظَنَنْتَ مَا كَانَ فِي الدُّنْيَا

---

۱ عینک ۲ شناخت کراتی ہے، واقف کرتی ہے ۳ دکان ۴ تیور چڑھے ہوئے ۵ بے صبر ہو گیا، اسکا صبر جاتا رہا۔

جَاهِلٌ وَ أَنْشَدَ آخَرُ:
وَ مَنْ طَلَبَ الْعُلُوْمَ بِغَيْرِ دَرْسٍ
سَيُدْرِكُهَا إِذَا شَابَ الْغُرَابُ
فَأَجَابَ الرَّجُلُ: حَقًّا أَنَّ الْجَهْلَ عَمًى،
ثُمَّ انْصَرَفَ.

جہالت اندھاپا ہے

بیان کیا جاتا ہے کہ کسی جاہل کاریگر نے دیکھا کہ کچھ لوگ پڑھتے یا لکھتے وقت عینک استعمال کرتے ہیں، تو اُس نے خیال کیا کہ عینک ہی وہ چیز ہے جو ان کو پڑھنے لکھنے سے واقف کرتی ہے۔ پھر وہ اُسی وقت عینکیں فروخت کرنے والے کی دُکان پر گیا اور اس سے عینک مانگی، تو اُس نے اُسے بہت سی قسمیں دکھائیں۔

اُس نے اُن میں سے ایک اُٹھا کر اپنی ناک پر رکھی، اور پڑھنے کے لئے کتاب کھولی۔ اُس نے کچھ نہ جانا، تو کہا: یہ عینک عمدہ نہیں۔ اُس نے اسے ایک اور لا دی۔ اُس نے اُسے اپنی ناک پر رکھا اور اپنے آپ جاننے کی کوشش کرنے لگا، اگرچہ ایک ہی حرف ہو، تو اس نے باء سے الِف بھی نہ پہچانا۔ پھر اس نے تیوری چڑھا کر فروخت کرنے والے کو کہا: یہ پہلے سے بھی زیادہ ردی ہے۔ جب فروخت کرنے والے کا دل تنگ ہوا اور اس کا صبر جاتا رہا، تو اس نے خریدنے والے کو کہا: کیا آپ لکھنا پڑھنا جانتے ہیں؟ اس نے جواب دیا: ہرگز نہیں، کیونکہ اگر میں کچھ جانتا ہوتا، تو یہاں کیوں آتا۔

اس پر بیچنے والا ہنس دیا اور اس کے ساتھ جو سننے والے تھے وہ بھی ہنس دئے۔ ان میں سے کسی نے اسکو کہا: یہ دُکان مدرسہ نہیں ہے اور اگر معاملہ یونہی ہوتا، جیسا کہ

تم نے خیال کیا، تو دُنیا میں جاہل کوئی نہ ہوتا، اور دوسرے نے یہ شعر کہا :
جو شخص پڑھے بغیر علوم تلاش کرے، وہ اُن کو تب حاصل کریگا جب کوّے کے بال سفید ہو جائینگے۔
آدمی نے جواب دیا : درست ہے، جہالت اندھاپا ہے۔ پھر چل دیا۔

بِالْعِلْمِ يَرْقَى الْإِنْسَانُ إِلَى أَعْلَى الدَّرَجَاتِ

مثال اوّل

إِنَّ (إِسْتِيفِنْسَ) مُخْتَرِعَ السِّكَّةِ الْحَدِيدِيَّةِ الَّذِي بَلَغَ مِنَ الْغِنَى وَ الْمَجْدِ مَبْلَغًا عَظِيمًا۔ كَانَ فِي أَوَّلِ أَمْرِهِ وَقَّادًا لِآلَةٍ بخارية. فَلَمَّا رَأَى أَلَّا سَبِيلَ لَهُ إِلَى الْإِرْتِقَاءِ إِلَّا بِتَوْسِيعِ مَعَارِفِهِ جَعَلَ يَقْتَصِدُ مِنْ دَخْلِهِ الْقَلِيلِ وَ يَتَعَلَّمُ فِي إِحْدَى الْمَدَارِسِ اللَّيْلِيَّةِ وَ يُنْفِقُ مَا يَزِيدُ مِنْ دَخْلِهِ فِي أَجْرِ تَعَلُّمِهِ، وَ كَانَ كُلَّمَا زَادَتْ أُجْرَتُهُ زَادَ إِنْفَاقُهُ فِي سَبِيلِ الْعِلْمِ حَتَّى جَمَعَ فِي رَأْسِهِ مَا مَكَّنَهُ مِنْ إِخْتِرَاعِ السِّكَّةِ الْحَدِيدِيَّةِ الَّتِي كَانَتْ سَبَبُ ثَرْوَتِهِ وَ سَعَادَتِهِ۔

۱ ریل کی پٹڑی ۔ ۲ آگ جلانے والا ۔ ۳ آمدنی ۴ میانہ روی اختیار کرنے لگا ۵ فیس، اُجرت ۔ ۶ مزدوری، تنخواہ ۷ قابل کر دیا، مضبوط کر دیا۔

علم سے انسان اعلیٰ درجوں تک ترقی کرتا ہے

پہلی مثال

(استیفنس) ریل کی پٹڑی کا موجد جو غنا، و مجد کی بہت بڑی منزلت کو پہنچا، وہ پہلے پہل ایک بھاپ کے آلہ کا آگ جلانے والا تھا۔ جب اُس نے اپنے علم اور سائنس کے وسیع کرنے کے سوا ترقی کرنے کی طرف کوئی راستہ نہ دیکھا، تو وہ اپنی قلیل آمدنی سے کچھ بچانے اور ایک Night School میں پڑھنے لگا، اور جو کچھ اس کی آمدنی سے بڑھتا، وہ اپنی پڑھائی کی فیس میں خرچ کرتا۔ جس قدر اس کی تنخواہ بڑھتی رہی اسی قدر علم کی راہ میں اس کا خرچ بڑھتا رہا، یہاں تک کہ اس نے اتنا ذخیرہ جمع کر لیا، جس نے اسے ریل کی پٹڑی کی ایجاد کے قابل کر دیا، جو اس کی ثروت و سعادت کا سبب بنی۔

ترجمہ از عبید الحق الفلاح

حِكَايَةٌ

حُكِيَ اَنَّ رَجُلًا كَانَ سَائِرًا بِطَرِيْقِ مَكَّةَ صُحْبَةَ الحَاجِّ . فَرَاٰى فِيْ بَعْضِ الغَارَاتِ فِيْ يَوْمٍ شَدِيْدِ الحَرِّ حَيَّةً عَظِيْمَةً تَتَمَرَّغُ عَلَى الرَّمْضَاءِ مِنْ شِدَّةِ العَطَشِ . فَنَزَلَ عَنْ رَاحِلَتِهٖ ۔ وَ سَقَاهَا مِنْ سَطِيْحَةٍ كَانَتْ مَعَهٗ

إِلَى أَنْ رُوِيَتْ، وَ سَارَ وَ تَرَكَهَا۔ فَاتَّفَقَ أَنَّهُ فِيْ وَقْتٍ مِنَ الْأَوْقَاتِ، غَلَبَ عَلَيْهِ النَّوْمُ، حَتّٰى رَحَلَتِ الْقَافِلَةُ، فَانْتَبَهَ فَلَمْ يَجِدْ أَحَدًا، وَ لَا رَاحِلَتَهٗ، فَبَكٰى وَ نَظَرَ مُتَحَيِّرًا فِيْمَا يَفْعَلُ. وَ إِذَا هُوَ يَنْظُرُ نَاقَةً سَائِبَةً. فَقَصَدَهَا فَدَنَتْ مِنْهُ وَ نَاخَتْ حَتّٰى امْتَطَاهَا وَ أَوْصَلَتْهُ الْقَافِلَةَ بِأَسْرَعَ مِنْ طَرْفَةِ عَيْنٍ۔ ثُمَّ انْشَدَتْ قَائِلَةً، شعر :-

أَنَا الشُّجَاعُ الَّذِيْ قَدْ كُنْتُ فِيْ ظَمَاءٍ
وَسْطَ الْهَجِيْرِ عَلَى الرَّمْضَاءِ فِي الْوَادِيْ
فَجُدْتَ بِالْمَاءِ فَضْلًا مِنْكَ مُبْتَدِئًا
مِنْ غَيْرِ بُخْلٍ فَأَشْفٰى غُلَّةَ الصَّادِيْ
هٰذَا جَزَاؤُكَ مِنَّا لَا نَمُنُّ بِهٖ
فَضْلًا بِفَضْلٍ وَّ كَانَ الْفَضْلُ لِلْبَادِيْ

ترجمہ :-

کوئی شخص مکہ کے رستہ میں حاجیوں کے ساتھ چلا جاتا تھا۔ دن بہت گرم تھا۔ ایک غار میں دیکھا کہ بڑا سانپ جلتی ہوئی ریت پر پیاس کے مارے لوٹتا ہے۔ (یہ شخص) اپنی سواری پر سے اترا، چھاگل سے اُسے پیٹ بھر کے پانی پلایا، اور وہیں چھوڑ کر چلا گیا۔ اتفاقاً ایک دفعہ اس شخص کو ایسی نیند آئی کہ قافلہ کوچ کر گیا۔ جاگا تو نہ کسی اور کو پایا نہ اپنی سواری کو، (ناچار) رو دیا اور حیران ہو کر دیکھنے لگا کہ کیا کرے۔ یکایک ایک سانڈھنی نظر آئی۔ اس شخص نے

سوار ہونے کا ارادہ کیا۔ سانڈھنی (خود) پاس آئی اور بیٹھ گئی۔ یہ سوار ہوا۔ اور اس نے پلک مارتے قافلہ میں پہنچا دیا۔ بعد اس کے سانڈھنی نے یہ شعر پڑھے ؎

"میں وہی سانپ ہوں کہ پیاسا تھا
دوپہر میں جلتی ریت پر جنگل میں
پہلے تو نے اپنی بزرگی سے پانی دیا
(اس طرح) جی کھول کر کہ پیاسے کی پیاس بجھا دی
یہ ہماری طرف سے اسکا عوض ہے (مگر) ہم اسکا احسان نہیں جتاتے۔
نیکی کا مقابلہ نیکی سے ہوتا ہے، اور (حق یہ ہے) کہ بزرگی اُسی کے لئے ہے جو پہل کرے"

حِكَايَةٌ

قِيلَ اِنَّ رَجُلًا اصْطَحَبَ طُفَيْلِيًّا فِي سَفَرٍ. فَقَالَ لَهُ امْضِ يَا اَخِي وَ اشْتَرِ لَنَا لَحْمًا. فَقَالَ لَهُ مَا اَقْدِرُ اَمْشِي، وَ اَخَافُ اَنْ اُغْبَنَ. فَمَضَى الرَّجُلُ وَ اشْتَرَى لَحْمًا. ثُمَّ قَالَ لَهُ قُمْ فَاطْبَخْ. فَقَالَ لَهُ وَ اللهِ مَا اَعْرِفُ اَطْبَخُ. فَطَبَخَ الرَّجُلُ ثُمَّ قَالَ لَهُ قُمْ فَاغْرِفْ. فَقَالَ اَخْشَى اَنْ يَنْقَلِبَ الْقِدْرُ عَلَى ثِيَابِي. فَغَرَفَ الرَّجُلُ فَقَالَ لَهُ: قُمْ فَكُلْ. فَقَالَ لَهُ: وَ اللهِ قَدِ اسْتَحْيَيْتُ مِنْ مُخَالَفَتِكَ وَ تَقَدَّمَ وَ اَكَلَ. فَقَالَ

لَهُ الرَّجُلُ : قَبَّحَكَ اللهُ وَ لَا اَشْبَعَ بَطْنَكَ ، فَاذْهَبْ فَاِنَّكَ اَمْكَرُ الْمَاكِرِيْنَ .

ترجمہ :-

کہتے ہیں کہ کسی شخص نے ایک مفت خورے کو سفر میں ساتھ لیا۔ منزل پر پہنچکر اُس سے کہا کہ بھائی جا ، ہمارے لئے گوشت تو لے آ۔ اُس نے کہا کہ مجھ سے تو چلا نہیں جاتا۔ اور یہ بھی ڈر ہے کہ کہیں ٹھگا یا نہ جاؤں۔ وہ شخص آپ گیا اور گوشت خرید لایا، پھر اُس سے کہا کہ اُٹھ اسے پکالے۔ وہ بولا : خدا کی قسم مجھے تو پکانا نہیں آتا۔ اُس نے آپ پکا لیا۔ پھر اُس سے کہا کہ کھانا نکال لے۔ اُس نے کہا : ایسا نہو دیگچی میرے کپڑوں پر اوندھ جائے۔ اُس نے آپ ہی نکال لیا۔ جب کھانے بیٹھا تو کہا : اُٹھ کھانا کھالے مُفت خورہ بولا : خدا کی قسم مجھے تیرے برخلاف کرتے ہوئے شرم آتی ہے۔ وہ آگے بڑھا اور کھانا کھانے لگا۔ وہ شخص بولا کہ خدا تیرا بُرا حال کرے اور کبھی تیرا پیٹ نہ بھرے، تُو بڑا مکّار ہے۔

حِكَايَةٌ

قَدِمَ ثَلَاثَةٌ مِنَ الطُّفَيْلِيِّيْنَ بِلَادَ الْمُوْصِلِ فَمَرُّوْا فِيْ طَرِيْقِهِمْ بِسُوْقِ الطَّبَّاخِيْنَ . فَدَخَلُوْا عِنْدَ طَبَّاخٍ فَقَالَ لَهُ اَحَدُهُمْ اغْرِفْ لِيْ بِدِرْهَمٍ. وَ قَالَ الْاٰخَرُ كَذٰلِكَ وَ قَالَ الثَّالِثُ كَذٰلِكَ . فَغَرَفَ لَهُمْ فَاَكَلُوْا ۔ فَلَمَّا فَرَغُوْا مِنَ الْاَكْلِ اَرَادَ الْاَوَّلُ الْاِنْصِرَافَ ۔ فَقَالَ لَهُ الطَّبَّاخُ هَاتِ

الدِّرْهَمَ. فَقَالَ الطُّفَيْلِيُّ : مَا تُقَصِّرُ تُرِيْدُ اَنْ تَأخُذَ مِنِّيْ مَرَّتَيْنِ. فَصَاحَ الطَّبَّاخُ وَيْلَكَ تُرِيْدُ تَنْهَبُنِيْ. فَقَالَ لَهُ الثَّانِيْ : يَا سُبْحَانَ اللهِ اَعْطَاكَ الدِّرْهَمَ بَعْدَ اَنْ اَعْطَيْتُكَ دِرْهَمِيْ. فَقَالَ الطَّبَّاخُ وَاَنْتَ اَيْضًا مِثْلُهٗ. ثُمَّ الْتَفَتَ الطَّبَّاخُ فَوَجَدَ الثَّالِثَ يَبْكِيْ. فَقَالَ لَهُ الطَّبَّاخُ مِمَّا بُكَاؤُكَ ؟ قَالَ كَيْفَ لَا اَبْكِيْ وَقَدْ بَلَغَتْ حَقَّ هٰذَيْنِ الرَّجُلَيْنِ الفَاضِلَيْنِ الَّذِيْنَ سَلَّمَا لَكَ قَبْلَ مَا سَلَّمْتُ لَكَ فَضَرَبَ الطَّبَّاخُ عَلٰى رَاْسِهٖ وَقَامَ اَهْلُ السُّوْقِ عَلَيْهِ يَلُوْمُوْنَهٗ . وَخَرَجَ الطُّفَيْلِيُّوْنَ عَلٰى لِحْيَتِهٖ ، وَهُوَ يَبْكِيْ وَلَمْ يَنَلْ مِنْهُمْ شَيْئًا .

ترجمہ :-

تین مفت خورے شہر موصل میں آئے۔ رستہ میں نان بائیوں کے بازار میں گزر ہُوا۔ ایک نان بائی کی دکان میں گھس گئے۔ ایک نے کہا کہ ایک درہم کا کھانا میرے لئے نکال۔ دوسرے نے بھی یہی کہا، اور تیسرے نے بھی یہی۔ اس نے اُن کے لئے کھانا نکالا، اور انھوں نے کھایا۔ جب کھانا کھا چکے، تو پہلے نے چلنے کا ارادہ کیا۔ نانبائی نے کہا کہ درہم تو دے۔ اُس نے کہا کہ کیا ظلم کرتا ہے ؟ کیا مجھ سے دو دفعہ دام لینے چاہتا ہے۔ نانبائی غل مچانے لگا کہ ہائے افسوس تُو تو مجھے لوٹنا چاہتا ہے۔ دوسرا بولا کہ سبحان اللہ ! جب میں نے تجھے اپنا درہم دیا، اس کے بعد ہی تو اُس نے دیا ہے۔ نان بائی نے کہا کہ تُو بھی ویسا

ہی) ہے۔ تیسرے کی تیسرے کی طرف خیال کیا تو اُسے روتا ہوا پایا۔ اُس سے کہا کہ تو کیوں روتا ہے۔ وہ بولا کہ کیونکر نہ روؤں، ان دونوں بزرگوں نے جو مجھ سے پہلے تجھے دیا، اُن کے حق کو تو نگل گیا (مجھے کاہے کو چھوڑیگا)۔ نان بائی نے اپنا سر پیٹ لیا۔ بازار کے لوگ آ کھڑے ہوئے، اور اسی کو ملامت کرنے لگے۔ مفت خورے ہنستے ہوئے چلے گئے۔ نان بائی کو کچھ ہاتھ نہ آیا۔ روتا رہ گیا۔

حِكَايَةٌ

اِصْطَحَبَ اَحْمَقَانِ فِیْ طَرِیْقٍ. فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِلْاٰخَرِ تَعَالَ نَتَمَنَّ فَاِنَّ الطَّرِیْقَ یُقْطَعُ بِالْحَدِیْثِ فَقَالَ اَحَدُهُمَا اَنَا اَتَمَنّٰی قَطَائِعَ غَنَمٍ. اَنْتَفِعُ بِلَحْمِهَا وَ دَرِّهَا وَ صُوْفِهَا. فَقَالَ الْاٰخَرُ اَنَا اَتَمَنّٰی قَطَائِعَ ذِئَابٍ، اُرْسِلُهَا اِلٰی غَنَمِكَ حَتّٰی لَا تَتْرُكَ مِنْهَا شَیْئًا. فَقَالَ لَهٗ وَیْحَكَ، هٰذَا مِنْ حَقِّ الصُّحْبَةِ وَ حُرْمَةِ الْعِشْرَةِ، فَتَصَایَحَا، وَ تَخَاصَمَا وَ اشْتَدَّتِ الْخُصُوْمَةُ بَیْنَهُمَا وَ تَلَاطَمَا وَ تَلَاكَمَا، وَ تَمَاسَكَا بِالْاَطْوَاقِ. فَرَضِیَا بِاَوَّلِ مَنْ یَطْلُعُ عَلَیْهِمَا یَكُوْنُ حَكَمًا بَیْنَهُمَا. فَطَلَعَ شَیْخٌ بِحِمَارَیْنِ عَلَیْهِمَا زِقَّانِ مِنْ عَسَلٍ فَحَدَّثَاهُ بِحَدِیْثِهِمَا

فَنَزَلَ الزِّقَيْنِ وَ فَتَحَهُمَا حَتّٰى سَالَا عَلَى الْأَرْضِ . ثُمَّ قَالَ صَبَّ اللّٰهُ دَمِيْ بِمِثْلِ هٰذَا اِنْ لَمْ تَكُوْنَا اَحْمَقَيْنِ . قُلْتُ وَ هُوَ لَعَمْرِيْ اَشَدُّ حُمْقًا مِنْهُمَا لِعَمَلِهٖ بِالزِّقَيْنِ . مَا دَلَّ عَلٰى سُخْفِهٖ . وَ يُقَالُ اِنَّ الْاَحْمَقَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَنْفَعَ شَخْصًا ضَرَّهُ .

ترجمہ :-

دو احمق رستہ میں ہمسفر ہوئے ۔ایک نے دوسرے سے کہا کہ آؤ اپنی اپنی آرزوئیں بیان کریں کہ رستہ باتوں میں (خوب) کٹتا ہے ۔پہلا بولا کہ میں تو خدا سے بکریوں کے ریوڑ چاہتا ہوں کہ اس کے گوشت اور دودھ اور اون سے نفع کماؤں ۔دوسرے نے کہا : میں تو بھیڑیوں کے ریوڑ چاہتا ہوں ، انھیں تیری بکریوں میں چھوڑوں کہ کچھ نہ چھوڑیں ۔ اس نے کہا : چھٹے منہ یارانہ اور ساتھ رہنے کا حق یہی ہے ؟ (غرض) دونو غل مچانے اور جھگڑنے لگے اور لڑائی نے خوب زور پکڑا ۔ تھپیڑ اور مکّے سے لڑے اور گریبان پکڑ لئے ۔ آخر اس بات پر راضی ہوئے کہ جو شخص پہلے سامنے آئے وہ پنچ ہو ۔اتنے میں ایک بڈھا دو گدھے لئے ہوئے آیا کہ اُن پر شہد کی دو مشکیں تھیں ۔ دونو نے اپنی بات اُس سے کہی بڈھے نے دونو مشکیں اُتار اُن کے مُنہ کھول دئے کہ دونو کا شہد بہ گیا ۔پھر بولا کہ اگر تم دونو احمق نہو ، تو خدا اسی طرح میرا خون بہائے ۔ مگر میں اپنی جان کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ بڈھا دونو سے زیادہ احمق تھا ، جو اپنی مشکوں کا یہ حال کیا کہ (صاف) اُس کی بے عقلی پر دلالت کرتا ہے ۔مثل ہے کہ احمق جب کسی کو فائدہ پہنچانا چاہتا ہے ، تو اپنا آپ نقصان کر لیتا ہے ۔

حكاية

استأجر رجل حمالا ليحمل له قفصا فيه قوارير على أن يعلمه ثلث خصال ينتفع بها. فلما بلغ ثلث الطريق قال هات الخصلة الأولى. فقال من قال لك إن الجوع خير من الشبع فقال لا تصدقه؛ قال نعم. فلما بلغ نصف الطريق قال هات الثانية فقال من قال لك إن المشي خير من الركوب، فلا تصدقه، قال نعم. فلما انتهى إلى باب الدار، قال هات الثالثة فقال من قال لك إنه وجد حمالا أجهل منك فلا تصدقه. فرمى الحمال القفص فكسر جميع القوارير، وقال من قال لك إنه بقي في القفص قارورة فلا تصدقه أبدا.

ترجمہ :

کسی شخص نے ایک مزدور کیا کہ شیشوں کا ٹوکرا اٹھا کر لے چلے۔ مزدوری ٹھہری کہ تین باتیں ایسی بتائے جن سے مزدور کو فائدہ ہو۔ جب راستہ کی

ایک تہائی پر پہنچے، تو مزدور نے کہا کہ لاؤ پہلی بات ۔ اُس نے کہا کہ جو کوئی تجھ سے یہ کہے کہ سیری سے بھوک اچھی ہے، تو نہ مانیو ۔ اُس نے کہا اچھا ۔ جب آدھی دور پر پہنچے تو کہا کہ لاؤ دوسری بات ۔ اُس نے کہا کہ جو شخص تجھ سے کہے کہ سواری سے پیدل چلنا اچھا ہے، تو کبھی سچ نہ مانیو ۔ اس نے کہا اچھا ۔ جب وہ شخص گھر کے دروازہ پر پہنچا تو مزدور نے کہا کہ لاؤ تیسری بات ۔ اس نے کہا کہ جو کوئی تجھ سے یہ کہے کہ میں نے تجھ سے بھی احمق مزدور دیکھا ہے، تو تو باور نہ کیجیو ۔ مزدور نے ٹوکرا سر سے پھینک دیا کہ سارے شیشے ٹوٹ گئے ۔ اور کہا جو کوئی تجھ سے کہے کہ ٹوکرے میں کوئی شیشہ بچا ہے، تو کبھی یقین نہ کیجیو ۔

مفید کتابیں

کتاب	قیمت
نقش وفا: مرد اور عورت کے لئے بہترین راہ عمل	۶ ر
محمد اور عورت ذات	۳ ر
اظہار حق: تفسیر سورۃ والتین	۶ ر
ہمارے اعمال اور انکی قدر و قیمت	۲ ر
الناموس المفصل: تفسیر سورۂ مزمل	۴ ر
نور الحق: تفسیر سورۃ علق معہ ضمیمہ	۳ ر
اصل الاصول: اہل حدیث اور اہل قرآن کے مناظرہ پر محاکمہ	۶ ر
سمجھ اچھی کم بے سمجھی:	۱ ر
ارشادات القرآن	۸ ر
تندرستی ہزار نعمت	۵
الاحسان: تصوف کا بیان	۸ ر
لالہ صحرا نظم: از پروفیسر منیر ایم اے	۴ ر
جبریل و ابلیس: 〃 〃	۴ ر
اتاترک	۶ ر
شان اردو	۶ ر
نماز بلاد اسلامیہ میں	۲ ر
ستر دلہن: قابل دید	۳ ر
مقتول بے حجابی	۱ ر
قواعد عربی حصہ اول۔ علم صرف	۱۲ ر
عروس غربت: ایم۔ ایم۔ اسلم	۴ عہ
بقائے دوام: 〃 〃 〃	عہ
انتقام: 〃 〃 〃	۳ ر
پیمان وفا: 〃 〃 〃	۵ ر
خط تقدیر: 〃 〃 〃	۶ ر
غزال: 〃 〃 〃	۱۰ ر
ساربان: 〃 〃 〃	۴ ر
چار سہیلیاں: 〃 〃 〃	عہ
بڑی بی: 〃 〃 〃	۱۲ ر
نور ہدایت: 〃 〃 〃	۴ ر
دریائے وحدت: قرآن شریف کی آیات اور گرنتھ کے شبدوں کی یکرنگی۔	۱۲ عہ
الفوز الکبیر: فتح الخبیر فارسی	۸ ر

ملنے کا پتہ: مینیجر کتبخانہ انجمن اشاعت اسلام۔ دار القرآن جالندھر شہر

استاد کی امداد کے بغیر

عربی سکھانے والی کتابیں

کتاب	قیمت	کتاب	قیمت
معلم العربیہ		تحفۃ العلوم حصہ اول مجلد	عہ/
مدرس العربیہ	عگر	لغات القرآن	۱۰/
عربی ٹیچر	عہ	〃 〃 عزیزی	عگر
عربی کا معلم جدید حصہ اول	۲/	مصباح القرآن 〃	عہ
〃 〃 دوم	۴/	عربی بول چال حصہ اول	۱۴/
کلید 〃 〃 اول	۵/	〃 〃 دوم	۱۴/
〃 〃 〃 دوم	۵/	کتاب الصرف	۴/
کلام عربی حصہ اول	۱۰/	کتاب النحو	۱۰/
〃 〃 دوم	۱۰/	قواعد عربی	۱۲/
ترجمان القرآن جلد اول دوم		اردو عربی ترجمہ	۸ر
سوم چہارم پنجم ششم فی جلد	عہ	الصحیفۃ الاولیٰ	ہر چہار حصہ
جلد ۲۹ و ۳۰ 〃	عہ	〃 الثانیہ	
ہدایت العربیہ	۶	〃 الثالثہ	
اساس عربی	۶	〃 الرابعہ	۸ر
اللغات والامثال	۶	الدروس العربیہ حصہ اول	۸ر

ملنے کا پتہ: مینیجر مکتبۂ علمیہ - مدرسۃ البنات جالندھر شہر

رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۵۵۵

تعلیمی صحیفہ

مئی سنہ ۱۹۴۶ء

مدیر: محمد احمد خان ذاکر

قواعد

۱۔ رسالہ ہر انگریزی مہینے کے پہلے ہفتے میں شائع ہوتا ہے۔

۲۔ رسالہ نہ پہنچنے کی اطلاع اسی مہینے کی بیسویں تاریخ تک دفتر میں پہنچ جانی چاہیئے، ورنہ رسالہ، بشرطِ موجودگی، قیمت پر ملیگا۔

۳۔ چندہ سالانہ ۳ روپئے۔ فی پرچہ ۴ر

۴۔ اشتہارات کی اُجرت کا تصفیہ منیجر سے بذریعہ خط و کتابت کرنا چاہیئے۔

جنرل برقی پریس ریلوے روڈ جالندھر شہر میں چھپکر
باہتمام محمد احمد خان ذاکر پرنٹر پبلشر "دار القرآن" سے شائع ہوا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ۱۷ | مئی ۱۹۴۶ء - جمادی الاول ۱۳۶۵ھ | نمبر ۵

استعاذہ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۝

کلمات

(۱) اَعُوْذُ (۲) بِ (۳) اَللّٰہِ (۴) مِنْ (۵) اَلْ۔
(۶) شَیْطَانِ (۷) اَلْ (۸) رَجِیْمِ۔

تفسیر

(۱) اَعُوْذُ : فعل مضارع معروف صیغۂ واحد متکلم، مذکر و مؤنث،
معنٰے : میں پناہ لیتا ہوں۔
(باب) نَصَرَ یَنْصُرُ ۔ (نصر) عاذ یَعُوْذُ مصدر عَوْذًا،

عیاذًا ، معاذًا ، مَعَاذۃ

معنیٰ مصدری : استجارہ ، اعتصام

پناہ لینا ، چنگل مارنا ، سہارا لینا ، آسرا لینا ، سایۂ حمایت میں آنا ، چمٹ جانا ، لٹک پڑنا ، پشتی حاصل کرنا ، امان جوئی ، فریاد خواہی ، یاری طلبی ، استعانہ ۔

تعبیرات کی مثالیں

(۱) أَطْيَبُ اللَّحْمِ عُوَّذُهُ : پاکیزہ ترین گوشت وہ ہوتا ہے جو ہڈی سے چمٹا ہوا ہوتا ہے ۔

عُوَّذٌ : ہڈی سے لگا ہوا گوشت ، گویا یہ گوشت ہڈی سے لپٹ چمٹ کر یا اسکی پناہ میں آکر مضبوط اور صدمات سے محفوظ ہو گیا ہے ۔

(۲) ارعوا بهمكم عُوَّذَ هٰذَا الشَّجَرِ : اپنے مواشی کو اس درخت کے زیر سایہ پودے چراؤ ۔

عُوَّذ اور مُعَوَّذ ان چھوٹے چھوٹے پودوں کو کہتے ہیں جو کسی گنجان جھاڑ کے نیچے ہوں جس کی شاخوں نے ہر طرف سے جھک کر ان پودوں تک آنے کا راستہ بند کر رکھا ہو ۔ گویا ان پودوں نے چرنے چرانے والوں سے بچنے کے لئے اس درخت یا جھاڑ کے نیچے چھپ کر اسکی پناہ لے رکھی ہے ۔

عُوَّذ گیاہ کہ در بن خار یا بجائے دشوار رستہ باشد تا ستور بہ وے نرسد (صراح)

مذکورہ مثالوں سے عوذ کا مطلب بخوبی محسوس ہو جاتا ہے ۔

عوذ اور لوذ میں فرق

استعاذہ کہتے ہیں شریر کے شر سے بھاگ کر اللہ کی پناہ لینے اور اس کی

جناب سے پیوست اور چسپیدہ ہو جانے کو۔

اور عیاذہ ہوتا ہے دفع شر کے لئے

اور لیاذہ ہوتا ہے خیر حاصل کرنے کے لئے۔

متنبی ؎

یَامَنْ اَلُوْذُبِہٖ فِیْمَا اُؤَمِّلُہٗ ۔ وَمَنْ اَعُوْذُبِہٖ مِمَّنْ اُحَاذِرُہٗ

لا یجبر الناس عظما انت کاسرہ ۔ ولا یھیضون عظما انت جابرہٗ

(ابن کثیر)

(۲) بِ

حرف جر۔ اسماء پر داخل ہوتی اور ان کو جر دیتی ہے۔ اس کا زیادہ تر اور بہت مشہور استعمال اِلصاق کے معنوں میں ہوتا ہے۔

اِلصاق: چسپاں کرنا، چپکانا، چپکنا، چمٹانا۔ یعنی یہ باء مکسورہ کسی فعل کو اس اسم سے چسپاں کرنے کے لئے آتی ہے جس پر وہ فعل واقع ہوتا ہے۔

وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ (اپنے سروں کا مسح کرو) یعنی (فعل مسح کو اپنے سروں سے ملصق کرو (چپکاؤ، چسپاں کرو۔)

ایک دوسری قسم اس بِ کی بائے استعانہ یا بائے آلہ ہے۔

اس معنوں میں یہ بِ آلۂ فعل پر داخل ہوا کرتی ہے۔ جیسے اِضْرِبْ بِعَصَاكَ الْحَجَرَ: اپنی لاٹھی پتھر پر مار یا مار اپنی لاٹھی سے پتھر کو۔ یا اپنے عصا کو پتھر پر بطور آلۂ ضرب کام میں لا۔

لیکن اس دوسری مثال میں بھی باء بطور باءِ اِلصاق بخوبی کارآمد ہے۔ یعنی اِضْرِبْ بِعَصَاكَ الْحَجَرَ کے معنی ہیں: تو فعل ضرب کو اپنے عصا سے پیوست کر کے حجر پر واقع کر۔

ایک تیسری قسم ب کی باءِ مصاحبۃ ہے، جیسے اِشْتَرَیْتُ الحِصَانَ بِاللِّجَامِ : میں نے گھوڑا لگام سمیت خریدا۔

س : یہ باء جو اَعُوْذُ بِاللّٰہِ میں آئی ہے کاہے کے لئے ہے ؟

ج : بقول بصریّین یہ بِ اِلصاق کے لئے ہے، اور قاعدہ اس ب کا یہ ہے کہ جس پر فعل واقع کرنا ہو وہ فعل اس مفعول پر بِ داخل کئے بغیر چسپاں نہ ہو سکے۔

(۳) اَللّٰہِ

ذاتِ حق سبحانہٗ و تعالیٰ کا اسم علم جو بقول ابن مالک معرف وضع ہوا ہے، موصوف واقع ہوتا ہے، صفت واقع نہیں ہوتا۔

بعض کے نزدیک مشتق ہے :

(۱) اَلَہَ بمعنی عَبَدَ سے۔

ھُوَ الَّذِیْ یَاْلَھُہٗ کُلُّ شَیْءٍ وَ یَعْبُدُہٗ کُلُّ خَلْقٍ : وہ (ذاتِ پاک) جس کی ہر شئے عبادت اور ہر مخلوق پرستش کرتی ہے (ابن جریر)

اَلَہَ یَاْلَہُ اِلٰھَۃً و اُلُوھَۃً و اُلُوْھِیَّۃً ، جیسے کہا جاتا ہے عَبَدَ یَعْبُدُ عِبَادَۃً و عبودۃ و عبودیّۃ۔

(۲) اَلِہَ بمعنے تحیّر سے یا وَلِہَ بمعنی تحیّر سے ، مراد یہ ہے کہ وہ سببِ حیرت ہے، اس لئے کہ جب ناظرینِ اسبابِ تکوین کے زینے پر قدم بہ قدم چڑھتے ہیں تو موجدِ اول کی معرفت میں (جو بذاتِ خود موجود ہے، کسی سابق علت کی وجہ سے نہیں) درجۂ حیرت کے نزدیک رُک جاتے ہیں، اور اس موجدِ عظیم کی حقیقت تک نہیں پہنچ سکتے، جس کی ہستی کے بغیر اس کائنات کا بھید سمجھا نہیں جا سکتا۔ یا دِبُوں

اصل موجودات کی تلاش میں صدیوں خاک چھانتے رہے۔ اس جستجو میں جو شے اس کائنات کی تہ میں سامنے آئی اسی کی اصلیت کے معتقد ہو گئے۔ لیکن جوں جوں جستجو کا قدم آگے بڑھتا گیا، ہر اصل کے پیچھے کوئی نئی اصل سر اُٹھاتی رہی۔ تا آنکہ چند ایسے بسائط تک رسائی ہوئی جن سے اس کائنات کا مرکب ہونا مانا گیا، لیکن کائنات کی اصل کا سراغ اب تک بھی درونِ پردہ رہا

ازپسِ پردہ جملہ حیرانند
نیست کس راگزار در پردہ

آخر چار و ناچار تسلیم کرنا پڑا کہ اس کائنات کا موجد ضرور کوئی نامعلوم وجود ہے جو ذُو قوت و ذی حیات ہے۔

ہندو نے صنم میں جلوہ پایا تیرا
آتش پہ مغاں نے راگ گایا تیرا
دہری نے کیا دہر سے تعبیر تجھے
انکار کسی سے بن نہ آیا تیرا

(۴) مِنْ

مِنْ: سے، حرفِ جار ہے۔ یہاں یا تو ابتدا کے لئے ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے قول میں: ثُمَّ اَفِیْضُوْا مِنْ حَیْثُ اَفَاضَ النَّاسُ۔ اور یا انتقال کے لئے جیسا کہ وَمَا هُمْ بِخَارِجِیْنَ مِنَ النَّارِ" میں۔

(۵) ال

یہ ال یا تو تعریفِ جنس کے لئے ہے، اس لئے کہ شیطان بکثرت ہیں۔ دکھائی دینے

والے بھی ہیں اور دکھائی نہ دینے والے بھی، یعنی شیاطین الانس والجنّ۔ اور کبھی انسی شیطان جنی شیطان سے بھی شیطنت میں زبردست ہوتا ہے۔ چنانچہ مشہور ہے کہ ایک شخص کسی واعظ کی مجلس میں حاضر تھا۔ حضرتِ واعظ نے بیان کیا کہ آدمی جب خیرات کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو ستر شیطان آکر اس کے ہاتھوں پاؤں اور دل سے لٹک پڑتے ہیں اور اس کو خیرات کے ارادے سے ہٹا بس کرتے ہیں۔ اس شخص نے یہ سنا تو اُٹھ کر کہنے لگا: میں ان ستر شیطانوں سے لڑونگا۔ یہ کہہ کر گھر جا پہنچا اور اپنا دامن گیہوں سے بھر کر مسجد کو جانے لگا کہ وہاں جاکر اس کو خیرات کردے۔ یہ دیکھ کر گھر والی آگ بگولا ہوگئی اور کود کر شوہر کا دامن جا پکڑا اور جب تک وہ سب گیہوں دامن سے نکلوا نہ لئے، کشمکش سے باز نہ آئی۔ مرد بیچارا اپنا سا منہ لے کر مسجد کو پھرا اور بولا: میںنے شیطان تو ستر کے ستر زیر کر لئے، لیکن جب ان کی ماں آئی تو اس نے میری ایک پیش نہ چلنے دی۔

اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ لام عہد ہو اور اس سے ابلیس بذاتِ خود مراد ہو، کیونکہ تمام معاصی اسی کے اغوا سے ظہور میں آتے ہیں۔

(۶) شَیطن

شیطان: دیوبند۔

ن اس میں اصلی ہے، اور وہ مشتق ہے شَطَن سے، جس کے معنی ہیں دُور رہوا۔ جیساکہ ذیل کی مثالوں سے ظاہر ہے:-

بِئْرٌ شَطُونٌ: گہرا کنواں۔

غُرْبَۃٌ شَطُوْنٌ: دُور کی بے وطنی۔

شَطَنَتِ الدَّارُ: گھر دُور رہوا۔

عِنْدِیْ شَطَنٌ قَوِیٌّ: میرے پاس مضبوط رسّا ہے۔ شَطَن لمبے رسّے

کو کہتے ہیں جس سے پانی نکالا جاتا ہے، اور مواشی باندھے جاتے ہیں۔ ایک اعرابی نے گھوڑے کی تعریف میں کہا ہے: کَاَنَّہٗ شَیْطٰنٌ فِیْ اَشْطٰنٍ: گویا کہ وہ شیطان ہے رسیوں میں بندھا ہوا۔

اِنَّہٗ لَیَنْزُوْ بَیْنَ شَطَنَیْنِ: وہ کودتا ہے دو رسیوں کے درمیان۔ جو گھوڑا شرارت کرتا ہے، وہ دونوں طرف سے دو رسیوں سے باندھ دیا جاتا ہے۔ اس سے تشبیہ دی جاتی ہے تکبر اور اترانے والے شخص کو۔

شَطَنَ بمعنی مخالفت کردن از قصد۔ فَرَسٌ شَیْطٰنٌ: اترانے والا گھوڑا۔

شَاطَ (یَشِیْطُ)۔ شوط کے معنی ہیں: ہلاک ہونا اور جوئے میں مارے ہوئے اُونٹ کا تمام بٹ جانا اور کوئی حصہ باقی نہ رہنا۔ چنانچہ کہا جاتا ہے: شَاطَتِ الجَزُوْرُ: مارا ہوا اُونٹ بٹ گیا۔ لہو ملا دینا۔ چنانچہ محاورہ ہے شَاطَ فُلَانٌ دِمَاءً: فلاں شخص نے خون ملا دئے۔ یعنی خونِ مقتول پر قاتل کا لہو بہا دیا۔ باطل ہونا۔ شَاطَ فُلَانٌ (اس کا خون بدر ہو گیا) + تیل کا جوش دینے سے جل جانا اور ہنڈیا کا جل جانا اور جو چیز اس میں پکتی ہو اس کا تہ سے چمٹ جانا۔ اِسْتَشَاطَتْ: غصے سے جل جانا اور جانور کا موٹے ہونا نَاقَۃٌ مِشْیَاطٌ جلدی موٹی ہو جانے والی اُونٹنی۔ فرس میشاط۔ ممتلئا سمنا۔ شوط باطل۔ گردِ آفتاب کہ از روزن نماید۔

دُور ہونے والا۔ سوختہ آتشِ خشم۔ نازاں۔ اترانے والا۔ تندخو۔ باطل۔ ہلاک ہونے والا۔ نیست و نابود۔ ہر بدخو و سرکش جنوں، انسانوں اور حیوانوں میں سے۔ دیو۔ راکھشس۔ اشر۔ انسان کا ہر خلقِ ذمیم۔ قَالَ علیہ السلام: اَلْحَسَدُ شَیْطَانٌ: حسد شیطان ہے۔ غضب شیطان ہے۔

(۷) رَجِیْم

رَجِیْم۔ (رجم) رجام : حجارہ، پتھر، سنگ۔
رَجْم، الرَّمْیُ بِالْحِجَارَۃِ : پتھر مارنا۔ پتھراؤ کرنا۔ سنگ اندازی کرنا سنگسار کرنا۔
رَجَمَ یَرْجُمُ رَجْمَ فَهُوَ مَرْجُوْمٌ۔ اور لفظ رجم استعارہ کے طور پر ظن و توہم اور شتم و طرد کرنے کے معنوں میں مستعمل ہے۔
رَجِیْم یا تو بوزن فعیل فاعل کے معنوں میں ہے۔ اَیْ رَامِیْ بَنِیْ اٰدَمَ بِالرَّوَامِی وَ البلایا : یعنی آدم پر بلائیں اور مصیبتیں ڈالنے والا۔
رَجِیْم کے معنی ہوتے : پتھراؤ کیا ہوا، رحمت سے دُور پھینکا ہوا۔ و
المطرود عن الخیرات وَعن منازل الملاَ الاَعْلٰی :
دھتکارا ہوا سب بھلائیوں اور فرشتوں کے مقاموں سے۔ دیو۔ راکھشس۔ آسر۔

استعاذہ کی ماہیت

جب تک یہ تین کام شامل نہ ہوں استعاذہ پورا نہیں ہوسکتا : اول : علم۔ دوم : حال۔ سوم : عمل۔
علم سے یہ مراد ہے کہ بندے کو معلوم ہو کہ وہ دینی اور دنیوی منافع کو حاصل کرنے اور سب دینی اور دنیوی نقصانات کو دُور کرنے سے عاجز ہے اور اللہ ساری دینی اور دنیاوی منفعتوں کو وجود میں لانے اور سب دینی و دنیاوی مضرتوں کو اس سے دفع کرنے پر قادر ہے، اور اس کے سوا کوئی دوسرا ایسی قدرت نہیں رکھتا جب ایسا علم دل کو حاصل ہوتا ہے تو اس علم سے دل میں ایک حالت پیدا ہوتی ہے اور

یہ حالت انکسار اور فروتنی کی ہوتی ہے۔ اسی حالت کو خضوع و خشوع اور تضرع الی اللہ کہتے ہیں
پھر یہ خضوع اور تضرع کی حالت ایک صفت دل میں اور ایک صفت زبان میں پیدا کر دیتی ہے۔
پھر یہی دل کی صفت بندے کو اس کا خواہاں بنا دیتی کہ اللہ تعالیٰ اس کو آفات سے محفوظ رکھے اور خیرات و
حسنات سے محظوظ فرمائے اور جو صفت زبان میں پیدا ہوئی تھی وہ بندے کو اللہ کے آگے اس
مطلب کا زبان سے طالب بنا دیتی ہے۔ اور یہی طلب استعاذہ ہے۔ اور یہی اعوذ باللہ کہنا ہے
یہ جو کچھ ہم نے ذکر کیا ہے اس کو جان لینے کے بعد تم پر ظاہر ہو جائیگا کہ استعاذہ میں رکن اعظم اللہ
کو پہچاننا اور اپنے نفس کو جاننا ہے۔ اللہ کو پہچاننا تو یہ ہے کہ بندے کو یہ علم ہو کہ اللہ تعالیٰ تمام
معلومات کا عالم ہے، ازو علم یک ذرہ پوشیدہ نیست۔ کیونکہ اگر یہ بات اس طرح نہیں تو
ہو سکتا ہے کہ اللہ کو اس کی اور اس کے حالات کی خبر نہ ہو سو اس تقدیر پر اس کا اللہ سے پناہ مانگنا
بیفائدہ ہوگا۔

اور دوسرا اس کو یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ اللہ تمام ہو سکنے والی چیزوں پر قادر ہے۔ ورنہ ہو سکتا
ہے کہ وہ بندے کی مراد بر لانے سے عاجز ہو، اور تیسرا اس کو یہ بھی معلوم ہونا چاہیئے کہ اللہ جواد مطلق
ہے اس لئے کہ اگر اس کا کنجوس ہونا جائز مان لیا جائے تو استعاذہ لاحاصل ہوگا۔ اور یہ جاننا
بھی ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی بھی اس کے کاموں میں اس کا مددگار نہیں ہو سکتا اس
لئے کہ اگر اللہ کے سوا کوئی اور بھی اس کے مقاصد میں اس کا مددگار ہو سکتا ہو۔ تو اللہ تعالیٰ کی پناہ
طلب کرنے میں اسکی رغبت کمزور ہوگی۔ اور یہ بات بجز توحید مطلق کے پوری ہو نہیں سکتی، اور اپنے نفس کو جاننے
سے مراد یہ عرفان ہے کہ جہان کا مدبر خدائے واحد ہے اور بندہ اپنے کاموں میں نامستقل ہے یعنی
یہ تن تنہا اپنے کام سرانجام نہیں دے سکتا۔ اگر دے سکتا ہو تو استعاذہ بیکار ہے۔ پس ثابت ہوا کہ
بندے جب تک ربوبیت کی عزت اور عبودیت کی ذلت کو پہچان نہ لے اس کا اَعُوْذُ بِاللّٰہِ
مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ کہنا درست نہ ہوگا۔

بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس ذکر کے لئے ان مقدمات کو جاننے کی حاجت نہیں ہے

جب تجویز کرے کہ امراس طرح ہے تو اس کو بالاجمال اعوذ باللہ کہہ لینا اچھا ہے۔ یہ قول بہت ضعیف ہے۔ اس لئے کہ ابراہیم علیہ السلام نے یہ کہہ کر اپنے باپ کی عیب گیری کی کہ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَ لَا يُبْصِرُ وَ لَا يُغْنِي عَنْكَ شَيْئًا۔ تو ایسے کو کیوں پوجتا ہے جو نہ سنے اور نہ دیکھے اور نہ تیرے کسی کام آسکے ؟

اب بدیں تقدیر کہ اللہ تمام معلومات کا عالم اور تمام مقدورات پر قادر نہ ہو تو اس کا سوال ایسے کے سامنے ہوگا جو نہ سنتا ہو نہ دیکھتا ہو اور یہ اس عیب میں داخل ہوگا جو ابراہیم علیہ السلام نے اپنے والد پر لگایا۔

اور بندہ کا اپنے نفس کے حال کو جاننا یہ چاہیئے کہ اُسے معلوم ہو کہ وہ اپنی مصلحتوں کی پوری پوری رعایت سے عاجز و قاصر ہے۔

اور اُسے یہ بھی جاننا چاہیئے کہ فرضاً اگر وہ ان مصلحتوں کو حسب کیفیت و کمیت مقدار جانتا بھی ہو تو بھی وہ ان کو نہ تو ان کے نہ ہوتے وقت حاصل کرسکتا ہے، اور نہ ان کے موجود ہونے پر ان کو قائم رکھ سکتا ہے، جب یہ معلوم ہو گیا تو اب ہم کہتے ہیں۔ کہ جب یہ دانشیں بندے کے دل میں حاصل ہو جائیں اور ان کا مشاہدہ اور یقین اس کو ہو جائے۔ تو اس کے دل میں اس حالت کا وارد ہونا ضروری ہے جس کا نام انکسار اور خضوع ہے۔ اسوقت اس کے دل میں طلب اور اسکی زبان پہ وہ لفظ حاصل ہوگا جو اس طلب کا اظہار کرے۔ (امام رازی)

جو شخص عارف ہے اور یہ جانتا ہے کہ انسان کمزور پیدا ہوا ہے، اور سب قوت اللہ کو ہے۔ جو ساری مخلوقات کا خالق ہے، اور دنیا میں شر و آفات کی ٹکر کے موقعے موجود ہیں، وہ یہ بھی جانتا ہے کہ ایسے شدت کے موقعوں پر کمزور انسان کو اپنے قوی و توانا مالک کی طرف دوڑنے اور اس کی پناہ لینے کی کسقدر ضرورت ہے۔

انبیاء و اولیاء کا ایسے خطرناک مواقع پر اللہ کے دامن عصمت میں پناہ گیر ہو کر مخلصی حاصل کرنا قرآن مجید میں چند جگہ مذکور ہے۔

اسمیں ایک مقام پر حضرت نوح علیہ السلام کی پناہ گیری کا ہے قصہ یہ ہے کہ حضرت نوح علیہ السلام کی اکھڑ قوم کا قصہ پاک کرنے کے لئے اللہ تعالےٰ نے حضرت نوح ؑ کو ایک طوفانی سیلاب بھیجنے کی خبر بھیجی اور یہ بتلا دیا کہ جتنے لوگ ایمان لا چکے وہی لا چکے، آئندہ تیری قوم کا کوئی فرد ایمان نہ لائیگا" اور فرمایا تو ہماری آنکھوں کے سامنے ہمارے حکم کے مطابق کشتی طیار کر اور ان ظالموں کے حق میں مجھ سے بات نہ کرنا، کہ وہ تو غرقاب ہونیوالے ہیں۔ پھر جب طوفان کا وقت آیا اور اوپر سے آسمان کے کواڑ اور نیچے سے زمین کے سوتے کھل گئے اور پانی اوپر سے موسلا دھار برسنے اور نیچے سے پورے جوش کے ساتھ ابلنے لگا۔ تو حضرت نوح علیہ السلام کو حکم ملا کہ ہر قسم کے دو دو جوڑے کشتی میں لاد اور اپنے گھر کے لوگوں کو (الاّ جس پر قول سابق ہوا) اور انکو جو ایمان لائے ہیں۔ اس میں سوار کر۔ اور تھوڑے ہی لوگ اس کے ساتھ ایمان لائے تھے۔ نوح ؑ نے کہا: اس میں سوار ہو جاؤ، اس کا چلنا اور لنگر کرنا اللہ کے نام سے ہے اور میرا رب معاف کرنیوالا مہربان ہے۔ کشتی ان کو لئے ہوئے پہاڑوں کی طرح اٹھتی ہوئی لہروں میں چل رہی تھی، کہ نوح کو اپنا بیٹا ایک الگ مقام پر دکھائی دیا۔ پکار کر کہا۔ بیٹا! کافروں کا ساتھ نہ دے۔ ادھر آ کر ہمارے ساتھ سوار ہو جا۔ اس نے کہا، میں کسی پہاڑ کو ٹھکانا بناؤنگا وہ مجھے اس پانی سے بچا لیگا۔ نوح نے کہا۔ خدا کی قضا سے بچانیوالا آج کوئی نہیں۔ الاّ جس پر اس کی رحمت ہو جائے کہتے ہیں ایک لہر دونوں کے بیچ حائل ہوگئی اور وہ بھی ڈوب کر رہ گیا۔ اور نوح نے اپنے رب کو پکار کر کہا۔ میرے رب! میرا یہ بیٹا بھی میرا اہل ہے۔ اور تیرا وعدہ حق ہے اور تو احکم الحاکمین ہے۔ ارشاد ہوا، اے نوح! وہ تیرے اہل میں شامل نہیں۔ وہ تو نیک عمل ہے ناشائستہ۔ سو تو مجھ سے ایسی درخواست نہ کر جسکا تجھے علم نہیں میں تجھے متنبہ کرتا ہوں جاہلوں میں شامل ہونے سے [illegible] میں [illegible] چاہتا ہوں۔ اس سے کہ تجھ سے ایسی درخواست کروں جس کا مجھے علم نہیں [illegible] اور مجھ پر رحم نہ کریگا تو میں خسارہ پانے والوں میں سے ہو جاؤنگا

اس فقرے میں حضرت نوح ؑ نے اپنے رب کی پناہ لی ہے، اور اپنے رب کے آگے ایسا سوال کرنے سے پناہ لی ہے جس کا انہیں علم نہ ہو۔ اور یہ سوال ایسا خطرناک ہے کہ آدمی کو جاہلوں اور نادانوں کے زمرے میں لے جاتا ہے۔ اور یہ خطرناک سوال جس میں خود حضرت نوح ؑ کی تباہی کا اندیشہ تھا، یہی ہے کہ

اے رب میرے! میرا یہ بیٹا جو ڈوب رہا ہے یہ بھی تو میرے اہل میں داخل ہے، اور اے احکم الحاکمین وعدہ تیرا اٹل ہونا ہے اور وعدہ تیرا یہ تھا کہ میں تیرے اہل کو بچا لوں گا۔

ہر انسان بالطبع اپنی اولاد پر مرتا ہے، اور وہ کبھی اس کی تکلیف گوارا نہیں کر سکتا چہ جائیکہ وہ اپنی آنکھوں کے سامنے اسکی موت کی سختیاں دیکھے اور اس کے کرب و اضطراب کے حالات کا معائنہ کرے۔ حضرت نوح علیہ السلام کا دل بھی ایک شفیق باپ کا دل تھا، لخت جگر کا طوفانی لہروں کے تھپیڑوں سے تہ و بالا ہونا نہ دیکھ سکے اور بے ساختہ وہ سوال زبان سے نکل گیا جو مذکور ہو چکا، اُف کیسا نازک مقام اور کتنا کڑا امتحان ہے کہ ایک طرف تو باپ کی مہر و محبت کا طوفان ہے جو امنڈا چلا آرہا ہے۔ اور دوسری جانب اللہ کا یہ فرمان کہ جو لوگ ظلم کرتے رہے انکے بارے میں مجھے کچھ نہ کہنا، اور پھر مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ کی استثنا، اور اس پر غیرت ایمانی کا مقتضا کہ مخالفان خدا و رسول کے ساتھ کوئی ربط نظر نہ آئے۔

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَادُّوْنَ مَنْ حَادَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۵ (المجادلہ)

تو کوئی ایسے لوگ نہ پائیگا جو اللہ پر اور روز آخر پر ایمان رکھتے ہوں وہ ایسے لوگوں سے دوستی کریں

جو اللہ کے اور اس کے رسول کے مخالف ہوتے خواہ وہ اپنے باپ ہوں یا اپنے بیٹے ہوں یا اپنے بھائی ہوں یا اپنے گھرانے کے ہوں۔ یہی لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان لکھ دیا ہے اور اپنی ایک روح سے ان کی تائید کی ہے۔ وہ ان کو ایسے باغوں میں داخل کریگا جن کے نیچے دریا بہتے ہیں۔ وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ ان سے راضی رہا وہ اس سے راضی رہے۔ یہ لوگ ہیں اللہ کا جتھا اور سن رکھو کہ اللہ کا جتھا ہی کامیاب ہوتا ہے۔

یہی وہ دشوار اور خطرناک مقام ہے جہاں انسان کا بغیر تائید ایزدی کے اپنے پاؤں پر سنبھلے رہنا ناممکن ہے۔ حضرت نوح علیہ السلام کے قدم لڑکھڑا گئے۔ إِنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَهْلِكَ إِنَّهُ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ (وہ تیرا اہل نہیں ہے۔ وہ تو سراپا نااہل ہے) اس تنبیہ ربانی نے آنکھیں کھولدیں۔ اپنی کمزوری کا احساس کیا اور پکارے کہ رَبِّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ أَنْ أَسْأَلَكَ مَا لَيْسَ لِي بِهِ عِلْمٌ۔ اپنے رب کا آسرا لیکر سنبھل گئے۔ اور وَإِلَّا تَغْفِرْ لِي وَتَرْحَمْنِي أَكُنْ مِنَ الْخَاسِرِينَ۔ کی فریاد کر کے اللہ کی مغفرت اور رحمت کو اپنی طرف متوجہ کر لیا اور خسارہ سامنے آگیا تھا اس سے بچ گئے اور اس تعوذ اور استغفار کا ثمرہ سلامتوں اور برکتوں کی صورت میں لے کر کشتی سے اترے۔

دوسرا مقام

دوسرا مقام تعوذ کا قرآن مجید میں وہ آتا ہے کہ یوسف علیہ السلام جس عورت کے گھر میں رہتے تھے وہ ان پر مفتون ہوگئی اور ان پر قابو پانے کے لئے کوئی دقیقہ کوشش کا اٹھا نہ رکھا۔ حضرت یوسف کا جوش شباب کا زمانہ ہے، قویٰ و اعضا اپنے پورے کمال پر ہیں تجرد کی زندگی ہے، پردیس کی زندگی ہے جہاں رسوائی کا اندیشہ بھی شاذ و نادر ہوتا ہے۔ گھر کی مالکہ عاشق ہے اور ہر وقت اپنی عشوہ گری سے ابھار رہی ہے۔ اونچے گھرانے کی ہے مصر کے بڑے حاکم کی بیگم ہے خوبصورت ہے اور زینت و آرائش کے ہر طرح کے ساز و سامان

موجود ہیں۔ وہ ہزار رنگ سے یوسف ؑ کو لبھا رہی ہے۔ سب دروازے بند کر لئے ہیں۔
اور زبان سے ہیت لک کی التماس ہو رہی ہے۔ یہ وہ نازک مقام ہے کہ فرشتہ بھی ہوتا
تو وضو ٹوٹ جاتا۔ لیکن یوسف علیہ السلام نے اپنی بیچارگی کا احساس کیا اور معاذ اللہ کہکر
اللہ تعالےٰ کی بارگاہ اقدس میں التماس کی اور ایک دن میں شیطان کا سارا طلسم ٹوٹ گیا
اللہ تعالےٰ فرماتا ہے:۔ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَ الْفَحْشَآءَ ۭ اِنَّهٗ مِنْ
عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ۝ اسی طرح ہوا تا کہ ہم اس سے برائی اور بے حیائی کو پھیر دیں۔ یقیناً وہ ہمارے
اخلاص مند بندوں میں سے ہے۔

تیسرا مقام

تیسرا موقع تعوذ کا وہ ہے جہاں حضرت یوسف علیہ السلام نے ظالم اور بے انصاف ہونے
سے اللہ کی پناہ لی اور معاذ اللہ کہا ہے۔ (سورہ یوسف ۲۳ رکوع ۳)

چوتھا مقام

چوتھا واقعہ حضرت موسےٰ کے اللہ کی جناب میں پناہ گیر ہونے کا سورۂ بقر کی ۶۷ ویں
آیت میں مذکور ہے: اور جب موسےٰ نے اپنی قوم سے کہا۔ اللہ تمہیں ایک گائے ذبح کرنیکو
فرماتا ہے۔ وہ بولے تم ہم سے ہنسی کرتے ہو (حضرت موسےٰ نے) کہا۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ
اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝ میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں جاہلوں میں شامل ہونے سے

پانچواں مقام

[illegible] ہے کہ فرعون نے کہا: مجھے [illegible] کو اور وہ پڑا ایکالے [illegible]
[illegible] اور موسیٰ [illegible]

إِنِّي عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُم مِّن كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ۝
میں نے پناہ لی ہے اپنے اور تمہارے رب کی ہر ایک متکبر سے جو روز حساب پر یقین نہیں کرتا۔
آپ نے دیکھا کہ فرعون با وجود اپنی دینوی حشمت و شوکت اور یا وصف ان گیدڑ بھبکیوں کے حضرت موسےٰ علیہ السلام کا بال بیکا نہ کر سکا۔

چھٹا مقام

چھٹا واقعہ حضرت مریمؑ کی ماں حنہ کا ہے۔ جب حنا نے اس کو جنا تو بولی: رب میرے! میں نے تو اسے لڑکی جنا اور اللہ کو خوب معلوم ہے کہ اس نے کیا جنا (اور بیٹا بھی ہوتا تو اس بیٹی جیسا نہ ہوتا) اور میں نے اس کا نام مریم رکھا۔
وَإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۝
اور میں اس کو اور اس کی اولاد کو تیری پناہ میں دیتی ہوں شیطان مردود سے۔ پھر اللہ تعالےٰ نے اس کو حسن قبول سے مقبول کیا اور اس کو بحسن روئیدگی پروان چڑھایا۔ اس اعاذہ کے اثرات حضرت مریم اور حضرت عیسےٰ کی زندگیوں میں نمایاں دکھائی دیتے ہیں۔

ساتواں مقام

ساتواں قصہ حضرت علیہ السلام کے تعوذ کا ہے۔ اور اس کتاب میں مریم کا ذکر کر جب وہ ایک شرقی جگہ میں اپنے لوگوں سے الگ ہو گئی اور ان سے ورے ایک پردہ بنا لیا۔ تو ہم نے اس کے پاس اپنا ایک (روح) فرشتہ بھیجا تو وہ اس کے سامنے ایک سڈول آدمی کی شکل میں آیا۔ وہ بولی میں تجھ سے رحمٰن کی پناہ لیتی ہوں۔ اگرچہ تو پرہیزگار ہے: إِنِّي أَعُوذُ بِالرَّحْمَٰنِ مِنكَ إِن كُنتَ تَقِيًّا ۝ حضرت مریم علیہ السلام نے اس روح ممثل کو با وجود اہل تقویٰ کی صورت پر دیکھنے کے اس سے رحمٰن کی پناہ طلب کی کیونکہ جوان عورت اور جوان مرد کی خلوت سخت فتنے کا

تحمل ہے ؛

ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو پناہ جوئی کے احکام

ہمارے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی قرآن کریم میں اہم موقعوں پر استعاذہ کا حکم ملا ہے جن میں ایک ارفع مقام تبلیغ و دعوت اور ارشاد و ہدایت کا ہے، جو شیطان کی افتادِ طبع کے سراسر مخالف ہے۔ اس لئے کہ اس کا کام تو اللہ کی سیدھی راہ پر بیٹھ۔ اس کی مخلوق کو بہکانا اور گمراہ کرتا ہے۔ اس لئے وہ ایسے موقعوں پر بغض و عداوت کی خاک اڑا کر اپنے دل کا غبار نکالنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرتا۔ بنا بریں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بار بار تاکید آتی ہے کہ جاہل اور سنگدل لوگ جب تبلیغ و دعوت کا جواب طرح طرح کی ایذا رسانیوں اور ستم رانیوں کے ساتھ دیں تو آپ عفو و اعراض اختیار کریں اور برائی کے بدلے ان کے ساتھ نیکی کریں اور شیطان کی اس شیطنت سے اللہ کی پناہ طلب کریں۔ آیاتِ ذیل مطالعہ کریں:۔ خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِينَ ۝ وَإِمَّا يَنزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ ۚ إِنَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (الاعراف ۱۹۸)

عفو کی خو ڈال، بھلائی کا حکم کر اور جاہلوں سے منہ موڑ۔ اور اگر ایسا ہو کہ شیطان کی طرف سے کچھ فتنہ انگیزی تجھ کو اکسائے تو اللہ کی پناہ مانگ کہ وہ سنتا جانتا ہے۔

ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ۚ نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَصِفُونَ ۝ وَقُل رَّبِّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ ۝ وَأَعُوذُ بِكَ رَبِّ أَن يَحْضُرُونِ ۝ (المومنون ۲۴)

تو برائی کو ایسے طریقہ نال جو سب سے اچھا ہو ٹال ہم خوب جانتے ہیں جو کچھ وہ بیان کرتے ہیں۔ اور کہہ اے میرے رب! میں تیری پناہ لیتا ہوں شیطان کی چھیڑوں سے اور تیری پناہ لیتا ہوں

ان کی حاضری سے ۔

إِنَّ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِي آيَاتِ اللَّهِ بِغَيْرِ سُلْطَانٍ أَتَاهُمْ ۙ إِن فِي صُدُورِهِمْ إِلَّا كِبْرٌ مَّا هُم بِبَالِغِيهِ ۚ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ ۖ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ (المومن ۶)

بیشک جو لوگ اللہ کی آیتوں میں جھگڑا کرتے ہیں، بغیر کسی سند کے جو ان کے پاس آئی ہو، کوئی بات اس کے سوا نہیں کہ ان کے سینوں میں ایک غرور ہے جس تک ان کی رسائی نہ ہو گی، سو تو اللہ کی پناہ مانگ، کہ وہی سنتا دیکھتا ہے۔

وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۚ ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ فَإِذَا الَّذِي بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيمٌ ۝ وَمَا يُلَقَّاهَا إِلَّا الَّذِينَ صَبَرُوا وَمَا يُلَقَّاهَا إِلَّا ذُو حَظٍّ عَظِيمٍ ۝ وَإِمَّا يَنزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطَانِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ ۖ إِنَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝

اور اچھائی اور برائی برابر نہیں ہے، تو اس طریقہ سے ٹال جو بہتر ہو، اب دیکھ وہی شخص جس کے تیرے درمیان دشمنی تھی، ایسا ہو گیا ہے کہ گویا گاڑھا دوست ہے، اور یہ تو انھیں سے ہو جو صبر کر جائیں اور یہ تو اسی سے ہو جو بڑے نصیب والا ہو۔ اگر تجھے شیطان کی طرف سے کوئی فساد کی اکساہٹ ہو؛ تو اللہ کی پناہ مانگ۔ یقیناً وہی سنتا

جاتا ہے۔

استعاذہ کا دوسرا محل

قراءۃ قرآن ہے۔ اس لئے کہ قرآن تمام دنیوی و اُخروی سعادتوں کا خزانہ ہے، اور اس خزانے کی کلید قراءت ہے۔ شیطان جو انسان کا جدّی دشمن ہے، وہ کب گوارا کر سکتا ہے کہ انسان پر اللہ کی نوازشوں اور بے کراں بخششوں کے دروازے قراءۃ قرآن کے طفیل کھلتے ہیں، اور وہ چپ چاپ بیٹھا رہے، اور دیکھا کرے! کبھی نہیں، وہ انسان کو قراءتِ قرآن کے ثمرات و حسنات سے برکنار رکھنے کے لئے اپنی ہر ممکن کوشش صرف کرتا ہے، اور اپنے وسائس و وساوس کے ذریعے قاری کو تدبر و تفکر اور تذکر و تعقل سے باز رکھکر

رُبَّ تَالِ الْقُرْاٰنِ وَالْقُرْاٰنُ یَلْعَنُہٗ

کا مصداق بنا دیتا ہے۔ اس لئے اس موقع پر شیطان سے اللہ کی پناہ مانگنے کا خاص طور پر حکم ہوا ہے:-

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۵ اِنَّہٗ لَیْسَ لَہٗ سُلْطٰنٌ عَلَی الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَلٰی رَبِّھِمْ یَتَوَکَّلُوْنَ اِنَّمَا سُلْطٰنُہٗ عَلَی الَّذِیْنَ یَتَوَلَّوْنَہٗ وَ الَّذِیْنَ ھُمْ بِہٖ مُشْرِکُوْنَ (النحل ع ۱۳)

پھر جب تو قرآن پڑھنے لگے، تو اللہ کی پناہ مانگ شیطان مردود سے۔ بیشک اس کا بس نہیں چلتا، ان پر جو ایمان لائے اور اپنے رب پر بھروسہ

اس کا زور تو اُن ہی پر چلتا ہے جو اس کو رفیق بناتے اور اس کو شریک مانتے ہیں -

المعوّذتان

یہ قرآن حکیم کی دو پچھلی سورتیں ہیں - سورۃ الفلق ، اور سورۃ النّاس - ان دونوں سورتوں میں ہر قسم کے شرور ظاہری اور باطنی سے پناہ لینے کا طریق بتایا گیا ہے -

سورۃ الفلق

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَ مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَ مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

کہہ میں پناہ لیتا ہوں ربّ الفلق کی ۝ اس چیز کی برائی سے جو اس نے پیدا کی ۝ اور گھپ اندھیرے کی بُرائی سے جب وہ گھِر آئے ۝ اور گرہوں میں دم کرنے والیوں کے شر سے ۝ اور حاسد کے شر سے جب وہ حسد کرے ۔

بقیہ محادثہ از صفحہ ۳۹ :—

لِاَنَّ شُرْبُ الشَّايِ غَيْرُ لِلاَطْفَالِ ، اَللَّبَنُ فِي الاِبْرِيْقِ صُبِّي اللَّبَنَ مِنَ الاِبْرِيْقِ اِلٰى فِنْجَانِكِ وَ اشْرِبِيْ ، اِنَّ شُرْبَ اللَّبَنِ وَ وَ اَكْلَ الفَوَاكِهِ اَحْسَنُ لَكِ . بَعْضُ الْاَطْفَالِ يُسْرِعُوْنَ فِي الاَكْلِ فَيَبْتَلِعُوْنَ الطَّعَامَ بِغَيْرِ مَضْغٍ ، وَ بَعْضُهُمْ يُكَبِّرُ اللُّقْمَةَ وَ لَا يَمْضُغُهَا جَيِّدًا وَ يَمْلَاُ بَطْنَهُ بِالْاَكْلِ وَ مِنْهُمْ مَنْ يَاْكُلُ وَ يَرْتَعُ طُوْلَ النَّهَارِ ، لَا يُنَظِّفُ يَدَيْهِ قَبْلَ الاَكْلِ ، وَ لَا بَعْدَهُ وَ كُلَّ هٰؤُلَاءِ تُصِيْبُهُمُ الاَمْرَاضُ وَ الاٰلَامُ .

صَحِيْحٌ لَقَدْ ذَكَّرْتَنِيْ يَا جَدَّتِيْ بِمَا تَلَقَّيْتُهُ مِنْ اُمِّيْ فِي الشَّهْرِ الْمَاضِيْ لَمَّا كُنْتُ جَالِسَةً عَلَى الْمَائِدَةِ .

اِغْسِلِيْ يَدَيْكِ قَبْلَ الْاَكْلِ وَ بَعْدَهُ وَ نَظِّفِيْ فَمَكِ وَ اَسْنَانَكِ جَيِّدًا ، وَ اِنْ كُنْتِ بَيْنَ اُنَاثٍ اَكْبَرُ مِنْكِ فَلَا تَجْلِسِيْ عَلَى الْمَائِدَةِ اِلَّا بَعْدَهُنَّ . وَ اِذَا كُنْتِ مِثْلَهُنَّ اَوْ اَكْبَرُ مِنْهُنَّ فَاخْتَارِيْ لِنَفْسِكِ الْمَحَلَّ الاَدْنٰى . فَاِذَا رَاَيْنَ مِنْكِ هٰذَا التَّوَاضُعَ زَادَ اِعْتِبَارُهُنَّ

لَكِ وَ جَعَلَتْكِ فِي الْمَحَلِّ اللَّائِقِ.

إِذَا جَلَسْتِ عَلَى الْمَائِدَةِ فَلَا تَبْدَئِينَ بِالْأَكْلِ قَبْلَ مَنْ هِيَ أَكْبَرُ مِنْكِ، وَ صَغِّرِي اللُّقْمَةَ، وَ امْضُغِيهَا جَيِّدًا، وَ لَا تَشْرَبِي أَوْ تَتَكَلَّمِي وَ طَعَامٌ فِي فَمِكِ. وَ لَا تُمِيلِي رَأْسَكِ أَوْ تَضَعِي يَدَكِ عَلَى الطَّاوِلَةِ وَ لَا تَلْحَسِي عَنْ أَصَابِعِكِ بَقَايَا الْأَكْلِ. وَ ضَعِي الْعِظَامَ إِلَى جَانِبِ صَحْنِكِ وَ لَا تَشْتَغِلِي بِتَكْسِيرِ نَوَى الْأَثْمَارِ عَلَى الْمَائِدَةِ. وَ لَا تَقُومِي قَبْلَ صَاحِبَتِكِ وَ لَا تُسْرِعِي فِي الْأَكْلِ، وَ لَا تَمْلَئِي بَطْنَكِ بِزِيَادَةِ الْأَكْلِ وَ لَا تَأْكُلِي طَعَامًا حَارًّا وَ لَا تَنْفُخِي فِيهِ. وَ لَا تَأْكُلِي الْفَوَاكِهَ قَبْلَ نُضْجِهَا.

لَا تَتَنَاوَلِي شَيْئًا مِنَ الْأَطْعِمَةِ أَوِ الْحَلْوَى أَوِ الْمَشْرُوبَاتِ الْقَذِرَةِ الَّتِي تُبَاعُ فِي الْأَسْوَاقِ وَ الطُّرُقَاتِ لِأَنَّ الذُّبَابَ وَ الْأَتْرِبَةَ الَّتِي تَقَعُ عَلَيْهَا تَجْعَلُهَا ضَارَّةً سَامَّةً.

لَا تَتَكَدَّرِي مِنَ الْأَكْلِ وَ لَوْ كَانَ غَيْرَ لَذِيذٍ بَلْ يَجِبُ أَنْ تَأْكُلِي قَلِيلًا مِنْهُ أَوْ تَعْتَذِرِي.

(باقی باقی)

عبید الحق الفلاح

الدُّرُوسُ العَرَبِيَّةُ

مثال ثان

إنّ (رواط) مستنبط[1] الآلة البخارية كان يحترف[2] بصناعة[3] النجارة[4]، وَ يَشْتَغِل في أوقات فراغه بالمطالعة و دراسة العلوم و اللغات و ما زال يدأب على العمل حتى تمكن من اختراع تلك الآلة، و هذا هو شأن الكثير من العلماء و الحكماء الذين لم يستكينوا للفقر بل جعلوه مرقاة لبلوغ ذرى المجد كما قال الشاعر:

العلم يرفع بيتاً لا عماد له و الجهل يهدم بيت المجد و الشرف

وَصِيَّةُ نِزَارٍ لِبَنِيهِ

قَالَ الأَصْمَعِيُّ: لَمَّا حَانَ[1] ارْتِحَالُ[2] نِزَارٍ

[1] ایجاد کرنے والا۔ [2] حیلہ کیا کرتا تھا، ہنر اختیار کر رکھا تھا۔ [3] ہنر، پیشہ، کاریگری۔ [4] بڑھئی کا پیشہ

[1] قَرُبَ: نزدیک آیا: Draw near [2] ذھاب، مھاجرۃ۔ جانا، رحلت کرنا، مرنا

مِنْ دَارِ الدُّنْيَا إِلَى دَارِ الْآخِرَةِ أَحْضَرَ أَوْلَادَهُ الْأَرْبَعَةَ بَيْنَ يَدَيْهِ وَ قَالَ لَهُمْ: "إِعْلَمُوا أَنِّي دَاحِلٌ[۱] عَنْكُمْ إِلَى دَارِ الْآخِرَةِ وَ مَا أَحْضَرْتُكُمْ إِلَّا لِأَشْرَحَ لَكُمْ وَصِيَّتِي، فَاحْفَظُوا مَا أَقُولُ لَكُمْ، وَ لَا تُخَالِفُوا وَصِيَّتِي فَيَحُلَّ[۲] بِكُمُ الْوَبَالُ[۳] فِي مُخَالَفَتِي"، قَالُوا "مَا هِيَ وَصِيَّتُكَ يَا أَبَانَا؟" قَالَ: "وَصِيَّتِي لَكُمْ هِيَ أَنْ يُوَقِّرَ[۴] صَغِيرُكُمْ كَبِيرَكُمْ، وَ إِيَّاكُمْ[۵] وَ التَّكَبُّرَ، فَإِنَّهُ مُهْلِكُ الْجَبَابِرَةِ[۶]، مَا وَلِعَ[۷] بِهِ أَحَدٌ إِلَّا هَلَكَ، وَ فِي غَيْرِ طَرِيقِ الْحَقِّ سَلَكَ وَ إِيَّاكُمْ وَ الْحَسَدَ فَإِنَّهُ يُقَلِّلُ الرِّزْقَ، وَ يُذِيبُ الْجَسَدَ، وَ الْحَسُودُ[۸] لَا يَسُودُ[۹]، وَ لَا يَمُوتُ إِلَّا وَ هُوَ مَكْمُودٌ[۱۰]، وَ إِيَّاكُمْ وَ الطَّمَعَ، فَإِنَّهُ يَرْمِي صَاحِبَهُ فِي الْبَلَاءِ وَ الْعَذَابِ، وَ الْقَنَاعَةُ[۱۱] غَنَاءٌ، وَ إِيَّاكُمْ وَ الْبُخْلَ، فَيُبْعِدَكُمْ

---

۱ ذَاهِبٌ، نَازِحٌ، مُهَاجِرٌ: جانیوالا ہوں، کوچ کرنیوالا ہوں۔ ۲ أَنْزَلَ come down: اتر پڑے۔ ۳ الهلاك، سوء العاقبة bad consequence ۴ يُبَجِّلُ respect، عزت کرتا ہے ۵ Beware of، be careful of ۶ المتمرّدون، المتكبرون، Tyrants، سرکش ۷ احبه جدًّا To be in love with ۸ Envious، طمع کرنے والا۔ ۹ لا يصير سيدًا: سردار نہیں ہوتا۔

۱۰ محزون، مغموم۔ ۱۱ satisfaction.

فَيُبْعِدَكُمْ مِنَ اللّٰهِ وَ مِنَ الْخَلْقِ ، وَ مَنْ هَانَ عَلَيْهِ مَالُهُ ، حَسُنَتْ حَالُهُ ، وَ سُمِعَ مَقَالُهُ .

آسُوا[1] النَّاسَ بِالتَّقَاعُرِ ، وَ أَكْثِرُوا الْبَشَاشَةَ ، وَ أَفْشُوا السَّلَامَ . إِيَّاكُمْ وَ الْكَسَلَ ، فَإِنَّهُ يُورِثُ الْفَشَلَ . وَ إِيَّاكُمْ وَ الْغَضَبَ ، فَإِنَّهُ يُورِثُ السُّخْطَ ، وَ الْبَشَاشَةُ فِي الْوَجْهِ تُورِثُ الْمَحَبَّةَ ، وَ هِيَ خَيْرٌ مِنَ الْقِرَى ، وَ مَنْ لَانَتْ كَلِمَتُهُ ، وَجَبَتْ مَحَبَّتُهُ يَا أَوْلَادِي ! لَا تُخَالِفُوا وَصِيَّتِي ، وَ اعْلَمُوا أَنِّي قَدْ قَسَمْتُ أَمْوَالِي بَيْنَكُمْ بِالتَّسْوِيَةِ . وَ جَعَلْتُ قِسْمَ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْكُمْ فِي كِتَابِي هٰذَا .

فَإِذَا وَضَعْتُمُونِي فِي حُفْرَتِي ، وَ غَابَتْ عَنْكُمْ جُثَّتِي وَ أَتَتِ الْعَرَبُ لِعَزَائِي ، فَاذْبَحُوا لَهُمْ مِنْ نَعَمِي ، وَ إِذَا تَفَرَّقَتِ الْعَرَبُ عَنْكُمْ فَاعْتَمِدُوا عَلَى كِتَابِي وَ وَصِيَّتِي ، وَ لَا تُثِيرُوا

---

[1] سَهُلَ To be or become easy for آسان ہوا [2] عاونوا ، ساعدوا [3] خوش وخرم خندہ رُو cheerful, smile [4] أنشروا [5] خَيْبَة failure [6] الغضب أي الكسل او الكراهة anger, indignation [7] wrath [8] الضيف [9] بالتساوي [10] قبري

الْحَرْبَ بَيْنَكُمْ."

يَا مُبَارَكَ النَّاصِيَةِ أَعِدْ عَلَيَّ مَا ذَكَرْتَ

خَرَجَ أَعْرَابِيٌّ قَدْ وَلَّاهُ الْحَجَّاجُ بَعْضَ النَّوَاحِي، فَأَقَامَ بِهَا مُدَّةً طَوِيلَةً. فَلَمَّا كَانَ فِي بَعْضِ الْأَيَّامِ وَرَدَ عَلَيْهِ أَعْرَابِيٌّ مِنْ حَيِّهِ، فَقَدَّمَ إِلَيْهِ الطَّعَامَ، وَ كَانَ إِذْ ذَاكَ جَائِعًا. فَسَأَلَهُ عَنْ أَهْلِهِ وَ قَالَ: مَا حَالُ ابْنِي عُمَيْرٍ؟ قَالَ: "قَالَ: عَلَى مَا تُحِبُّ، قَدْ مَلَأَ الْأَرْضَ وَ الْحَيَّ رِجَالًا وَ نِسَاءً."

قَالَ فَمَا حَالُ أُمِّ عُمَيْرٍ؟ قَالَ: "صَالِحَةٌ أَيْضًا."

قَالَ: فَمَا حَالُ الدَّارِ؟" قَالَ: "عَامِرَةٌ بِأَهْلِهَا."

قَالَ: وَ كَلْبُنَا إِيقَاعٌ؟" قَالَ: "قَدْ مَلَأَ الْحَيَّ نَبْحًا."

قَالَ: فَمَا حَالُ جَمَلِي زُرَيْقٍ؟" قَالَ: عَلَى مَا يَسُرُّكَ."

فَالْتَفَتَ إِلَى خَادِمِهِ وَ قَالَ: "اِرْفَعِ الطَّعَامَ."

فَرَفَعَهُ وَ لَمْ يَشْبَعِ الْأَعْرَابِيُّ، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْهِ يَسْأَلُهُ وَ قَالَ: يَا مُبَارَكَ النَّاصِيَةِ أَعِدْ عَلَيَّ مَا ذَكَرْتَ." قَالَ: "سَلْ عَمَّا بَدَا لَكَ."

قَالَ: "فَمَا حَالُ كَلْبِيْ إِيْقَاعٍ؟" قَالَ: "مَاتَ."

قَالَ: "وَ مَا الَّذِيْ أَمَاتَهُ؟" قَالَ: "اخْتَنَقَ بِعَظْمَةٍ مِنْ عِظَامِ جَمَلِكَ زُرَيْقٍ فَمَاتَ."

قَالَ: "أَ وَ مَاتَ جَمَلِيْ زُرَيْقٌ؟" قَالَ: "نَعَمْ."

قَالَ: "وَ مَا الَّذِيْ أَمَاتَهُ؟" قَالَ: "كَثْرَةُ نَقْلِ الْمَاءِ إِلَى قَبْرِ أُمِّ عُمَيْرٍ."

قَالَ "أَ وَ مَاتَتْ أُمُّ عُمَيْرٍ؟" قَالَ: "نَعَمْ."

قَالَ: "وَ مَا الَّذِيْ أَمَاتَهَا؟" قَالَ: "كَثْرَةُ بُكَائِهَا عَلَى عُمَيْرٍ."

قَالَ: "أَ وَ مَاتَ عُمَيْرٌ؟" قَالَ: "نَعَمْ"

قَالَ: "وَ مَا الَّذِيْ أَمَاتَهُ؟" قَالَ: "سَقَطَتْ عَلَيْهِ الدَّارُ."

قَالَ: "أَ وَ سَقَطَتِ الدَّارُ؟" قَالَ:

ـلہ حاشیہ صفحہ ۲۲ دیکھو۔

نَعَمْ."

فَقَامَ لَهُ بِالْعَصَا ضَارِبًا، فَوَلَّى مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ هَارِبًا.

إِنَّمَا الْمَرْءُ بِأَصْغَرَيْهِ قَلْبِهِ وَلِسَانِهِ

لَمَّا اسْتُخْلِفَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَدِمَ عَلَيْهِ وُفُوْدُ أَهْلِ كُلِّ بَلَدٍ، فَتَقَدَّمَ إِلَيْهِ وَفْدُ أَهْلِ الْحِجَازِ فَاشْرَأَبَّ مِنْهُمْ غُلَامٌ لِلْكَلَامِ، فَقَالَ عُمَرُ: يَا غُلَامُ! لِيَتَكَلَّمْ مَنْ هُوَ أَسَنُّ مِنْكَ. فَقَالَ الْغُلَامُ: يَا أَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ! إِنَّمَا الْمَرْءُ بِأَصْغَرَيْهِ، قَلْبِهِ وَ لِسَانِهِ. فَإِذَا مَنَحَ اللهُ عَبْدَهُ لِسَانًا لَافِظًا، وَ قَلْبًا حَافِظًا، فَقَدْ أَجَادَ لَهُ الْاِخْتِيَارَ. وَ لَوْ

---

۱ تریدیں: تم چاہتے ہو - ۲ گلا گھٹ کر To be suffocated - ۳ جمع عظم، قصب الحیوان - ہڈی: Bone ۴ کَثْرَةٌ - وَفْرَةٌ much ۵ ذَهَبَ: گیا - A great quantity.

---

۱ نواب، مبعوثون - A deputation, A deligation.

۲ اس کی طرف گیا - ۳ مَدَّ عنقه لینظر، گردن لمبی کر کے دیکھنا -

۴ لافظ Pronouncing, Utteri[ng] ۵ To do well أتی بالجید -

اَنَّ الْاُمُوْرَ بِالسِّنِّ لَكَانَ هٰهُنَا مَنْ هُوَ اَحَقُّ بِمَجْلِسِكَ مِنْكَ . فَقَالَ عُمَرُ رض : صَدَقْتَ تَكَلَّمْ ، فَهٰذَا السِّحْرُ الْحَلَالُ . فَقَالَ : يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ! نَحْنُ وَفْدُ التَّهْنِئَةِ ، لَا وَفْدُ الْمَرْزِئَةِ ، وَ لَمْ يُقْدِمْنَا اِلَيْكَ رَغْبَةٌ وَ لَا رَهْبَةٌ لِاَنَّا قَدْ اَمِنَّا فِيْ اَيَّامِكَ مَا خِفْنَا ، وَ اَدْرَكْنَا مَا طَلَبْنَا . فَسَأَلَ عُمَرُ رض عَنْ سِنِّ الْغُلَامِ . فَقِيْلَ عَشْرُ سِنِيْنَ . وَ قَدْ كَانَ مُحَمَّدُ بْنُ كَعْبٍ الْقُرَظِيُّ حَاضِرًا ، فَنَظَرَ اِلٰى وَجْهِ عُمَرَ رض قَدْ تَهَلَّلَ عِنْدَ ثَنَاءِ الْغُلَامِ عَلَيْهِ ، فَقَالَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ! لَا يَغْلِبَنَّ جَهْلُ الْقَوْمِ بِكَ مَعْرِفَتَكَ بِنَفْسِكَ ، فَاِنَّ قَوْمًا خَدَعَهُمُ الثَّنَاءُ ، وَ غَرَّهُمُ الشُّكْرُ ، فَزَلَّتْ اَقْدَامُهُمْ ، فَهَوَوْا فِي النَّارِ . اَعَاذَكَ اللّٰهُ اَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ ، وَ اَلْحَقَكَ بِسَالِفِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ . فَبَكٰى عُمَرُ حَتّٰى خِيْفَ عَلَيْهِ ، وَ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَا تُخْلِنَا مِنْ وَاعِظٍ

كَيْفَ تَكُونُ بِلَادُكُمْ

يُقَالُ إِنَّهُ انْقَطَعَ رَجُلٌ مِنْ قَافِلَةِ الْحَاجِّ ، وَ ضَلَّ الطَّرِيقَ ، وَ وَقَعَ فِي الرَّمْلِ ، فَجَعَلَ يَسِيرُ إِلَى أَنْ وَصَلَ إِلَى خَيْمَةٍ ، فَرَأَى فِي الْخَيْمَةِ امْرَأَةً عَجُوزًا وَ عَلَى بَابِ الْخَيْمَةِ كَلْبًا نَائِمًا. فَسَلَّمَ الْحَاجُّ عَلَى الْعَجُوزِ ، وَ طَلَبَ مِنْهَا طَعَامًا. فَقَالَتِ الْعَجُوزُ : "امْضِ إِلَى ذٰلِكَ الْوَادِي ، وَ اصْطَدْ مِنَ الْحَيَّاتِ بِقَدْرِ كِفَايَتِكَ لِأَشْوِيَ لَكَ مِنْهَا وَ أُطْعِمَكَ." فَقَالَ الرَّجُلُ : أَنَا لَا أَجْسُرُ أَنْ أَصْطَادَ الْحَيَّاتِ"؟

فَقَالَتِ الْعَجُوزُ : أَنَا أَصْطَادُ مَعَكَ فَلَا تَخَفْ." فَمَضَيَا وَ تَبِعَهُمَا الْكَلْبُ ، فَأَخَذَا مِنَ الْحَيَّاتِ بِقَدْرِ حَاجَتِهِمَا . فَأَتَتِ الْعَجُوزُ وَ جَعَلَتْ تَشْوِي الْحَيَّاتِ. فَلَمْ يَرَى الْحَاجُّ بُدًّا مِنَ الْأَكْلِ ، وَ خَافَ أَنْ يَمُوتَ مِنَ الْجُوعِ وَ الْهُزَالِ فَأَكَلَ، ثُمَّ إِنَّهُ عَطِشَ ، فَطَلَبَ مِنْهَا الْمَاءَ .

فَقَالَتْ : " دُوْنَكَ الْعَيْنَ فَاشْرَبْ. " فَمَضَى اِلَى الْعَيْنِ، فَوَجَدَ الْمَاءَ مُرًّا مَالِحًا، وَ لَمْ يَجِدْ مِنْ شُرْبِهِ[۱] بُدًّا، فَشَرِبَ وَ عَادَ اِلَى الْعَجُوْزِ وَ قَالَ :

" اَعْجَبُ مِنْكِ اَيَّتُهَا الْعَجُوْزُ، وَ مِنْ مُقَامِكِ فِيْ هٰذَا الْمَكَانِ، وَ اغْتِذَائِكِ بِهٰذَا الطَّعَامِ. "

فَقَالَتِ الْعَجُوْزُ : " كَيْفَ تَكُوْنُ بِلَادُكُمْ؟ "

فَقَالَ :-

" يَكُوْنُ فِيْ بِلَادِنَا الدُّوْرُ الرَّحْبَةُ الْوَاسِعَةُ، وَ الْفَوَاكِهُ الْيَانِعَةُ، وَ الْمِيَاهُ الْعَذْبَةُ، وَ الْاَطْعِمَةُ الطَّيِّبَةُ، وَ اللُّحُوْمُ السَّمِيْنَةُ، وَ النَّعَمُ الْكَثِيْرَةُ، وَ الْعُيُوْنُ الْغَزِيْرَةُ. "

فَقَالَتِ الْعَجُوْزُ :

" قَدْ سَمِعْتُ هٰذَا كُلَّهُ فَقُلْ لِيْ : هَلْ تَكُوْنُوْنَ تَحْتَ يَدَيْ سُلْطَانٍ يَجُوْرُ عَلَيْكُمْ؟ وَ اِنْ كَانَ لَكُمْ ذَنْبٌ اَخَذَ اَمْوَالَكُمْ، وَ اسْتَاْصَلَ اَحْوَالَكُمْ، وَ اَخْرَجَكُمْ مِنْ بُيُوْتِكُمْ وَ اَمْلَاكِكُمْ "؟

فَقَالَ :

" قَدْ يَكُوْنُ ذٰلِكَ. "

---

[۱] جڑ سے اکھاڑ دے، استیصال کرے۔

فَقَالَتْ :

"إِذًا يَعُوْدُ ذٰلِكَ الطَّعَامُ اللَّطِيْفُ ، وَ الْعَيْشُ الْخَلِيْبُ ، وَ الْحَلْوَى الْعَجِيْبَةُ مَعَ الْجَوْرِ وَ الظُّلْمِ سُمًّا نَاقِعًا[1] ، وَ تَعُوْدُ أَطْعِمَتُنَا مَعَ الْأَمْنِ دُرْيَاقًا[2] نَافِعًا . أَمَا سَمِعْتَ أَنَّ أَجَلَّ النِّعَمِ نِعْمَةِ الْهُدَى الصِّحَّةُ وَ الْأَمْنُ."

المترجم

عبید الحق الفلاح

مُحَادِثَة

أُنْظُرِي إِلَى الْإِبْنَةِ الصَّغِيْرَةِ كَيْفَ تَلْعَبُ مَعَ صَدِيْقَتِهَا ؛ مَا اسْمُ هٰذِهِ الْبِنْتِ وَ مَنْ هِيَ صَدِيْقَتُهَا ؟

إِسْمُهَا خَوْلَةُ ، وَ هِيَ أَسْمَاء ، هُمَا تَلْعَبَان .

وَ مَا تِلْكَ بِيَدِ خَوْلَةَ ؟

---

[1] قاتلاً ، مُهلِكًا .

[2] دواءٌ مرکبًا یدفع السموم : ایسی مرکب دوا جو زہروں کو دور کرتی ہے۔

هِيَ كُرَةٌ .
وَ مَا تِلْكَ بِيَمِيْنِ صَدِيْقَتِهَا ؟
هِيَ دُمْيَةٌ صَغِيْرَةٌ .
اُنْظُرِى اِلٰى وَجْهِهَا ؟
لَهَا فَمٌ وَ اَنْفٌ ، وَ هَاتَانِ عَيْنَانِ
وَ اُذُنَانِ يُمْنٰى وَ يُسْرٰى وَ لَهَا رَاْسٌ
فَوْقَ الْكَتِفِ وَ عَلٰى رَاْسِهَا ذَوَابَتَةٌ طَوِيْلَةٌ .
مَا لَوْنُ شَعْرِهَا ؟
شَعْرُهَا اَسْوَدُ ، لَا ، شَعْرُهَا لَيْسَ
اَسْوَدُ ، بَلْ اَبْيَضُ .
مَا لَوْنُ شَعْرِكِ ؟
شَعْرِى اَشْقَرُ .
وَ مَا لَوْنُ شَعْرِى ؟
شَعْرُكِ اَسْوَدُ . لَا شَعْرِى لَيْسَ اَسْوَدَ
بَلْ اَبْيَضَ .
هَلْ تُحِبُّ خَوْلَةُ صَدِيْقَتَهَا ؟
نَعَمْ ! نُحِبُّهَا لِلْغَايَةِ .
اَ تَعْلَمِيْنَ يَا مَارِيَةَ مَا سَبَبُ ذٰلِكَ ؟
سَبَبُ ذٰلِكَ اَنَّهَا تَلْعَبُ مَعَهَا وَقْتَ
اللَّعَبِ وَ تُرَاعِيَانِ اٰدَابَهُ .
يَا حَفْصَةُ ! هَلْ تَعْلَمِيْنَ اَهَمَّ اٰدَابَ

اللعب.

نعم، يا مارية.

بيّني لي ما تعلمين من أهمّ آدابه؟

احترام اللاعبات بعضهن بعضًا فلا تسخر إحداهنّ بأختها لضعفٍ في لعبها، أو لنقصٍ في خلقتها، و لا تحدث جلبةً و لا ضوضاء.

٢) أن تلاحظ اللاعبة قوانين اللعب الموضوعة لذلك.

٣) أن تكون صادقة فلا تدّعي أنها غالبةٌ و هي مغلوبةٌ و لا تحاول الفوز بمخالفة القوانين و لو سرًّا.

٤) أن تراعي الأمانة و آداب الحديث و صيانة اللسان و جميع الآداب خصوصًا وقت الانهزام.

٥) أن تتجنّب زيادة الفخر، إذا انتصرت، و تلاطف مغلوبتها ما استطاعت.

يا أختي من علّمتك هذه الآداب النافعة؟

قصّت علينا معلّمتنا في كتابٍ من

كُتُبِ دُرُوْسِ الدِّيَانَةِ وَ التَّهْذِيْبِ وَ
كُنْتِ غَائِبَةً عَنْ صَفِّنَا .
مَتٰى قَصَّتْ عَلَيْكُنَّ هٰذِهِ الآدَابَ؟
مُنْذُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ .
نَعَمْ اِنِّيْ كُنْتُ عَلِيْلَةً .
فَاسْتَأْنَفَتْ حَفْصَةُ حَدِيْثَهَا سَائِلَةً :
يَا مَارِيَةَ ! مَاذَا تَفْعَلُ خَوْلَةُ بِكُرَتِهَا؟
سَلِيْهَا فَامْشِ مَعِيْ .
فَذَهَبَتَا اِلَيْهِمَا وَ قَالَتَا :
اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمَا يَا اُخْتَيْنِ الصَّغِيْرَتَيْنِ .
فَسَلَّمَتَانِ عَلَيْهِمَا اَحْسَنَ مِنْهُمَا .
خَبِّرِيْنِيْ يَا اُخْتِيَ الصَّغِيْرَةِ خَوْلَةَ ، اِنْ
كُنْتِ تَسْتَطِيْعِيْنَ .
سَلِيْ مَا شِئْتِ يَا اُخْتِيَ الْكَرِيْمَةِ .
مَاذَا تَفْعَلِيْنَ هُنَا ؟
اِنِّيْ اَلْعَبُ مَعَ صَدِيْقَتِيْ اَسْمَاءَ .
مَا بِيَدِكِ ؟
هٰذِهٖ كُرَةٌ .
مَاذَا تَفْعَلِيْنَ بِهَا ؟
اِنِّيْ اَلْعَبُ بِهَا مَعَ صَدِيْقَتِيْ .
وَ مَا بِيَدِهَا ؟

هِيَ دُمْيَةٌ .
كَمْ عُمْرُكَ ؟
عُمْرِيْ اَرْبَعُ سَنَوَاتٍ .
كَمْ يَدًا لَكَ ؟
لِيْ يَدَانِ ، يُمْنٰى وَ يُسْرٰى .
كَمْ رِجْلًا لَكِ ؟
لِيْ رِجْلَانِ ، يُمْنٰى وَ يُسْرٰى .
كَمْ عَيْنًا لَكِ ؟
لِيْ عَيْنَانِ .
وَ هَلْ لَكِ اَنْفَانِ ؟
لا لِيْ اَنْفٌ وَاحِدٌ وَ فِيْهِ مِنْخَرَيْنِ .
كَمْ اُذُنًا لَكِ ؟ لِيْ اُذُنَانِ .
اَيْنَ اَنْفُكَ ؟
اَنْفِيْ بَيْنَ فَمِيْ وَ عَيْنِيْ .
اَيْنَ فَمُكِ ؟
فَمِيْ فَوْقَ الذَّقَنِ .
مَنْ خَلَقَكَ ؟
خَلَقَنِيَ اللّٰهُ .
مَنْ خَلَقَنَا ؟
خَلَقَنَا اللّٰهُ .
وَ مَنْ حَفِظَنَا وَ نَحْنُ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهَاتِنَا

حَفِظَنِیَ اللّٰہُ وَ اَنَا فِیْ بَطْنِ اُمِّیْ وَ کَذٰلِکَ
حَفِظَ النَّاسَ جَمِیْعًا ۔
مَنْ وَهَبَ لَكَ عَیْنَیْنِ وَ اُذُنَیْنِ وَ
اللِّسَانَ وَ الْیَدَ وَ الرِّجْلَ وَ الْعَقْلَ ؟
اَللّٰہُ وَهَبَ لِیْ هٰؤُلَاءِ النِّعَمِ ۔
مَا فَائِدَةُ هٰؤُلَاءِ النِّعَمِ ؟
وَهَبَ لَنَا الْعَیْنَیْنِ لِنُبْصِرَ ، وَ الْاُذُنَیْنِ
لِنَبْصِرَ ، وَ الْاُذُنَیْنِ لِنَسْمَعَ ، وَ اللِّسَانَ
لِنَتَكَلَّمَ وَ لِنَذُوْقَ ، وَ الْیَدَ لِنَعْمَلَ بِهَا
وَ نُحِسَّ الْخَشِنَ مِنَ النَّاعِمِ وَ الْحَارَّ مِنَ
الْبَارِدِ ، وَ الرِّجْلَیْنِ لِنَسِیْرَ وَ نَمْشِیْ
وَ الْعَقْلَ لِنُفَكِّرَ وَ نَفْهَمَ ۔
وَ الْاَنْفَ لِمَاذَا یَا خَوْلَةُ ؟
اَلْاَنْفُ لِنَشُمَّ الرَّوَائِحَ یَا اُخْتِیَ الْعَزِیْزَ
مَنْ خَلَقَ جَمِیْعَ الْمَخْلُوْقَاتِ ؟
اَللّٰہُ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ ، خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ
مَا فِیْهِمَا ، وَ جَعَلَنَا خَلَائِفَهُ فِی الْاَرْضِ
وَ اَنْعَمَ عَلَیْنَا بِنِعَمٍ لَا نُعَدُّ وَ لَا نُحْصٰی
سَلِمْتِ یَا اُخْتِیَ الصَّغِیْرَةِ وَ سَعِدْتِ
فَاِنَّكِ مِثَالُ الطَّالِبَةِ النَّجِیْبَةِ الَّتِیْ لَا تَنْسٰی
شَیْئًا مِمَّا تَحْفَظُ ۔

فَأَذِّنِي لَنَا قَدْ جَاءَ وَقْتُ صَلَاةِ الْعَصْرِ لِنَتَوَضَّأَ وَ نُصَلِّيَ كَيْفَ تَتَوَضَّئِينَ .

اِمْشِيْ مَعَنَا فَانْظُرِي كَيْفَ نَتَوَضَّأُ .

فَمَشَتْ خَوْلَةُ وَ صَدِيْقَتُهَا اِسْمَاءُ مَعَهُمَا ،

وَ اَخَذَتَا كِلْتَاهُمَا اِبْرِيْقًا جَعَلَتَا تَتَوَضَّآنِ .

فَقَالَتْ إِحْدَيْهُمَا لَهُمَا :

اُنْظُرَا يَا اُخْتَيْنِ الصَّغِيْرَتَيْنِ اَنِّيْ أَنْوِي الْوُضُوْءَ قَائِلَةً :

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ .

وَ اَغْسِلُ يَدَيَّ اِلَى الرُّسْغَيْنِ وَ اُنَظِّفُ مَا تَحْتَ الْاَظْفَارِ مِنَ الْوَسَخِ .

وَ اَتَمَضْمَضُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَ اَسْتَاكُ وَ لَوْ بِاَصْبَعِي .

وَ اَسْتَنْشِقُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ .

اَغْسِلُ وَجْهِيَ ثَلَاثًا مِنْ اَوَّلِ الْجَبْهَةِ اِلَى اَسْفَلِ الذَّقَنِ طُوْلًا وَ مِنْ شَحْمَةِ الْاُذُنِ اِلَى شَحْمَةِ الْاُذُنِ الْاُخْرٰى ، عَرْضًا .

ثُمَّ اَغْسِلُ يَدِى الْيُمْنٰى ، ثُمَّ الْيُسْرٰى اِلَى الْمِرْفَقَيْنِ ، كُلَّ وَاحِدَةٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ .

ثُمَّ اَمْسَحُ رُبْعَ رَاْسِيْ مَرَّةً وَ اَمْسَحُ اُذُنَيَّ مِنَ الظَّاهِرِ وَ الْبَاطِنِ مَرَّةً وَاحِدَةً .

ثُمَّ اَغْسِلُ رِجْلَيَّ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ. وَ بِذٰلِكَ أُتِمُّ وُضُوْئِيْ وَ الْآنَ يُسْتَحَبُّ لِيْ اَنْ اَقُوْلَ : اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ اَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ.

خَبِّرِيْنِيْ يَا خَوْلَةَ مَاذَا عَمِلْتُ بَعْدَ اَنْ تَمَضْمَضْتُ ؟

اِسْتَنْشَقْتِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ.

كَمْ مَرَّةً غَسَلْتُ يَدَيَّ ؟

غَسَلْتِ يَدَيْكِ ثَلَاثًا.

اَيْنَ مِرْفَقَاكِ يَا اَسْمَاءَ ؟

مَا عَلِمْتُ يَا اُخْتِيْ.

هَلْ تَعْلَمِيْنَ يَا خَوْلَةَ عَنِ الْمِرْفَقِ ؟

نَعَمْ يَا اُخْتِيْ. اَلْمِرْفَقُ اَلْكُوْعُ وَ هِيَ الْمَوْصَلُ بَيْنَ السَّاعِدِ وَ الْعَضُدِ.

صَدَقْتِ يَا عَزِيْزَتِيْ. وَ اَيْنَ رُسْغُكِ ؟

هَاتَانِ رُسْغَايَ اَيْ مِعْصَمَانِ. اَلرُّسْغُ هِيَ مَفْصَلُ الْكَفِّ مِنَ الذِّرَاعِ.

دَعْنَا نُصَلِّيْ صَلَاةَ الْعَصْرِ.

فَوَدَّعَتْ خَوْلَةُ اَخَوَاتِهَا، فَوَعَدْنَ مِنْهَا اَنْ يَتَقَابَلْهُنَّ غَدًا ثُمَّ انْصَرَفَتْ خَوْلَةُ اِلَى

جَدَّتِهَا وَ سَلَّمَتْهَا وَ جَلَسَتْ بِجَانِبِهَا وَ اسْتَأْنَفَتْ مُحَاوَرَتِهِنَّ ، وَ اَلَحَّتْ عَلٰى جَدَّتِهَا اَنْ تَقُصَّ عَلَيْهَا عَنْ صِفَاتِ اللّٰهِ تَعَالٰى ۔

فَقَالَتْ جَدَّتُهَا : أشْرِبِي الشَّائِ معي اَوَّلاً ثُمَّ اَقُوْلُ لَكِ مَا تُرِيْدِيْنَ اَنْ تَسْئَلِيْ فَاَخَذَتْ خَوْلَتِيْ كَبَابَتَهَا ، فنجانها وَ وَضَعَتْ فِيهَا السُّكَّرَ بِالْمِلْعَقَةِ وَ صَبَّتِ الشَّاي قَلِيْلاً ثُمَّ مَلَئَتْهُ بِاللَّبَنِ وَ مَزَّجَتْهُ بِمِلْعَقَةِ الشائی (ابریق شائی) صغیر جدًّا وَ هٰكَذَا فِنْجَانى وَ مِلْعَقَتِىْ صَغِيْرًا جِدًّا ۔ خُذِىْ يَا عَزِيْزَتِىْ مِنَ الاَثْمَارِ وَالفواكه وَ كُلِىْ مِنْهَا ۔

مَا هٰذَا يَا جَدَّتِىْ ؟

هٰذَا بُرْتُقَالٌ وَ تِلْكَ جَوَافة ، اِنِّىْ اُحِبُّ الْمَوْزَ وَ الْمِنْجَه و انبه ، وَ التُّفَّاحَ وَ الكمثری ، وَ التِّيْنِ ، وَ الرُّمَّانَ وَ الْعِنَبَ وَ الْبَلَحَ وَ الْكَرِيْزَ وَ الْمِشْمِشَ وَ الْاَنَانَاس ، اِنِّىْ لاَ اُحِبُّ تُوْتَ اَفْرَنْكِىْ فَكُلِىْ مَا شِئْتِ مِنَ الْفَوَاكِهِ وَ لا تَشْرَبِي الشَّايَ كَثِيْرًا لِاَنَّ شُرْبُ الشَّايِ كَثِيْرًا (باقی بر صفحہ ۴۲)

ترجمہ :-

دوسری مثال

(واٹ) بھاپ کے آلے کے موجد نے بڑھئی کا پیشہ اختیار کر رکھا تھا اور اپنی فرصت کے وقتوں میں علوم اور لغات کے مطالعہ اور تدریس میں مصروف رہتا تھا وہ لگاتار کوشش سے کام کرتا رہا حتیٰکہ وہ آلے کے ایجاد کرنے میں کامیاب ہوا۔ اکثر علماء و حکماء کا یہی حال رہا ہے کہ انہوں نے فقر و تنگدستی کیوجہ سے عاجزی نہیں کی بلکہ بزرگی اور شرف کی چوٹی کو پہنچنے کیلئے اسے سیڑھی بنایا کسی شاعر نے کہا : علم ایسا گھر بناتا ہے جسکا ستون کوئی نہیں ہوتا اور جہالت مجد و شرف کے گھر کو ویران کر دیتی ہے ؎

نزار کی اپنے بیٹوں کو وصیّت

اصمعی نے کہا : جب نزار کا دنیا کے گھر سے آخرت کے گھر کی طرف کوچ کرنیکا وقت قریب آیا۔ تو اُس نے اپنے چاروں بیٹوں کو اپنے سامنے حاضر کیا اور انہیں کہا : " جان لو کہ میں تم سے دار آخرت کیطرف کوچ کرنیوالا ہوں۔ اور تمہیں میں نے صرف اسلئے بلایا ہے کہ تمہیں کھول کر اپنی وصیّت بیان کروں، تو جو کچھ میں تمہیں کہوں اُسے یاد رکھو میرا کہا نہ ماننے پر تم پر وبال نازل ہوگا،، انہوں نے کہا " ابا جان آپکی کیا وصیّت ہے"؟ اُس نے کہا " میری تمہیں یہ وصیّت ہے کہ تمہارا چھوٹا تمہارے بڑے کی عزت اور اس کی تعظیم کرے، خبردار تکبّر نہ کرنا یہ تو سرکشوں کو فنا کرنے والا ہے۔ جو بھی اس سے اُنس و محبت رکھیگا وہی مریگا، اور وہ حق کے راستے پر نہ چلیگا خبردار حسد نہ کرنا، یہ تو رزق کو کم کرتا اور جسم کو پگھلاتا ہے، طمع کرنیوالا سردار نہیں ہوتا، اور وہ مغموم ہی مرتا ہے، دیکھنا کہیں طمع نہ کرنا یہ اپنے مالک کو مصیبت اور عذاب میں پھینک دیتی ہے، اور قناعت امیری ہے، خبردار بخل نہ کرنا وہ تمہیں اللہ سے اور مخلوق سے دُور کر دے گا۔ جس پر اُس کا مال آسان ہوا۔ اسکا حال بہتر ہوگیا اور اس کی بات سنی گئی، لوگوں

کی کھانے سے مدد کرو، زیادہ خوش و خرم رہو اسلام کو پھیلاؤ، دیکھنا کاہل نہ بننا یہ ناکامی کا باعث ہوگا
خبردار ناراض نہ ہونا یہ غضب کا سبب ہوگا بنا خندہ روئی محبت کی وارث بنا دیتی ہے اور یہ مہمان نوازی
سے بہتر ہے جسکی گفتگو نرم ہو، اُسکی محبت ضروری ہے، میرے بچو! میری وصیت کی خلاف ورزی نہ
کرنا اور خبردار رہو میں نے تم میں اپنا مال و اسباب برابر تقسیم کر دیا ہے اور تم میں سے ہر ایک کا حصہ
اپنی اس کتاب میں رکھ دیا ہے۔ پھر جب تم مجھے میری قبر میں رکھ دو، اور میرا جسم تم سے پوشیدہ ہو جائے
اور عرب میری تعزیت کو آئیں تو تم اُنکے لئے میرے بہترین اونٹ ذبح کرو اور جب عرب تم سے
جدا ہو جائیں تو میری کتاب اور میری وصیت پر عمل کرنا۔ اور لڑائی آپس میں نہ بھڑکانا؟

اے مبارک پیشانی جو کچھ تم نے کہا اسکا اعادہ کرو

ایک اعرابی نکلا، حجاج نے اُسے بعض اطراف کا گورنر مقرر کیا ہے، وہ بہت مدت تک وہاں رہا
پھر جب کچھ دن ہوگئے تو اُسکے پاس اُسکے قبیلے کا ایک اعرابی (بدّو) پہنچا اُس نے اُسے کھانا پیش کیا
اور وہ اُس وقت بھوکا تھا۔ اُس نے اُس سے اپنے گھر والوں کے متعلق پوچھا اور کہا: "میرے لڑکے عمیر کا
کیا حال ہے؟" اُسنے کہا: کہ جیسا تم پسند کرو اُس نے زمین اور قبیلے کو مردوں اور عورتوں سے بھر رکھا
ہے"، اُسنے کہا: گھر کا کیا حال ہے" اُسنے کہا: "اپنے گھر والوں سے آباد ہے" اُس نے کہا: "اور ہمارا
کُتا ایقاع؟"، اُس نے کہا: "اُسنے قبیلے کو بھونک بھونک کر بھر دیا ہے"، اُسنے کہا: "میرے اونٹ زریق کا
کیا حال ہے؟" اُس نے کہا: جس پر تمہیں خوشی ہوتی ہے" اِس پر وہ اپنے خادم کیطرف متوجہ ہوا اور کہا:
"کھانا اٹھا لو، بدّو ابھی سیر نہیں ہوا کہ اُس نے کھانا اُٹھا لیا، پھر اُس سے دریافت کرنے لگا اور کہا:
اے مبارک پیشانی جو کچھ تم نے ذکر کیا اُسے مجھ پر دہراؤ۔ اُس نے کہا: "پوچھو جو چاہتے ہو" اُس نے کہا:
"میرے کتے ایقاع کا کیا حال ہے؟" اُس نے کہا: "مر گیا"، کہا: اُسے کس چیز نے مار دیا؟" اُسنے کہا:
"تمہارے اونٹ زریق کی ہڈیوں میں سے ایک ہڈی سے گلا گھٹ کر مر گیا" اُس نے کہا: "کیا میرا اونٹ زریق
بھی مر گیا" اُس نے کہا: "ہاں"، کہا "اسکو کس چیز نے مار ڈالا؟" اُس نے کہا: "اُم عمیر کی قبر کی

طرف بہت زیادہ پانی لے جانے کے سبب"، کہا: "کیا اُم عمیر بھی مرگئی"، اُس نے کہا: "ہاں"، اُس نے کہا: "اُسے کس چیز نے مار ڈالا؟"، کہا: "عمیر پر بہت زیادہ گریہ و بکا کرنے"، اُس نے کہا: "کیا عمیر مرگیا؟"، کہا: "ہاں"، اُس نے کہا "اُسے کس چیز نے مار دیا؟"، کہا: "اُس پر مکان گر گیا"، اُس نے کہا: "کیا مکان بھی گر گیا؟"، اُس نے کہا: "ہاں"، وہ اُسکو مارنے کے لئے ڈنڈا لیکر اُٹھا تو وہ اُس کے سامنے سے فرار ہوگیا۔

آدمی صرف اپنی دو چھوٹی چیزوں دل اور زبان سے ہے

جب عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ خلیفہ مقرر ہوئے تو اُن کے پاس ہر شہر والوں کے وفود آئے حجاز والوں کا ایک وفد آپکی طرف گیا تو اُن میں سے ایک لڑکے نے گفتگو کرنے کے لئے گردن لمبی کر کے دیکھا، عمرؓ نے کہا اے لڑکے! بولو تم سے بڑا کون ہے، لڑکے نے کہا: امیر المومنین! انسان تو صرف اپنی دو چھوٹی چیزوں دل اور زبان سے ہے، پھر جب اللہ اپنے بندے کو بولنے والی زبان اور یاد رکھنے والا دل بخشے تو گویا اُس نے اُسکو اچھی طرح بولنے کی آزادی دے دی، اور اگر معاملات و امور کا دار و مدار عمر پر ہوتا تو اس جگہ ایسے بھی لوگ ہیں جو تمہارے منصب کے تم سے زیادہ مستحق ہیں، عمرؓ نے فرمایا: بات کرو تم نے درست کہا یہ سحر حلال ہے، اُس نے کہا: امیر المومنین! ہم تو مبارکبادی کا وفد ہیں نہ کہ مصیبت کا، ہم تمہارے پاس کسی خواہش کی وجہ سے نہیں آئے کیونکہ ہم تمہارے دور میں مطمئن ہیں خائف نہیں ہیں، ہم نے جو مانگا وہی پالیا۔

تمہارا ملک کیسا ہے

کہا جاتا ہے ایک آدمی حاجیوں کے قافلہ سے جدا ہوگیا، وہ راستہ بھٹک کر صحرا میں پڑگیا، وہ چلتا گیا یہاں تک کہ ایک خیمہ کے پاس اُس نے ایک بوڑھی عورت دیکھی اور خیمہ کے دروازے پر ایک سویا ہوا کتا۔ حاجی نے بڑھیا کو سلام کیا اور اُس سے

کھانا مانگا، بڑھیا نے کہا: "اس وادی میں چلے جاؤ اور اپنی کفایت کے مطابق کچھ سانپوں کا شکار کرو تاکہ میں تمہیں اُن میں سے کچھ بھون کر کھلاؤں"، آدمی نے کہا: "میں سانپوں کے شکار کی جرأت نہیں کر سکتا"، بڑھیا نے کہا: "مت ڈرو نہیں میں بھی تمہارے ساتھ چلتی ہوں"، وہ دونوں چلے اور کتا اُن کے پیچھے پیچھے تھا، پھر ان دونوں نے اپنی ضرورت کے مطابق سانپ پکڑے، بڑھیا آئی اور سانپوں کو بھوننے لگی، حاجی نے اُس کھانے سے چھٹکارے کی کوئی راہ نہ دیکھی بھوک اور لاغری سے مرنے سے ڈر کر اس نے کھا لیا، پھر اُس کو پیاس لگ گئی اُس نے اس (بڑھیا) سے پانی مانگا تو اُس نے کہا: "چشمہ سامنے ہے پی لو"، وہ چشمہ کی طرف گیا تو اُس نے کڑوا کسیلا پانی دیکھا، اور اُس نے پینے کے بغیر کوئی چارہ نہ دیکھا، اُس نے پانی پیا اور بڑھیا کے پاس لوٹا اور کہا: "اے بڑھیا مجھے تم پر اور تمہارے اس جگہ میں ٹھہرنے پر اور تمہارے ایسا کھانا کھانے پر حیرانی آتی ہے"، بڑھیا نے کہا: "تمہارا ملک کیسا ہے؟" اُس نے کہا: "ہمارے ملک میں کشادہ اور کھلے گھر، پکے ہوئے پھل، میٹھے پانی، پاکیزہ کھانے، چربیلے گوشت، بکثرت عمدہ اونٹ اور وافر چشمے ہوتے ہیں"، بڑھیا نے کہا: "یہ سب کچھ میں نے سن لیا ہے مجھے یہ تو بتاؤ: کیا تم ایسے بادشاہ کے محکوم ہو جو تم پر ظلم ڈھاتا ہے؟ اور اگر تمہارا کچھ قصور ہو تو تمہارے مال لے لے، تمہارے حالات کا استیصال کرے، اور تمہیں تمہارے گھروں اور جائدادوں سے بے دخل کر دے"، اُس نے کہا: "ایسا بھی ہو جاتا ہے"، اس نے کہا: "تب تو یہ طعام لطیف، یہ عیش ظریف، اور بنادر مٹھائیاں اس کے ساتھ مل کر مہلک زہر بن کر لوٹتی ہونگی، اور ہمارے کھانے ان سے مل کر زہروں کو دور کرنے والے مفید مرکب بن کر لوٹتے ہیں، کیا تم نے سنا نہیں [illegible]ستی کی نعمت کے بعد سب سے بڑی نعمت صحت و عافیت ہے۔

(المترجم عبید الحق الفلاح)

یعنی قرآن مجید مع ترجمہ جدید "فتح الحمید"

چند آراء کا خلاصہ

"یہ ترجمہ مختصر اور مطلب خیز ہے۔ زبان صاف و شستہ، سلیس، لطیف اور دلکش ہے۔ محاورے کی پابندی کیساتھ الفاظ کی رعایت بھی برقرار ہے"

(مولنا عبد اللہ العمادی)

"ہم کو یہ کہنے میں ذرا تامل نہیں کہ فتح الحمید نہایت دلپسند اور صحیح و مستند ترجمہ ہے اور اس کو نئے ترجموں پر ہر قسم کی فوقیت اور فضیلت حاصل ہے"

(مولنا محمد حلیم صاحب ردولوی)

"ترجمہ فتح الحمید مستند، صحیح اور تمام ترجموں سے زیادہ مفید و کارآمد ہے"

(مولنا احسان اللہ نجیب آبادی)

"اصح التراجم اور بہترین تراجم ہے" (حضرت مولنا بدر الدین امیر شریعت بہار)

طباعت نفیس، خط پاکیزہ، ھدیہ بلا جلد چار روپیہ۔ اگر مجلد درکار ہو تو جلد قسم اول ایک روپیہ ۶/ اور قسم دوم کی قیمت ۴/ علاوہ ہوگی۔

ملنے کا پتہ

منیجر مکتبہ علمیہ مدرسۃ البنات جالندھر شہر

رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۵۵۵

پیام اسلام

جالندھر شہر

تعلیمی صحیفہ

جون سنہ ۱۹۴۶ء

مدیر : محمد احمد خان ذاکر

قواعد

۱۔ رسالہ ہر انگریزی مہینے کے پہلے ہفتے میں شائع ہوتا ہے۔

۲۔ رسالہ نہ پہنچنے کی اطلاع اسی مہینے کی بیسویں تاریخ تک دفتر میں پہنچ جانی چاہئے، ورنہ رسالہ بشرطِ موجودگی قیمت پر ملیگا۔

۳۔ چندہ سالانہ ۳ؔ روپے۔ فی پرچہ ۴ر

۴۔ اشتہارات کی اُجرت کا تصفیہ منیجر سے بذریعہ خط و کتابت کرنا چاہئے۔

جنرل برقی پریس ریلوے روڈ جالندھر شہر میں چھپکر
باہتمام محمد احمد خاں ذاکر پرنٹر پبلشر "دار القرآن" سے شائع ہوا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ۱۷ | جون ۱۹۴۶ء جمادی الاخری ۱۳۶۵ھ | نمبر ۶

اَحَادِیْثُ الرَّسُوْل

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

(۱) مَثَلُ الَّذِیْ یَذْکُرُ رَبَّہٗ وَ الَّذِیْ لَا یَذْکُرُ رَبَّہٗ کَمَثَلِ الْحَیِّ وَ الْمَیِّتِ +

(۲) اَلَا اُنَبِّئُکُمْ بِخَیْرِ اَعْمَالِکُمْ، وَ اَزْکٰھَا عِنْدَ مَلِیْکِکُمْ، وَ اَرْفَعِھَا فِیْ دَرَجَاتِکُمْ، وَ خَیْرٍ لَکُمْ مِنْ اِنْفَاقِ الذَّھَبِ وَ الْوَرَقِ وَ خَیْرٍ لَکُمْ مِنْ اَنْ تَلْقَوْا

عَدُوَّكُمْ تَضْرِبُوا أَعْنَاقَهُمْ وَ يَضْرِبُوا أَعْنَاقَكُمْ؟ قَالُوا بَلٰى، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ ذِكْرُ اللّٰهِ ✦

(۳) مَنْ شَهِدَ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ وَ كَلِمَتُهٗ أَلْقٰهَا إِلٰى مَرْيَمَ وَ رُوْحٌ مِّنْهُ وَ الْجَنَّةُ حَقٌّ وَ النَّارُ حَقٌّ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ عَلٰى مَا كَانَ مِنَ الْعَمَلِ ✦

(٤) لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى أَكُوْنَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهٖ وَ وَلَدِهٖ وَ النَّاسِ أَجْمَعِيْنَ ✦

(٥) لَيْسَ مِنْ أَحَدٍ يَقَعُ الطَّاعُوْنَ فَيَمْكُثُ فِيْ بَلَدِهٖ صَابِرًا مُحْتَسِبًا يَعْلَمُ أَنَّهٗ لَا يُصِيْبُهٗ إِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ إِلَّا كَانَ لَهٗ مِثْلُ أَجْرِ الشَّهِيْدِ ✦

(٦) لَا يَزَالُ الْبَلَاءُ بِالْمُؤْمِنِ وَ الْمُؤْمِنَةِ فِيْ نَفْسِهٖ وَ مَالِهٖ وَلَدِهٖ حَتّٰى يَلْقَى اللّٰهَ

تَعَالیٰ وَ مَا عَلَیْہِ خَطِیْئَۃٌ ❖

(۷) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ یَعِظُہٗ :-

اِغْتَنِمْ خَمْسًا قَبْلَ خَمْسٍ :-

شَبَابَکَ قَبْلَ هَرَمِكَ ، وَ

صِحَّتَكَ قَبْلَ سَقَمِكَ ، وَ

غِنَاكَ قَبْلَ فَقْرِكَ ، وَ

فَرَاغَكَ قَبْلَ شُغْلِكَ ، وَ

حَيَاتَكَ قَبْلَ مَوْتِكَ ❖

(۸) لَا تَزَالُ قَدَمَا عَبْدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُسْئَلَ عَنْ اَرْبَعِ خِصَالٍ :

عَنْ عُمُرِهٖ فِيْمَا اَفْنَاهُ ، وَ

عَنْ جَسَدِهٖ فِيْمَا اَبْلَاهُ ، وَ

عَنْ مَالِهٖ مِنْ اَيْنَ اكْتَسَبَهٗ ، وَ

فِيْمَا اَنْفَقَهٗ ، وَ

عَنْ عِلْمِهٖ مَا عَمِلَ فِيْهِ ❖

(۹) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ :

لَيْسَ اَحَدٌ يُحَاسَبُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلَّا هَلَكَ +
هٰذَا الْحَدِيْثُ فِيْ صِحَاحِ الْمَصَابِيْحِ رَوَتْهُ
اُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،
فَاِنَّهَا لَمَّا سَمِعَتْهُ قَالَتْ:
اَوَ لَيْسَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى:
فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيْرًا،
فَقَالَ النَّبِيُّ عَلَيْهِ السَّلَامُ:
فَذٰلِكَ الْعَرْضُ وَ لٰكِنْ مَنْ نُوْقِشَ
فِي الْحِسَابِ يَهْلِكُ +

(۱۰) يَا اَيُّهَا النَّاسُ تُوْبُوْا اِلَى اللّٰهِ فَاِنِّيْ
اَتُوْبُ اِلَيْهِ فِي الْيَوْمِ مِائَةَ مَرَّةٍ.

(۱۱) اِنَّ اللّٰهَ يَقْبَلُ تَوْبَةَ الْعَبْدِ مَا لَمْ
يُغَرْغِرْ +

(۱۲) اَلْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهٗ وَ عَمِلَ لِمَا
بَعْدَ الْمَوْتِ وَ الْعَاجِزُ مَنِ اتَّبَعَ نَفْسَهٗ
هَوٰهَا وَ تَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ +

(۱۳) مَا اَكْثَرُ مَا يُدْخِلُ الْجَنَّةَ تَقْوَى اللّٰهِ

وَ حُسْنُ الْخُلُقِ ٭

(۱۴) اِنَّ اَطْيَبَ مَا اَكَلْتُمْ مِنْ كَسْبِكُمْ وَ اِنَّ اَوْلَادَكُمْ مِنْ كَسْبِكُمْ ٭

(۱۵) مَنِ احْتَكَرَ فَهُوَ خَاطِیءٌ ٭

(۱۶) اَلتُّجَّارُ يُحْشَرُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فُجَّارًا اِلَّا مَنِ اتَّقٰى وَ بَرَّ وَ صَدَقَ ٭

(۱۷) اَلتَّاجِرُ الصَّدُوْقُ الْاَمِيْنُ مَعَ النَّبِيّٖنَ وَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَ الشُّهَدَاءِ ٭

(۱۸) لَيَاْتِيَنَّ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ لَمْ يَبْقَ مِنْهُمْ اَحَدٌ اِلَّا اٰكِلَ الرِّبٰوا فَاِنْ لَمْ يَاْكُلْهُ اَصَابَهٗ مِنْ غُبَارِهٖ ٭ وَ فِیْ رِوايةٍ : مِنْ بُخَارِهٖ ۔

(۱۹) مَنِ اسْلَفَ فِیْ شَیْءٍ فَلْيُسْلِفْ فِیْ كَيْلٍ مَعْلُوْمٍ وَ وَزْنٍ مَعْلُوْمٍ اِلٰى اَجَلٍ مَعْلُوْمٍ ٭

هٰذَا الْحَدِيْثُ مِنْ صِحَاحِ الْمَصَابِيْحِ رَوَاهُ ابْنُ عَبَّاسٍ مَعَ ذِكْرِ سَبَبِهٖ، وَ هُوَ : اَنَّهٗ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ

وَ هُمْ يُسْلِفُوْنَ فِى الثِّمَارِ السَّنَةَ وَ السَّنَتَيْنِ وَ الثَّلَاثَ اَىْ يُعْطُوْنَ الثَّمَنَ فِى الْحَالِ وَ يَشْتَرُوْنَ الثِّمَارَ اِلٰى سَنَةٍ اَوْ اَكْثَرَ ، فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ : مَنْ اَسْلَفَ فِىْ شَیْءٍ اِلٰى اٰخِرِهٖ

(۲۰) مَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَسْئَلُ النَّاسَ حَتّٰى يَاْتِىَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَيْسَ فِىْ وَجْهِهٖ مُزْعَةُ لَحْمٍ ۞

(۲۱) لِلْمَمْلُوْكِ طَعَامُهٗ وَ كِسْوَتُهٗ وَ لَا يُكَلَّفُ مِنَ الْعَمَلِ مَا لَا يُطِيْقُ ۞

(۲۲) اِنَّ اَخْوَفَ مَا اَخَافُ عَلٰى اُمَّتِىْ عَمَلَ قَوْمِ لُوْطٍ ۞

(۲۳) مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِى الدُّنْيَا فَمَاتَ وَ هُوَ يُدْمِنُهَا وَ لَمْ يَتُبْ مِنْهَا لَمْ يَشْرَبْهَا فِى الْاٰخِرَةِ ۞

(۲٤) كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ :

أَدُّوا الْخِيَاطَ وَ الْمِخْيَطَ وَ إِيَّاكُمْ وَ الْغُلُوْلَ، فَإِنَّهُ عَارٌ عَلَى أَهْلِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ٭

(۲۵) بَادِرُوا بِالْأَعْمَالِ فِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا وَّيُمْسِي كَافِرًا وَ يُمْسِي مُؤْمِنًا وَ يُصْبِحُ كَافِرًا، يَبِيعُ دِيْنَهُ بِعَرَضٍ مِنَ الدُّنْيَا ٭

(۲۶) إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ وَ أَنْتُمْ تَخْتَصِمُوْنَ إِلَيَّ وَ لَعَلَّ بَعْضَكُمْ يَكُوْنُ أَلْحَنُ بِحُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ وَ أَقْضِي لَهُ عَلَى نَحْوِ مَا أَسْمَعُ مِنْهُ، فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ بِشَيْءٍ مِنْ حَقِّ أَخِيْهِ فَلَا يَأْخُذَنَّهُ فَإِنِّيْ أَقْطَعُ لَهُ قِطْعَةً مِنَ النَّارِ ٭

(۲۷) لَا يَقُصُّ إِلَّا أَمِيْرٌ أَوْ مَأْمُوْرٌ أَوْ مُخْتَالٌ ٭

(۲۸) إِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ لِهٰذِهِ الْأُمَّةِ عَلَى رَأْسِ كُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ مَنْ يُجَدِّدُ

لَهَا دِيْنُهَا ٭

(۲۹) اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاللهِ تَعَالٰى مَنْ بَدَاَ بِالسَّلَامِ ٭

(۳۰) لَا يَحِلُّ لِرَجُلٍ اَنْ يَهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلٰثِ لَيَالٍ يَلْتَقِيَانِ فَيُعْرِضُ هٰذَا وَ يُعْرِضُ هٰذَا وَ خَيْرُهُمَا الَّذِىْ يَبْدَأُ بِالسَّلَامِ ٭

(۳۱) اِيَّاكُمْ وَ الظَّنَّ، فَاِنَّ الظَّنَّ اَكْذَبُ الْحَدِيْثِ وَ لَا تَجَسَّسُوْا ٭

(۳۲) لَا تَصْحَبْ اِلَّا مُؤْمِنًا وَ لَا يَأْكُلْ طَعَامَكَ اِلَّا تَقِىٌّ ٭

(۳۳) اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ اَلْحُبُّ فِى اللهِ وَ الْبُغْضُ فِى اللهِ ٭

(۳۴) مَا نُهِيْتُكُمْ عَنْهُ فَاجْتَنِبُوْهُ وَ مَا اَمَرْتُكُمْ بِهٖ فَافْعَلُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ فَاِنَّمَا اَهْلَكَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَثْرَةُ مَسَائِلِهِمْ وَ اخْتِلَافُهُمْ عَلٰى اَنْبِيَاءِ هِمْ ٭

(۳۵) لَمَّا قَضَى اللّٰہُ الْخَلْقَ کَتَبَ کِتَابًا وَ هُوَ عِنْدَہٗ فَوْقَ عَرْشِہٖ اِنَّ رَحْمَتِیْ سَبَقَتْ غَضَبِیْ ❊ وَ فِیْ رِوَایَۃٍ : اِنَّ رَحْمَتِیْ غَلَبَتْ غَضَبِیْ ❊

(۳۶) اِنَّ الشَّیْطٰنَ یَجْرِیْ مِنَ الْاِنْسَانِ مَجْرَی الدَّمِ ❊

(۳۷) اِنَّ اللّٰہَ تَجَاوَزَ عَنْ اُمَّتِیْ مَا تَوَسْوَسَتْ بِہٖ صُدُوْرُھَا مَا لَمْ تَعْمَلْ بِہٖ اَوْ تَتَکَلَّمْ ❊

(۳۸) اِنَّ لِلشَّیْطٰنِ لَمَّۃً بِابْنِ اٰدَمَ وَ لِلْمَلَکِ لَمَّۃً فَاَمَّا لَمَّۃُ الشَّیْطَانِ فَاِیْعَادٌ بِالشَّرِّ وَ تَکْذِیْبٌ بِالْحَقِّ وَ اَمَّا لَمَّۃُ الْمَلَکِ فَاِیْعَادٌ بِالْخَیْرِ وَ تَصْدِیْقٌ بِالْحَقِّ ، فَمَنْ وَجَدَ ذٰلِکَ فَلْیَعْلَمْ اَنَّہٗ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی فَلْیَحْمَدِ اللّٰہَ تَعَالٰی وَمَنْ وَجَدَ الْاُخْرٰی فَلْیَتَعَوَّذْ بِاللّٰہِ تَعَالٰی مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ❊

(۳۹) بَدَأَ الْاِسْلَامُ غَرِیْبًا وَ سَیَعُوْدُ غَرِیْبًا
کَمَا بَدَأَ فَطُوْبٰی لِلْغُرَبَاءِ ؞

(۴۰) نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِیْهِمَا کَثِیْرٌ مِنَ
النَّاسِ ، اَلصِّحَّةُ وَ الْفَرَاغُ ؞

(۴۱) مَنْ اَکَلَ مِنْ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ الْمُنْتِنَةِ
فَلَا یَقْرِبَنَّ مَسْجِدَنَا فَالْمَلٰٓئِکَةُ تَتَأَذّٰی
مِمَّا یَتَأَذّٰی مِنْهُ الْاِنْسُ ؞

(۴۲) مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْکُهٗ مَا لَا
یَعْنِیْهِ ؞

(۴۳) اِتَّقُوا اللّٰهَ فِی النِّسَاءِ فَاِنَّکُمْ اَخَذْتُمُوْهُنَّ
بِاَمَانِ اللّٰهِ وَ اسْتَحْلَلْتُمْ فُرُوْجَهُنَّ
بِکَلِمَةِ اللّٰهِ وَ لَکُمْ عَلَیْهِنَّ اَنْ لَا
یُوْطِئْنَ فُرُشَکُمْ اَحَدًا تَکْرَهُوْنَهٗ فَاِنْ
فَعَلْنَ ذٰلِكَ فَاضْرِبُوْهُنَّ ضَرْبًا غَیْرَ
مُبَرِّحٍ وَ لَهُنَّ عَلَیْکُمْ رِزْقُهُنَّ وَ
کِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؞

(۴۴) اِسْتَوْصُوْا بِالنِّسَاءِ خَیْرًا فَاِنَّ الْمَرْأَةَ مِنْ

ضِلْعٍ، فَاِنَّ اَعْوَجَ شَیْءٍ فِی الضِّلْعِ اَعْلَاهُ، فَاِنْ ذَهَبْتَ تُقِیْمُهٗ كَسَرْتَهٗ وَ اِنْ تَرَكْتَهٗ لَمْ یَزَلْ اَعْوَجَ ٭

(۴۵) اِنَّ الدُّعَاءَ یَنْفَعُ مَا نَزَلَ وَ مَا لَمْ یَنْزِلْ، فَعَلَیْكُمْ عِبَادَ اللّٰهِ بِالدُّعَاءِ ٭

(۴۶) اِذَا رَاَیْتُمْ اٰیَةً فَاسْجُدُوْا ٭

(۴۷) اِنَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ اٰیَتَانِ مِنْ اٰیَاتِ اللّٰهِ تَعَالٰی لَا یَخْسِفَانِ بِمَوْتِ اَحَدٍ وَ لَا لِحَیٰوتِهٖ فَاِذَا رَاَیْتُمْ ذٰلِكَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ تَعَالٰی ٭

(۴۸) اِنَّ الشَّمْسَ انْكَسَفَتْ یَوْمَ مَاتَ اِبْرَاهِیْمُ ابْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ فَقَالَ النَّاسُ انْكَسَفَتْ لِمَوْتِهٖ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ سَلَّمَ: اِنَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ اٰیَتَانِ مِنْ اٰیَاتِ اللّٰهِ تَعَالٰی لَا یَنْكَسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَ لَا لِحَیٰوتِهٖ فَاِذَا رَاَیْتُمْ شَیْئًا مِنْ هٰذِهِ الْاَفْزَاعِ

فَافْزَعُوْا اِلَی الصَّلٰوۃِ ✤

(۴۹) وَ الَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِہٖ لَا یَسْمَعُ بِیْ اَحَدٌ هٰذِهِ الْاُمَّةِ یَهُوْدِیٌّ وَ لَا نَصْرَانِیٌّ ثُمَّ یَمُوْتُ وَ لَمْ یُؤْمِنْ بِمَا اُرْسِلْتُ بِهٖ اِلَّا کَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّارِ ✤

(۵۰) ذَاقَ طَعْمَ الْاِیْمَانِ مَنْ رَضِیَ بِاللّٰهِ رَبًّا وَ بِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَ بِمُحَمَّدٍ رَسُوْلًا ✤

(۵۱) کُلُّ اُمَّتِیْ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ اَبٰی، قَالُوْا وَ مَنْ اَبٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَنْ اَطَاعَنِیْ دَخَلَ الْجَنَّةَ وَ مَنْ عَصَانِیْ فَقَدْ عَصٰی ✤

(۵۲) لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یَکُوْنَ هَوَاهُ تَبَعًا لِمَا جِئْتُ بِهٖ ✤

(۵۳) اَلْمُؤْمِنُ مَنْ اَمِنَهُ النَّاسُ عَلٰی دِمَائِهِمْ وَ اَمْوَالِهِمْ، وَ الْمُسْلِمُ مَنْ

سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَ يَدِهٖ،
وَ الْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهٗ فِيْ
طَاعَةِ اللهِ تَعَالٰى،
وَ الْمُهَاجِرُ مَنْ تَرَكَ الْخَطَايَا وَ
الذُّنُوْبَ ✤

(۵۴) اَفْضَلُ الذِّكْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ
اَفْضَلُ الدُّعَاءِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ✤

(۵۵) اَسْعَدُ النَّاسِ بِشَفَاعَتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ
مَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ خَالِصًا مِنْ
قَلْبِهٖ ✤

(۵۶) مَا مِنْ اَحَدٍ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا
اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ صِدْقًا
مِنْ قَلْبِهٖ، اِلَّا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ ✤

(۵۷) مَا مِنْ عَبْدٍ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ،
ثُمَّ مَاتَ عَلٰى ذٰلِكَ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ ✤

(۵۸) مَا مِنْ مَوْلُوْدٍ اِلَّا يُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ
فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهٖ وَ يُنَصِّرَانِهٖ وَ يُمَجِّسَانِهٖ

كَمَا يَنْتِجُ الْبَهِيمَةُ بَهِيمَةً جَمْعَاءَ هَلْ تَجِدُوْنَ فِيهَا مِنْ جَدْعَاءَ حَتّٰى تَكُوْنُوْا اَنْتُمْ تَجْدَعُوْنَهَا ثُمَّ قَالَ فِطْرَةَ اللّٰهِ الَّتِىْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا +

(۵۹) اِنَّ الْعَبْدَ يَعْمَلُ عَمَلَ اَهْلِ النَّارِ وَ اِنَّهٗ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ

وَ يَعْمَلُ عَمَلَ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَ اِنَّهٗ مِنْ اَهْلِ النَّارِ وَ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالْخَوَاتِيْمِ +

(۶۰) اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ خَيْرَ الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللّٰهِ وَ خَيْرُ الْهَدْىِ هَدْىُ مُحَمَّدٍ، وَ شَرُّ الْاُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا وَ كُلُّ مُحْدَثٍ بِدْعَةٌ وَ كُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ +

(۶۱) مَنْ اَحْدَثَ فِىْ اَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ +

وَ فِىْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ : مَنْ عَمِلَ عَمَلًا لَيْسَ عَلَيْهِ اَمْرُنَا فَهُوَ رَدٌّ +

(۶۲) مَنْ حَجَّ لِلّٰهِ فَلَمْ يَرْفُثْ وَ لَمْ يَفْسُقْ رَجَعَ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ اُمُّهٗ ✦

(۶۳) مَا مِنْ صَاحِبِ ذَهَبٍ وَ فِضَّةٍ لَا يُؤَدِّيْ مِنْهَا حَقَّهَا اِلَّا اِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صُفِّحَتْ لَهٗ صَفَائِحُ مِنْ نَارٍ فَاُحْمِيَ عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جَنْبُهٗ وَ جَبِيْنُهٗ ، وَ ظَهُوْرُهٗ وَ كُلَّمَا بَرَدَتْ اُعِيْدَتْ لَهٗ فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ حَتّٰى يُقْضٰى بَيْنَ الْعِبَادِ ، فَيَرٰى سَبِيْلَهٗ اِمَّا اِلَى الْجَنَّةِ وَ اِمَّا اِلَى النَّارِ ✦

(۶۴) كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَصُوْمُ شَعْبَانَ كُلَّهٗ اِلَّا قَلِيْلًا ✦

وَ فِيْ رِوَايَةٍ : بَلْ كَانَ يَصُوْمُ شَعْبَانَ كُلَّهٗ ✦

(۶۵) لَا تَصُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوُا الْهِلَالَ وَ لَا تُفْطِرُوْا حَتّٰى تَرَوُا الْهِلَالَ فَاِنْ غُمَّ

عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوْا لَهُ ✣

وَ فِيْ رِوَايَةٍ : فَاَكْمِلُوا الْعِدَّةَ ثَلٰثِيْنَ ✣

(۶۶) (فَضِيْلَةُ رَمَضَانَ) اِذَا دَخَلَ رَمَضَانُ فُتِحَتْ اَبْوَابُ السَّمَاءِ ✣

وَ فِيْ رِوَايَةٍ : اَبْوَابُ الْجَنَّةِ وَ غُلِّقَتْ اَبْوَابُ جَهَنَّمَ وَ صُفِدَتِ الشَّيَاطِيْنُ ✣

(۶۷) (نیت) مَنْ صَامَ رَمَضَانَ اِيْمَانًا وَّ اِحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ . وَ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِيْمَانًا وَّ احْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ ✣

(۶۸) تَسَحَّرُوْا ، فَاِنَّ فِي السُّحُوْرِ بَرَكَةً ✣

(۶۹) مَنْ اَفْطَرَ يَوْمًا مِنْ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ رُخْصَةٍ وَ لَا مَرَضٍ لَمْ يَقْضِ عَنْهُ صَوْمُ الدَّهْرِ كُلِّهٖ ✣

(۷۰) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اِنِّيْ اعْتَكَفْتُ الْعَشْرَ الْاَوَّلَ بِطَلَبِ

هٰذِهِ اللَّيْلَةِ ، ثُمَّ اعْتَكَفْتُ الْعَشْرَ الْاَوْسَطَ ، ثُمَّ اَتَيْتُ فَقِيْلَ لِي اِلْتَمِسْهَا فِى الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ فَمَنْ كَانَ اعْتَكَفَ مَعِيَ فَلْيَعْتَكِفْ فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ ، فَقَدْ اُرِيْتُ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ ثُمَّ اُنْسِيْتُهَا +

(۷۱) فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَكٰوةَ الْفِطْرِ طُهْرَةً لِلصَّائِمِ مِنَ اللَّهْوِ وَ اللَّغْوِ وَ الرَّفَثِ وَ طُعْمَةً لِلْمَسَاكِيْنِ +

(۷۲) فضیلت صوم شوال ۔

مَنْ صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ اَتْبَعَهُ سِتًّا مِنْ شَوَّالٍ كَانَ كَصِيَامِ الدَّهْرِ ۔

(۷۳) مَا مِنْ اَيَّامٍ اَلْعَمَلُ الصَّالِحُ فِيْهِنَّ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذِهِ الْاَيَّامِ (اى الايام العشر الاوّل مِنْ ذى الحج) +

(۷۴) مَا عَمِلَ ابْنُ اٰدَمَ مِنْ عَمَلٍ يَوْمِ النَّحْرِ اَحَبَّ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى مِنْ هِرَاقَةِ الدَّمِ وَ اِنَّهٗ لَيَاْتِيْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِقُرُوْنِهَا وَ اَشْعَارِهَا وَ اَظْلَافِهَا وَ اِنَّ الدَّمَ لَيَقَعُ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى بِمَكَانٍ قَبْلَ اَنْ يَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ فَطِيْبُوْا بِهَا نَفْسًا ؁

(۷۵) اَفْضَلُ الصِّيَامِ بَعْدَ رَمَضَانَ شَهْرُ اللّٰهِ الْمُحَرَّمُ ؁

(۷۶) صِيَامُ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ اَحْتَسِبُ عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُكَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِيْ قَبْلَهَا ؁

(۷۷) لَا عَدْوٰى وَ لَا صَفَرَ وَ لَا غُوْلَ ۔

(۷۸) لَا طِيَرَةَ ، وَ خَيْرُهَا الْفَالُ . قَالُوْا وَ مَا الْفَالُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ؟ قَالَ اَلْكَلِمَةُ الصَّالِحَةُ يَسْمَعُهَا اَحَدُكُمْ ؁

(۷۹) اَلنَّوءَةُ فِیْ کُلِّ شَیْءٍ اِلَّا فِیْ عَمَلِ الْاٰخِرَةِ ٭

(۸۰) اِذَا فَعَلَتْ اُمَّتِیْ خَمْسَ عَشَرَةَ خَصْلَةً حَلَّ بِهَا الْبَلَاءُ، رَوَاهُ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ وَ عَدَّ هٰذِهِ الْخِصَالُ وَ قَالَ :-

اِذَا اتُّخِذَ الْفَیْءُ دُوَلًا، وَ الْاَمَانَةَ مَغْنَمًا، وَ الزَّکوٰةَ مَغْرَمًا، وَ اَطَاعَ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ وَ عَقَّ اُمَّهُ، وَ بَرَّ صَدِیْقَهُ وَ جَفَا اَبَاهُ، وَ ظَهَرَ الْاَصْوَاتُ فِی الْمَسْجِدِ، وَ سَادَ الْقَبِیْلَةَ فَاسِقُهُمْ، وَ کَانَ زَعِیْمُ الْقَوْمِ اَرْذَلَهُمْ، وَ اُکْرِمَ الرَّجُلُ مَخَافَةَ شَرِّهٖ وَظَهَرَتِ الْمُغَنِّیَاتُ وَ الْمَعَازِفُ وَ شُرِبَ الْخَمْرُ، وَ لُبِسَ الْحَرِیْرُ، وَ لُعِنَ اٰخِرُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَوَّلَهَا، فَعِنْدَ ذٰلِكَ یَکُوْنُ

النَّاسُ مُسْتَحِقِّيْنَ لِنُزُوْلِ الْبَلَاءِ عَلَيْهِمْ ❖

(٨١) لَيْسَتِ السَّنَةُ بِاَنْ لَا يُمْطَرَ وَ لٰكِنَّ السَّنَةَ اَنْ تُمْطَرَ وَ لَا تُنْبِتُ الْاَرْضُ شَيْئًا ❖

(٨٢) تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَ الْقُرْاٰنَ فَاِنِّيْ مَقْبُوْضٌ ❖

(٨٣) لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَمْ يَتَغَنَّ بِالْقُرْاٰنِ ❖

(٨٤) لَا يَسْمَعُ مُدٰى صَوْتِ الْمُؤَذِّنِ جِنٌّ وَ لَا اِنْسٌ وَ لَا شَيْءٌ اِلَّا شَهِدَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ❖

(٨٥) هٰذَا يَوْمُهُمُ الَّذِيْ فُرِضَ عَلَيْهِمْ وَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ فَهَدَانَا اللّٰهُ لَهٗ وَ النَّاسُ لَنَا تَبَعٌ، اَلْيَهُوْدُ غَدًا وَ النَّصٰرٰى بَعْدَ غَدٍ ❖

(٨٦) مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَلْتَقِيَانِ فَيَتَصَافَحَانِ اِلَّا غُفِرَ لَهُمَا قَبْلَ

أَنْ يَتَفَرَّقَا ۔

وَفِيْ رِوَايَةٍ : إِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ فَتَصَافَحَا وَحَمِدَا اللهَ وَاسْتَغْفَرَا اللهَ غُفِرَ لَهُمَا ۔

۸) بَيْنَ الْعَبْدِ وَالْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلٰوةِ ۔

۸) مَا مِنِ امْرِءٍ مُسْلِمٍ يَحْضُرُهُ صَلٰوةٌ مَكْتُوْبَةٌ فَيُحْسِنُ وُضُوْءَهَا وَ خُشُوْعَهَا وَ رُكُوْعَهَا اِلَّا كَانَتْ لَهَا كَفَّارَةً لِمَا قَبْلَهَا مِنَ الذُّنُوْبِ مَا لَمْ يَأْتِ كَبِيْرَةً ، وَذٰلِكَ الدَّهْرَ كُلَّهٗ ۔

۸) قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : أَرَأَيْتُمْ لَوْ أَنَّ نَهْرًا بِبَابِ أَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ فِيْهِ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسًا ، هَلْ يَبْقٰى مِنْ دَرَنِهٖ شَيْءٌ ، قَالُوْا : لَا . قَالَ فَذٰلِكَ مَثَلُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ يَمْحُوا اللهُ بِهِنَّ الْخَطَايَا ۔

(۹۰) صَلٰوۃُ الْجَمَاعَۃِ تُفْضَلُ صَلٰوۃَ الْفَذِّ بِسَبْعٍ وَّ عِشْرِیْنَ دَرَجَۃً ٭

(۹۱) اِذَا صَلَّیْتُمْ عَلَی الْمَیِّتِ فَاَخْلِصُوْا لَہُ الدُّعَاءَ ٭

(۹۲) مَنْ کَانَ اٰخِرَ کَلَامِہٖ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دَخَلَ الْجَنَّۃَ ٭

(۹۳) نَھَیْتُکُمْ عَنْ زِیَارَۃِ الْقُبُوْرِ فَزُوْرُوْھَا ٭

(۹۴) اَکْثِرُوْا ذِکْرَ ھَاذِمِ اللَّذَّاتِ الْمَوْتِ ٭

(۹۵) اَلطَّاعُوْنُ رِجْزٌ اُرْسِلَ عَلٰی طَائِفَۃٍ مِنْ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ فَاِذَا سَمِعْتُمْ بِہٖ بِاَرْضٍ فَلَا تَقْدِمُوْا عَلَیْہِ، وَ اِذَا وَقَعَ وَ اَنْتُمْ فِیْہِ، فَلَا تَخْرُجُوْا مِنْھَا فِرَارًا مِنْہُ ٭

(۹۶) مَثَلُ الْجَلِیْسِ الصَّالِحِ وَ الْجَلِیْسِ السُّوْءِ کَمَثَلِ صَاحِبِ الْمِسْکِ وَ کِیْرِ الْحَدَّادِ لَا یَعْدَمُکَ مِنْ صَاحِبِ الْمِسْکِ

إِمَّا أَنْ تَشْتَرِيَهُ وَ إِمَّا أَنْ تَجِدَ
رِيحَهُ وَ كِيرُ الْحَدَّادِ يُحْرِقُ بَيْتَكَ
أَوْ ثَوْبَكَ أَوْ تَجِدُ مِنْهَا رِيحًا خَبِيثَةً ۞

(۹۷) كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيبٌ أَوْ
عَابِرُ سَبِيلٍ وَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يَقُولُ:
إِذَا أَمْسَيْتَ فَلَا تَنْتَظِرِ الصَّبَاحَ وَ
إِذَا أَصْبَحْتَ فَلَا تَنْتَظِرِ الْمَسَاءَ وَخُذْ
مِنْ صِحَّتِكَ لِمَرَضِكَ وَ مِنْ حَيٰوتِكَ
لِمَوْتِكَ ۞

(۹۸) قَالَ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ) إِنَّ
الْمُؤْمِنَ يَرٰى ذُنُوبَهُ كَأَنَّهُ قَاعِدٌ
تَحْتَ جَبَلٍ يَخَافُ أَنْ يَقَعَ عَلَيْهِ وَ
إِنَّ الْفَاجِرَ يَرٰى ذُنُوبَهُ كَذُبَابٍ
مَرَّ عَلٰى أَنْفِهِ فَقَالَ بِهِ هٰكَذَا ۞

(۹۹) عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ
قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اَلسَّاعِیْ عَلَی الْاَرْمِلَةِ وَ الْمِسْکِیْنِ
کَالْمُجَاهِدِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَوِ
الْقَائِمِ اللَّیْلِ وَ الصَّائِمِ النَّهَارِ ÷

(۱۰۰) عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ
قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
وَ سَلَّمَ : مَثَلُ عِلْمٍ لَا یُنْتَفَعُ کَمَثَلِ
کَنْزٍ لَا یُنْفَقُ مِنْهُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ÷

(ترجمہ)

احادیث الرسول صلی اللہ علیہ وسلم

(۱) حال اس شخص کا جو اپنے رب کو یاد کرتا ہے اور جو اپنے رب کو یاد نہیں کرتا ایسا ہے جیسے زندہ اور مردہ

(۲) بتا نہ دوں تم کو جو تمہارے عملوں میں بڑا نیک، تمہارے مالک کے حضور بہت پاکیزہ، تمہارے درجوں میں نہایت بلند، تمہارے حق میں سونا چاندی بانٹنے سے بہتر اور اس سے بھی بہتر عمل ہے کہ تم اپنے دشمن سے جا بھڑو، تم انکی گردنیں مارو اور وہ تمہاری گردنیں ماریں۔ عرض کیا کیوں نہیں۔ اے رسول خدا! فرمایا۔ اللہ کا ذکر ۔

(۳) جس نے اس بات کی شہادت دی کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے جو اکیلا ہے کوئی جس کا ساجھی نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور پیغمبر ہیں اور اسکا کلمہ جسے اس نے مریم کی طرف القا کیا۔ اور اسکی طرف کی ایک روح ہیں اور جنت حق اور دوزخ حق اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کریگا خواہ ہم کسی عمل پر ہوں ۔

(۴) تم میں سے کوئی مومن نہ ہو سکیگا جب میں اسکو اسکے باپ، اس کی اولاد اور سب لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں ۔

(۵) ایسا کوئی نہیں کہ طاعون واقع ہو اور وہ اپنے شہر میں صابر ہو کر ثواب کی نیت سے یہ جانتا ہوا ٹھہرا رہے کہ اس کو وہی پہنچے گا جو اللہ نے اس کے لئے لکھ رکھا ہے مگر اسکو شہید کے برابر ثواب ہوگا

(۶) بلا ایمان والے اور ایمان والی کے ساتھ اس کی جان مال اور اولاد میں (وارد) رہتی ہے آخر وہ اللہ سے (ایسا صاف ہو کر) ملتا ہے کہ اس پر کوئی گناہ نہیں ہوتا ۔

(۷) رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو پند دیتے ہوئے فرمایا ۔

پانچ کو پانچ کے پہلے غنیمت جان لے ۔
اپنی جوانی کو اپنے بڑھاپے سے پہلے
اپنی صحت کو اپنی بیماری سے پہلے ۔

اپنی تونگری کو اپنی ناداری سے پہلے
اپنی فراغت کو اپنے کام سے پہلے
اپنی زندگی کو اپنی موت سے پہلے

(۸) قیامت کے دن کسی بندے کے پاؤں جگہ نہ چھوڑ سکینگے یہانتک کہ پوچھ لیا جائے چار چیزوں کی بابت
اس کی عمر کی نسبت، کہ کس کام میں کھوئی۔
اس کے جسم کی نسبت، کہ کس کام میں پرانا کیا۔
اس کے مال کی نسبت، کہ کہاں سے کمایا اور کہاں لگایا اور
اس کے علم کی نسبت، کہ اس پر کیا عمل کیا۔

(۹) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی نہیں جس کا قیامت کے دن حساب لیا جائے اور وہ تباہ نہ ہو۔ یہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہے اس کو ام المومنین عائشہ رضی نے روایت کیا۔ عائشہ رضی نے جب یہ سنا تو عرض کیا۔ کیا اللہ نہیں فرماتا: فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَسِيرًا۔ "تو اس سے آسان سا حساب لیا جائیگا۔"
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ تو پیشی ہے لیکن جس کے حساب میں مناقشہ ہوا وہ ہلاک ہوگا۔

(۱۰) اے لوگو! اللہ کی طرف توبہ کرو کہ میں اللہ کی طرف ہر روز سو بار توبہ کرتا ہوں۔

(۱۱) اللہ بندے کی توبہ قبول کرتا ہے۔ جب تک جان گلے میں نہ آجائے۔

(۱۲) ہوشیار وہ ہے جو اپنی جان کو بس میں رکھے اور آخرت کے لئے عمل کرے اور احمق وہ ہے جو اپنی جان کو ہوا و ہوس کے پیچھے لگائے اور اللہ سے آرزو رکھے۔

(۱۳) پرہیزگاری اور نیکخوئی کثرت سے لوگوں کو جنت میں داخل کرتی ہیں۔

(۱۴) بیشک تمہارا سب سے پاکیزہ کھانا وہ ہے جو تمہاری کمائی کا ہو۔ اور تمہاری اولاد بھی تمہاری کمائی میں سے ہے۔

(۱۵) جس نے احتکار کیا وہ خطاکار ہے۔

(۱۶) تاجر قیامت کے دن فاجر اٹھائے جائیں گے مگر جس نے پرہیزگاری، نیکوکاری اور راستی کی۔

(۱۷) بڑا سچا اور امانتدار تاجر نبیوں، صدیقوں اور شہیدوں کے ساتھ ہوگا۔

(۱۸) البتہ لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئیگا کہ ان میں کوئی بے سود کھائے نہ رہیگا۔ اگر سود نہ کھائیگا تو اس کو سود کا غبار ہی پہنچے گا۔ ایک روایت میں اس کا بخار آیا ہے۔

(۱۹) جو شخص کسی شے میں بدھنی بد دے تو چاہیئے کہ مقررہ ماپ مقررہ تول اور مقررہ مدت میں بدلے یہ حدیث مصابیح کی صحیح حدیثوں میں ہے۔ ابن عباس نے اسکو سبب ذکر کرنے کے ساتھ روایت کیا ہے وہ یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ لائے تو وہاں کے لوگ پھلوں میں بدھنی کیا کرتے تھے۔ ایک سال کی، دو سال کی، تین سال کی۔ یعنی مول اب دے دیتے اور پھل ایک سال کا یا زیادہ کا ٹھہرا لیتے۔ تب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص بدھنی کسی چیز میں کرے تو چاہیئے کہ بدھنی معلوم اور وزن معلوم میں مدت معلوم تک کرے۔

(۲۰) آدمی ہمیشہ سوال کرتا رہتا ہے آخر قیامت کو آئے گا اسکے منہ پر کچھ گوشت نہ ہوگا۔

(۲۱) غلام کے لئے اس کا کھانا پہننا اور طاقت سے زیادہ اس پر کام نہ ڈالا جائے۔

(۲۲) مجھ کو بڑے سے بڑا خوف اپنی امت پر قوم لوط کے عمل کا ہے۔

(۲۳) جس نے دنیا میں شراب پی اور ہمیشہ پیتا مرا اور توبہ نہ کی تو قیامت میں اسکو نہ پی سکے گا۔

(۲۴) رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے سوئی، دھاگہ (تک) ادا کر دیا کرو۔ اور غنیمت کی چوری سے بچو کہ قیامت کے دن غلول کرنیوالوں پر بڑی شرمندگی ہوگی۔

(۲۵) جلدی کرو عملوں میں ایسے فتنوں سے پہلے جو اندھیری رات کے ٹکڑوں کی مانند ہونگے۔ بندہ صبح کو مومن ہوگا شام کو کافر ہوگا۔ اور شام کو مومن ہوگا اور صبح کو کافر، اپنا دین دنیا کے سامان کے عوض بیچ دے گا۔

(۲۶) میں تو بشر ہوں اور تم میرے پاس جھگڑے لاتے ہو۔ اور شاید ایک فریق تم میں دوسرے سے اپنا ثبوت پیش کرنے میں زیادہ طرار ہو اور میں اس سے جیسا سنوں اسی کے مطابق فیصلہ کر دوں۔

پھر جس کو میں اس کے بھائی کا کچھ حق دلا دوں تو وہ اسے ہرگز نہ لے کہ میں تو اس کے لئے آگ کا ایک ٹکڑا الگ کرتا ہوں ۔

(۲۷) امیر یا مامور یا شیخی خورے کے سوا کوئی وعظ نہیں کرتا ۔

(۲۸) بیشک اللہ ہر صدی کے سر پر ایسے شخص کو اس امت کے لئے بھیجتا ہے جو اس کے دین کی تجدید کرے ۔

(۲۹) اللہ تعالے کے نزدیک سب سے بہتر شخص وہ ہے جو سلام کرنے میں پہل کرے ۔

(۳۰) کسی آدمی کے لئے جائز نہیں کہ اپنے بھائی سے تین دن سے زیادہ جدا رہے ۔ جب آپس میں ملیں تو ایک دوسرے سے اعراض کریں ۔ ان دونوں میں کا بہتر وہ ہے ۔ جو سلام میں پہل کرے ۔

(۳۱) بدگمانی سے بچو کیونکہ بدگمانی سب سے جھوٹی بات ہے ۔ اور تم کسی کی برائی کے درپے نہ ہو ۔

(۳۲) بس مومن ہی سے دوستی رکھو اور تمہارا کھانا صرف پرہیزگار ہی کھائے ۔

(۳۳) بہترین اعمال اللہ کے لئے محبت اور اُسی کے لئے بغض ہے ۔

(۳۴) میں تمہیں جس چیز سے روکتا ہوں تم اُس سے بچو اور جس کا تمہیں حکم دیتا ہوں وہی کرو جہانتک ہو سکے اسلئے کہ زیادہ سوال پوچھنے اور اپنے نبیوں کے بارے میں اختلاف رکھنے کیوجہ ان لوگوں کو ہلاک کر دیا جو تم سے پہلے تھے ۔

(۳۵) جب اللہ تعالیٰ نے پیدائش کا فیصلہ کیا تو ایک نوشتہ لکھا اور وہ اسکے پاس اسکے عرش پر ہے بیشک میری رحمت میرے غضب پر بڑھ گئی اور ایک روایت میں ہے کہ بیشک میری رحمت میرے غضب پر غالب آگئی ۔

(۳۶) بیشک شیطان انسان کی رگوں میں اسطرح چلتا ہے جیسے خون یعنی جیسے خون رگوں میں چلتا ہے اور انسان کو پتہ نہیں چلتا ۔ اسیطرح شیطان لوگوں میں وسوسے ڈالتا رہتا ہے ۔ اور انسان کو پتہ نہیں چلتا ۔

(۳۷) بیشک اللہ تعالیٰ میری امت سے درگذر فرما دیتا ہے اس وسوسہ کو جو سینے میں گذرتا ہے جبتک کہ وہ اس پر

عمل نہ کرے یا بات نہ کرے۔

(۳۸) بیشک شیطان کے لئے لمہ ہے آدم کے بیٹوں کیساتھ اور فرشتے کیلئے ایک لمہ ہے رہا شیطان کا لمہ تو اسکے معنی ہیں شر کا عادی بنانا اور حق کو جھٹلانا لیکن ملک کا لمہ کہ خیر کا عادی بنانا اور حق کی تصدیق کرنا ہے جو شخص اسکو پائے اسکو جان لینا چاہئے کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے اُس کو اللہ کی تعریف کرنا چاہیئے۔ اور جو شخص دوسرے کو پائے تو اُس کو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگنا چاہیئے۔

(۳۹) اسلام اجنبیت یعنی اوپرے پن کی حالت میں شروع ہوا تھا ویسے ہی اوپرے پن کی حالت میں عنقریب لوٹیگا لہذا اجنبیوں کو خوشخبری ہو۔

(۴۰) دو نعمتیں ہیں جن میں لوگ زیادہ فریب خوردہ اور نقصان زدہ ہیں صحت اور بے فکری۔

(۴۱) جو شخص اس بدبودار درخت سے کھائے وہ ہماری مسجد کے پاس نہ پھٹکے کیونکہ فرشتے بھی ان چیزوں سے تکلیف اٹھاتے ہیں جن سے کہ انسان تکلیف اٹھاتا ہے۔

(۴۲) انسان کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ اُن چیزوں کو جو لایعنی ہیں چھوڑ دے۔

(۴۳) عورتوں کے بارے میں خدا سے ڈرو کہ تم نے ان کو اللہ کی امان میں لیا ہے اور تم نے اُنکی شرمگاہوں کو اللہ تعالیٰ کے کلمے کے ساتھ حلال کیا ہے اور تمہارا اُن پر حق ہے کہ وہ کسی سے تمہارے بستر کو نہ روندوائیں (یعنی بدکاری نہ کریں) جسکو تم اچھا نہیں سمجھتے۔ پھر اگر انہوں نے ایسا کیا تو ان کو ایسی مار مارو جو زیادہ شدید نہ ہو اور تم پر ان کی روزی اور پوشش ہے دستور کے مطابق ضروری ہے۔

(۴۴) تم عورتوں کو بھلائی کی وصیت کرو کیونکہ عورت پسلی کی ہڈی سے ہے کیونکہ پسلی کے اندر سب سے زیادہ ٹیڑھا حصہ اُسکے اوپر کا ہے اگر تم اُسکو سیدھے کرنے لگو تو توڑ دو گے اور اگر چھوڑ دو تو برابر ٹیڑھی رہیگی

(۴۵) دعا اس (بلا) کو (بھی) نفع کرتی ہے جو اتر آئی ہو۔ اور اسکو (بھی) جو (ابھی) اتری نہیں۔ سو اے اللہ کے بندو اپنے اوپر دعا کو لازم کر لو۔

(۴۶) جب تم کوئی (خوفناک) نشان دیکھو تو نماز پڑھو۔

(۴۷) سورج اور چاند اللہ کے نشانوں میں سے دو نشان ہیں نہ تو کسی کی موت کے سبب گہناتے

ہیں اور نہ کسی کی زندگی کے سبب۔ پھر جب تم ایسا نشان دیکھو تو اللہ کی یاد کرو۔

(۴۸) جس دن رسول خدا کے فرزند ابراہیم نے وفات پائی (اُس دن) سورج کو گرہن لگا، لوگوں نے کہا ابراہیم کی موت سے گرہن لگا ہے۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سورج اور چاند تو اللہ کی نشانیوں میں دو نشانیاں ہیں۔ یہ کسی کی مرگ اور زندگی پر نہیں گہناتے جب تم کچھ ایسے ایسے ہول اور ڈر دیکھ لو۔ تو نماز پڑھنی شروع کر دو۔

(۴۹) قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں محمد کی جان ہے جو کوئی سنے اس امت میں سے میرا پیغمبر ہونا، یہودی ہو یا عیسائی ہو پھر وہ اس حال پر مر جائے کہ جو کچھ میری معرفت بھیجا گیا ہے اس پر ایمان نہ لایا ہو۔ تو وہ دوزخی ہوگا۔

(۵۰) اس شخص نے ایمان کا مزہ چکھ لیا جو راضی ہوا اللہ سے اسکو پروردگار اور اسلام کو دین۔ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو رسول سمجھتے ہیں۔

(۵۱) میری ساری امت جنت میں داخل ہوگی سوا اُس شخص کے جو منکر ہوا۔ عرض کیا منکر کون ہوا اے اللہ کے پیغمبر! فرمایا جس نے میرا کہا مانا وہ جنت میں داخل ہوگا۔ اور جس نے میرا کہا نہ مانا وہ منکر ہوگیا۔

(۵۲) تم میں سے کوئی مومن نہ ہوگا جب تک اس کی خواہش اس کے مطابق (نہ) ہو جائے۔ جو کچھ میں لایا ہوں۔

(۵۳) مومن وہ ہے۔ جس سے لوگ اپنی جانوں اور مالوں پر بے خوف رہیں اور
مسلم وہ ہے۔ جس کی زبان اور جس کے ہاتھ سے مسلمان سلامت رہیں اور
مجاہد وہ ہے جس نے اللہ کا کہا ماننے میں اپنی جان لڑائی اور
مہاجر وہ ہے جس نے خطاؤں اور گناہوں کو چھوڑا۔

(۵۴) سب ذکروں میں بہتر لا الہ الا اللہ ہے اور سب دعاؤں میں بہتر الحمد للہ ہے۔

(۵۵) بڑا خوش نصیب آدمی میری شفاعت سے قیامت کے دن وہ ہے جس نے لا الہ

الا اللہ صاف دل سے کہا۔

(۵۶) کوئی ایسا شخص نہیں جو اپنے دل کی راستی سے یہ گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بیشک حضرت محمد اللہ کے پیغمبر ہیں" اور اللہ اسکو دوزخ پر حرام نہ کر دے۔

(۵۷) جو بھی بندہ لا الہ الا اللہ کہے پھر اسی (اعتقاد) پر مر جائے وہ (ضرور) جنت میں داخل ہوگا۔

(۵۸) کوئی ایسا بچہ نہیں جو فطرت پر نہ پیدا ہوتا ہو پھر اسکے ماں باپ اس کو یہودی کر دیتے ہیں اور نصرانی کر دیتے ہیں اور مجوسی کر دیتے ہیں۔ جیسے چوپایہ پورا بچہ جنتا ہے کیا ان میں کوئی نکٹا، لنگڑا بھی ہوتا ہے۔ آخر تم ہی اس کے کان ناک کاٹ دیتے ہو۔

(۵۹) بعضا بندہ عمل کرتا ہے دوزخیوں کے اور وہ ہوتا ہے اہل جنت سے، اور وہ عمل کرتا ہے بہشتیوں کے اور ہوتا ہے وہ دوزخی۔ اعمال خاتمہ پر ہی قابل اعتبار ہوتے ہیں۔

(۶۰) پھر بعد حمد کے بیشک تمام باتوں میں اچھی، اللہ کی کتاب ہے اور سب ہدایتوں میں اچھی، محمد کی ہدایت، سب کاموں میں بدتر نئے نکالے ہوئے کام ہیں، اور ہر نیا نکالا کام بدعت ہے، اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

(۶۱) جو شخص ہمارے اس دین میں کوئی نئی بات پیدا کریگا جو اس دین سے نہ ہو تو وہ مردود ہے اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ جس شخص نے کوئی ایسا کام کیا جو ہمارے دین کے مطابق نہیں ہے وہ مردود ہے۔

(۶۲) جس نے اللہ کے واسطے حج کیا پھر نہ اس نے فحش کہا اور نہ بدکاری کی، پھر وہ اس دن کی مانند (گناہوں سے پاک) ہو جائیگا جس دن اس کو اس کی ماں نے جنا تھا۔

(۶۳) کوئی سونے چاندی کا مالک جو اس میں سے اس کا حق (زکوٰۃ) ادا نہ کرتا ہو وہ بغیر اس کے نہ رہے گا کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو اس کے لئے آگ کی تختیاں بنائی جائیں گی پھر ان کو دوزخ کی آگ میں خوب تپایا جائے گا، پھر ان سے اس کی کروٹیں، پیشانی اور پشت داغی جائے گی۔ اور جب ٹھنڈی ہونے لگیں گی تو پھر اس کے لئے تپا دی جائیں گی۔ اس دن میں جو پچاس ہزار برس کے برابر ہوگا۔ جہاں تک سب بندوں کے جھگڑے نبٹ چکیں پھر وہ اپنا راستہ دیکھے گا جو یا تو

جنت کی طرف ہوگا یا دوزخ کی طرف۔

(۶۴) رسولِ خداؐ تھوڑا چھوڑ سارے شعبان کے روزے رکھتے اور ایک روایت ہے کہ سارا شعبان روزے رکھتے۔

(۶۵) روزہ نہ رکھو اس وقت تک کہ نیا چاند دیکھو۔
اور نہ افطار کرو اسوقت تک کہ نیا چاند دیکھو۔

(۶۶) جب رمضان آتا ہے تو آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں {(اور ایک روایت میں) جنت کے دروازے (کھل جاتے ہیں)} اور دوزخ کے دروازے بند کئے جاتے ہیں اور شیطان قید کر لئے جاتے ہیں۔

(۶۷) جس نے رمضان کے روزے از روئے ایمان اور ثواب کے لئے رکھے۔ اسکی پہلی خطائیں معاف ہونگی اور جس نے رمضان میں بروئے ایمان اور بہ نیت ثواب شب بیداری کی۔ اس کی پہلی خطائیں معاف ہوجائینگی۔

(۶۸) سحری کھایا کرو کیونکہ سحری میں برکت ہے۔

(۶۹) جس نے رمضان کا ایک دن کا روزہ بغیر شرع کی اجازت کے بدوں بیماری کے توڑ ڈالا تو اس کا عوض ساری عمر کے روزے نہیں ہوسکتے۔

(۷۰) میں نے اس رات کی تلاش میں (رمضان کے) پہلے دہے میں اعتکاف کیا، پھر میں نے بیچ کے دہے میں اعتکاف کیا اس کے بعد میں آیا تو مجھے کہا گیا، اسے پچھلے عشرے میں تلاش کر۔ سو جس نے میرے ساتھ اعتکاف کیا تھا وہ پچھلے عشرے میں پھر اعتکاف کرے مجھے یہ رات دکھا دی گئی تھی پھر بھلا دی گئی۔

(۷۱)

(۷۲) جس نے رمضان کے روزے رکھے پھر اس کے پیچھے شوال کے چھ روزے رکھے تو ایسا ہے

جیسے تمام سال کے روزے رکھے۔

(۳۷) کوئی دن ایسے نہیں جن میں اچھا عمل ان دنوں سے زیادہ اللہ کو پیارا ہو (یعنی ذی الحجہ کے پہلے عشرہ کے دن)

(۳۸) ابن آدم کا کوئی عمل اللہ تعالیٰ کو اس سے زیادہ پیارا نہیں جتنا یوم النحر میں خون ریختہ کرنا اور قربانی قیامت کے دن اپنے سینگوں بالوں اور سموں سمیت آئے گی اور خون زمین پر گرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کے ہاں وقعت حاصل کر لیتا ہے۔

(۳۹) افضل روزے ماہ رمضان کے بعد ماہ خدا محرم کے ہیں۔

س ۲م رواہ ابو ہریرہ

(۴۰) یوم عاشورا کا روزہ رکھنا غالب ہے کہ اللہ ایک سال گذشتہ کا کفارہ کر دے۔

(۴۱) نہ بیماری لگتی ہے، نہ سفر کی نحوست، اور نہ چھلاوہ۔

(۴۲) پیشگوئی لینا کچھ نہیں بہتر اس میں فال ہے پوچھا یا رسول اللہ! فال کیا ہوتی ہے فرمایا اچھی بات جو کوئی سن لے۔

(۴۳) دنیا کی ہر چیز میں ہو آخرت کے کاموں میں نہ ہو۔

(۴۴) جب میری امت پندرہ خصلتیں اختیار کرے گی تو ان پر بلا نازل ہوگی۔
اس کو روایت کیا علی بن ابی طالب نے اور گن دیں یہ خصلتیں۔ جب غنیمت دولت سمجھی جائے امانت لوٹ، اور زکوٰۃ چٹی، اور مرد اپنی جورو کی فرمانبرداری اور اپنی ماں کی سرکشی کرے اپنے دوست سے احسان اور باپ پر جفا کرے، اور مسجد میں آوازیں بلند ہوں، گھرانے کا سردار وہ ہو جو انہیں بدکار ہو، اور قوم کا سالار وہ ہو جو سب میں رذیل ہو اور مرد کی عزت اس کی شرارت کے خوف سے کی جائے۔ اور گانے والیاں اور سامان طرب ظاہر ہو، شراب پی جائے اور ریشم پہنا جائے اور اس امت کے اخلاف اسلاف پر لعنت بھیجیں تو اس وقت لوگ مستحق ہونگے کہ ان پر عذاب نازل ہو۔

(۸۱) کال اس سے نہیں پڑتا کہ مینہ نہ برسے بلکہ کال اس سے پڑتا ہے کہ مینہ تو برسے لیکن زمین کوئی چیز نہ اگائے۔

(۸۲) فرائض اور قرآن سیکھو کیونکہ میں قبض ہونے والا ہوں۔

(۸۳) جو شخص خوش الحان قرآن نہ پڑھے (یعنی ترتیل اور مخارج سے) وہ ہم میں سے نہیں۔

(۸۴) نہ کوئی جن نہ کوئی انسان اور نہ کوئی اور شی ہے کہ مؤذن کی انتہا آواز کو سنے اور قیامت کے روز اس کے حق میں گواہی نہ دے۔

(۸۵) یہ وہ دن ہے جو اللہ نے ان پر فرض کیا تھا اور انہوں نے اس میں اختلاف کیا تو اللہ نے ہمیں اس کی ہدایت کردی۔ اور لوگ ہمارے پیرو ہیں۔ یہود اگلے دن اور نصاری اس سے اگلے دن۔

(۸۶) نہیں کوئی دو مسلمان کہ ملیں اور مصافحہ کریں۔ مگر دونو جدا ہونے سے پہلے بخشے جائینگے اور ایک روایت میں ہے جب دو مسلمان ملیں اور اللہ تعالی کی حمد کریں اور اللہ تعالے سے مغفرت مانگیں تو اللہ ان دونو کو بخش دے گا۔

(۸۷) بندے کا اور کفر کا رشتہ ہے نماز چھوڑنے کا۔

(۸۸) کوئی مسلمان نہیں کہ اس پر فرض نماز کا وقت آئے پھر وہ اس کے وضو خشوع اور رکوع کو بخوبی بجالائے تو وہ نماز پہلے سے پہلے گناہوں کا بدلا نہ ہوجائے جب تک کبیرہ گناہ نہ کیا ہو۔ اور یہ کفارہ ہمیشہ کو ہے۔

(۸۹) بتاؤ تو اگر تم میں سے کسی کے دروازے کے آگے دریا بہتا ہو وہ ہر روز پانچ دفعہ اس میں نہایا کرے تو کیا کچھ میل اس کے رہ جائے گی؟ عرض کیا نہیں۔ آپ نے فرمایا یہ (پانچ دفعہ ہر روز دریا میں نہانا) پانچ نمازوں کا نمونہ ہے، اللہ تعالے ان کے ذریعے خطاؤں کو مٹا دیتا ہے۔

(۹۰) جماعت کی نماز اکیلے کی نماز پر ستائیس درجہ افزوں ہوتی ہے۔
(۹۱) جب تم مردے پر نماز پڑھو تو اس کے لئے خالص دعا کرو۔
(۹۲) جس کا پچھلا بول لا الٰہ الا اللہ وہ جنتی ہے۔
(۹۳) میں نے تم کو قبروں پر جانے سے منع کیا تھا۔ سو اب قبروں کی زیارت کیا کرو۔
(۹۴) لذتوں کو توڑنے والی کو جو موت ہے بہت یاد کیا کرو۔
(۹۵) طاعون عذاب ہے جو بنی اسرائیل کے ایک گروہ پر اُتارا گیا تھا جب تم کسی سرزمین میں اسکو سنو تو وہاں نہ جاؤ اور جب تمہارے وہاں ہوتے طاعون پڑ جائے تو اس سے بھاگ کر وہاں سے مت نکلو۔
(۹۶) نیک اور بد ہمنشین کی مثال ایسی ہے جیسے مشک والا اور لوہار کی دھونکنی۔ مشک والے سے تیرے لئے دو باتوں میں سے ایک ہو رہے گی، یا مشک خریدو گے، یا اس کی خوشبو پاؤ گے۔ اور لوہار کی دھونکنی یا تو تیرا گھر جلا دیگی یا کپڑا، یا اُس سے بدبو پاؤ گے۔
(۹۷) دنیا میں ایسے رہو جیسے کہ مسافر یا رستہ گذرنے والا، اور ابن عمرؓ کہا کرتے تھے: جب تم شام کرو تو صبح کا انتظار مت کرو اور جب صبح کرو تو شام کا انتظار مت کرو، اور اپنی صحت سے مرض کیلئے لو، اور زندگی سے اپنی موت کیلئے لو۔
(۹۸) مومن اپنے گناہوں کو ایسے دیکھتا ہے گویا وہ ایک پہاڑ کے نیچے بیٹھا ہے، ڈرتا ہے کہ کہیں گر پڑے، اور بدکار اپنے گناہوں کو ایسے خیال کرتا ہے جیسے مکھی ناک پر گذرے اور وہ یوں اُڑا دے۔
(۹۹) بیوہ اور مسکین کے لئے کوشش کرنے والا ایسا ہے جیسا اللہ کے رستے میں جہاد کرنے والا، یا اس شخص کی مانند جو تمام رات قیام کرے اور ہمیشہ روزہ رکھے۔
(۱۰۰) اُس علم کی مثال جس سے نفع نہ اُٹھایا جائے اُس خزانے کی سی ہے جس سے...

اَلدُّرُوسُ الْعَرَبِيَّةُ

مُحَادَثَةٌ

(بقلم عبید الحق القسّاع)

(پیوستہ گزشتہ)

كَانَ مِنْ عَادَةِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اَنْ يُنَظِّفَ يَدَيْهِ قَبْلَ الْاَكْلِ وَ بَعْدَهُ ، وَ كَانَ لَا يَأْكُلُ اِلَّا اِذَا جَاعَ وَ لَا يَمْلَأُ بَطْنَهُ بِالطَّعَامِ اِذَا اَكَلَ ، وَ لَا يَذُمُّ طَعَامًا ، فَاِذَا اَحَبَّهُ اَكَلَ مِنْهُ ، وَ اِلَّا تَرَكَهُ ، وَ كَانَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يَقْتَدُوْنَ بِهِ ، فَحَسُنَتْ صِحَّتُهُمْ وَ قَوِيَتْ اَجْسَامُهُمْ ، فَمَتٰى عَمِلْتِ بِهٰذِهِ النَّصَائِحِ كُنْتِ سَلِيْمَةَ الْجِسْمِ وَ حَسَنَةَ الذَّوْقِ ٭

فَتَلَقَّيْتُ مِنْ اُمِّي هٰذِهِ النَّصَائِحَ وَ عَمِلْتُ بِهَا حَتّٰى الْاٰنَ .

قَالَتْ لَهَا جَدَّتُهَا : اَحْسَنْتِ يَا عَزِيْزَتِي !

وَ اَلَحَّتْ خَوْلَةُ عَلٰى جَدَّتِهَا اَنْ تَقُصَّ

عَلَيْهَا شَيْئًا مِنْ صِفَاتِ اللّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ أَنَّهُ
مَوْجُوْدٌ وَاحِدٌ لَا شَرِيْكَ لَهُ فِي الْخَلْقِ.
فَالْتَفَتَتْ حَدَّثَتُهَا إِلَيْهَا وَ قَالَتْ لَهَا :-
مَنِ الَّذِي صَنَعَ هٰذَا الْكُرْسِيَّ الَّذِي
تَجْلِسِيْنَ عَلَيْهِ ؟
قَالَتْ صَنَعَهُ النَّجَّارُ.
مَنِ الَّذِي بَنَى بَيْتَكِ ؟
بَنَاهُ الْبَنَّاءُ.
مَنِ الَّتِي خَبَزَتِ الْعَيْشَ الَّذِي تَأْكُلِيْنَهُ؟
خَبَزَتْهُ أُمِّي وَ أَحْيَانًا خَادِمَتِي.
هَلْ يُمْكِنُ أَنْ يُوْجَدَ كُرْسِيٌّ بِغَيْرِ نَجَّارٍ
أَوْ بَيْتٌ بِغَيْرِ بَنَّاءٍ، أَوْ عَيْشٌ بِلَا خَبَّازَةٍ
أَوْ خَبَّازٍ ؟ لَا يُمْكِنُ أَنْ يَكُوْنَ كُرْسِيًّا بِغَيْرِ نَجَّارٍ، وَلَا بَيْتًا بِلَا بَنَّاءٍ.
هَلْ يُمْكِنُ أَنْ يُوْجَدَ شَيْءٌ مِنْ غَيْرِ صَانِعٍ
يَصْنَعُهُ ؟
لَا يُمْكِنُ أَنْ يُوْجَدَ شَيْءٌ بِغَيْرِ صَانِعٍ.
أُنْظُرِي إِلَى السَّمَاءِ وَ مَا فِيْهَا مِنَ الشَّمْسِ
وَ الْقَمَرِ وَ النُّجُوْمِ، وَ الْأَرْضِ وَ مَا فِيْهَا
مِنَ الْجِبَالِ وَ الْأَوْدِيَةِ وَ الْبِحَارِ وَ الْأَنْهَارِ
مَنْ خَلَقَهَا ؟
خَلَقَهَا اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ.

مَنِ الَّذِیْ خَلَقَ الْاِنْسَانَ وَ الْحَیْوَانَ وَ النَّبَاتَ وَ جَمِیْعَ الْاَشْیَاءَ ؟

خَلَقَهَا اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَ تَعَالٰی .

مَنِ الَّذِیْ یُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً ؟

یُنَزِّلُ اللّٰهُ جَلَّ وَ عَلٰی .

مَا الَّذِیْ عَلِمْتَ مِنْ هٰذَا الدَّرْسِ ؟

عَلِمْتُ اَنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ وَ تَعَالٰی هُوَ الَّذِیْ اَوْجَدَ السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِیْهَا مِنْ شَمْسٍ وَ قَمَرٍ وَ نُجُوْمٍ ، وَ اَوْجَدَ الْاَرْضَ وَ مَا فِیْهَا مِنَ الْجِبَالِ وَ الْاَوْدِیَةِ وَ الْبِحَارِ ، وَ الْاَنْهَارِ وَ خَلَقَ مَا فِیْهَا مِنْ اِنْسَانٍ ، وَ حَیَوَانٍ وَ نَبَاتٍ وَ جَمِیْعَ الْاَشْیَاءِ . قَدْ جَاءَ وَقْتُ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ ، فَدَعْنَا نَتَوَضَّأُ لِنُصَلِّیَ صَلَاةَ الْمَغْرِبِ .

خَبِّرْنِیْ یَا جَدِّیْ مَا فُرُوْضُ الْوُضُوْءِ وَمَا مَعْنَی الْفَرْضِ ؟

اَلْفَرْضُ هُوَ مَا یَجِبُ فِعْلُهٗ ، وَ لَا یَصِحُّ الْوُضُوْءُ وَ لَا تَصِحُّ الْعِبَادَةُ بِدُوْنِهٖ وَ فَرَائِضُ الْوُضُوْءِ اَرْبَعَةٌ :

۱ـ غَسْلُ الْوَجْهِ مَرَّةً وَ حَدُّهٗ طُوْلًا مِنْ اَعْلَی الْجَبْهَةِ اِلٰی اَسْفَلِ الذَّقَنِ . مَا

بَيْنَ شَحْمَتَيِ الْاُذُنَيْنِ عَرْضًا .
۲ـ غَسْلُ الْيَدَيْنِ مَعَ الْمِرْفَقَيْنِ .
۳ـ مَسْحُ رُبْعِ الرَّاْسِ ـ
۴ـ غَسْلُ الرِّجْلَيْنِ مَعَ الْكَعْبَيْنِ مَرَّةً .
اَيْنَ كَعْبُكَ يَا خَوْلَةُ ؟
مَا عَلِمْتُ يَا جَدَّتِي .
اَلْكَعْبُ هِيَ الْعَظْمُ النَّاتِيْ فِيْ جَانِبِ الْقَدَمِ .
مَا سُنَنُ الْوُضُوْءِ وَ مَا مَعْنَى السُّنَّةِ ؟
اَلسُّنَّةُ مَا يُثَابُ عَلٰى فِعْلِهٖ وَ يُعَاتَبُ عَلٰى تَرْكِهٖ . وَ مِنْ سُنَنِ الْوُضُوْءِ :ـ
اَلنِّيَّةُ ، وَ التَّسْمِيَةُ ، وَ غَسْلُ الْيَدَيْنِ اِلَى الرُّسْغَيْنِ ثَلَاثًا ، وَ الْاِسْتِيَاكُ ، وَ الْمَضْمَضَةُ ثَلَاثًا ، وَ الْاِسْتِنْشَاقُ ثَلَاثًا ، وَ تَخْلِيْلُ اللِّحْيَةِ ، وَ تَخْلِيْلُ الْاَصَابِعِ ، وَ مَسْحُ جَمِيْعِ الرَّاْسِ ، وَ مَسْحُ ظَاهِرِ الْاُذُنَيْنِ وَ بَاطِنِهِمَا مَرَّةً وَاحِدَةً ، وَ تَثْلِيْثُ غَسْلِ الْوَجْهِ وَ الْيَدَيْنِ وَ الرِّجْلَيْنِ وَ تَرْتِيْبُ اَعْمَالِ الْوُضُوْءِ ، وَ الْبَدْءُ بِالْيُمْنٰى فِي الْيَدَيْنِ وَ الرِّجْلَيْنِ .
وَ مَا الْمُسْتَحَبُّ ؟

وَ الْمُسْتَحَبُّ مَا يُثَابُ عَلَى فِعْلِهِ وَ لَا عِتَابَ عَلَى تَرْكِهِ .

وَ الْمُسْتَحَبَّاتُ كَثِيرَةٌ ، مِنْهَا :-

اِسْتِقْبَالُ الْقِبْلَةِ حَالَ الْوُضُوْءِ ، مَسْحُ الرَّقَبَةِ . تَقْدِيْمُ الْيُمْنَى عَلَى الْيُسْرَى - اَلْاِتْيَانُ بَعْدَهُ بِالشَّهَادَتَيْنِ وَ الدُّعَاءِ وَ قِرَاءَةُ سُوْرَةِ الْقَدْرِ .

هَلْ يُبْطِلُ الْوُضُوْءَ يَا جَدَّتِيْ ؟

نَعَمْ ، لَوْ خَرَجَ شَيْءٌ مِنَ السَّبِيْلَيْنِ كَالْبَوْلِ وَ الْبَرَازِ وَ الرِّيْحِ اَوْ سَيَلَانُ نَجَاسَةٍ مِنْ غَيْرِ السَّبِيْلَيْنِ كَدَمٍ مِنْ جُرْحٍ وَ رُعَافٍ وَ قَيْحٍ وَ قَيْءٍ مِلَاءَ الْفَمِ ، وَ نَوْمُ الْاِنْسَانِ اِذَا كَانَ مُضْطَجِعًا اَعْنِيْ اَنَّهُ نَائِمًا عَلَى جَنْبِهِ اَوْ مُتَّكِئًا اَوْ مُسْتَنِدًا اِلَى شَيْءٍ لَوْ اُزِيْلَ عَنْهُ لَسَقَطَ وَ الْاِغْمَاءُ وَ الْجُنُوْنُ ، وَ السُّكْرُ ، وَ الْقَهْقَهَةُ فِي الصَّلٰوةِ ذَاتِ رُكُوْعٍ وَ سُجُوْدٍ مِنْ بَالِغٍ بِصَوْتٍ مَسْمُوْعٍ ، فَاِذَا حَصَلَ مِنَ الْمُتَوَضِّئِ وَاحِدٌ مِنْ هٰذِهِ الْاُمُوْرِ وَ كَانَ الْاِنْسَانُ هُوَ رَجُلٌ اَوْ امْرَاَةٌ مُتَوَضِّئًا وَجَبَ عَلَيْهِمَا اَنْ يَسْتَانِفَا وُضُوْءَهُمَا .

مَا وَقْتُ صَلوٰةَ الْمَغْرِبِ يَا جَدَّتِيْ؟
وَقْتُ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ مِنْ غُرُوْبِ الشَّمْسِ إِلٰى غُرُوْبِ الشَّفَقِ الْأَحْمَرِ وَ اسْوِدَادِ الْأُفُقِ.
هَلْ جَاءَ وَقْتُ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ؟
لَمْ يَبْقَ إِلَّا دَقَائِقَ مَعْدُوْدَةِ.
قُوْلِيْ لِيْ يَا جَدَّتِي الْعَزِيْزَةِ مَا فَوَائِدُ الْوُضُوْءِ؟
إِذَا تَأَمَّلْتِ يَا جَدَّتِي الْعَزِيْزَةِ، مَا فَعَلْتِهِ فِي الْوُضُوْءِ، وَجَدْتِ أَنَّكِ قَدْ غَسَلْتِ وَ نَظَّفْتِ يَدَيْكِ اللَّتَيْنِ تَتَنَاوَلِيْنَ بِهِمَا الْغِذَاءَ وَ الْأَطْعِمَةَ، وَ أَسْنَانَكِ الَّتِيْ تَأْكُلِيْنَ بِهَا وَ أَنْفَكِ الَّذِيْ تَتَنَفَّسِيْنَ مِنْهُ الْهَوَاءَ وَ تَتَشَمَّمِيْنَ الرَّوَائِحَ وَ وَجْهَكِ الَّذِيْ تُقَابِلِيْنَ بِهِ أَبَوَيْكِ وَ أَخَوَاتِكِ وَ قَرِيْنَاتِكِ وَمُعَلِّمَاتِكِ وَ عَيْنَيْكِ اللَّتَيْنِ تَنْظُرِيْنَ بِهِمَا الْأَشْيَاءَ النَّادِرَةَ وَ الْمَنَاظِرَ الْعَجِيْبَةَ وَ تَتْلِيْنَ بِهِمَا كَلَامَ اللّٰهِ وَ تَقْرَئِيْنَ بِهِمَا الْعُلُوْمَ الْمُفِيْدَةَ وَ ذِرَاعَيْكِ اللَّتَيْنِ كَثِيْرًا مَا تَكُوْنَانِ مَكْشُوْفَتَانِ لِلْأَوْسَاخِ وَ الْغُبَارِ وَ رَأْسَكِ الَّذِيْ قَدْ يَكُوْنُ مَغْمُوْرًا بِالْعَرَقِ، وَ أُذُنَيْكِ اللَّتَيْنِ

قَدْ تَمْتَلِئَانِ غُبَارًا وَ رِجْلَيْكِ اللَّتَيْنِ قَدْ تُنْتِنَانِ مِنَ الْعَرَقِ ، وَ لَا شَكَّ أَنَّ الْوُضُوْءَ يُنَظِّفُ كُلَّ هٰذِهِ الْأَعْضَاءَ وَ يَقِي الْإِنْسَانَ مَضَارَّ الْوَسَخِ وَ الْعَرَقِ وَ الْأَمْرَاضِ وَ يُقَوِّي الْأَعْضَاءَ وَ يَشْرَحُ الصَّدْرَ وَ أَظُنُّكِ تُحِسِّيْنَ بِذٰلِكَ بَعْدَ الْوُضُوْءِ .

حَقًّا يَا جَدَّتِيْ ! عَلِمْتُ الْآنَ مِنْ فَوَائِدِ الْوُضُوْءِ .

كَمْ فَرْضُ الْمَغْرِبِ وَ سُنَّتُهَا ؟

فَرْضُهَا ثَلَاثُ رَكَعَاتٍ وَ سُنَّتُهَا رَكْعَتَانِ بَعْدَهُ .

هَا ، قَدْ جَاءَ وَقْتُهَا ، دَعْنَا نُصَلِّيْ .

فَقَامَتْ لِلصَّلَاةِ مُسْتَقْبِلَةً وَ قَامَتْ خَوْلَةُ بِجَانِبِهَا الْيُسْرٰى وَ وَجْهُهُمَا إِلَى الْقِبْلَةِ ، ثُمَّ رَفَعَتْ يَدَيْهَا إِلٰى كَتِفَيْهَا وَ قَالَتْ جَدَّتُهَا تَكْبِيْرَ الْإِفْتِتَاحِ " اَللّٰهُ أَكْبَرُ " وَضَعَتْ يَدَهَا الْيُمْنٰى عَلَى الْيُسْرٰى فَوْقَ صَدْرِهَا وَ فَعَلَتْ خَوْلَةُ مَا فَعَلَتْ جَدَّتُهَا .

ثُمَّ قَرَأَتَا الثَّنَاءَ بَعْدَ تَكْبِيْرِ الْإِفْتِتَاحِ سِرًّا ، وَ هُوَ :

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَ بِحَمْدِكَ وَ تَبَارَكَ اسْمُكَ

وَ تَعَالٰی جَدُّكَ وَ لَا اِلٰهَ غَيْرُكَ ، ثُمَّ الْاِسْتِعَاذَةُ وَ التَّسْمِيَةُ سِرًّا اَعْنِی :
اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۰
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۰
ثُمَّ قَرَأَتْ جَدَّتُهَا سُوْرَةَ الْفَاتِحَةِ وَ بَعْضَ اٰيَاتِ الْقُرْاٰنِ جَهْرًا اَعْنِی :
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۰ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۰ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۰ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۰ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۰ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۰ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ ۰ اٰمِيْن ۰
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۰ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۰ لَمْ يَلِدْ ۰ وَ لَمْ يُوْلَدْ ۰ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۰
ثُمَّ كَبَّرَتِ التَّكْبِيْرَ عِنْدَ الرُّكُوْعِ جَهْرًا وَ قَرَأَتِ التَّسْبِيْحَ فِی الرُّكُوْعِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ سِرًّا . (سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِيْمِ) ثَلَاثًا .
قیمت ہیں مجھے ملے اس سے میرا بھی ہاتھ کھلے۔ اس نے کہا خدا کی قسم میرے نزدیک تو اسی حالت سے تیرے ساتھ مرنا غیر کے پاس چلے جانے سے بہتر ہے اگرچہ خلیفہ ہی کیوں نہ ہو۔ لیکن (خیر) جو تیرے دل میں آیا ہے کر (گزر) راوی کہتا ہے کہ وہ شخص گھر سے نکلا اور لونڈی کو بیچنے کے لئے پیش کیا۔ اس کے دوستوں میں سے ایک صاحب عقل نے صلاح دی۔ کہ اسے ابن معمر امیر عراق کے پاس لیجائے۔ مالک لونڈی کو اس کے پاس لے گیا۔ جب پیش کیا تو امیر نے پسند کیا۔ اور مالک سے کہا کہ تیری کتنے کی خرید تھی۔ اس نے کہا کہ لاکھ درہم۔ اور میں نے خود بہت سا مال اس پر خرچ کیا ہے یہاں تک کہ استادوں کے مرتبہ کو پہنچ گئی ہے امیر نے کہا کہ جو تو نے اس پر خرچ کیا اسکا حساب نہیں۔ کیونکہ تو نے اپنے مزے کے لئے خرچ کیا مگر قیمت کے لئے میں نے حکم دیا۔ یہ لاکھ درہم، دس گٹھریاں کپڑوں کی، دس گھوڑے، دس غلام موجود ہیں تو خوش ہوا؟ اس نے کہا کہ ہاں خدا امیر کو خوش رکھے۔ امیر نے مال کے لئے حکم دیا (اسی وقت) حاضر ہو گیا۔ داروغہ کو حکم دیا کہ لونڈی کو حرم سرا میں داخل کرے۔ لونڈی پردہ کا کنارہ پکڑ کے روئی۔ اور یہ شعر پڑھے ترجمہ شعروں کا جو مال تیرے ہاتھ آیا اب تجھے مبارک ہو میرے پاس تو سوائے تیری یاد کے کچھ نہیں رہا۔ دل دکھ میں گرفتار ہے اور میں اس سے کہتی ہوں۔ کہ خواہ بہت رو خواہ تھوڑا رو دوست تو جدا ہو گیا جب بات کا موقع تیرے قابو میں نہ ہو۔ اور سوائے صبر کے چارہ نہ ہو۔ تو صبر ہی کر۔ آقا رو دیا اور ان شعروں میں جواب دیا۔ شعروں کا ترجمہ اگر میرا نصیب تجھ سے کوتاہی نہ کرتا تو موت کے سوا کوئی چیز (مجھے اور تجھے) جدا نہ کر سکتی۔ خیر اب معذور رکھ۔ تیرے درد فراق سے غمگین جاتا ہوں اور دل بیتاب سے چپکے چپکے اس کی باتیں کرتا جاتا ہوں۔ خدا تجھے سلامت رکھے۔ اب میری تیری ملاقات نہ ہوگی۔ اور وصل نہ ہوگا مگر ہاں ابن معمر چاہے (تو ہو جائے) ابن معمر بولا میں نے تو چاہا (جا) خدا تجھے مبارک کرے۔ اسے بھی لے جا اور جو کچھ تجھے پہنچا ہے وہ بھی لے جا۔ وہ شخص مال اور گھوڑے اور غلام اور کپڑے لیکر خوشحال چلا آیا۔ خدا ابن معمر پر رحمت

کرے اور حور دل اور خوبصورت بچوں کے ساتھ ہمیشہ بہشت کی سب سے اونچے محل میں رکھے

(۹)

کہتے ہیں کہ دو شخص تھے ایک کا نام خبّ تھا۔ اور دوسرے کا نام مغفّل۔ دونو نے سوداگری میں ساجھا کیا۔ رستہ میں چلے جاتے تھے کہ ایک تھیلی ہزار دینار کی پڑی ہوئی پائی۔ جب ہاتھ آئی تو دونو کی رائے پھرنے کی ہوئی۔ اور اُلٹے ہی پھرے۔ جب شہر کی فصیل کے پاس پہنچے اور مال بانٹنے بیٹھے تو مغفّل نے خبّ سے کہا کہ آدھے تو لیلے آدھے مجھے دیدے۔ خبّ نے اپنے دل میں یہ ٹھرائی تھی کہ سب آپ ہی لیجئے۔ کہا۔ بانٹتے نہیں کیونکہ مال کی ملے رہنے میں دل کی صفائی بہت پائی جاتی ہے۔ لیکن ہر شخص ہم میں سے جتنا چاہئے ہو اتنا لیلے باقی کو اس درخت کی جڑ میں گاڑ دیں کہ یہ جگہ محفوظ ہے۔ جب کچھ ضرورت ہوگی تو دونو آئیں گے اور جتنا چاہیئے ہوگا لیجائینگے۔ غرض تھوڑا سا اُس میں سے لیا اور باقی گاڑ کر چلے گئے۔ دونو ساتھ شہر میں داخل ہوئے۔ (مگر) خبّ پھر اکیلا آیا اور گڑے ہوئے دینار نکال کر اپنے گھر لے آیا۔ مہینا بھر کے بعد مغفّل آیا اور خبّ سے کہا کہ چلو درخت کی طرف چلیں کچھ خرچ لائیں۔ دونو اُس جگہ گئے۔ جب کھودا تو وہاں کچھ بھی نہ پایا۔ خبّ مغفّل کو ملامت کرنے لگا۔ منہ پیٹ لیا ڈاڑھی گھسوٹی۔ چھاتی کوٹی۔ اور کہا کہ کوئی کسی پر بھروسہ نہ کرے۔ پھر مغفّل سے کہا کہ تو نے ہی دینار لئے۔ وہ قسمیں کھاتا تھا اور (لینے والے پر) لعنت کرتا تھا۔ خبّ نالہ و فریاد کرتا تھا۔ اور وہی ایک رونا روئے جاتا تھا کہ تو نے ہی مال لیا ہے تیرے سوا کسی کو خبر نہ تھی۔ دونو قاضی کے پاس مقدمہ لے گئے۔ قاضی نے (اول سے آخر تک) سارا قصہ کہوایا اور خبّ سے کہا کہ تیرے دعوے کا کوئی گواہ ہے؟ اُس نے کہا ہاں جس درخت کے نیچے دینار گاڑے تھے وہی گواہی دے گا کہ مغفّل نے دینار لئے۔ درخت کھوکھلا تھا خبّ نے اپنے باپ کو کہدیا کہ جاکر درخت میں چھپ رہے۔ اگر کوئی قاضی کی طرف سے آئے اور پوچھے۔ تو اُسے جواب

دیوے کہ وہ سمجھے کہ درخت بولتا ہے۔ باپ اسکا گیا اور اسمیں چھپ رہا غرض خبؔ نے قاضی سے کہا کہ آپ میرے ساتھ درخت تک چلئے۔ قاضی اپنے ساتھیوں سمیت چلا خبؔ اور مغفل اُسکے ساتھ تھے۔ جب درخت کے پاس پہنچے تو قاضی نے اُس سے اُس مقدمہ میں سوال کیا۔ بڈھا اندر سے بولا کہ ہاں مغفل دینار لیگیا ہے۔ قاضی کو سنکر بڑا تعجب ہوا اور درخت کے گرد پھرنے لگا۔ (اتفاقاً) بڈھے کے کپڑے کا پلا دیکھا۔ قاضی نے لکڑیاں منگائیں اور حکم دیا کہ اس درخت کو جلادو۔ گرد اُسکے آگ لگادی۔ اندر سے خبؔ کا باپ چلانے لگا اور (یہ حال ہوا کہ) مرنے قریب ہوگیا۔ حاکم نے اُس سے پوچھا۔ بڈھے نے جو کچھ گزرا تھا سب کہدیا۔ قاضی نے خبؔ کو سزا دی اور بہت مارا دینار اُس سے لئے اور مغفل کو دے دیئے۔ اور اُس کے باپ کو (گدھے) پر چڑھا کر تھپیڑے مار مار کر شہر میں پھرایا اور ذلیل کیا ؎

(۱۰)

کہتے ہیں کہ بندروں کا ایک غول کسی پہاڑ میں رہتا تھا۔ ایک رات سردی اور مینہ اور ہوا کے سبب سے چاہا کہ آگ سینکیں مگر کہیں نہ ہاتھ آئی۔ ایک جگنو نظر پڑا کہ آگ کے پتنگے کی طرح اڑتا جاتا ہے۔ انہوں نے کچھ گھاس پھوس سمیت جگنو پر ڈالکر پھونکنا شروع کیا تاکہ آگ بھڑک اُٹھے۔ پاس ہی ایک پرندہ درخت پر بیٹھا تھا اور اُنہیں دیکھ رہا تھا۔ وہ بتانے لگا اور کہا کہ اُس کے پیچھے نہ پڑو۔ جو چیز تمہیں چمکتی دکھائی دیتی ہے یہ آگ نہیں ہے۔ پھر اُنکے پاس آنے کا ارادہ کیا۔ کہ جو کچھ یہ کر رہے ہیں اس بات سے منع کرے۔ ایک شخص اُسکے پاس کو نکلا اور کہا کہ جو چیز سیدھی نہو سکے اس کے سیدھا کرنیمیں کوشش نہ کرنا کہ (بزرگوں کا قول ہے) جو لکڑی مڑ نہیں سکتی اُس کی کمان نہیں بن سکتی۔ پرندے نے اُس کی بات نہ مانی۔ بندروں کی طرف بتانے کو بڑھا کہ جگنو ہے آگ نہیں۔ ایک بندر نے اُسے دبوچ لیا۔ وہ پرند اُسی وقت مرگیا ؎

مفید کتابیں

کتاب	قیمت
نقشِ وفا : مرد اور عورت کے لئے بہترین راہِ عمل	۶ر
محمدؐ اور عورت ذات	۳ر
اظہارِ حق : تفسیر سورۂ والتین	۶ر
ہمارے اعمال اور انکی قدر وقیمت	۲ر
الناموس المفصل : تفسیر سورۂ مزمل	۴ر
نورالحق : تفسیر سورۂ علق	۳ر
اصل الاصول : اہلِ حدیث اور اہلِ قرآن کے مناظرہ پر محاکمہ	۶ر
سمجھ اچھی کہ بے سمجھی	۱ر
ارشادات القرآن	۸ر
تندرستی ہزار نعمت	۵ر
الاحسان : تصوف کا بیان	۸ر
لالۂ صحرا (نظم) از منیر ایم-اے	۴ر
جبریل و ابلیس 〃 〃 〃	۴ر
اتاترک	۶ر
لسانِ اردو	۶ر

کتاب	قیمت
نماز بلادِ اسلامیہ میں	۳ر
سیرِ دلبراں : قابل دید	۳ر
مقتولِ بے حجابی	۱/ر
قواعد عربی حصہ اول - علم صرف	۱۲ر
عروسِ غربت : ایم-ایم-اسلم	۴/عہ
بقائے دوام : 〃 〃 〃	عہ
انتقام : 〃 〃	۳ر
پیمانِ وفا : 〃 〃	۵ر
خطِ تقدیر : 〃 〃	۶ر
غزال : 〃 〃	۱۰ر
ساربان : 〃 〃	۴ر
چار سہیلیاں : 〃 〃	عہ
بڑی بی : 〃 〃	۱۲ر
نور ہدایت : 〃 〃	۴ر
دریائے وحدت : قرآن شریف کی آیات اور گرنتھ کے شبدوں کی یکرنگی ۔	۱۲/عہ
الفوز الکبیر : الفتح الخبیر فارسی	۸ر

استاد کی امداد کے بغیر
عربی سکھا دینے والی کتابیں

معلم العربیہ	عہ	خزینۃ العلوم حصہ اول مجلد	۴/عہ ر
مدرس العربیہ	۸/عہ ر	لغات القرآن	۱۰ ر
عربی ٹیچر	عہ	〃 〃 عزیزی	۴/غا ر
عربی کا معلم جدید حصہ اول	۱۴ ر	مصباح 〃 〃	۸/عہ ر
〃 〃 دوم	۱۴ ر	عربی بول چال 〃	۱۴ ر
کلید 〃 〃 اول	۵ ر	〃 〃 دوم	۱۴ ر
〃 〃 〃 دوم	۵ ر	کتاب الصرف	۱۴ ر
کلام عربی حصہ اول	۱۰ ر	〃 النحو	۱۰ ر
〃 〃 دوم	۱۰ ر	قوانین عربی	۱۲ ر
ترجمان القرآن جلد اول، دوم، سوم		اردو عربی ترجمہ	۸/عہ ر
چہارم، پنجم، ششم فی جلد	عہ	الصحیفۃ الاولی	
جلد ۲۹ و ۳۰ 〃	عہ	〃 الثانیہ	ہر حصہ کا
ہدایت العربیہ	عا	〃 الثالثہ	حصہ
مارس عربی	عا	〃 الرابعہ	۸/عہ ر
اللغات والامثال	عا	الدروس العربیہ حصہ اول	۸/عہ ر

ملنے کا پتہ :- منیجر مکتبۂ علمیہ - مدرسۃ البنات - جالندھر شہر

رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۵۵۵

پیام اسلام

جالندھر شہر

تعلیمی صحیفہ

اگست سنہ ۱۹۳۶ء

مدیر: محمد احمد خان ذاکر

قواعد

۱۔ رسالہ ہر انگریزی مہینے کے پہلے ہفتے میں شائع ہوتا ہے

۲۔ رسالہ نہ پہنچنے کی اطلاع اسی مہینے کی بیسویں تاریخ تک دفتر میں پہنچ جانی چاہیئے، ورنہ رسالہ بشرط موجودگی قیمت پر ملیگا

۳۔ چندہ سالانہ ۳ روپے ۔ فی پرچہ ۴ر ۔

۴۔ اشتہارات کی اُجرت کا تصفیہ منیجر سے بذریعہ خط و کتابت کرنا چاہیئے ۔

جنرل برقی پریس ریلوے روڈ جالندھر شہر میں چھپکر
باہتمام محمد احمد خاں ذاکر پرنٹر پبلشر دارالقرآن سے شائع ہوا

ہدایت معربیہ	عہ	″	
مدارس عربی	عہ	″	الہ آباد
اللغات والامثال	عہ	الدروس	ا ا

ملنے کا پتہ :۔ منیجر مکتبۂ علمیہ ۔ مدرسۃ الذاکر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلد ۱۷ اگست سنہ ۱۹۴۶ء - رمضان سنہ ۱۳۶۵ھ نمبر ۸

دیباجۃ المفردات فی غریب القران

للراغب الاصفهانی

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَ صَلٰوتُهٗ عَلٰى نَبِيِّهٖ مُحَمَّدٍ وَ اٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ قَالَ الشَّيْخُ ابو القاسم الحسينُ بنُ محمدٍ ابنِ الفضل الرّاغب رحمهُ اللهُ اسألُ اللهَ ان يجعل لنا من انوارهٖ نورًا يُرينا الخيرَ و الشرَّ بصورتيهما وَ يُعرِّفُنَا الحَقَّ وَ الباطلَ بحقيقتهما حتى نكونَ مِمّن يسعٰى نُورُهم بَيْنَ اَيْدِيهِم وَ بِاَيْمَانِهِم وَ من الموصوفين بقوله تعالٰى هُوَ الَّذِی اَنزَلَ

السَّكِينَةَ فِي قُلُوبِ الْمُؤْمِنِين و بقوله أُولٰئِكَ
كَتَبَ فِي قُلُوبِهِمُ الْإِيمَانَ وَ أَيَّدَهُم بِرُوحٍ
مِنْهُ كُنْتُ قَدْ ذَكَرْتُ فِي الرِّسَالَه الْمُنَبِّهَة
عَلَى فوائد الْقُرْآنِ أَنَّ الله تعالىٰ كما جَعَلَ
النُّبُوَّةَ بِنَبِيِّنَا مُخْتَتَمَةً وَ جَعَلَ شَرَائِعَهُمْ
بِشَرِيعَتِهِ من وجهٍ مُنْتَسَخَةً و من وجه
مُكَمَّلَةً مُتَمَّمَةً كما قال تعالىٰ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ
لَكُمْ دِينَكُمْ و اَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَ
رَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا جَعَلَ كِتَابَهُ
الْمُنَزَّلَ عليه مُتَضَمِّنًا ثَمَرَةَ كُتُبِهِ الَّتِي
أَوْلاها أَوَائِلَ الْأُمَمِ كما نَبَّهَ عليه بِقَوْلِهِ
تعالىٰ يَتْلُو صُحُفًا مُطَهَّرَةً فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ
و جَعَلَ من مُعْجِزَةِ هٰذَا الْكِتَابِ أَنَّه مع
قِلَّةِ الْحَجْمِ مُتَضَمِّنٌ لِلْمَعْنَى الْجَمِّ و بحيث
تَقْصُرُ الْأَلْبَابُ الْبَشَرِيَّةُ عن إحصائه والآلاتُ
الدُّنْيَوِيَّةُ عَنِ اسْتِيفَائِهِ كما نَبَّهَ عليه بقوله
تعالىٰ و لو أَنَّ ما فِي الْأَرْضِ من شَجَرَةٍ
أَقْلَامٌ و الْبَحْرُ يَمُدُّهُ مِنْ بعده سَبْعَةُ أَبْحُرٍ
مَا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللهِ إِنَّ اللهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ
و أَشَرْتُ فِي كِتَابِ الذَّرِيعَة إِلَى مَكَارِمِ
الشَّرِيعَةِ أَنَّ الْقُرْآنَ و إن كان لا يَخْلُو النَّاظِرُ

فیہِ من نورٍ ما یُریہِ و نفعٌ ما یُولیہِ فانّہ

کالبدرِ من حیثُ التفتّ رأیتہُ
یُھدی إلی عینیکَ نورًا ثاقبا
کالشمسِ فی کبدِ السّماءِ و ضوءُھا
یغشَی البلادَ مشارِقًا و مغاربا

لکن محاسنُ أنوارِہٖ لا یُثقِفُھا إلّا البصائرُ الْجَلِیّةُ وَ أطایبُ ثمرِہٖ لا یقطِفُھا إلّا الأیدِی الزّکیّۃُ وَ منافِعُ شِفائِہٖ لا ینالُھا إلّا النفوس النّقیّۃُ کما صرّحَ تعالی بہ فقال فی وصفِ مُتناوِلیہِ إنّہ لقرآنٌ کریمٌ فی کتابٍ مکنونٍ لا یمسُّہٗ إلّا المُطھّرُوْنَ وَ قالَ فی وصفِ سامِعیہِ قُلْ ھُو للذِیْنَ اٰمَنُوا ھُدًی و شفاءٌ و الذین لا یُؤمِنُون فِی اٰذانِھِمْ وَقْرٌ و ھو علیھم عمًی و ذکرتُ أنّہ کما لا تدخُلُ الملائکۃُ الحاملۃُ للبرکاتِ و بیتًا فِیہ صُورَۃٌ أو کلبٌ کذلک لا تدخُلُ السّکِینَاتُ الجالبۃُ للبیّناتِ قلبًا فیہِ کبرٌ و حرصٌ فالخبیثاتُ للخبیثینَ وَ الخبیثون للخبیثاتِ و الطّیّبُوْنَ للطّیّباتِ و الطیّباتُ للطّیبین وَ دَلّتُ فی تلک الرّسالۃِ علی کیفیۃ اکتسابِ الزّادِ الّذی یُرقّی کاسِبَہُ فی درَجاتِ المعارِفِ

حتیٰ يبلغ من معرفته أقصى ما فى قوّة البشر ان يدركه من الاحكام و الحكم فيطّلع من كتاب الله على ملكوت السمٰوٰت و الارض و يتحقق أنّ كلامه كما وصفه بقوله ما فرّطنا فى الكتاب من شىءٍ جعلنا الله ممّن تولّى هدايته حتّى يبلّغه هذه المنزلة و يخوّله هذه المكرمة فلن يهديه البشر من لم يهده الله كما قال تعالىٰ لنبيّه صلى الله عليه وسلم إنّك لا تهدى من أحببت و لٰكنّ الله يهدى من يشاء و ذكرت أنّ اوّل ما يحتاج أن يشتغل به من علوم القرآن العلوم اللفظية و من العلوم اللفظية تحقيق الالفاظ المفردة فتحصيل معانى مفردات ألفاظ القرآن فى كونه من اوائل المعاون لمن يريد أن يدرك معانيه كتحصيل اللبن فى كونه من أوّل المعاون فى بناء ما يريد ان يبنيه و ليس ذلك نافعًا فى علم القرآن فقط بل هو نافع فى كلّ علمٍ من علوم الشرع فالفاظ القرآن هى لبّ كلام العرب و زبدته و واسطته و كرائمه و عليها اعتماد الفقهاء و الحكماء فى احكامهم و حكمهم و إليها مفزع حذّاق الشعراء

البُلَغاءِ فی نظمِهم و نثرِهم و ما عداها وَ
وعدا الألفاظَ المُتفرّعاتِ عنها وَ المُشتقّاتِ
منها هُوَ بالإضافةِ إليها كالقُشُورِ و النّوى
بالإضافةِ إلى أطايبِ الثّمرةِ وَ كالحُثالةِ وَ
التّبنِ بالاضافة إلى لُبُوبِ الحِنطةِ و قد
استخرت اللهَ تعالىٰ فی إملاء كتابٍ مُستوفیً
فیهِ مفرداتُ ألفاظِ القرآن على حروفِ التّهجی
نُقدّمُ ما أوّلُهُ الالفُ ثم الباءُ على ترتيبِ
حُرُوفِ المُعجَمِ مُعتبرًا فيهِ أوائلَ حروفه
الاصلية دون الزّوائد و الاشارةَ فيه إلى
المناسبات التی بين الالفاظِ المستعاراتِ منها
و المشتقات حسبما يحتمِلُ التّوسّعُ فی هذا
الكتابِ و أحيلُ بالقوانين الدالة علىٰ تحقيقِ
مناسبات الألفاظ على الرسالة التی عملتُها
مُختصّةً بهذا البابِ ففی إعتماد ما حررته
من هذا النحو استغناءٌ فی بابهِ من المُثبطاتِ
عنِ المسارعةِ فی سبيلِ الخيراتِ وعنِ المُسابقةِ
إلى ما حثّنا عليه بقولهِ تعالىٰ سابقوا الىٰ مغفرةٍ
من ربّكُم سهّلَ اللهُ علينا الطّريقَ إليها وَ
أُتبِعُ هذا الكتاب إن شاءَ اللهُ تعالى وَ نسأ
فی الأجل بكتابٍ يُنبِئُ عن تحقيقِ الألفاظ

المُتَرَادِفَةُ على المعنى الواحِدِ وَ مَا بَيْنَهَا من
الفروق الغامضه فبذلك يُعْرَفُ اختصاصُ
كُلِّ خبرٍ بِلَفْظٍ من الالفاظِ المُتَرَادِفَةِ دُون
غيرِهِ من أخواتِهِ نحوُ ذِكرِهِ القلب مَرَّةً
و الفؤادَ مرّةً وَ الصّدْرَ مَرَّةً و نحوُ ذكرِهِ
تعالىٰ فى عقبِ قِصّةٍ اِنَّ فى ذٰلك لَاٰيٰتٍ لِقومٍ
يُؤمِنُوْنَ و فى أخرىٰ لقومٍ يَّتفكَّروْن و فى
أُخرىٰ لِقَوْمٍ يَعْلَمُوْنَ و فى أخرىٰ لِقومٍ يفقهُوْن
و فى أخرىٰ لِأولى الاَبصار و فى أخرىٰ لِذى
حجرٍ و فى أخرىٰ لِأُولى النُّهٰى وَ نحو ذٰلِك
ممّا يَعُدُّهٗ من لا يُحِقُّ الحَقَّ وَ يُبْطِلُ الباطِلَ
أنهٗ بابٌ واحدٌ فَيُقَدِّرُ أَنَّهٗ اِذا فَسَّرَ الحَمْدُ
لِلّٰهِ بِقَوْلِه الشُّكْرُ لِلّٰهِ وَ لَا رَيبَ فيهِ بِلَا شَكَّ
فِيْهِ فَقَدْ فَسَّرَ الْقُرْاٰنَ و وَفَّاهُ التِّبْيانَ جعلَ
اللهُ لَنَا التَّوْفِيْقَ رائدًا و التقوىٰ سائقًا و
نفعنا بما أولانا و جعله لنا من معاوِنِ
تحصيل الزَّادِ المأمور به فى قوله تعالىٰ
و تَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى۔

ترجمہ: دیباچہ المفردات فی غریب القرآن للرّاغب الاصفہانی

الحمدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالمين و صلوٰتُهٗ على نَبِيِّهٖ محمّدٍ

وَ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۵

شیخ ابوالقاسم حسین بن محمد ابن الفضل راغب رحمہ اللہ نے کہا: میں اللہ سے سوال کرتا ہوں کہ وہ پاک ذات اپنے انوار میں سے کوئی ایسا نور ہمیں عطا کر دے جو نیکی اور بدی کو صاف صاف دکھا دے اور حق و باطل کی پوری پوری پہچان کرا دے تاکہ ہم ان لوگوں میں سے ہو جائیں، جن کا نور اُن کے ہاتھوں کے درمیان اور ان کے دائیں چلتا ہے۔ اور ان میں سے جن کی صفت خداوند تعالیٰ کے اس قول میں آئی ہے هُوَ الَّذِیْ اَنْزَلَ السَّکِیْنَۃَ فِیْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِیْنَ ۵ یعنی وہی ہے جس نے ایمانداروں کے دل میں سکینت (تسلی) نازل فرمائی ہے۔ اور اس قول میں کہ اُولٰٓئِکَ کَتَبَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْاِیْمَانَ وَ اَیَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ یہی لوگ ہیں کہ ان کے دلوں میں اس نے ایمان لکھ دیا ہے، اور اپنی طرف کی ایک روح سے ان کی تائید کی ہے۔

میں نے الرسالۃ المنبھۃ علی فوائد القرآن میں بیان کیا تھا کہ اللہ تعالےٰ نے جیسے نبوت کو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعے مختتم فرمایا ہے اور ان کی شریعت سے پہلی شریعتوں کو ایک وجہ سے منسوخ اور دوسرے طور پر مکمل و متمم ٹھہرایا ہے، جیسا کہ آیا ہے: اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَ رَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا۔ آج میں نے تمھارے واسطے تمھارا دین کامل کر دیا، اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور میں نے تمھارے دین کے طور پر اسلام کو پسند کر لیا ہے۔ اسی طرح ذاتِ اقدس نے اپنی اس کتاب کو جو آپ پر نازل فرمائی ان تمام کتابوں کا جو اگلی امتوں کو دی گئیں بر مشیریں قرار دیا ہے، جیسے کہ فرمایا: یَتْلُوْ صُحُفًا مُّطَهَّرَةً فِیْهَا کُتُبٌ قَیِّمَةٌ۔ وہ ایسے صحیفے پڑھتا ہے جن کی تطہیر کی جا چکی ہے، ان میں راست و درست نوشتے ہیں۔

اور اس کتاب میں یہ بھی ایک معجزہ رکھ دیا ہے کہ باوجود حجم کی قلت کے معنی کی وہ کثرت اس کے اندر رکھ دی ہے کہ عقولِ بشری اور آلاتِ دنیوی سے ان کو حساب و کتاب میں لانا ناممکن ہے۔ چنانچہ فرمایا ہے:

وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ اور اگر ایسا ہو کہ زمین میں جو کوئی بھی درخت ہے (اس کے) قلم ہو جائیں اور سمندر کا یہ حال ہو کہ اس کو اس کے پیچھے سات سمندر مدد پہنچاتے رہیں (تو بھی) اللہ کی باتیں نہ نبڑیں۔ بیشک اللہ عزت والا حکمت والا ہے۔ اور میں کتاب الذریعہ الیٰ مکارم الشریعہ میں اس حقیقت کی طرف اشارہ کر چکا ہوں کہ قرآن میں نگاہ کرنے والا اگرچہ خالی نہیں رہتا، کوئی نہ کوئی روشنی ضرور پا لیتا ہے، اور کچھ نہ کچھ فائدہ بیشک اٹھا لیتا ہے۔ فَاِنَّهٗ

كَالْبَدْرِ مِنْ حَيْثُ الْتَفَتَّ رَاَيْتَهٗ
يُهْدِیْ اِلٰی عَيْنَيْكَ نُوْرًا سَاطِعًا
كَالشَّمْسِ فِیْ كَبِدِ السَّمَاءِ وَضَوْءُهَا
يَغْشَى الْبِلَادَ مَشَارِقًا وَّمَغَارِبًا

قرآن وہ بدر ہے کہ جدھر سے نظر کرو ۔　بھیجے تمھاری آنکھ کو تحفہ وہ نور کا
وہ مہر ہے کہ وسطِ سما میں ہے گو مقام　پھیلی ہوئی ہے مشرق و مغرب میں پر ضیا

لیکن اس کے انوار کی خوبیوں کا کھوج روشن نگاہیں ہی لگا سکتی ہیں۔ [illegible] اس کے نفیس ترین میووں کو پاک ہاتھ ہی چن سکتے ہیں، اور اس کی شفا کے فوائد صاد[illegible] ہی حاصل کر سکتی ہیں جیسا کہ خدائے تعالیٰ نے خود تصریح کر دی ہے اور اس سے [illegible] ہوتے والوں کا وصف اس طرح بیان فرمایا ہے:-

اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ فِیْ كِتَابٍ مَّكْنُوْنٍ لَّا يَمَسُّهٗ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ
(کہ درحقیقت یہ ایک عمدہ پڑھائی ہے، ایک چھپے نوشتہ میں کہ اس کو سوائے ان لوگوں کے جو اچھی طرح پاک و صاف کر دئے گئے ہیں کوئی ہاتھ نہیں لگاتا) اور اس کے سامعین کا وصف اس طرح آیا ہے :-

قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاءٌ وَّالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى - (کہہ دو وہ اُن لوگوں کے واسطے جو ایمان لائے رہنمائی اور شفا، اور وہ جو ایمان نہیں لاتے اُن کے کانوں میں گرانی ہے - اور وہ ان پر نابینائی ہے)

اور میں نے ذکر کیا ہے کہ جس طرح برکتیں لانے والے فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کوئی تصویر یا کتا ہو - اسی طرح سچائی اور تسکین جس میں خدا کی آیات کے بھید کھلتے ہیں، اس دل میں داخل نہیں پاتی جس میں کبر اور حرص ہو - اَلْخَبِيْثَاتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثَاتِ وَالطَّيِّبَاتُ لِلطَّيِّبِيْنَ وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبَاتِ - (گندیاں گندوں کے واسطے، اور گندے گندیوں کے لئے اور پاکیزگی والیاں پاکیزہ لوگوں کے لئے ہیں اور پاکیزہ لوگ پاکیزگی والیوں کے واسطے -

اور میں نے اس رسالہ میں اس نوشتے کے حاصل کرنے کی ترکیب بھی بتائی ہے، جو اپنے حاصل کرنے والے کو معارف کے ان درجوں تک پہنچا دیتا ہے جہاں اس کی معرفت حکموں اور حکمتوں کی دریافت میں اس حد تک جا پہنچتی ہے جو قوت بشری کی آخری حد ہے، اور یہاں وہ کتاب خدا سے ملکوت سمٰوٰت و ارض پر مطلع ہوتا ہے، اور اس کو ثابت ہو جاتا ہے کہ جیسا اس نے اپنے کلام میں فرمایا ہے : مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ (ہم نے اس کتاب میں کسی شے کی کمی نہیں رہنے دی - ٹھیک ویسا ہی ہے - اللہ تعالیٰ ہمیں بھی اسی جماعت میں شامل کرے، جس کی ہدایت وہ خود اپنے ہاتھ میں لے کر اس کو اپنا

منزلت تک پہنچا دیتا ہے، اور یہ مکرمت اس کو بخش دیتا ہے۔ پس جس کو خدائے تعالےٰ نے ہدایت نہیں بخشی اس کو کوئی راہ پر نہیں لا سکتا ہے، جیسا کہ اس ذات باری نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا ہے:

بیشک تو جس کو پسند کرے اس کو ہدایت نہیں دے سکتا اور لیکن اللہ جس کو چاہتا ہے ہدایت بخش دیتا ہے: اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ۔

اور میں نے یہ بھی ذکر کیا ہے کہ علوم قرآن میں سے اول جن علوم میں مشتغل ہونے کی ضرورت ہے وہ علوم لفظیہ ہیں، اور انھی علوم لفظیہ میں الفاظِ مفردہ کی تحقیق ہے۔ پس قرآن شریف کے الگ الفاظ کے معنوں کا حاصل کرنا اس شخص کے لئے جس کو معانی قرآن کا ادراک مطلوب ہو ویسا ہی اولین مددگار ہے جیسے کہ اس شخص کے واسطے جو مکان بنانا چاہے اینٹوں کا فراہم کرنا، اور یہ صرف علم قرآن ہی میں نافع نہیں بلکہ شرع کے ہر علم میں مفید ہے۔ پس الفاظ قرآن ہی کلام عرب کا نچوڑ اور چوٹی کا مال ہیں، اور حکماء و فقہاء کا اپنے احکام و حکم میں انھی پر اعتماد ہے اور بڑے بڑے شعراء و بلغاء کا اپنی نظم و نثر میں انھیں کی طرف رجوع ہے، اور ان کے سوا دیگر الفاظ جو کہ ان سے چھوٹے ہیں نکلے ہیں، وہ ان کے سامنے ایسے ہی ہیں جیسے اچھے اچھے پھلوں کے سامنے ان کے چھلکے اور گٹھلیاں، اور گیہوں کے دانوں کے مقابلے میں بھس۔

اور میں نے اللہ تعالےٰ سے ایک ایسی کتاب لکھنے کے بارے میں استخارہ کیا جس میں قرآن کے تمام الفاظ حروف تہجی کی ترتیب پر آجائیں۔ پس ہم حروفِ مُعْجَم کی ترتیب پر پہلے اس لفظ کو لائیں گے جس کے اول الف ہو پھر با اور اس ترتیب میں اعتبار اصلی حروف کے اوائل کا ہوگا نہ زائد کے۔ اور اس کتاب کی گنجائش کے مطابق ان مناسبتوں کی طرف جو مستعار اور مشتق الفاظ میں ہوں گی اشارہ بھی ہوتا چلے گا۔ اور ان قواعد و قوانین کو جو مناسباتِ الفاظ کی تحقیق

پر دلالت کرتے ہیں، اس رسالہ پر حوالہ کیا جائے کہ جو بیٹے خاص اسی باب میں تصنیف کیا ہے۔ اور اس بارے میں جو کچھ بیٹے لکھ دیا ہے اس پر اعتماد کر لینے سے ان کتابوں کی ضرورت نہیں رہ جاتی جو بھلائیوں کی راہ میں تیز روی سے روکتی ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ جس چیز کی طرف سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فرما کر رغبت دلائی ہے، اس سے باز رکھتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان مقصدوں کا راستہ ہم پر آسان فرمائے۔ اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا اور اجل میں تاخیر فرمائی تو اس کتاب کے بعد ایک ایسی کتاب لکھی جائیگی، جس میں ان الفاظ کی تحقیق ہو گی جو ایک ہی معنی پر مترادف ہیں۔ اور اس میں ان باریک فرقوں کا بیان ہو گا جو اس قسم کے الفاظ میں موجود ہیں۔ پس اس سے معلوم ہو جائے گا۔ کہ ہر خبر میں ان الفاظ مترادفہ میں سے ایک خاص لفظ کیوں لایا گیا ہے۔ اس کی بجائے اس کا دوسرا ساتھی کیوں نہیں لایا گیا۔ جیسے کبھی لفظ قلب آیا ہے، کبھی فُؤَاد، کبھی صدر، اور جیسے کبھی ایک قصے کے پیچھے اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ فرمایا ہے اور کسی دوسرے میں لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ اور کسی اور میں لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ اور کسی اور میں يَفْقَهُوْنَ اور کسی میں لِاُولِي الْاَبْصَارِ اور کسی میں لِذِي حِجْرٍ اور کسی میں لِاُولِي النُّهٰى اور اسی کی مانند جن کو وہ شخص جو حق کا احقاق اور باطل کا ابطال نہیں کرتا یکساں سمجھتا ہے۔ اور جب وہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کی تفسیر الشکر للّٰہ سے، اور لَا رَيْبَ فِيْهِ کی لَا شَكَّ فِيْهِ سے کر لیتا ہے تو خیال کر لیتا ہے کہ قرآن شریف کی تفسیر کر لی اور کام پورا ہو گیا۔ خدائے تعالیٰ توفیق و تقویٰ کو ہمارا رفیق راہ بناتے، اور اس کو اس زاد کی تحصیل میں معاون ٹھہرائے جس کا حکم اس آیت میں دیا گیا ہے:-

وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى۔

استقبالِ ماہِ صیام

(جناب اختر ایم۔ اے دربھنگوی)

خوشا بخت! ماہِ صیام آ رہا ہے ✤ برائت کا لے کر پیام آ رہا ہے

لئے شانِ رحمت کے انمول تحفے ✤ وہ مہمان ذی احتشام آ رہا ہے

مسلماں کو جنّت کا مژدہ سنانے ✤ وہ جبریلِ عالی مقام آ رہا ہے

زمانے کے ہر قصرِ عصیاں کو ڈھانے ✤ غنائے خدا بے نیام آ رہا ہے

غریبوں یتیموں کا بن کر سہارا ✤ مساوات کا اک نظام آ رہا ہے

ادب سے جھکی ہیں نگاہیں قدم پر ✤ کہ شائستہ صد سلام آ رہا ہے

ہر افسردہ دل پر خوشی کی جھلک ہے ✤ کہ محبوبِ ہر خاص و عام آ رہا ہے

پیئے گا ہر اک میگسارِ محبت ✤ اطاعت گذاری کا جام آ رہا ہے

تلاوت ہر اک گھر میں قرآں کی ہوگی ✤ کہ وقتِ سلام و کلام آ رہا ہے

بڑھانے کو ہر ایک مسجد کی رونق ✤ جمالِ رسولِ انام آ رہا ہے

میری بزمِ شام و سحر ہوگی رنگیں ✤ کہ شہزادۂ صبح و شام آ رہا ہے

وہ حضرت ہیں بیٹھے لبِ حوضِ کوثر ✤ نظر صاف اپنا مقام آ رہا ہے

ہر انداز سے خیر مقدم ہے واجب
مہینوں کا اختر امام آ رہا ہے

احادیث الرسول

ابدال

(۱) اَلْاَبْدَالُ فِیْ اُمَّتِیْ ثَلَاثُوْنَ : بِھِمْ تَقُوْمُ الْاَرْضُ ، وَ بِھِمْ تُمْطَرُوْنَ ، وَ بِھِمْ تُنْصَرُوْنَ

میری امت میں تیس ابدال ہوا کرتے ہیں۔ روئے زمین کا نظام انہی سے قائم ہے ان ہی سے تم پر پانی برسایا جاتا ہے اور ان کی خاطر تمہاری نصرت فرمائی جاتی ہے۔

ف : ابدال اولیاء اللہ کا ایک گروہ ہے۔ ابدال اس لئے کہتے ہیں کہ وہ انتظام کے لئے ادھر سے اُدھر جایا کرتے ہیں، یا اس لئے کہ ان میں سے ایک کا انتقال ہوتا ہے تو ان کی جگہ دوسرے کا تقرر ہوتا ہے۔

(۲) اَلْاَبْدَالُ فِیْ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ ثَلَاثُوْنَ رَجُلًا قُلُوْبُھُمْ عَلٰی قَلْبِ اِبْرَاھِیْمَ خَلِیْلِ الرَّحْمٰنِ کُلَّمَا مَاتَ رَجُلٌ اَبْدَلَ اللّٰہُ مَکَانَہٗ رَجُلًا۔

اس امت میں تیس اشخاص ابدال ہوتے ہیں جن کے قلوب حضرت ابراہیم خلیل الرحمٰن علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قلب پر ہوتے ہیں، جہاں ان میں سے ایک کی وفات ہوتی ہے تو اللہ ان کی جگہ دوسرے شخص کو مامور فرماتا ہے۔

مجاہدین

(۳) لَا يَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ اُمَّتِیْ ظَاهِرِيْنَ عَلَى الْحَقِّ حَتّٰى تَقُوْمُ السَّاعَةُ.

میری امت میں سے ایک جماعت ہمیشہ غالب رہے گی اور حق پر قائم رہے گی یہاں تک کہ قیامت برپا ہو جائے۔

(۴) لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ اُمَّتِیْ قَوَّامَةً عَلٰى اَمْرِ اللّٰهِ لَا يَضُرُّهَا مَنْ خَالَفَهَا۔

میری امت میں سے ایک جماعت اللہ کے حکم پر ہمیشہ قائم رہے گی مخالف اس کا کچھ نہ کر سکیگا۔

(۵) لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ اُمَّتِیْ ظَاهِرِيْنَ حَتّٰى يَاْتِيَهُمْ اَمْرُ اللّٰهِ وَ هُمْ ظَاهِرُوْنَ۔

میری امت میں سے ایک جماعت ہمیشہ غالب رہے گی یہاں تک کہ قیامت بھی آجائے تو وہ جماعت غالب ہی رہے گی۔

محفوظ دستہ

(۶) شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِی الْاَرْضِ اُمَنَاءُ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ قُتِلُوْا اَوْ مَاتُوْا۔

اللہ کی راہ میں مارے جاتے والے یا مرنے کے لئے تیار رہنے والے اللہ کی زمین کے امین ہیں جو اس کی مخلوق کی حفاظت کرتے ہیں خواہ وہ مارے جائیں یا اپنی موت سے مریں۔

مجدد

(۷) اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی یَبْعَثُ لِھٰذِہِ الْاُمَّۃِ عَلٰی رَأْسِ کُلِّ مِائَۃِ سَنَۃٍ مَنْ یُّجَدِّدُ لَھَا دِیْنَھَا۔

یقین جانو کہ اللہ اس امت کے لئے ہر ایسے شخص کو بھیجتا رہیگا جو ان کے دین کی تجدید کرتا ہوگا۔

عزلت گزین

(۸) اَفْضَلُ النَّاسِ مُؤْمِنٌ یُجَاھِدُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ بِنَفْسِہٖ وَ مَالِہٖ، ثُمَّ مُؤْمِنٌ فِیْ شِعْبٍ مِّنَ الشِّعَابِ یَتَّقِی اللّٰہَ وَ یَدَعُ النَّاسَ مِنْ شَرِّہٖ۔

سب لوگوں میں زیادہ فضیلت والا وہ مومن ہے جو راہِ خدا میں اپنے نفس اور مال سے جہاد کرتا ہو۔ پھر وہ مومن ہے جو کسی غار یا تنہائی کے مقام میں رہ کر اللہ سے ڈرتا اور لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ رکھتا ہو۔

(۹) غَشِیَتْکُمُ الْفِتَنُ کَقِطَعِ اللَّیْلِ الْمُظْلِمِ اَنْجَی النَّاسِ فِیْہِ رَجُلٌ اَخَذَ بِعِنَانِ فَرَسِہٖ مِنْ وَّرَاءِ الدُّرُوْبِ یَاْکُلُ مِنْ سَیْفِہٖ۔

تم کو فتنوں نے گھیر لیا ہے جیسے اندھیری رات کا حصہ ساری چیزوں کو گھیر لیتا ہے۔ الیسی

حالت میں تم میں سے نجات پانے والا زیادہ تر وہ شخص ہے جو کسی پہاڑ کی بلندی پر پناہ لے اور اپنی چھوڑی ہوئی بکریوں کا دودھ پی کر زندگی گزار دے۔ یا وہ شخص جو تمام جانوروں کو چھوڑ کر اپنے گھوڑے کی لگام تھامے اور اپنی تلوار کے ذریعہ اپنے رزق کا سامان کرے

(۱۰) خَيْرُ النَّاسِ فِي الْفِتَنِ رَجُلٌ اَخَذَ بِعِنَانِ فَرَسِهٖ خَلْفَ اَعْدَاءِ اللّٰهِ يُخِيْفُهُمْ وَ يُخِيْفُوْنَهٗ اَوْ رَجُلٌ مُعْتَزِلٌ فِيْ بَادِيَةٍ يُؤَدِّيْ حَقَّ اللّٰهِ الَّذِيْ عَلَيْهِ۔

فتنوں کے زمانہ میں سب لوگوں سے بہتر وہ شخص ہے جو اپنے گھوڑے کی باگ تھامے ہوئے اللہ کے دشمنوں کا پیچھا کرتا رہتا ہے، یا اُن کو ڈراتا ہے' وہ اس کو ڈراتے ہیں۔ یا وہ شخص کسی جنگل میں سب سے الگ ہو کر اللہ کا حق جو اس پر ہے ادا کرتا رہتا ہے

(۱۱) خَمْسٌ مَنْ فَعَلَ وَاحِدَةً مِنْهُنَّ كَانَ ضَامِنًا عَلَى اللّٰهِ، مَنْ عَادَ مَرِيْضًا، اَوْ خَرَجَ مَعَ جَنَازَةٍ اَوْ خَرَجَ غَازِيًا اَوْ دَخَلَ عَلٰى اِمَامِهٖ يُرِيْدُ تَعْزِيْرَهٗ وَتَوْقِيْرَهٗ اَوْ قَعَدَ فِيْ بَيْتِهٖ فَسَلِمَ النَّاسُ مِنْهُ وَ سَلِمَ مِنَ النَّاسِ۔

پانچ کام ایسے ہیں کہ ان میں سے ایک کام بھی کوئی کرلے تو وہ اللہ کی ضمان میں ہے جس نے بیمار کی عیادت کی، یا جنازہ کے ساتھ چلا یا جہاد کے لئے نکلا یا اپنے امام کے پاس اس کی عزت و توقیر کے لئے حاضر ہوا یا اپنے گھر میں بیٹھا رہا جس سے لوگ بھی محفوظ رہیں اور یہ بھی لوگوں سے محفوظ رہے۔

فقراء

(۱۱) اِنَّ حَوْضِیْ مِنْ عَدَنٍ اِلٰی عُمَّانَ الْبَلْقَاءِ، مَاءُہٗ اَشَدُّ بَیَاضًا مِنَ اللَّبَنِ، وَاَحْلٰی مِنَ الْعَسَلِ، اَکَاوِیْبُہٗ عَدَدَ النُّجُوْمِ مَنْ شَرِبَ مِنْہُ شَرْبَۃً لَمْ یَظْمَأْ بَعْدَھَا اَبَدًا، اَوَّلُ النَّاسِ وُرُوْدًا عَلَیْہِ فُقَرَاءُ الْمُھَاجِرِیْنَ الشُّعْثُ رُؤُسًا، الدَّنَسُ ثِیَابًا، لَا یَنْکِحُوْنَ الْمُتَنَعِّمَاتِ وَلَا یُفْتَحُ لَھُمُ السُّدَدُ الَّذِیْنَ یُعْطُوْنَ الْحَقَّ الَّذِیْ عَلَیْھِمْ، وَلَا یُعْطُوْنَ الَّذِیْ لَھُمْ۔

بقیناً میرا حوض (حوض کوثر) عدن سے عمان تک ہوگا جس کا پانی دودھ سے سپید تر اور شہد سے شیریں تر ہوگا۔ اس کے آبخورے ستاروں کی تعداد میں ہونگے جو کوئی اس سے ایک دفعہ پیئے گا پیاسا نہ ہوگا۔ وہاں سب سے پہلے پہنچنے والے فقراء مہاجرین ہونگے

جن کے سر کے بال پراگندہ اور جن کے کپڑے میلے کچیلے ہوں گے، جن کا نکاح ذی ثروت عورتوں کے ساتھ نہیں ہو سکتا، اور نہ ان کے لیئے بند (دروازے) کھولے جاتے ہیں۔ ان پر جو حق واجب ہوتا ہے اس کو تو وہ دیدیتے ہیں لیکن ان کا حق جو اوروں پر نکلتا ہے، وہ ان کو نہیں دیا جاتا

(۱۲) رُبَّ اَشْعَثَ اَغْبَرَ ذِیْ طِمْرَیْنِ تَنْبُو عَنْہُ اَعْیُنُ النَّاسِ لَوْ اَقْسَمَ عَلَی اللّٰہِ لَاَبَرَّہٗ۔

کتنے بکھرے بال والے غبار آلود انسان ہیں جو دو دھجیاں لگائے ہوئے ہوتے ہیں ان کو لوگوں کی آنکھیں دیکھنا تک نہیں چاہتیں، اگر وہ اللہ کی قسم کھالیں تو اللہ اس کو پوری کرے گا۔

(۱۳) رُبَّ ذِیْ طِمْرَیْنِ لَا یُؤْبَہُ لَہٗ لَوْ اَقْسَمَ عَلَی اللّٰہِ لَاَبَرَّہٗ۔

کتنے پارینہ کپڑے والے ہیں جن کی کوئی پرواہ نہیں کی جاتی ہے، اگر وہ اللہ کی قسم کھالیں تو وہ اس کو پوری کر دے گا۔

(۱۴) رُبَّ اَشْعَثَ مَدْفُوْعٍ بِالْاَبْوَابِ لَوْ اَقْسَمَ عَلَی اللّٰہِ لَاَبَرَّہٗ۔

کتنے بکھرے ہوئے بالوں والے ہیں جن کو دروازہ پر سے ہٹا دیا جاتا ہے، اگر وہ اللہ کی قسم کسی امر پر کھالیں تو اللہ ان کی قسم کو پوری کریگا۔

(۱۵) اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ۔

اللہ کے بندوں میں ایسے بھی ہیں کہ اگر وہ کسی امر پر اللہ کی قسم کھالیں تو اللہ ان کی قسم کو پورا کرے گا۔

(۱۶) اِنَّ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِيْنَ يَسْبِقُوْنَ الْاَغْنِيَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِلَى الْجَنَّةِ بِاَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا۔

بے شک فقراء مہاجرین قیامت کے دن اغنیاء سے چالیس سال پہلے جنت میں داخل ہوں گے۔

(۱۷) اِنَّ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِيْنَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِيَائِهِمْ بِمِقْدَارِ خَمْسِمِائَةِ سَنَةٍ۔

بے شک فقراء مہاجرین اپنے اغنیاء سے پانچ سو سال پیشتر جنت میں داخل ہونگے۔

(۱۸) اَطَّلَعْتُ فِى الْجَنَّةِ فَرَاَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا الْفُقَرَاءَ وَ اَطَّلَعْتُ فِى النَّارِ فَرَاَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا النِّسَاءَ

میں نے جنت میں جھانک کر دیکھا تو اس میں اکثر لوگ فقراء تھے اور دوزخ کو جھانک کر دیکھا تو اس میں اکثر عورتیں تھیں۔

مساکین

(۱۹) قُمْتُ عَلٰی بَابِ الْجَنَّةِ فَاِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا الْمَسَاكِيْنُ وَ اِذَا اَصْحَابُ الْجَدِّ مَحْبُوْسُوْنَ اِلَّا اَصْحَابَ النَّارِ فَقَدْ اُمِرَ بِهِمْ اِلَى النَّارِ وَ قُمْتُ عَلٰی بَابِ النَّارِ فَاِذَا عَامَّةُ مَنْ يَدْخُلُهَا النِّسَاءُ۔

میں جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا، تو (دیکھا کہ) اکثر لوگ جو اس کے اندر ہیں وہ مساکین ہیں اور جسیم لوگ رُکے ہوئے ہیں (ابھی داخلہ کی اجازت نہیں ملی ہے) مگر جو دوزخی ہیں اُن کو دوزخ میں ڈال دینے کا حکم ہوچکا ہے اور دوزخ کے دروازہ پر بھی کھڑا ہوا تو دیکھا کہ جو اس کے اندر ہیں وہ اکثر عورتیں ہیں۔

(۲۰) اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مِسْكِيْنًا، وَ تَوَفَّنِيْ مِسْكِيْنًا، وَ احْشُرْنِيْ فِيْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ وَ اِنَّ اَشْقَى الْاَشْقِيَاءِ مَنِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِ فَقْرُ الدُّنْيَا وَ عَذَابُ الْاٰخِرَةِ۔

یا اللہ تو مجھکو زندگی میں مسکین رکھ اور وفات کے وقت بھی مسکین رکھ اور مساکین ہی کی جماعت میں میرا حشر فرما اور فی الواقع بدبخت ترین شخص وہ ہے جو دنیا میں محتاج ہے اور آخرت میں سزا یافتہ۔

غریب الوطن

(۲۱) اِنَّ الْاِسْلَامَ بَدَأَ غَرِیْبًا وَ سَیَعُوْدُ غَرِیْبًا کَمَا بَدَأَ فَطُوْبٰی لِلْغُرَبَاءِ۔

یقین مانو کہ اسلام کا غریب الوطن لوگوں سے آغاز ہوا اور غریب الوطن لوگوں ہی کی طرف لوٹ جائیگا، جیسا کہ اس کا آغاز ہوا تھا، لہذا غریب الوطن لوگوں کو خوشخبری ہو

کمزور

(۲۲) اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِاَهْلِ الْجَنَّةِ؟ کُلُّ ضَعِیْفٍ مُتَضَعِّفٍ لَوْ اَقْسَمَ عَلَی اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ، اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِاَهْلِ النَّارِ؟ کُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ جَعْظَرِیٍّ مُسْتَکْبِرٍ۔

کیا میں تم کو جنتی لوگوں کی اطلاع نہ دوں۔ ایک کمزور شخص، جو کمزور سمجھا جاتا ہے، ایسا ہوتا ہے کہ اگر کسی امر پر اللہ کی قسم کھا کر کہے کہ ایسا ہوگا تو اللہ اس کی قسم کو پوری کرے گا، اور ویسا ہی ہوگا۔ کیا تم کو دوزخیوں کی اطلاع نہ دوں؟ وہ ہر سرکش، فربہ، سنگدل، متکبر ہے

(۲۳) هَلْ تُنْصَرُوْنَ وَ تُرْزَقُوْنَ اِلَّا بِضُعَفَائِکُمْ۔

تمہارے کمزور لوگوں ہی کی بدولت تمہاری مدد کی جاتی ہے اور تم کو رزق دیا جاتا ہے۔

(۲۴) اَهْلُ النَّارِ کُلُّ جَعْظَرِیٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَکْبِرٍ، وَ اَهْلُ الْجَنَّةِ الضُّعَفَاءُ الْمَغْلُوْبُوْنَ۔

دوزخی ہر بدخو، تو ندوالا، متکبر ہے اور اہل جنت ناتوان مغلوب ہیں۔

مستجاب الدعوات

(۲۳) هَلْ تُنْصَرُوْنَ اِلَّا بِضُعَفَاءِ كُمْ : بِدَعْوَتِهِمْ وَ اِخْلَاصِهِمْ

تمہاری مدد صرف تمہارے کمزوروں کی مخلصانہ دعاؤں کی وجہ سے کی جارہی ہے ۔

(۲۴) اِنَّمَا يَنْصُرُ اللّٰهُ هٰذِهِ الْاُمَّةَ بِضَعِيْفِهَا ، بِدَعْوَتِهِمْ وَ صَلَاتِهِمْ وَ اِخْلَاصِهِمْ ۔

اللہ سبحانہ، تعالیٰ محض ضعفاء کی وجہ سے اس امت کی مدد فرماتا ہے، ان کی دعاؤں کی بناء پر، اور ان کی نمازوں کی بناء پر اور ان کے اخلاصوں کی بناء پر ۔

(۲۵) اِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰى عُتَقَاءَ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَ لَيْلَةٍ لِكُلِّ عَبْدٍ مِنْهُمْ دَعْوَةٌ مُسْتَجَابَةٌ

ہر دن اور رات میں یقیناً اللہ تعالیٰ کے (دوزخ سے) آزاد شدہ بندے ہوتے ہیں ان سے ہر بندے کی ایک دعا قبول ہوتی ہے ۔

(۲۶) خَرَجَ نَبِيٌّ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ بِالنَّاسِ يَسْتَسْقُوْنَ اللّٰهَ تَعَالٰى ، فَاِذَا هُوَ بِنَمْلَةٍ رَافِعَةٍ بَعْضَ قَوَائِمِهَا اِلَى السَّمَاءِ ، فَقَالَ : اِرْجِعُوْا فَقَدِ اسْتُجِيْبَ لَكُمْ مِنْ اَجْلِ هٰذِهِ النَّمْلَةِ ۔

ایک نبی اللہ سلیمان علیہ السلام، لوگوں کو ساتھ لیکر استسقاء کے لئے نکلے تو ایک چیونٹی

اپنے (سامنے کے) پاؤں آسمان کی طرف اٹھائی ہوئی دکھائی دی - (گویا کہ وہ دعا کے لئے اٹھائی ہوئی ہے) ، تو فرمایا کہ اس چیونٹی کی بدولت تمہاری دعا قبول ہو چکی ، لہٰذا واپس ہو جاؤ -

اَلْمُحَادَثَةُ

(مسلسل)

(از جناب عبید الحق خان الفلاح)

بَيْنَمَا هُمَا مُشْتَغِلَتَانِ فِي السُّؤَالِ وَ الْجَوَابِ جَاءَتِ الْخَادِمَةُ بَعْدَ اَنْ اَعَدَّتْ مَوَائِدَ الْعَشَاءِ وَ وَضَعَتْهَا مَصْفُوْفَةً فِي وَسَطِ الْغُرْفَةِ عَلٰى شَكْلِ دَائِرَةٍ وَ هِيَ مُقَسَّمَةٌ اَقْسَامًا عِدَّةً وَ قَالَتْ :

اَلْعَشَاءُ جَاهِزٌ يَا سَيِّدَتِيْ .

وَ قَالَتِ الْجَدَّةُ : هَلْ اَحْضَرْتِ حَاجَاتِ الْعَشَاءِ؟

نَعَمْ يَا سَيِّدَتِيْ كُلُّ شَيْءٍ عَلَى الْخِوَانِ هَا نَحْنُ .

فَذَهَبْنَا اِلٰى قَاعَةِ الْاَكْلِ وَ جَلَسَتِ الْجَدَّةُ وَ تِسْعَةٌ مِنْ اَوْلَادِهَا وَ بَنَاتِهَا وَ حَفِيْدَاتِهَا حَوْلَهُ عَلَى الْكَرَاسِيِّ حَوْلَ الْمَائِدَةِ ثُمَّ جَاءَتِ

الْخَادِمَةُ بِإِبْرِيقِ الْمَاءِ وَ الطَّشْتِ وَ جَعَلَتْ تَصُبُّ الْمَاءَ عَلَى أَيْدِيهِمْ فَغَسَلُوا جَمِيعًا أَيْدِيَهُمْ. فَجَعَلُوا يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ بِإِسْمِ اللهِ فَسَأَلَ خَوْلَةَ أَحَدُ أَعْمَامِهِ :

هَلْ تَأْخُذِينَ قَلِيلًا مِنَ لشوربةِ ؟

لَا يا عمى العزيز ، كثر خيرك إِنِّي أُكَلِّفُكُمْ بِقَلِيلٍ مِنَ اللَّحْمِ .

فَقَالَ : هَلْ تَوَدِّينَ أَنْ تَأْخُذِي قَلِيلًا مِنْ هٰذِهِ اللَّحْمَةِ الْمَشْوِيَّةِ أَمْ مِنَ اللَّحْمِ الْبَقَرِيِّ أَوْ مِنَ اللَّحْمَةِ الْحَمْرَاءِ . أَيُّ قِطْعَةٍ تُحِبِّينَهَا ؟

إِنِّي أَتَعَشَّمُ بِأَنَّ هٰذِهِ قِطْعَةَ اللَّحْمَةِ الْحَمْرَاءِ تُوَافِقُكَ .

نَعَمْ يَا سَيِّدِي ! أَعْطُونِي قَلِيلًا مِنَ اللَّحْمَةِ الْحَمْرَاءِ .

كَيْفَ تَجِدِينَهَا ؟

إِنَّهَا فَاخِرَةٌ . ثُمَّ قَالَتْ خَوْلَةُ لِجَدَّتِهَا :

هَلْ يُمْكِنُ يَا جَدَّتِي الْعَزِيزَةَ أَنْ أُقَدِّمَ لِحَضْرَتِكِ قِطْعَةً مِنْ هٰذَا الدِّيكِ ؟

لَا يَا حَفِيدَتِي بَلْ أَعْطِينِي بَعْضَ خُضَارٍ .

هَلْ تَأْخُذِينَ يَا سَيِّدَتِي مِنْ فُولٍ مَجْرُوشٍ

أَمْ مِنْ لُوبِيا أَوْ مِنْ فَاصُولِيا أَوْ مِنْ كُرُنُبٍ أَوْ مِنْ قَرْعٍ (يقطين).
هَاتِينِي مِنْ قَرْعٍ.
هَلْ أُنَاوِلُكُمْ خَرْدَلًا يَا عَمَّتِي، أَرَى صَحْفَتَكِ فَارِغَةً؟
شُكْرًا لَكِ يَا خَوْلَةُ. إِنِّي لَا أَتَنَاوَلُ الْخَرْدَلَ.
أَرَى أَنْ أُكَلِّفَ خَاطِرَكِ بِإِعْطَائِي شَرِحَةً مِنْ لَحْمِ ضَانٍ.
هَا لَحْمُ ضَانٍ يَا عَمَّتِي كُلِي رَغَدًا. أَيُمْكِنُنِي أَنْ أُقَدِّمَ لَكِ عَيْشًا طَازَجًا آخَرَ؟
أَشْكُرُكِ. فَكَلِّفِي خَاطِرَكِ وَأَعْطِينِي خُبْزًا آخَرَ.
أَتُحِبُّ يَا عَمِّيَ الْأَكْبَرُ رُزًّا مَسْلُوقًا.
لَا يَا خَوْلَةُ إِنِّي أُحِبُّ شُورْبَةَ خُضَارٍ وَهِيَ مَوْضُوعَةٌ أَمَامِي. إِنَّهَا لَذِيذَةٌ جِدًّا.
إِنِّي عَطْشَانٌ.
فَمَدَّتْ خَوْلَةُ كُوبَهَا لِعَمَّتِهَا الْوُسْطَى وَقَالَتْ: مِنْ فَضْلِكِ إِمْلِئِي كُوبِي مَاءً.
لِمَاذَا تَكُفِّينَ يَدَكِ عَنِ الْأَكْلِ يَا عَزِيزَتِي؟
إِنِّي شَبْعَانٌ يَا جَدَّتِي.
أَخْشَى أَنَّكِ لَمْ تَسْتَغِ الطَّعَامَ.

كَلَّا يَا جَدَّتِي ، فَإِنِّي أَكَلْتُ كِفَايَتِي .

فَخُذِي مِنَ الْفَوَاكِهِ .

هَا هِيَ مَوْجُودَةٌ فِي الْأَطْبَاقِ ، وَ كُلِي مِنْهَا رَغَدًا مَا شِئْتِ مِنَ التُّفَّاحِ وَ الرُّمَّانِ ، وَالْمَنْجَهِ وَ الْبَرْقُوقِ وَ الْخَوْخِ وَ التَّمْرِ .

فَأَخَذَتْ تَأْكُلُ مَعَ جَدَّتِهَا وَ أَعْمَامِهَا وَ عَمَّاتِهَا ، وَ قَالَتْ : إِنِّي رَأَيْتُ كَثِيرًا مِنَ الْأَوْلَادِ يَأْكُلُونَ الْفَوَاكِهَ الْخَضْرَاءَ الَّتِي تَسْقُطُ مِنْ أَشْجَارِهَا وَ يُعَرِّضُونَ أَنْفُسَهُمْ لِلْمَرَضِ . إِنِّي رَأَيْتُ حَلِيمَةَ (كَانَتْ) تَأْكُلُ الْأَمْبَةَ الْخَضْرَاءَ وَ لٰكِنَّهَا الْآنَ تَشْكُو مِنْ عُسْرِ الْهَضْمِ وَ أَصَابَهَا زُكَامٌ شَدِيدٌ ، فَذَهَبَ أَبُوهَا بِهَا إِلَى الْمُسْتَشْفَى وَ سَلَّمَ عَلَى الدَّكْتُورِ ، فَقَالَ لَهُ :

إِنِّي طَلَبْتُكَ (بِنَاءً عَلَى تَوْصِيَةٍ) لِمُعَالَجَةِ إِحْدَى بَنَاتِي ، وَ لٰكِنِّي أَظُنُّ أَنَّكَ نَسِيتَ بِكَثْرَتِ مَشَاغِلِكَ ، وَ الْآنَ حَضَرَتْهَا مَعِي وَ هَا هِيَ إِبْنَتِي ، أُظُنُّهَا مُحْتَاجَةً لِمُسَاعَدَتِكَ الثَّمِينَةِ ،

فَتَوَجَّهَ إِلَيْهَا الدَّكْتُورُ وَ قَالَ لَهَا :

حَسَنًا يَا بِنْتِي ، فَمِمَّ تَشْتَكِينَ ؟

فَقَالَتْ إِنِّي كُنْتُ آكُلُ الْفَوَاكِهَ الْخَضْرَاءَ وَ الْعَفِنَةَ ، فَفَسَدَتْ هٰذِهِ الْأَطْعِمَةُ غَيْرُ صِحِّيَّةٍ

نِظَامَ الْهَضْمِ وَ أَصَابَنِيْ زُكَامٌ شَدِيْدٌ. لَا أَقْدِرُ الْآنَ أَنْ أَتَنَفَّسَ جَيِّدًا.

فَقَالَ لَهَا: أَخْرِجِيْ لِسَانَكِ؟

فَخَرَجَتْ لِسَانُهَا، وَ كَانَ مُغَطًّى بِطَبَقَةٍ سَمِيْكَةٍ.

ثُمَّ أَخْبَرَ الدَّكْتُوْرُ وَالِدَهَا بِأَنَّ رِئَتَيْهِ تَأَثَّرَتَا تَأَثُّرًا طَفِيْفًا، وَ إِنِّيْ أُعْطِيْهَا حُبُوْبًا مُمَوَّهَةً بِالسُّكَّرِ وَ الْأَفْضَلُ لَهَا أَنْ تَأْخُذَ حَبَّتَيْنِ مِنْهَا بَعْدَ كُلِّ أَرْبَعِ سَاعَاتٍ.

هَلْ تَصِفُ عَلَاوَةً عَلٰى ذٰلِكَ يَا دَكْتُوْرُ؟

نَعَمْ، خُذْ هٰذَا الْمَسْحُوْقَ وَ أَعْطِهَا قَبْلَ الطَّعَامِ مِلْءُ مِلْعَقَةِ شَايٍ مُذَابَةً فِي الْمَاءِ، فَإِنَّهَا تَجْعَلُهَا قَابِلَةً لِلْأَكْلِ. (باقی)

نفسُ المسلمِ

امیر المومنین المعتصم والهاشمیة

اسیرة الروم

انما الاسلام فی الصحرا اذ تهد
لیجيء کل مسلم اسد
الرافعی

اجتمعتْ علی الاسلام فی النصف الاول من عصره الثالث قوتان رهیبتان: المجوسیة متجسمة فی کرادیس المحمرة أتباع بابک الخرمی الذی قتل من المسلمین و المسلمات فی عشرین سنة مائتی الف و خمسة و خمسین الفا و خمسمائة انسان، و النصرانیة مُتَکَشِّفَةً علی تِیُوفلُس بن میخائیل ملک القسطنطینیة و الانتول الذی رَصَدَ لحرب المسلمین مائة الف جندی او یزیدُون۔

و لما ضیّقت الجیوشُ الاسلامیة الخناق علی بابک امنه الله، و قامت بحرکات عسکریة فی

الشرق بين أذربيجان و أران لم يسبق لها نظير فى تاريخ الحروب ، كانت الرسائل دائرة حينئذ بين عدوّى الاسلام تيوفلس عميد النصرانية و بابك نصير المجوسية ، فبادر تيوفلس الى حرب المسلمين فى الشمال ليخفف الضغط عن بابك الخرّمى فى الشرق . فبينما الفيالق المحمدية تخوض الموت خوضًا بين أذربيجان و أرمينية سبطش بن عيم المجوسية كان تيوفلس عظيم النصرانية يغدر بالبلاد الاسلامية التى على حدود الانضول ــ مثل ملاطية و زِبَطْرة و غيرها ــ فيسبى المسلمات و يسمل عيون الشيوخ المسلمين و يقطع انوف أطفالهم و آذانهم ، منتهزا فرصة خلوّ هذه الديار من الجيوش الكافية المشغولة بحرب بابك

و اذا ما خلا الجبان بأرض
طلب الطعن وحده والنزالا

و كان بين النساء المسلمات اللائى ساقهنّ تيوفلس من (زبطرة) الى (عمّورية) بالقرب من (انقرة) سيّدةٌ شريفة من نساء بنى هاشم ممتلئة الصدر بالعزّة و الانفة و الشجاعة و الشرف ، و كانت ترى ان كلّ ما فى الدّنيا

من عزّة و شجاعة و شرف متمثلٌ فی نفس
امیر المؤمنین المعتصم بن هارون الرشید
لانه إمام المسلمین و قائد جیوشهم، فهو
ـ بمن تحت إمرته من ملایین الأسود، وبما
هو قائم به من نصرة دین الله ـ قادر علی
أن یزیل عن رعیته کل بؤس مهما کان
شدیدًا .

و فی ضحوة یوم من اواخر أیام الشتاء
سنة ۲۲۳ ھ (مارس سنة ۸۳۸ م) کان امیر
المؤمنین جالسًا فی قصره العظیم بمدینة سُرَّ
من رأی ، و من حوله حشمه و اهل قصره،
فقال له الحاجب :

یا أمیر المؤمنین ، شیخ عربی بالباب هاربٌ
من أسر الرُّوم ، یرید المثول بین یدیکم !

فلما أذن له دخل فقال :

یا أمیر المؤمنین جئتك من عموریة المجاورة
لانقرة ، و کنتُ أسیرًا فیها ، فسمعتُ سیّدة
هاشمیه من أسری زِبَطْرَةَ تنادی ـ رغم ما بینها و
بینك من جبال و مفاوز ـ :

ـ وا معتصماه !

فجئتكَ هاربًا من أسرهم، مقتحمًا صنوف الاخطار

لا يبلغك صوتها .....

فلما سمع ابنُ هارون الرشيد مقالة ذٰلك الشيخ العربيّ تجسّم فى ذهنه المعنى الذى صاغه الرافعىُّ فى نشيد جمعية الشبان المسلمين:

انما الاسلامُ فى الصحرا امتهَدْ
ليجىءَ كلُّ مسلم أسَدْ

فنهض فى الحال مجيبًا نداء الهاشمية:

— لَبَّيْكِ، لَبَّيْكِ!

و دعا اليه عبد الرحمٰن بن قاضى بغداد و شعبةَ بن سهل أحد كبار العلماء وثلاثمائة و ثمانية و عشرين رجلا من اهل العدالةِ فقال لهم:

— انى ذاهب فى سبيل الله لانقذ الهاشمية التى دعَتْنى من أعماق بلاد الروم، و قد لا أعود اليكم، فاشهدوا أنى وقفت جميع ما أملكه من الضياع فجعلتُ ثلثها لولدى، و ثلثًا لله تعالىٰ، و ثلثاً لموالىَّ.

ثم أمر من صاح فى قصره:

— النفيرَ، النفير!

ثم امتطىٰ صهوة جواده و اخذ معه حقيبة فيها زادُه، و أصدر أوامره بأن تكون الجيوش

التى تلحق به أعظم جيوش سالت بها الاباطح قبل ذلك اليوم. فما زالت الجيوش تتبعه يومًا بعد يوم يسلك بعضها الى أنقره و عمورية طريق الساحل الى جانب طرسوس و مرسين و منها الى قونية فمدينة انقرة، و الجيوش الاخرى اتبعت الطرق الداخلية بقدر ما تحتمله تلك الطرق من الجيوش. و ما زالوا كذلك حتى اخترقوا الافتول و معاقله و حصونه فوصلوا الى (انقرة) فى ربيع سنة ٢٢٣ هـ (٨٣٨م) فدمّرها المعتصمُ على رءوس أهلها، فقال فيهم أبو تمام حبيب بن أوس الطائى :

انتهمُ الكربةُ السوداء سادرة
منها و كان اسمها فرّاجة الكُرَبِ
جرى لها القألُ نحسًا يوم انقرةٍ
إذ غودرت وحشة الساحاتِ والرحبِ
كم بين حيطانها من فارس بطل
قانى الذوائب من آنى دم سربِ

و لما انتهى المعتصم من هذه المدينة النزيرة صار الى عمودية فنزل على حصونها و أبراجها و أسوارها، و كانت أمنع أسوارٍ عُرفت

الى ذلك العهد، فما زال يلحُّ عليها بمجانيقه ودباباته ورهيب آلاته حتى دخلها فى شهر رمضان (يولية) من تلك السنة، وكان أول ما طلبه الوصول الى السيدة الهاشمية فى سجنها فقال لها كلمته الاولى:

— لَبَّيْكِ، لَبَّيْكِ!

وفى ذلك يقولُ أبو تمام:

لبَّيتَ صوتًا زِبَطْرِيًّا هرقتَ له
كأسَ الكرى ورُضاب الخُرَّدِ العُرُبِ

أجبتهُ معلنًا بالسيف مُنصلتًا
ولو أجبتَ بغير السيف لم تُجِبِ

ويقول فى وصف النصر الذى ناله هذا الرجل المسلم العظيم جزاء ما أبدى من تضحية وصحة إيمان:

يا يومَ وقعةِ عَمُّوريّةَ انصرفتْ
عنك المنى حُفَّلاً معسولةَ الحَلَبِ

فتحٌ تُفَتَّحُ أبوابُ السماء له
وتبرُزُ الارض فى أثوابها القُشُبِ

لما رأى الحربَ رأى العين تُوفلس
والحربُ مشتقَّةُ المعنى من الحَرَبِ

غدا يصرّف بالاموال خُرْبَتَهَا

فعزّه البحر ذو التيّار و العبب
هيهات زعزعتِ الارض الوقودَ بها
عن غزو محتسب لا غزو مكتسب
تدبير معتصمٍ ، باللهِ منتقمٍ
لِلّٰه مرتقبٍ ، فى اللّٰه مرتهبِ

و قد ثبت فى التاريخ ان أمير المؤمنين المعتصم كان يدير الحركات العسكرية بنفسه فى هذه الوقائع ، و يصدر الاوامر اليومية الى جيوش كانت منه على مسافة أيام . و هو الذى رسم خطط هذه الحرب و عيّن للقواد مراكزهم و مناطق هجومهم ، فكانوا فى تصرفه كما تكون حجارة الشطرنج بين يديه ساعة لهوه . و عمّورية يومئذ عين النصرانية ، و أمنع مدائن البيزنطيين ، و اعزّ على الرّوم من القسطنطنية نفسها . فما لبث أن قلّم أظفارها و جردها من حصونها ، و سلب اهلها عزّهم بها جزاء غدرهم بالمسلمين و عقاباً لهم على ما ارتكبوه فى نساء زبطرة و شيوخ ملاطية و أطفالها من فظائع تقشعرّ لذكرها الابدان . و كان هذا النصر العظيم للدولة العباسية على الروم فى الاناضول بعد نصرها العظيم على المجوسية

فى فتنة بابك التى دامت عشرين سنة، أصدقَ برهان على أن الله يصدق وعده بنصر المسلمين كلما أخلصوا دينهم لله و اشتروا الحياة الابدية بثمن رخيص و هو هذه الحياة القصيرة و متعتها الحقيرة. فرحم الله اياماً كان فيها المسلمون مسلمين حَقًّا

"خليفةَ الله جازى اللهُ سعيك عن
جُرثومة الدين و الاسلام و الحَسَبِ"

"بصرتَ بالراحة الكبرى فلم ترَها
تُنال إلاّ على جسر من التعبِ"

"إن كان بين صروف الدهر من رَحِمٍ
موصولةٍ أو ذمام غير منقضب"

"فبين أيّامَك اللائى نُصرتَ بها
و بين أيام بدر أقربُ النسبِ"

"ابقت بنى الاصفر المصفرّ كاسمهم
صفر الوجوه و جلّت أوجُهَ العَرَبِ"

ترجمہ :-

نفس المسلم

المعتصم (امیر المومنین) اور ہاشمیہ (اسیرۂ روم).

اسلام نے صحر ۔۔ نکو بنے ہیں اسی لئے پرورش پائی ہے

کہ ہر مسلم شیر ہو کر نکلے

اسلام پر اس کے تیسرے زمانہ کے پہلے نصف میں دو خوفناک قوتوں نے اجتماع کیا۔ ایک مجوسی قوت سرخ رنگ قوم کے بیڑوں میں، جو بابک خرمی کی پیرو تھی، جس نے بیس برس میں دو لاکھ پچپن ہزار پانچ سو مسلمان مرد و عورت انسان کو قتل کیا تھا دوسری نصرانی قوت جس کا تکیہ قسطنطنیہ اور انضول کے بادشاہ تیوفلس بن میخائیل کی سپاہ پر تھا، جس نے مسلمانوں کی لڑائی کے لئے ایک لاکھ یا اس سے زائد سپاہی فراہم کر رکھے تھے۔

جب جیوش اسلامیہ نے بابک خرمی (لعنۃ اللہ) پر عافیت تنگ کر دی اور مشرق میں اُران اور آذربائیجان کے درمیان ان حرکات عسکریہ کی نمائش کی، جن کی نظیر تاریخ حروب میں پہلے نہیں دیکھی گئی۔ اس وقت دونوں دشمنان اسلام نصرانیت کے سرخیل تیوفلس اور مجوسیہ کے مددگار بابک میں نامہ و پیام جاری تھا۔ تیوفلس نے مسلمانوں کی جنگ کے لئے شمال میں اس لئے مبادرت کی کہ مشرق میں بابک خرمی پر جو دباؤ پڑ رہا ہے اس کو ہلکا کر دے۔ اس اثناء میں کہ اسلامی رسالے مجوسی سالار پر یورش کرنے کے لئے آرمینیا اور آذربائیجان کے درمیان موت کے سمندر میں تیر رہے تھے، تیوفلس ان ممالک اسلامیہ پر چھاپے مار رہا تھا، جو انضول کی حدود پر واقع ہیں۔ جیسے ملاطیہ، زبطرہ وغیرہ۔ وہ مسلمان عورتوں کو اسیر کرتا مسلمان شیوخ کی آنکھیں نکالتا اور مسلمان بچوں کے ناک کان کاٹتا۔ اس لئے کہ ان ممالک میں اسلامی لشکروں کے حرب بابک میں مشغول ہونے کی وجہ سے کافی افواج موجود نہ تھیں اور اس نے اس موقعہ کو غنیمت سمجھ لیا تھا۔ مثل مشہور ہے:

جس وقت نامرد کسی میدان میں تنہا ہو جائے
تو وہ اکیلا جنگ و پیکار کے لئے للکارا کرتا ہے

ان مسلم عورتوں کے درمیان جن کو تیوفلس (زبطرہ) سے (انقرہ) قریب (عموریہ)

میں ہانک لایا تھا، بنی ہاشم میں سے ایک شریف بیگم تھی جس کا سینہ عزت و خودداری اور شرافت و شجاعت سے معمور تھا۔ وہ یہ سمجھتی تھی کہ ساری دنیا میں جو عزت و شرف اور شجاعت و شہامت ہے وہ امیرالمومنین المعتصم بن ہارون الرشید کی ذات میں متمثل ہے کیونکہ وہ مسلمانوں کا امام اور ان کے جیوش کا قائد ہے، اور بایں سبب کہ لاکھوں شہر اس کے تابع حکومت ہیں، اور بایں وجہ کہ وہ دین الٰہی کی نصرت پر قائم ہے، اپنی رعیت کی ہر مصیبت کو، گو وہ کیسی ہی شدید ہو، رفع کر دینے پر قادر ہے۔

۲۲۳ھ (مارچ ۸۳۸ء) موسم سرما کے آخری دنوں میں ایک دن امیرالمومنین اپنے شہر سُرَّ مَن رَأی کے عظیم الشان قصر میں جلوس فرما رہا تھا، اور گرد اراکین دولت اور اہل دربار اپنے اپنے مرتبے کے مطابق بیٹھے تھے کہ حاجب نے آکر عرض کیا:

یا امیرالمومنین! ایک عربی شیخ رومیوں کی قید سے بھاگا ہوا دروازے پر موجود ہے اور دربار میں حاضر ہونا چاہتا ہے۔

جب اجازت ملی تو اس نے حاضر ہو کر کہا:—

اے امیرالمومنین! میں عموریہ سے جو انقرہ (انگورہ) کے قرب وجوار میں واقع ہے، تیری خدمت میں آیا ہوں۔ میں وہاں قید تھا۔ میں نے زبطرہ کے اسیروں میں ایک ہاشمی شہزادی کو، باآنکہ تیرے اور اسکے درمیان بہت سے پہاڑ اور بیابان حائل ہیں، اس طرح پکارتے سنا: وا معتصماہ!

میں اُن کی قید سے بھاگ کر قسم قسم کے خطرات میں گھستا ہوا اس لئے آیا ہوں کہ اس کی آواز تجھ تک پہنچا دوں۔

جس وقت ابن ہارون الرشید نے اس عربی شیخ کی یہ بات سنی، اس کے ذہن میں اس شعر کے معنے متمثل ہو گئے:

اسلام نے صحرا کے شنگورے میں اسی لئے پرورش پائی ہے

کہ ہر مسلم شیر ہو کر نکلے

پس وہ فی الفور ہاشمیہ کی پکار کا جواب دیتا ہوا اُٹھ کھڑا ہوا :

لَبَّیْكِ ، لَبَّیْكِ ! (میں حاضر ہوں ، حاضر ہوں !)

اور عبدالرحمٰن بن اسحاق قاضیٔ بغداد ، شعبہ بن سہل ایک بہت بڑے عالم اور تین سو اٹھائیس مردوں کو اہل عدالت سے بلا کر کہا :-

میں اللہ کی راہ میں جا رہا ہوں ، تاکہ اس ہاشمیہ کو جس نے مجھے بلاد روم کی گہرائیوں سے بلایا ہے نجات دلاؤں - اور یہ ممکن ہے کہ میں تمہارے پاس لوٹ کر نہ آؤں - پس تم گواہ رہو کہ میں نے اپنی تمام جائیداد وقف کر دی ہے - اس میں سے ایک ثلث میرے بیٹے کے لئے - ایک ثلث اللہ کے لئے - ایک ثلث موالی کے لئے ہے -

پھر حسب الحکم محل میں بآواز بلند اعلان کیا :

اَلنَّفِیر ! اَلنَّفِیر !

پھر وہ پشت اسپ پر سوار ہوا ، اور توشہ دان جس میں اس کا زاد تھا ساتھ لیا ، اور احکام صادر کر دئے کہ جو لشکر اس کے ساتھ ملیں ان کا سیلاب اس قدر بھاری ہونا چاہئے کہ سنگزاروں نے اس دن سے پہلے کبھی ایسا طوفان نہ دیکھا ہو -

پس لشکر روز بروز اس کے پیچھے روانہ ہوتے رہے - بعض طرطوس اور مرسین کے ساحلی رستے سے ہو کر انقرہ اور عموریہ کو ، اور بعض توانیہ سے گزر کر انقرہ کو ، اور بعض دوسرے جیوش نے اندرونی راستوں سے جس قدر وہ راستے ان کے متحمل ہو سکتے کوچ کیا - اسی طرح کوچ کرتے کرتے وہ اناضول اور اس کے قلعوں اور کوٹوں کو چیرتے ربیع ۲۲۳ھ (۸۳۸ء) میں انقرہ پہنچے جس کی المعتصم نے اینٹ سے اینٹ بجا دی اور اس کے باشندوں کو تباہ کر دیا - ابو تمام حبیب بن اوس الطائی نے ان کے بارے میں کہا :

ان کے پاس سیاہ و جانگاہ مصیبت اس سے بیباک ہو کر آئی

اونام اس مصیبت کا مصائب کشا تھا۔
القرہ کے دن اس کے لئے فالِ نحس جاری ہوئی
جبکہ میدانوں اور کشادگیوں کی وحشت چھوڑ دی گئی۔
اس کی دیواروں کے درمیان کس قدر جوانمرد شہسوار گرم
گرم خون رواں سے سرخ گیسو تھے۔

جب معتصم اس شریر شہر کا کام تمام کر چکا تو عموریہ کی طرف روانہ ہو کر اس کے قلعوں برجوں اور شہر پناہوں پر اُتر پڑا۔ یہ شہر پناہیں اس وقت تک نہایت ہی مستحکم سمجھی گئی تھیں، وہ اس پر اپنی منجنیقوں اور قلعہ شکن ہولناک ہتھیاروں سے اڑا رہا یہاں تک کہ اسی سال کے رمضان (جولائی) میں شہر کے اندر داخل ہو گیا۔ داخل ہوتے ہی پہلا کام جو اس نے کیا یہ تھا کہ فوراً اس سیدہ ہاشمیہ کے پاس اس کے قید خانے میں جا کر اپنا پہلا کلمہ اس کے سامنے کہا:

لَبَّیْکِ، لَبَّیْکِ!

اسی کے متعلق ابو تمام کہتا ہے:-

تُو نے زبطرہ کی ایک آواز پر لبیک کہی۔ اور اس کے
لئے خوابِ نوشین اور نازنینانِ ہمسن و شرگیں کے لعاب
دہن کے جام بہائے
تو نے اس آواز کا شمشیر کشیدہ کے ساتھ باعلان جواب
دیا۔ اگر جواب بغیر شمشیر کے ہوتا تو جواب ہی نہ ہوتا۔

اور پھر اس فتح و نصرت کے بارے میں جو اس عظیم القدر مردِ مسلم کو اس قربانی اور صحتِ ایمان کے عوض حاصل ہوئی کہتا ہے:-

(۱) اے معرکۂ عموریہ کے دن! موت کی اونٹنی) شہد جیسے شیریں

دودھ سے بھرے ہوئے تھن لیکر تجھ سے بچھڑی۔
(۲) وہ فتح جس کے لئے آسمان کے دروازے کھول دئے گئے
اور زمین اپنے نئے کپڑوں میں جلوہ گر ہوئی۔
(۳) جب تیوفلس نے اس جنگ کا (برای العین) معاینہ
کیا۔ اور حرب (لڑائی) کے معنے حَرَب (مال لے کر
نادار کردینے) سے مشتق ہیں۔
(۴) وہ اس (جنگ) کی رسوائی مالوں سے ٹالنے لگا، تو اس پر
ایک ایسا سمندر غالب آیا، جس میں لہریں اُٹھتیں اور
مینڈھے اُچھلتے تھے، جن سے گراں طبع زمین ڈگمگا دی گئی
اس لئے کہ جنگ ثواب کی نیت سے تھی، نہ مال حاصل کرنے کے
لئے۔ اور تدبیر معتصم کی کارفرما تھی جو اللہ کی مدد سے انتقام
لے رہا تھا، اللہ کی مدد کا منتظر تھا۔ اللہ کا خوف دل میں
رکھتا تھا۔

اور یہ بات تاریخ سے ثابت ہے کہ امیر المومنین المعتصم ان معرکوں میں حرکات عسکریہ کی ادارت بذاتِ خود کرتا تھا، اور روزانہ احکام لشکروں کے لئے اصدار کرتا جو اس سے کئی دنوں کی مسافت پر تھے۔ اسی نے اس لڑائی کے نقشے مرتب اور فوجی افسروں کے لئے ان کے مرکز اور ان کی حملہ آوری کے مناطق معین کئے تھے۔ یہ سب شطرنج کے مہروں کی طرح اس کے دست تصرف میں تھے۔ عموریہ اس زمانے میں نصرانیت کا سرچشمہ، بیزنطین کے شہروں میں سب سے مستحکم اور رومیوں کو قسطنطنیہ سے بھی بڑھکر عزیز تھا۔ المعتصم نے بہت کم مدت میں اس شہر کے جملہ استحکامات کو تباہ، اور قلعوں کو مسمار کرکے اس کے باشندوں کا غرور زائل کردیا اور زبطرہ کی عورتوں اور ملاطیہ کے بڈھوں اور بچوں کے ساتھ انھوں نے

جن لرزہ خیز بدسلوکیوں کا ارتکاب کیا تھا اور وہ مسلمانوں کے ساتھ جو جو بے وفائیاں عمل میں لائے تھے، ان کا خوب مزہ ان کو چکھایا۔ یہ فتحِ عظیم جو دولتِ عباسیہ کو اناضول میں رومیوں پر بابک کے بست سالہ فتنہ کو قلع قمع کرنے کے بعد حاصل ہوئی تھی، یہ اس بات پر صادق ترین دلیل ہے کہ جب کبھی مسلمان اپنے دین کو اللہ کے لئے خالص کرلیں اور حیاتِ ابدیہ کو سستے داموں یعنی اس تھوڑی سی زندگی اور اس کے ناچیز سامان کے عوض خریدنے کو آمادہ ہوجائیں تو اللہ تعالیٰ ان کی یاوری کے وعدے کو سچا کر دکھاتا ہے۔

(۱) اے نائبِ خدا! خدائے تعالیٰ تیری کوشش کو اصلِ دینؑ اسلام اور شرافت ذاتی کی طرف سے جزائے خیر دے۔

(۲) تو نے راحتِ کبریٰ پر نگاہ کی، پھر تو نے دیکھا کہ وہ مشقت کے پُل پر عبور کئے بغیر حاصل نہیں ہو سکتی۔

(۳) اگر زمانے کی گردشوں میں کوئی خویشی پیوستہ یا کوئی حمایت ناگسستہ ہو۔

(۴) تو وہ ایک تو تیرے ان ایام میں ہے جن میں تجھ کو نصرت ملی اور ایک ایام بدر میں۔ دونوں ہم رشتگی میں قریب تر ہیں۔

(۵) تو نے زرد رنگ بنی اصفر (یعنی رومیوں) کو ان کے نام کی مانند زرد رُو رہنے دیا اور عرب کے چہرے گرامی ہو گئے۔

بلا کا جوشِ ایماں تھا عرب کے شہسواروں میں

(از جناب محمد کبیر خاں صاحب آسا جالندھری)

جھلک اُٹھے تھے جو ذرّے ترے پرتو سے غاروں میں
وہ اب تک جلوہ افشاں ہیں جہاں کے جلوہ زاروں میں

بلا کا جوشِ ایماں تھا عرب کے شہسواروں میں
کہ فتنے دب گئے پامال ہو کر فتنہ زاروں میں

جنھیں لبّیک کہتے وُسعتِ اِمکاں لرزتی تھی
وہی جلوے نظر آئے عرب کے کوہساروں میں

کمالِ حُسن ہے یا یہ مرا جوشِ عقیدت ہے
نگاہیں گُم ہوئی جاتی ہیں یثرب کے نظاروں میں

تجھی سے فرش کی زینت تجھی سے عرش کی رونق
تُوہی ہے پھول خاروں میں تُوہی ہے چاند تاروں میں

عرب ہو یا عجم سب جاگ اُٹھے ہیں خوابِ غفلت سے
پلٹ آئی ہے جانِ رفتہ تیرے جاں نثاروں میں

اُبھر کر پستیوں سے آگئی دُنیا بلندی پر
جو کل تھے بے نشانوں میں وہ اب ہیں نامداروں میں
مگر ہندوستاں کے بدنصیبوں کا خدا حافظ!
نہیں کروٹ بدلنے کی سکت آفت کے ماروں میں
ہماری بے حسی کا ہو رہا ہے ہر طرف ماتم
زمیں ہے نوحہ خوانوں میں فلک ہے سوگواروں میں
ہوائے فرقہ بندی کی یورش ہے اُن چراغوں پر
جنھیں تُو نے جلایا تھا عمل کی رہگزاروں میں
ترے احکام سے مطلب نہ کچھ قرآں سے مطلب
ہے سارا دین و ایماں بند قبّوں میں مزاروں میں
کریں کس منہ سے ہم دعوے حرم کی پاسبانی کا
نہ تیرے سرفروشوں میں نہ تیرے جاں نثاروں میں
تیرے ہی لطف پر نظریں لگی ہیں ہم غریبوں کی
تیری ہی آس پر کشتی بہی جاتی ہے دھاروں میں
بنا رکھی تھی جس پر شوکتِ اسلام کی تُو نے
وہ آئینِ جہاں داری سکھا دے پھر اشاروں میں

غلاموں کو محبت کی نظر سے دیکھنے والے
رسا بھی ہے نگاہِ لطف کے امیدواروں میں

پردہ

(جناب فیض لدھیانوی)

مسلمانوں کی حرمت کا علم بردار ہے پردہ
شرافت کا نشاں ناموس کا اظہار ہے پردہ
شریعت کے چمن کا اک گلِ بے خار ہے پردہ
کہ آئینِ جنابِ احمدِ مختار ہے پردہ
دلوں میں شر نہ ہو تو مانعِ اغیار ہے پردہ
نظر کے تیر کو بس آہنی دیوار ہے پردہ
بہت سی خوبیوں کا آج دعویدار ہے پردہ
رگِ جانِ شرارت کے لئے تلوار ہے پردہ
جہانِ آبرو میں شیوۂ احرار ہے پردہ
خواتیں کے گلے کا فیض گویا ہار ہے پردہ

مفید کتابیں

کتاب	قیمت
نقشِ وفا : مرد اور عورت کے لئے بہترین راہِ عمل	۶ ر
محمدؐ اور عورت ذات	۳ ر
اظہارِ حق بتفسیر سورۂ والتین	۶ ر
ہمارے اعمال اور ان کی قدر و قیمت	۲ ر
الناموس المفصل : تفسیر سورۂ مزمل	۴ ر
نور الحق : تفسیر سورۂ علق	۳ ر
اصل الاصول : اہل حدیث اور اہلِ قرآن کے مناظرہ پر محاکمہ	۶ ر
سمجھ اچھی کہ بے سمجھی	۱ ر
ارشادات القرآن	۸ ر
تندرستی ہزار نعمت	۵ ر
الاحسان : تصوف کا بیان	۸ ر
نالۂ صحرا (نظم) - از منیر ایم-اے	۴ ر
جبریل و ابلیس 〃 〃 〃	۴ ر
اتاترک	۶ ر
شانِ اُردو	۶ ر

کتاب	قیمت
نماز بلاد اسلامیہ میں	۳ ر
سیرِ دلیراں : قابل دید	۳ ر
مقتول بے حجابی	۱ ر
قواعد عربی حصہ اول - علم صرف	۱۲ ر
عروسِ غربت : ایم-ایم-اسلم	۴ر عہ
بقائے دوام : 〃 〃 〃	عہ
انتقام : 〃 〃 〃	۳ ر
پیمانِ وفا : 〃 〃 〃	۵ ر
خطِ تقدیر : 〃 〃 〃	۶ ر
غزال : 〃 〃 〃	۱۰ ر
ساربان : 〃 〃 〃	۴ ر
چار سہیلیاں : 〃 〃 〃	عہ
بڑی بی : 〃 〃 〃	۱۲ ر
نورِ ہدایت : 〃 〃 〃	۴ ر
دریائے وحدت : قرآن شریف کی آیات اور گرنتھ کے شبدوں کی یکرنگی	۱۲ر عہ
الفوز الکبیر : فتح الخبیر فارسی	۸ ر

ملنے کا پتہ : - مینیجر کتب خانہ انجمن اشاعت اسلام جالندھر شہر - پنجاب

استاد کی امداد کے بغیر عربی سکھا دینے والی کتابیں

کتاب	قیمت	کتاب	قیمت
معلم العربیہ	عہ	خزینۃ العلوم حصہ اول مجلد	عہ ۴ر
مدرس العربیہ	عہ ۸ر	لغات القرآن	۱۰ر
عربی ٹیچر	عہ	" " عزیزی	عہ ۴ر
عربی کا معلم جدید حصہ اول	۱۴ر	مصباح " "	عہ ۸ر
" " دوم	۱۴ر	عربی بول چال حصہ اول	۱۴ر
کلید " " اول	۵ر	" " دوم	۱۴ر
" " دوم	۵ر	کتاب الصرف	۱۴ر
[illegible]ربی حصہ اول	۱۰ر	" النحو	۱۰ر
" " دوم	۱۰ر	قوانین عربی	۱۲ر
ترجمان القرآن جلد اول، دوم، سوم، چہارم، پنجم، ششم فی جلد	عہ	اردو عربی ترجمہ	عہ ۸ر
" جلد ۲۹ و ۳۰	عہ	الصحیفۃ الاولیٰ	
ہدایت العربیہ	۶ع	" الثانیہ	ہر چہار
اساس عربی	۶ع	" الثالثہ	حصہ
اللغات والامثال	۶ع	" الرابعہ	عہ ۸ر
		الدروس العربیہ حصہ اول	عہ ۸ر

ملنے کا پتہ: — منیجر مکتبہ علمیہ - مدرسۃ البنات - جالندھر شہر

رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۵۵۵

پیامِ اسلام

جالندھر شہر

تعلیمی صحیفہ

ستمبر ۱۹۴۶ء

مُدیر : محمد احمد خاں ذاکر

قواعد

۱۔ رسالہ ہر انگریزی مہینے کے پہلے ہفتے میں شائع ہوتا ہے۔

۲۔ رسالہ نہ پہنچنے کی اطلاع اسی مہینے کی بیسویں تاریخ تک دفتر میں
پہنچ جانی چاہئے، ورنہ رسالہ بشرط موجودگی قیمت پر ملیگا۔

۳۔ چندہ سالانہ ۳ روپے۔ فی پرچہ ۴ آنے

اشتہارات کی اجرت کا تصفیہ منیجر سے بذریعہ خط و کتابت

۴۔ کرنا چاہئے۔

جنرل برقی پریس ریلوے روڈ جالندھر شہر میں چھپ کر
باہتمام محمد احمد خان ذاکر پرنٹر پبلشر "دار القرآن" سے شائع ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلد ۱۷ ستمبر ۱۹۴۶ء شوال ۱۳۶۵ھ نمبر ۹

الاسلام فی حاجة الی دعاية و تبشير

(۱)

كنت بعاصمة الجزائر سنة ١٣٤٤ ه، وصمت بها رمضان ذلك العام. وكنا رفقة نجتمع كل ليلة من ليالى رمضان، وكان فى رفقتنا محام مسلم جزائرى اسمه الاسلامى: "عبد القادر..... ...." واسمه الفرنسى: "ألبرت....." وهذا الاسم الاخير هو ما تدعوه به أمه الفرنسية، وأصدقاؤه الفرنسيون و المتفرنسون. وكان هو الآخر متفرنسا

و متفرنسًا فی کل شی : فی عقلیته و أدبه ، و فی أخلاقه و عاداته ، وحتی فی اللغة العامیة التی یتکلمها . فهو لا یقیم الصلوٰة ، و لا یصوم رمضان، و لا یحرم ما حرم الله ، و لا یؤمن بأن القرآن تنزیل من الله ، بل کان یحسبه من کلام الرسول صلی الله علیه وسلم ، و هکذا ـــ و هو عند نفسه مسلم کان من الذین لا یدینون دین الحق . و ذلك لانه نشأ نشأة فرنسیة محضة ، ما کان یعرف فیها ما للاسلام ، و لا یعرف عن المسلمین شیئًا، فقد ربته ام فرنسیة ، فی وسط فرنسی .....

و مع ذلك فقد کانت فیه خصلة حمیدة هی التی تربطنا به و تربطه بنا ارتباطًا متینًا ، و هی وطنیته الحدیثة ، و غیرته الصادقة علی الجزائر و اخلاصه لابنائها ، وجهاده فی سبیلها جهادًا شریفًا . فکنا نتعاون علی البر بالجزائر ، و علی خدمة القضیة الجزائریة : هو یستعین بی علی فهم نفسیة الجزائر المسلمة ، و انا أستعین به علی ما اصدر فی القضیة من قرارات و قوانین .

وکان متزوجًا بزوجة فرنسیة لا تعرف العربیة الدارجة الا قلیلا ، و کانت تحضر معه مجالسنا تلك فکنا (انا و ایاه) نتکلم فی الصلوٰة و الصوم و القرآن

و ما الى ذلك من مسائل الدين . و كان رجلا لا
يذعن الا الحجة و الدليل ، فكان لذلك من
الذين يستمعون القول فيتبعون احسنه . فتحاورنا
ما شاء الله محاورة مخلصة لا نريد منها الا بيان
الحق ، ثم أذعن و صام و هجر الخمرة و امن
بالله و باليوم الآخر و أيقن بأن القرآن من عند
الله . ثم كان من الذين امنوا و عملوا الصالحات .
و ما وجدت أية صعوبة فى اقناعه ، مع أنى لم أكن
أطمع فيه ؛ لما أعرفه فى هؤلاء من المكابرة و
العناد .

و ليس مرادى أن أقص حكاية مسلم كان
ضالا فاهتدى من ضلاله ، و انما مرادى شئ آخر
غير ذلك . فقد انقضى رمضان ذلك ، و فتفرقنا.
فسافرت أنا فى النصف الاخير من شوال ١٣٤٤ ھ
الى مدينة الاغواط بجنوب الجزائر مندوبا من
بعض سراتها ، فانشأت بها (مدرسة الشبيبة القرآنية)
باعانة فضائلها ، و احتملت من الغناء فى هذا المشروع
ما لا طاقة لى به[1] ، لو لا حب هذا الوطن البائس .
وحدث لى ما اضطرنى الى السفر الى بسكرة (مسقط
رأسى) فخلفنى ـــ لحسن الحظ ـــ على المدرسة

(۱) لان السلطة لا تريد هذا النوع من المدارس . أخ مصلح كبير

دعوته لهذه المهمة، و هو الاستاذ مبارك الميلى.

و سافر صديقى المحامى الاستاذ عبدالقادر........ الى فرنسا هو و قرينته. و مضت فترة لا أكتب اليه فيها، و لا يكتب الىّ. و لبثنا كذلك حتى جاءتنى منه ذات يوم رسالة يخبرنى فيها بما عمله هنالك للجزائر، و بما ينوى ان يعمله لها. و يعاتبنى على ما كان من قطيعة و جفاء. و يخبرنى باسلام قرينته، و يشكر لى أن كنت سببًا فى هدايتها.

و كتبت الىّ هى بخطها حاشية ضافيه تقول لى فيها: انها مدينة لى بهدايتها اِلَى الاسلام لانها و ان لم تعلن اسلامها و لم تُذعه الا فى هٰذا اليوم فانها كانت اعتقت الاسلام منذ رمضان ١٣٤٤، و كانت قالت يومئذ فيما بينها و بين نفسها: "اشهد ان لا اله الّا الله، و اشهد أنّ محمدًا رسول الله، منذ سمعتنى اتحدث الى زوجها عن حكمة الصلوة و الصيام و تحريم الخمر، و عن القرآن الكريم، و كونه كتاب الانسانية الذى لا يصلحها الا هو، و كونه تنزيلا من الله، ما فيه شك. و قالت:

"......و مما زادنی ایمانًا ما رأیته فی زوجی ، و هو یحاورك فی القرآن ، فقد رأیت کل ما اعرفه فیه من قوة حجة ، و احکام منطق ، کل ذلك رایته بضؤل أمام ما کنت تبدیه من ایمان تندفع فیه اندفاعاً : فیه لهجة صادقة ، و فیه فصاحة و بیان . و إن أنس لا أنسی وجومه و قد زعم أن الوطنیة الصادقة تغنی عن الدین فقلت له : اذا کنت لا تدین بدین ابناء وطنك ، و لا تلبس لباسهم ، و لا تتکلم بلغتهم ، و عوائدك غیر عوائدهم ، فبماذا تکون وطنیا ؟ ثم اذا کنت تعیش فی غیر مجتمعهم بعیدًا عنهم ، و تتأدب بأدب غیر أدبهم ، و تتخلق بأخلاق غیر أخلاقهم فبماذا تمیز مصلحتهم من مضرتهم ؟

"لقد اسلمت منذ ذلك الحین یا سیدی و کنت أخشی ان أنا أذعت اسلامی فی النساء الفرنسیات أن یسلقننی بألسنة حداد . و ذهب عنی الیوم هذا الخوف لما قوی ایمانی ، و اعلنت اسلامی ، و أصبحت أفتخر به بین الفرنسیات فی باریس ، و فی غیر باریس و کثیرًا ما دعوتهن الی الاسلام . و منهن من یسمعن لقولی ، و کان من السهل ان یدخلن فی

دين الله، لو أنهن وجدن معلماً يعلمهن هذه الهداية، و داعيًا يدعوهن اليها، دعاية فيها اقناع، و فيها بلاغ مبين.

"أنا مؤمنة مقتنعة بأن الاسلام هو دين الله ما أرتاب فيه، و لكني — كما تعرفني — لا أملك من البيان ما أستطيع أن أقنع به صولحباتى و صديقاتى المتعلمات المهذبات! على أنى قد بلغت، زلت ابلغ...."

ثم سألتنى عن مسائل فى الصلاة و الصيام و الطلاق و نحو ذلك، و طلبتُ منى أن أختار لها اسما اسلاميًا تسمى به نفسها. و اخترت لها اسم "عائشة" و قلت لها: لانه اسم عائشه ام المؤمنين احدى أزواج رسول الله صلى الله عليه وسلم. وذكرت لها لمحة من ترجمتها. فكتبت الى تخبرنى بأنها مغتبطة مسرورة بهذا الاسم الكريم، و تذكر لى انها عرضته على كثير من معارفها و صواحباتها ففرحن لها فرحًا شديدًا، وعدن يدعونها "عائشة" و تجد هى هذا الدعاء لذيذا. و تذكر لى أن قد اعجبتهنّ تلك اللمحة من ترجمة عائشة ام المؤمنين (رضى الله عنها) و استزادتنى من الكتابة اليها بسير فضليات النساء المسلمات و تقول: انها ترجو أن توفق

الى هداية كثيرات الى الاسلام بمثل سير هؤلاء المؤمنات الصالحات. و أردت أن اوافيها برغبتها، ولكنى وجدت فى ذلك مشقة وعسرا، فقد كنت أكتب اليها الرسالة بالعربية ثم ادفعها الى أحد اصدقائى لينقلها الى الفرنسية نقلا دقيقًا عسيرًا غير يسير، لما فى ذلك من آيات كريمة، وأحاديث شريفة تصعب ترجمتها، و ترجمة ما فيها من اعجاز.

انا لم أقصد أول مرة الى هداية هذه السيدة المسيحية الى الاسلام، و لكن الله هداها اليه بما كنت أتحدث به الى زوجها المسلم، و بما كان يجرى بينى و بينه فى الاسلام من مناقشة و حوار فاسلمت و جعلت تدعوا الى الاسلام، و تبشر به: لا تلهيها عن ذكر الله زينة باريس و زخرفها، ولا ما هنالك من لعب و لهو، و لا ما فى تلك الحياة من غرور و اقاذيع.

-(۲)-

و اجتمعت يومًا - عند عالم من علماء المشرقيات فى الجزائر - سيدة فرنسية كاتبة مستشرقة هى الاخرى، و تكلمنا فى مسألة التبشير الاسلامى و الدعاية الى سبيل المؤمنين، فقلت لو: لو أن

لهذا الاسلام هداة يهدون بالحسنى، و دعاة ينشرون الاسلام فى أوربا و أمريكا وغيرهما، لما لبثت الكرة الارضية الا يسيرا حتى يغمر الاسلام بنوره. فواقفت السيدة على رأى هذا العاجز، و اخبرتنا بانها تعرف اسرة من الاسر النبيلة فى الجزائر تزورها الفينة بعد الفينة، و تختلف اليها من حين الى حين، تبحث عن المجتمع النسائى الاسلامى وما يتصل به. و ذكرت لنا أنها كانت ألفت كتابا فى هذا الموضوع، و كانت تظنه كتاباً قيماً، نصحت فيه المرأة المسلمة، بأن تعتمد على نفسها فى تحرير رقبتها و أن تتمرّد على الحجاب فلا تبقى سجينة با و هكذا جعلت تصف المسلمة طريق الحرية و الخلاص! و قرأتْ من كتابها على ربة المنزل فى تلك الاسرة، و على نساء كن معها يستمعن الكتاب و صاحبته تتلوه عليهن، فلما سمعنه اكبرن و قلن حاش لله ما هذا حقا، ان هذا إلا خطأ مبين. و ابتدرتها ربة المنزل تقول لها: انك يا سيدتى ألفت هذا الكتاب لنا معشر المسلما بقية حسنة، و تريدين أن تخدمينا به خد صادقة و تعملين لنا به عملاً صالحًا (!) ولكن اسم

لى يا سيدتى ان أقول لك : ان كتابك هذا هو آلة لهدم شرف المسلمة و القضاء على سعادتها، و لتمزيق ما هى فيه من صيانة و عفاف، و كل ما فيه ان الوهم يصورلك المرأة المسلمة أسيرة فى يد الرجل و تصورين حجابها سجنا لها. مع أن الامر ليس كذلك، فان حجاب المسلمة صيانة لها، و المرأة فى خدرها كالوردة فى كمها، و المرأة فى خدرها كالملكة فى قصرها لا تبرحه و لا تود ان تريم عنه، و ليس الرجل الا قيما (قوّامًا) عليها. تظل هى فى منزلها و كل غرامها فى اصلاح شؤونه، و فى تربية أولادها، و يظل هو يكدّ و يكدح، ليؤدى ما لها عليه من واجب، وليقوم لها على ضروریاتها. و هو مسؤول لها أكثر مما هى مسؤولة له. أترينها و هى ملكة منزلها تسمى نفسها اسيرة بيد الرجل، و تسمى حجابها سجنا لها؟ كلا يا سيدتى، فحجابها هو صوانها، و أولى بالمرأه أن تصان و تحتجب و كما يجب على الرجل ان يكون رجلا كاملا فى رجولته، يجب على المرأه أن تكون امرأة انثى كاملة فى انوثتها. و فى الحجاب من لين الانوثة

و دلالها ما لا يكون فى السفور. و السفور من عندنا من عادة النساء البدويات و القرويات، حيث الخشونة و شظف العيش. لا من شأن الحضريات، حيث الطراوة و النعومة، وحيث الرفاهية والعيش الرخيم. و المرأة البدوية او القروية بسفورها مترجلة تشبه الرجل. ثم هى ليست بامرأة كالنساء و لا برجل كالرجال.

قالت الرواية : و اندفعت ربة المنزل تصف المرأة السافرة بانها لاهية لاعبة مسرفة فى لهوها، و فى لعبها، و قد تقسو عليها فتصفها بقلة الحياء، حتى خجلت و وجمت، فاردت ان أتكلم فلم أقدر على الكلام.

قالت : ثم جعلت تدل بالحجاب، و تزعم أن فيه الحشمة، و العفاف، و فيه الانوثة وكل ما فيها من سحر و دلال، و تطرى المحتجبات، و تسرف فى الثناء عليهن.

قالت : و هنا حنقت و استكبرت ـ و أنا المتعلمة الكاتبة ـ أن أقف يدى امرأة جاهلة موقف الحيرة و الوجوم، و أنا ما جئتها الا لاعلم كيف تكون امرأة حرة. فجمعت "قوتى فى يدى و قلت لها :

— لو أنك يا سيدتى ذقتِ لذة الحرية لما صبرت عنها لحظة واحدة ، و لمزقت حجابك تمزيقا .

قالت : و هل أنت فى الحرية تتلذذين بها و تتنعمين فى بحبوحتها ؟

قلت : نعم ، أنا كذلك .

قالت : و انت مع ذلك امرأة أنثى ؟

قلت : و هو كذلك .

قالت : تلك أنت عند نفسك . و اما عندنا فما انت كذلك .

قلت : و كيف ؟

قالت : فلنجعلك أنت مثلا أعلى للحرية للتى تريدينها لنا ، فانت امرأة مهذبة كاتبة ، و نحن ان خلصنا من الحجاب (كما تقولين) و ترقينا و تمدينا ، فما نحن ببالغات — مهما أمعنا فى الترقى و التمدن — الى الذروة التى أنت فيها من الثقافة و التهذيب . و مع هذا كله فما نراك كملت فى انوثتك ، و ما نراك الا فقدت أكثر ما تكون به المرأة امرأة أنثى كاملة فى انوثتها .

قالت الراوية : و هنا قاطعتها — بلهجة غضب — قائلة : و لمه ؟

فقالت : انت عازبة غير متروجة ؟
قالت : فقلت " نعم " .
قالت : وماذا يمنعك من الزواج ؟
فقلت : لم اجد رجلا كما أحب .
قالت : ويحك ! فهل خلت رقعة الارض من رجل يكون كما تريدين ؟
و واصلت حديثها و قالت : و لا تعمرين منزلك الآ قليلا ؟
فقلت : و ماذا عسى يضيرنى اذا لم اعمره ؟
فقالت : لا تتزوجين و لا تلدين ، ولا تعمرين منزلك . فما أنت بزوجة ، و لا بأم ، ولا بربة منزل . فاذن ، بماذا تكونين امرأة انثى كاملة فى انوثتها ؟ ابركوب الخيل ، و الخطب الحماسية ، و التصفيق و الهتاف ؟ كلا يا سيدتى ، ليس شئ من لين الانوثة و لا نعومتها فى هذا و لا فى مثله . . . .

قالت الراوية : فما زدت على ان ودّعتهن وخرجت خزيانة منكسرة مهزومة ليس وراء ما أنا فيه من الخزى و الانكسار و الهزيمه غايا اخرى . وكنت أرانى كل شئ عند نفسى ، فصرت أرانى أهون ما يكون . وكان كتابى الذى بذلت

فی تألیفه اقصی ما یمکن انسانًا ان یبدله فی مثله أحب ما یکون الي ، فصار أرخص الاشیاء و أسمجها فی عینی . و لم ینطفئ ندمی علیه الا بعد ما محوته محوًا من لوح الوجود ، و کان الحجاب فی نظری عادة جامدة قاسیة یجب أن تمرد علیها کل مسلمة ترید أن تخرج الی هذه الحیاة ، فصرت انظر الیه کاقدس الشعائر التی یجب ان یحتفظ بها احتفاظًا شدیدًا و هکذا اصبحت أنظر الی کل شیٔ اسلامی العین التی کنت انظر بها من قبل الیه . و إنی مکبة الیوم علی تألیف کتاب فی نصرة الحجاب ، قد انتبهت الیه منذ ذلك الیوم . و لا أکتمکم انی أصبحت أمیل الی الاسلام میلا شدیدًا ، و غیر بعید أن تسمعوا عنی أن "فلانة (تعنی نفسها) قد اعتنقت الاسلام .

* * *

و هذه امرأة مسلمة قد استطاعت علی جهلها و امیتها أن تهزم بدفاعها عن دینها امرأة مثقفة راقیه کاتبه مستشرقة هی کل شیٔ عند نفسها ، و شیٔ عند الذین عرفوها و عرفوا فضلها و انصافها . فلو أن جمیع المسلمین و المسلمات یعتزون بالاسلام و ینفحون عنه ، و یبشرون به ، و یدعون الی سبیله

يكون الدين كله لله ، و إذن لأمن من في الارض جميعا

تلمسان : ۳۰ رمضان ، ۱۳٤۷

محمد السعيد الزاهری

ترجمہ :-

فریضۂ دعوت و تبشیر

(۱)

سنہ تیرہ سو چوالیس ہجری کا ذکر ہے۔ میں اس سال الجزائر کے دار الخلافہ میں تھا۔ وہیں رمضان کے روزے رکھے۔ ہم چند احباب جو رمضان کی راتوں میں ہر شب اکٹھے رہتے تھے۔ ان میں الجزائر کا ایک مسلمان وکیل بھی تھا، جس کا اسلامی نام عبد القادر اور فرنسی البرٹ تھا۔ اس کی فرانسیسی ماں، اس کے فرانسیسی دوست اور متفرنس احباب اس کو اسی نام سے بلایا کرتے تھے۔ وہ خود متفرنس تھا۔ اور ہر بات میں متفرنس، عقلیت میں ادب میں اخلاق میں، عادات میں، یہاں تک کہ روزمرہ کی بول چال میں۔ نہ نماز پنجگانہ پڑھتا، نہ رمضان کے روزے رکھتا، نہ حرام کو حرام جانتا اور نہ یہ مانتا کہ قرآن خدائے پاک کا اتارا ہوا ہے، بلکہ وہ اس کو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام سمجھتا تھا۔ اس طرح وہ باوجودیکہ "اپنے نزدیک مسلمان تھا" ان لوگوں میں سے تھا جو دین حق سے بیگانہ ہیں۔ سبب یہ کہ اس کی نشو ونما خالص فرانسیسی انداز پر ہوئی تھی جس میں نہ تو اس کو اسلام کی کچھ خبر ہو سکتی تھی نہ مسلمانوں کی۔ اس کی فرانسیسی ماں نے اس کو وسط میں پرورش کیا تھا . . . . . .

باوجود اس کے اس میں ایک اچھی خصلت بھی تھی، جو ہم کو اس سے اور اس کو ہم سے خوب وابستہ کئے ہوئے تھی۔ اور وہ تھی اس کی نئی وطنیت الجزائر کے لئے سچی غیرت، ابنائے وطن کے ساتھ

اخلاص، اور راہِ وطن میں شریفانہ تندہی اور جدوکوشش، الجزائر کی خیرخواہی اور اس کے مسائل کے سلجھانے میں ہم سب ایک دوسرے کی مدد کیا کرتے تھے۔ وہ مجھ سے الجزائر کی مسلم نفسیت کے سمجھنے میں مدد لیتا اور میں اس سے ان قوانین و احکام کی آگاہی حاصل کرتا جو اس ملک کے بارے میں صادر ہوتے۔

اس شخص کے گھر میں ایک فرانسیسی بیوی تھی۔ جو بول چال کی عربی بھی بہت کم جانتی تھی۔ وہ بھی اس کے ساتھ ہماری مجلسوں میں آجایا کرتی۔ ہیں اور وہ نماز روزہ قرآن اور اسی قسم کے اور اور دینی مسائل پر گفتگو کیا کرتے اور وہ ایسا شخص تھا جو بغیر حجت اور دلیل کے کسی چیز کا قائل نہ ہوتا۔ یعنی وہ اس زمرے سے تھا "جو ہر بات کو دھیان سے سنتے اور جو بہتر ہو اس کے پیچھے چلا کرتے ہیں"۔ جب تک اللہ نے چاہا ان مسائل پر ہماری گفتگو کا سلسلہ اخلاص کے ساتھ جاری رہا۔ بجز اظہارِ حق کے اور کوئی بات اس سے مقصود نہ تھی آخرکار وہ قائل ہوگیا۔ روزے رکھنے لگا۔ شراب چھوڑ دی۔ اللہ پر اور روزِ قیامت پر ایمان لے آیا اور یقین کر لیا۔ کہ قرآن اللہ کی طرف سے ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں۔ اور پھر وہ مومنین صالحین میں سے ہوگیا۔ اور میں نے اس کے قائل کرنے میں کوئی دشواری نہ پائی۔ حالانکہ مجھ کو اس کی رغبت بھی نہیں تھی۔ اس لئے کہ مجھ کو معلوم تھا کہ اس قسم کے لوگ عموماً ضدی اور بڑائی کے خواہشمند ہوا کرتے ہیں۔

میرا مطلب یہ نہیں کہ ایک ایسے مسلمان کی حکایت لکھوں جو پہلے گمراہ رہا تھا۔ پھر راہ پر آگیا۔ میرا مطلب کچھ اور ہے۔ یہ رمضان گذر گیا، اور ہم ایک دوسرے سے جدا ہوگئے۔ میں شوال کے پچھلے نصف میں شہر اغواط کو، جو الجزائر کے جنوب میں ہے، وہاں کے بعض سرداروں کا ڈیلیگیٹ ہوکر چلا گیا۔ اور اس میں وہاں کے فضلا کی مدد سے "مدرسۃ الشبیبۃ القرآنیہ" جاری کیا۔ اور اس کام میں اس قدر تکلیف اٹھائی۔ کہ اگر اس مصیبت زدہ وطن کی محبت نہ ہوتی تو اس کو کبھی برداشت نہ کرسکتا

میں ایک ضرورت کی وجہ سے اپنے زاد بوم بسکرہ جانے پر مجبور ہوا۔ اور خوش قسمتی سے اس مدرسہ میں میری جانشینی ایک بزرگوار اصلاح دوست بھائی نے فرمائی۔ جس کو میں نے اسی مہم کے لئے بلایا تھا۔ اور وہ استاد مبارک میلی تھا۔

میرا دوست استاد عبد القادر وکیل اپنی بیوی کے ساتھ فرانس کو چلا گیا۔ اور ایک عرصہ تک نہ تو میں نے اس کو کچھ لکھا۔ نہ اس نے مجھ کو۔ آخر ایک دن اس کا ایک خط آیا۔ جس میں اس نے مجھے بتایا تھا۔ کہ اس نے وہاں الجزائر کے لئے کیا کیا ہے اور کیا کچھ کرنے کا ارادہ ہے۔ اس میں پچھلے دنوں کی رکھائی اور پر عتاب بھی تھا اور اپنی بیوی کے قبول اسلام کی خبر اور اس بات کا شکریہ بھی تھا۔ کہ اس کی ہدایت کے سبب تمہیں ہو۔

اس کی بیوی نے خود بھی اپنے ہاتھ سے ایک حاشیہ لکھ کر بھیجا تھا جس میں وہ مجھ سے کہہ رہی تھی کہ وہ ہدایت اسلام کی وجہ سے میری بہت مرہون منت ہے۔ اس لئے کہ اگرچہ اس نے آج کے دن سے پہلے اپنے اسلام کا اعلان و اظہار نہیں کیا، مگر درحقیقت وہ رمضان ۱۳۴۴ھ سے لیکر مسلمان ہی رہی ہے اور اس نے اپنے اور اپنے دل کے درمیان اسی زمانے میں اشہد ان لا الہ الا اللہ و اشہد ان محمد رسول اللہ کہا تھا۔ جب کہ وہ مجھکو اپنے شوہر سے صوم وصلوٰۃ۔ حرمت خمر اور قرآن کریم کے باب میں اور اس باب میں کہ وہ انسانیت اور اصلاح انسانیت کی واحد کتاب، اور بلاریب منزل من اللہ ہے،، بات چیت کرتے سنا کرتی تھی۔

اس نے لکھا :-

.... ایک چیز جس نے میرا ایمان زندہ کیا وہ تھی جو میں نے اپنے شوہر میں دیکھی جس وقت وہ قرآن کے متعلق آپ سے ہمکلام تھے۔ میں نے دیکھا کہ ان کی دلیل بازی کا رد اور ان کی منطق میں پختہ کاری جس سے میں خوب واقف تھی، سب کی سب اس

ایمان کے سامنے جس کا آپ راستی اور روانی کے ساتھ اظہار فرما رہے تھے نیست و نابود ہوتی جارہی ہے۔ وہ بھول گئے ہوں تو بھول گئے ہوں۔ مگر ان کا وہ نیچا دیکھنا مجھکو اب تک نہیں بھولا۔ ان کا خیال تھا کہ سچی وطنیت بھی دین کا کام دے جاتی ہے۔ میں نے ان سے کہا۔ جب آپ لوگ اپنے اپنا وطن کا دین نہیں رکھتے۔ ان کا لباس نہیں پہنتے، ان کی بولی نہیں بولتے، ان کے اطوار کچھ ہیں۔ آپ کی عادات کچھ تو آپ کا وطنی ہونا کیا معنی رکھتا ہے؟ علاوہ ازیں جب آپ کی بود و باش بھی ان کی سوسائٹی سے دور ہو۔ غیروں کے ساتھ معاشرت ہو، غیروں کے آداب، غیروں کے اخلاق، آپ نے سیکھ لئے ہوں، تو ان لوگوں کے نفع و نقصان کی تمیز آپ کو کس طرح ہو سکتی ہے؟

بس اسی دن سے یا حضرت! میں مسلمان ہو چکی ہوں، مجھے اندیشہ تھا کہ اگر یہاں کی ہر زہ سرا عورتوں میں میں نے اپنے اسلام کا اعلان کر دیا تو ان سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو جائے گا۔ اب تو میرا ایمان قوی ہو گیا تو یہ خوف بھی جاتا رہا۔ اور میں نے اپنے اسلام کا اعلان کر دیا۔ اور میں پیرس اور بیرون پیرس میں فرانسیسی عورتوں کے سامنے اس پر فخر کرنے لگی اور میں نے بارہا ان کو اسلام کی دعوت دی ہے۔ اور ان میں سے بعض میری بات کو سنتی بھی ہیں۔ اور ان کا اللہ کے دین میں داخل ہو جانا آسان ہے۔ اگر ان کو کوئی ایسا معلم ایسا داعی مل جائے۔ جو ان کو اس ہدایت کی تعلیم اور اس کی طرف دعوت دے اور دعوت تسلی بخش اور تبلیغ صاف و صریح بھی ہو۔

مجھے تو کامل ایمان اور پورا اطمینان حاصل ہے کہ اسلام ہی اللہ کا دین ہے۔ مجھے اس میں کچھ شبہ نہیں۔ لیکن جیسا کہ آپ جانتے ہیں مجھ میں ایسی قوت بیان نہیں کہ میں اپنی مہذب تعلیم یافتہ سہیلیوں کی تسلی کر سکوں۔ تاہم میں تبلیغ کرتی رہی ہوں اور کرتی رہوں گی۔

پیرس میں نے مجھ سے چند مسئلے نماز، روزہ اور طلاق وغیرہ کے دریافت کئے تھے

اور درخواست کی تھی کہ میں اس کے لئے کوئی اسلامی نام انتخاب کروں سو میں نے اس کے واسطے "عائشہ" نام انتخاب کیا، اور لکھا کہ یہ رسول اللہ (صلعم) کی ایک بی بی کا نام ہے اور کچھ انکے حالات بھی لکھے۔ اس پر اس نے مجھے تحریر کیا کہ وہ اس نام مبارک سے بہت ہی مسرور ہوئی ہو۔ اس نے اس کا اپنی بہت سی آشناؤں اور سہیلیوں سے تذکرہ کیا تو وہ بھی بہت ہی خوش ہوئیں۔ اور اس کو عائشہ کہہ کر بلانے لگیں اور اس کو یہ بلانا بہت ہی بھلا معلوم ہوتا ہے۔ اور اس نے یہ بھی بیان کیا کہ ام المومنین عائشہ کے یہ مختصر حالات ان کو بہت ہی پسند آئے اور مجھ کو اور بھی مسلمان فاضل عورتوں کے حالات لکھنے کی فرمائش کی اور لکھا کہ مومنات صالحات کی ایسی ایسی سیرتوں سے بہت سی بیبیوں کے مشرف بہ اسلام ہو جانے کی امید ہے میں نے بھی اس کی اس رغبت کو سرانجام دینے کی خواہش کی۔ مگر اس میں ایک طرح کی مشقت اور تنگی نظر آتی۔ بدیں سبب کہ پہلے میں عربی میں خط لکھتا پھر اسے اپنے ایک دوست کو دیتا کہ اسکا سلیس فرانسیسی میں ترجمہ کرے جو کوئی آسان کام نہ تھا۔ کیونکہ اس میں آیات کریمہ اور احادیث شریفہ بھی ہوتیں۔ جن کا ترجمہ، اور پھر جو ان میں اعجاز ہیں انکا ترجمہ بہت دشوار پڑتا۔

میں نے پہلی بار اس سچی بی بی کو اسلام کی ہدایت کرنے کا قصد نہ کیا تھا۔ لیکن اللہ نے اسکو ہدایت کی اور جو گفتگو میں اس کے مسلم خاوند سے کیا کرتا۔ نیز جو کچھ میرے اور اس کے درمیان اسلام کے متعلق مباحثہ ہوا کرتا وہ اس کے لئے ذریعہ ہدایت بن گیا۔ اور وہ مسلمان ہو گئی۔ اسلام کی دعوت دینے اور بشارت بھی سنانے لگی۔ اسکو اللہ کی یاد سے نہ تو پیرس کی زینت و آرائش مانع ہوتی، نہ وہاں کے کھیل تماشے اور نہ وہ طرح طرح کے بہلاوے اور بے حیائی کے مشغلے جو وہاں کی زندگی کا لازمہ ہیں۔

(۲)

ایک دن الجزائر میں، ایک عالم مشرقیات کے یہاں میری ملاقات ایک دوسری فرانسیسی مستشرقہ صاحب قلم بیگم سے ہوئی۔ اور ہم نے تبشیر اسلامی اور دعوت ایمانی کے مسئلے پر گفتگو کی۔

میں نے [illegible]
کو یورپ اور امریکہ وغیرہ میں پھیلائے، تو بہت تھوڑی دیر میں اسلام کرۂ ارض کو اپنے انوار سے
جگمگا دیتا۔ اس بیگم نے اس عاجز کی رائے سے اتفاق کیا اور بتلایا کہ اس کو الجزائر کے ایک بزرگ
خاندان سے تعارف ہے۔ جس کے ہاں وہ وقتاً فوقتاً اسلام کی زنانہ سوسائٹی اور اس کے
متعلقات کی تحقیق و تلاش کے لئے آیا جایا کرتی ہے۔

اس نے ذکر کیا۔ کہ اس موضوع پر اس نے ایک کتاب بھی تصنیف کی تھی۔ جس کو وہ بڑے پا[illegible]
کی کتاب سمجھتی تھی۔ اس میں مسلمان عورت کو یہ نصیحت کی تھی۔ کہ وہ اپنی گردن کو آزاد کرنے [illegible]
اپنی ذات پر اعتماد کرے، اور پردہ سے سرکش ہو کر اس کی قید سے نکل جائے، اسی طرح وہ [illegible]
عورتوں [illegible] آزادی اور چھٹکارے کا راستہ بیان کرنے لگی۔ اور اس نے اپنی کتاب [illegible]
ایک حصہ اس خاندان کی بی بی اور اس کی ساتھ والیوں کو سنایا، مصنفہ پڑھ رہی تھی اور [illegible]
بیٹھی سن رہی تھیں۔ پھر جب انہوں نے اس کو سنا۔ بہت عظیم تصور کیا۔ اور کہا حاش للہ ایسا د[illegible]
نہیں۔ یہ تو صریحاً خطا ہے۔ اور گھر کی بی بی نے الغور بول اٹھی۔ کہ بیگم صاحبہ آپ نے یہ کتاب ہم [illegible]
عورتوں کے لئے نیک نیتی سے تصنیف کی ہے۔ اور آپ اس سے ہماری سچی خدمت اور بھلائی [illegible]
کوئی نیک کام کرنا چاہتی ہیں۔ لیکن بیگم صاحبہ! آپ مجھے اس قدر گذارش کرنے کی اجازت دیجئے
کہ آپ کی یہ کتاب مسلمان عورت کے شرف کو منہدم اس کی خوش قسمتی کو برباد اور اس کی صیانت [illegible]
پاکدامنی کو پارہ پارہ کرنے کا اوزار ہے۔ اور اس کتاب کے سارے مطلب کا خلاصہ یہ ہے کہ و[illegible]
آپ کے سامنے یہ تصویر کھینچ دی ہے۔ کہ مسلمان عورت مرد کے پنجے میں اسیر ہے اور آپ اس [illegible]
حجاب کو قید خانہ سمجھ رہی ہیں۔ حالانکہ درحقیقت یہ صورت نہیں ہے۔ درحقیقت عورت کا [illegible]
اس کا بچاؤ ہے، اور عورت اپنے پردہ میں ایسی ہے جیسے گلاب کا پھول اپنی کٹوری میں۔ عورت [illegible]
پردے میں ایسی ہے۔ جیسے ملکہ اپنے محل میں، کہ نہ اس سے اکتاتی ہے۔ نہ اس سے الگ ہونا چاہتی [illegible]
مرد تو محض اس کا حامی ہے، وہ اپنے گھر میں رہتی ہے۔ اس کا سارا انہماک امور خانہ کی اصلاح او[illegible]

پرورش میں ہوتا ہے۔ مرد محنت مشقت کرتا ہے تاکہ اس کے حقوق ادا کرے۔ اس کے۔
ضروریات بہم پہنچائے۔ عورت مرد کی اتنی جواب دہ نہیں ہوتی۔ جتنا وہ اسکا جواب دہ ہوتا
پھر کیا یہ مناسب ہے۔ کہ وہ جو اپنے گھر کی رانی ہو۔ مرد کی نوکری کھائے اور اپنے پردے کا نام
رکھے۔ نہیں نہیں بیگم! حجاب تو عورت کا قلعہ ہے۔ عورت کو یہی مناسب ہے۔ کہ وہ محفوظ و باپردہ
رہے۔ اور جس طرح مرد کے شایان شان یہ ہے۔ کہ وہ اپنی مردانگی میں مرد کامل ہو۔ اسی طرح عورت پر
بھی یہی واجب ہے کہ اپنی زنانگی میں پوری عورت ہو۔ اور پھر جو نزاکت اور ناز و نخرہ زنانگی کا پردہ
میں ہے بے پردگی میں نہیں ہے بے پردگی تو ہمارے یہاں گنواروں اور دیہاتنوں کی عادت ہے
یہاں رکھائی اور سختی کی گزران ہوتی ہے۔ نہ شہری عورتوں کی شان، جہاں ناز و نعمت ہے
عیش و عشرت ہے۔ گنوارن اپنی بے حجابی کے کارن مردوں سے ملتا جلتا "ایک بنا ہوا مرد
ہوتی ہے اور پھر وہ مردوں کا سا مرد ہوتی ہے۔ نہ عورتوں کی سی عورت۔

راویہ نے کہا:۔

پھر وہ بی بی بے حجاب عورت کی اس طرح توصیف کرنے لگی کہ وہ دلگی باز اور کھلاڑی ہو
ہے اپنے کھیل تماشے میں حد سے گذری ہوتی ۔۔۔۔ کبھی درشتی میں آکر اس کو بیحیا بھی کہہ
لگتی۔ یہاں تک کہ شرم کے مارے میں نے اپنی آنکھیں نیچی کر لیں۔ اور چاہا کہ کچھ کہوں مگر نہ کہہ سکی

اُس نے کہا:۔

پھر وہ حجاب پسند کرنے اور یہ ڈینگ مارنے لگی کہ حجاب میں حیا اور پاکدامنی ہے۔ حجاب
میں انوثت اور انوثت کے سارے کرشمے ہیں۔ اور اسیطرح وہ پردہ دار عورتوں کی مدح و ثنا میں
مبالغہ سے کام لیتی رہی۔

اُس نے کہا:۔

اب مجھے بھی طیش آیا اور یہ غرور ہوا کہ میں اہل علم اور صاحب قلم ہوکر ایک جاہل عورت کے
سامنے وقف حیرت اور غرق خجلت ہوکر رہ جاؤں۔ حالانکہ میں آئی ہی اس لئے تھی کہ اسکو سینہ پڑھا

کہ کس طرح وہ ایک "آزاد عورت" بن سکتی ہے۔ اس میں نے اپنی قوت کو اپنے ہاتھوں میں یکجا کرکے کہا
اگر اے بیگم! آپ کبھی حریت کی لذت چکھ لیں تو اپنے حجاب کی دھجیاں اڑا کر رکھ دیتیں
اُس نے کہا -
آپ تو خوب آزادی کے مزے اٹھاتی۔ حریت کی بہاریں لوٹتی ہوں گی -
میں نے کہا - جی ہاں -
اُس نے کہا پھر اس پر بھی تم عورت ذات ہی ہو -
میں نے کہا - بیشک -
اُس نے کہا۔ مگر اپنے ہی اعتقاد میں - ہمارے نزدیک تو تم ایسی نہیں ہو -
میں نے کہا - کیسے -
اس نے کہا:- تو اچھا ہم آپ ہی کو اس حریت کا اعلیٰ نمونہ مان لیتے ہیں جسکی آپ ہمارے لئے خواہش
ہیں۔ آپ ماشاء اللہ ایک مہذب اہل قلم عورت ہیں، اور ہم تو اگر اس حجاب سے (آپ کے کہنے کیمطابق
چھوٹ بھی جائیں، اور ترقی و تمدن بھی حاصل کرلیں، اور اس ترقی و تمدن میں کتنی بھی دور پہنچ جائیں
بھی اس تہذیب و شائستگی کی چوٹی پر جہاں آپ کا مقام ہے - ہماری رسائی نہیں ہو سکتی - اور باوجو
اس تمام دردسر کے ہم نہیں دیکھتے کہ آپ نے انوثت میں کمال حاصل کیا ہے - ہم تو یہی دیکھتے ہیں کہ جن
گنوں سے عورت عورت بنتی ہے اور اپنی انوثت میں کامل سمجھی جاتی ہے وہ اکثر تم میں نایاب ہیں -
راویہ کہتی ہے کہ یہاں میں نے اس کا قطع کلام کرتے ہوئے غضبناک لہجے میں کہا - کیوں ؟
اس نے کہا - آپ کنواری ہیں - شادی نہیں ہوئی -
میں نے کہا - ہاں -
اُس نے کہا - نکاح سے کون سی چیز روکتی ہے ؟
میں نے کہا - پسند کا شوہر نہیں ملا -
اس نے کہا - اُف تو کیا زمین کا تختہ ایسے آدمی سے خالی ہو گیا - جو آپکو پسند آئے - اور اس نے اپنی بات کو

جاری رکھتے ہوئے کہا -

اور آپ اپنے گھر میں بھی کم تر ہی رہتی ہوں گی -

میں نے کہا - نہیں رہتی تو کیا میرا بگڑ جاتا ہے ؟

اُس نے کہا - نہ تم نکاح کرو - نہ تم بچے جنو نہ تم اپنا گھر بساؤ - بیوی تم نہیں - ماں تم نہیں گھرو
تم نہیں تو عورت ذات کس بات سے ہو سکتی ہو - اور عورت بھی وہ جو اپنی ذات میں کامل ہو ؟ کیا اسٹیج اری
لیکچر بازی سے ؟ تالیوں اور نعروں سے ؟ نہیں بیگم ! ایسی چیزوں میں زنانہ نرمی و نزاکت کا کوئی شائبہ نہیں

راوی نے کہا : - اس وقت مجھ سے یہی بن پڑا کہ ان کو وداع کیا - اور وہاں سے خوا خستہ چل کر
آگے آگے میں اور پیچھے پیچھے رسوائی اور خستگی اور ہزیمت اور بس - اور میں جو اپنے آپ میں سب کچھ بنی ہوئی
اب اپنی نگاہ میں سب سے کمتر دکھائی دینے لگی - اور میری وہ کتاب جسکی تالیف میں میں نے ہر ممکن کوشش
صرف کی تھی - اور جو مجھکو بہت ہی پیاری تھی میری آنکھ میں بالکل ناچیز ہو گئی اور میری ندامت کی آگ
تک نہ بجھی جب تک میں نے اسکو لوح ہستی سے مٹا نہ دیا - اور حجاب جو میری نظروں میں ایک ایسا سنگین د
رواج تھا جس سے ہر مسلمہ کو جو اس زندگی کی فضا میں نکلنا چاہتی ہو سرکش ہو جانا چاہیئے - اب میں اسکو از
زریں شعائر کی طرح دیکھنے لگی - ... حفاظت کیلئے برقرار رکھنا چاہیئے ، اسی طرح ہر اسلامی چیز کیلئے اسو
نگاہ کا زاویہ سابق سے جداگانہ ہے ، اور آجکل تو میں حجاب کی نصرت میں ایک کتاب لکھ رہی ہوں جسکی طرف
سے میری طبیعت بشدت مائل ہو رہی ہے - اور وہ دن دور نہیں جبکہ تم سن لو کہ .... " فلانہ " مسلمان
یہ ایک مسلمان عورت باہمہ امیت و جہالت اپنے دین کا بچاؤ کرتے ہوئے ایک ایسی عورت کو شکست
دینے پر قادر ہو گئی ہے جو شستہ ہے شائستہ ہے ، راقیہ ہے ، کاتبہ ہے ، مستشرقہ ہے اور اپنے نزدیک
مگر ان کے نزدیک بھی کچھ چیز ملتی ہے - جو اسکو اور اسکے علم و فضل اور عدل و انصاف کو جانتے ہیں
تمام مسلمان (مرد و عورت) اسلام کی نصرت و حمایت اور دعوت و تبشیر پر کمر باندھ لیں تو
ہی دین اللہ کا ہو جائے - اور روئے زمین پر جتنے لوگ ہیں سب ایمان لے آئیں -

خودی

(علامہ اقبالؒ کے لیکچر کا ترجمہ)

(از جناب محمد زبیر صاحب راز ایم۔ اے)

عقیدہ کفارہ۔ قرآن اور رُوح

قرآن انسان کی بے مثل انفرادیت کو اپنے الہامی انداز میں نہایت بلاغت کے ساتھ بیان کرتا ہے۔ وہ غیر مبہم الفاظ میں اعلان کرتا ہے کہ زید کے اعمال زید کے لئے اور بکر کے فعال صرف اس کی اپنی ذات کے لئے ہیں۔ تم سب اپنی ذات کے آپ ذمہ دار ہو تم پر کوئی بھی ایسا ناچیز نہیں کہ اس کی ذمہ داری کسی غیر پر ڈال دی جائے۔ اسلام کی اس تعلیمی روح نے مسلمان کے ذہن کو اصولی طور پر کفارہ کے عقیدہ سے ناآشنا کر دیا۔ قرآن اس تعلیم کو تین مقدمات سے بیان کرتا ہے :۔

اول :۔ انسان برگزیدہ مخلوق ہے ۲۰ - ۱۱۴

ثُمَّ اجْتَبٰهُ رَبُّهٗ فَتَابَ عَلَيْهِ وَهَدٰى ؕ

دوم:۔ انسان اپنی جملہ نارسائیوں اور کوتاہیوں کے باوجود نیابت الٰہی کے لئے خلق کیا گیا۔ ۶ : ۱۵۶

وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِیْ مَاۤ اٰتٰكُمْ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۠

سوم:۔ انسان کو ایک صاحبِ عزیمت شخصیت ودیعت کی گئی ہے۔ راہ کے
تمام انعامات ومخاطرات سے اُسے ذمہ داری کے ساتھ گزرنا ہے۔

إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ
فَأَبَيْنَ أَنْ يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنْسَانُ
إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا۔

یہ وہ اصولی تعارف ہے جو انسان اور اس کی اپنی ہستی کے درمیان کرایا جا رہا ہے۔ بعد میں انھی اصول ومبادی پر قرآن اپنی جملہ تعلیمات کی پُرشکوہ عمارت کھڑی کرتا ہے۔ انسان کا یہی جبلّی شعور اُسے من حیث الجماعت تمام کائنات سے متمیز کرتا ہے۔

پھر لازم ٹھہرا کہ انسان کی شخصیت اور انفرادیت کا یہی محور ایک طرف اس کی زندگی کے ہر پہلو کو تعمیر اور اس کی تعمیر کے ہر گوشہ کو بے نقاب کرے اور دوسری جانب مفکرینِ اسلام کے لئے گفتگو کا ایک اہم ترین موضوع بنے، مگر اسلامی سلسلۂ فکر کا جہاں تک تعلق ہے ہماری حیرت استعجاب کی انتہا نہیں رہتی جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ کوئی ذہن اس طرف متوجہ نہ ہوا اور کوئی قلم نہ اُٹھا۔

متکلمین کی راہ

متکلمین نے روح کو صرف ایک لطیف مادہ قرار دیا ہے جو جسم کے ساتھ فنا ہو جاتا اور جو یوم الدین کو از سرِ نو پیدا ہوگا۔ درحقیقت فلاسفۂ اسلام نے یہ تفلسف یونانیوں سے حاصل کیا۔ نصرانی۔ یہودی۔ زرتشتی یہ سب اس ثقافت کی شاخیں جو ایک عرصہ وسطی اور غربی ایشیا پر قابض ومتصرف رہی۔ مجوسی ثقافت کے یہ علمبردار ثنویت کے داعی ہیں جنھوں نے جسم اور روح کی تفریق پیدا کی۔ اور پھر یہ تعمیر شدہ عمارت علمائے اسلام کے قبضہ میں آگئی، اور پھر اسی یونانی تصور نے اسلامی شریعت کی آئین بندی کے وقت مقننین کے ہر گوشۂ فکر کو آباد کیا

تصوف کی راہ

وہ جو روح کو جسم سے الگ قرار دے کر جسم کی طرح فانی قرار دیتے تھے ان کے ہجوم میں منصور نے پہلی مرتبہ اعلان کیا کہ خودی کو بقا اور ثبات ہے۔ قرآن پاک نے اخذ علم کے لئے ابنِ آدم کے سامنے تین درسگاہیں معین کر دی ہیں:

(۱) تاریخ عالم

(۲) فطرت

(۳) واردات قلب یا ضمیر

تصوف کا مکتب صرف قلب اور اس کی واردات ہیں۔ تصوف نے اپنے جذب و تبصّر سے انھی وارداتِ باطن میں بہت دور تک سفر کیا اور انھی واردات کے مشاہدہ کی انتہا یہ تھی کہ منصور حلاج نے اپنے آپ کو قائم پا کر خودی کا اقرار کیا اور یہ متکلمین کو کھلم کھلا دعوتِ مبارزت تھی۔

ہماری منزل

تا ہنوز علم النفسیات کو یہ عروج نصیب نہیں ہوا جس سے ہم ان واردات کو ناپ سکیں تاہم وہ اہم مسئلہ جو ہم سے توجہ کا مطالبہ کرتا ہے، یہ ہے کہ اسلامی فکر کا پھر سے امعانِ نظر کے ساتھ اس طریق پر محاسبہ کیا جائے کہ باقیاتِ ماضیہ کا رشتہ ہاتھ سے نہ چھوٹے شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کو وہ پہلا احساسِ قلب ودیعت ہوا جس نے اس ضرورت کو محسوس کیا۔ مگر وہ ہستی جس نے عصرِ حاضر کے مطالبات کے تحت ذہنِ اسلامی کی وسعتوں کو منصۂ شہود پر رکھا۔ اس کے ماضی و مستقبل کے درمیانی رشتہ کو تلاش کیا وہ سید جمال الدین افغانی تھے۔ آج ہمارا یہی فرض ہے کہ ماضی کو تھامے ہوئے علوم حاضرہ میں

سراغِ منزل کے لئے نکلیں۔

اعتراف

متکلمین کے کسی طویل استدلال کے بغیر بھی ہم یہ اعتراف کرتے ہیں کہ روح کو ارضی قیود میں ہر طرح سے معذور غیر مکمل زندگی سے گزرنا ہے۔ اور کون یہ صحیح اندازہ کر سکتا ہے کہ اسے دلخواہ روحانی زندگی بسر کرنے کے لئے کس قسم کے ماحول کی ضرورت ہے۔ اس ارضی زندگی میں ایک معمولی سی تشویش اس کی جمعیت و طمانیت کو پریشان کر دیتی ہے جمود و تعطل کے وہ متصل ادوار جنھیں ہم نیند کہتے ہیں' ان سے لامحالہ گزرنا ہے۔ صرف یہی دو امور کافی ہیں جو اسکی شکستہ پائی کو ثابت کر دیں' مگر اُس کی یہ معذوری اور کمزوری اُسکی راہ میں حائل نہیں' وہ یہاں کبھی اپنے پورے جمال اور متمیزہ اوصاف کے ساتھ کارفرما نظر آتی ہے۔

اوصافِ امتیاز

۱:۔ وحدتِ ذہنی :۔ خودی وحدتِ ذہنی میں نمودار ہوتی ہے، وہ لاتعداد تاثرات جو ہم قبول کرتے ہیں اور آج تک قبول کر چکے ہیں' ہمارے دماغ میں اُن کے لئے کوئی علیحدہ علیحدہ خانے نہیں ہیں جن میں کہ وہ محفوظ ہوتے چلے جا رہے ہوں بلکہ وہ ایک وحدت میں گم ہوتے چلے جاتے ہیں۔ وہ اُس وحدت میں قائم بالذات ہیں مگر اقلیدس کا کوئی خطِ مستقیم انھیں الگ الگ نہیں کر سکتا۔ مثلاً

(۱) تمھیں تجارت میں بے حد منفعت نصیب ہوئی۔

(۲) تم نے ایک اپاہج کو دیکھا۔

(۳) ایک فاقہ مست نے تمہارے دروازے پر دستک دی اور رحم کے لئے ہاتھ پھیلائے

(۴) [illegible]

(۵) تم ایک چور کو دیکھ رہے ہو جو تمہارا عمر بھر کا اندوختہ لئے بھاگا چلا جا رہا ہے۔
(۶) تم نے بڑی مشقت سے مزدوری کی اور دو آنے حاصل کئے۔ مگر ابھی پہلا نوالہ نگل نہیں سکے کہ ایک مسکین نے آواز دی جو بھوک سے دم توڑ رہا ہے۔ اسکے لرزتے ہوئے ہاتھوں میں اس کا کشکول کانپ رہا ہے۔

تم نے یہ جملہ تاثرات قبول کئے مگر کیا یہ بتا سکتے ہو کہ تمہارے ذہن کے کون سے حصہ میں کونسا احساس ہے۔ تم یہ ہرگز نہ بتا سکو گے بلکہ جو ہوا ہے وہ تو یہ ہے کہ ایک حسّ مشترک نے ان سب کو محفوظ کر لیا۔ یہ ذہنی وحدت خودی کے خواص میں سے ایک ہے اور یہ مادی آئین سے بہت الگ ہے۔

۲۔ مکانی قیود سے آزادی: تاج محل آگرہ اور اسے دیکھنے والے سیاح کی وہ آڑے میڑھے تنکوں کی جھونپڑی جو وہاں سے فرسنگوں دور ہے، دونوں بیک وقت اس کی آنکھوں کے سامنے ہیں۔ بڑے سے بڑا بُعد بھی اُس کے اس فعل سے مانع نہیں آتا، تو ظاہر ہے کہ کوئی مکانی بُعد اس کی آزادہ روی میں حائل نہیں ہو سکتا۔

۳۔ زمانی بُعد سے آزادی: جسم سے جو حرکت سرزد ہوتی ہے وہ زمان و مکان میں پھیلی ہوتی ہے، مگر روح کا ماضی و مستقبل سب حسب سابق اس کی ذات میں سمٹے ہوتے ہیں، وقت اور فاصلہ اس قوت ساکنہ میں موجود ہیں، مگر اُن کی شکل و صورت وہ نہیں جو ہماری یہ ارضی آنکھیں دیکھنے کی خوگر ہیں اور جسے ہم اپنی لغت میں وقت سمجھتے ہیں وہ محض فریب نظر ہے۔ سنہ ۱۹۳۶ء میں تمہارے ہاں ایک بچہ پیدا ہوا سنہ ۱۹۵۰ء میں فوت ہوا، تو ظاہر ہے کہ تم نے ایسے دو واقعات کا ذکر کیا، جو گذرنے والے وقت کے نشان بردار ہیں۔ اس کے برعکس صحیح وقت فوری سے متعلق ہے۔

۴۔ جامع انفرادیت: خودی کا یہ ایک اور امتیاز ہے۔ زید کی خواہشات و احساسات صرف زید سے متعلق ہیں۔ وہ یتیم بچہ جس کی والدہ دم واپسیں کے بعد اب ہمیشہ کے لئے خاموش ہو چکی ہے، نالہ و فریاد سے عاجز ہو رہا ہے، تم اس سے ہمدردی کا اظہار کر سکتے ہو،

اس کے آنسو پونچھ سکتے ہو۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ تمہاری آنکھیں اشکبار ہو جائیں مگر اس کی حسرت یاس صرف اس کی حسرت ہے۔ تم یہ نہیں کہہ سکتے کہ اس کے احساس کو تم نے باندھ لیا۔ اسی طرح میرا علم میرا علم ہے، اور بکر کی دلی گرفتگی بکر کی دلی گرفتگی ہے۔

غزالی اور رُوح

غزالی کی قیادت میں جس قدر بھی علماء رہے ان سب کا یہ مذہب ہے کہ روح بدن میں ایک قائم بالذات متعین الحدود ابدی اور ازلی جوہر ہے، جو تقسیم اور تجزیہ کی نشتر سے بہت بالا ہے اور یہی تقسیم و تجزیہ سے بالاتر ہونا اس کی ابدیت کی دلیل ہے۔ اس نظریہ کو مندرجہ ذیل تنقیدی مہمات کے ماتحت سوچئے۔

(۱) جو تقسیم نہ ہو اُس کا کامل طور پر یک لخت مٹ جانا کیونکر ناممکن ہے۔ اسے کس طرح بھی بعید از قیاس نہ پاؤ گے۔

اگر یہ صحیح ہے کہ روح اسی طرح پر الگ سماوی شے ہے تو کیسے ہو سکتا ہے کہ وہی روح کبھی شیطان رجیم اور عابد شب زندہ دار کا چولا بدلتی ہے۔ روح کا اس جامد نظریہ کے ساتھ ہم زندگی کے ان ایسے ادوار کا کوئی حل پیش نہیں کر سکتے ہیں۔ یہ ایسے متغائر اور مجموعۂ اضداد ہیں کہ ہمیں تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ ایک ہی چیز میں دو متضاد اوصاف ہیں، یعنی ٹھنڈا بھی کرتا ہے اور جلاتا بھی۔ امام موصوف کا مذہب تو یہیں تک لنگ ہو کر رہ جاتا ہے۔

خودبینی و خود افروزی

یہ زندگی خود [illegible] لئے میدانِ مبارزت ہے۔ وہ دنیا کی جملہ قوتوں کو نیچا دکھانے کے درپے ہے۔ یہ [illegible] ہے، خود بینی، خود افروزی، آزاد روی اور عائلات [illegible]

[illegible] ہے۔

۱۷ : ۸۵ ۔ وَ يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ؕ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَ مَاۤ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ۝

اس کو کمال وضاحت سے سمجھ لینا چاہئے کہ روح کا صحیح منصب مجاہدہ یا آمریت ہے۔ یعنی گرد و پیش کے حالات میں اپنی راہ تلاش کرنا۔ گو ہم یہ صراحت سے بیان نہیں کر سکتے کہ کس طرح یہ خدائے پاک کی مطلق آمریت ارواح کی منفرد آمریتوں میں بمنزلہ محور سیر و حرکت کرتی ہے، مگر یہ ایک حقیقت ہے کہ یہ محدود اسی امر مطلق سے ہے۔

۱۷ : ۸۶ ۔ قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ؕ فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى سَبِيْلًا ۝

"تم میں سے ہر ایک اپنے انتخاب کے ماتحت کام کرتا ہے۔ پھر یہ صرف تمہارا رب ہے جو جانتا ہے کہ تم میں سے کون صحیح راہ پر ہے۔" یہ نص قرآنی روح کو ذمہ دار اور منفرد تسلیم کرتی ہے اس کی شخصیت صرف اُس کے افعال سے متمیز ہو سکتی ہے۔ یہ اُسی طرح اپنے گرد و پیش سے الگ کی جا سکتی ہے۔ پھر میری ساری حقیقت اُس تگ و دو میں چھپی ہے جو میری منزل کو متعین کرتی ہے مجھ کو سمجھنے کے لئے آپ کو میرے افعال، محاکمات، حرکات اور مطمحِ نظر کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ میں وہ نہیں جو دیکھنے والی آنکھ کو زمان و مکان کی قیود میں محصور نظر آتا ہوں، بلکہ میں وہ ہوں جو اپنے فیصلوں میں نظر آؤں۔ دوسرا مرحلہ یہ ہے کہ روح کیسے اور کیونکر اس مکانی اور ارضی ماحول میں گردش کرتی ہے۔ قرآن پاک اس مسئلہ کو کمال فصاحت سے بیان کرتا ہے :

۲۳ : ۱۲-۱۴ ۔ سورۂ مومنون :۔ وَ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ۝ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۝ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۝ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۝

ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ یعنی نشاءِ مابعد ان جسمانی قویٰ پر ایک مزید اضافہ ہے اور اُسے امر

ایک خلقی رابطہ ہے۔

ڈسکارٹیز (Deskartes) کا یہ خیال ہے کہ روح اور جسم دو باہم آزاد اور غیر مرتبط اکائیاں ہیں اور پھر یہ کہ وہ ایک پُراسرار طریق سے باہم وابستہ بھی ہیں۔ یہ خیال اُسے عیسائیت سے، عیسائیت کو مانی ثنویت سے ترکہ میں ملا۔ بالفرض اگر یہ ایسا ہی ہے اور اُن کی نشو و ارتقا بھی اپنی اپنی جگہ پر بالکل آزادانہ ہی ہے یعنی ایک دوسرے پر یہ روح اور جسم اصلاً اثر انداز نہیں ہوتے یا لیبنٹز (Leibnitz) کے الفاظ میں یہ کہ یہ دونوں دو متوازی راستوں پر سفر کر رہے ہیں تو اس کے صاف طور پر معانی یہ ٹھہرے کہ روح دوسرے جسم کی جملہ واردات کا مشاہدہ کر رہی ہے اور کچھ نہیں تو وہ اس کے لئے کر سکے یا اگر وہ دونوں ایک دوسرے کو منفعل کرتے ہیں تو حل طلب دقیقہ یہ پیدا ہوتا ہے کہ تقدیم کسے حاصل ہے؟ کیا روح کو جسم اپنی اغراض کے لئے استعمال کر رہا ہے یا کہ روح جسم کو؟

اسی سلسلۂ فکر کا دوسرا گروہ لینگ (Lange) کی سرکردگی میں ہمارے سامنے آتا ہے۔ وہ احساس کے مسئلہ پر وادیاں قطع کرتا ہوا مذکورہ بالا مسئلہ انفعال کو اس طرح پر حل کرتا ہے کہ جسم اور روح دو باہم اثر انداز ہوتے ہیں۔ اس بارے میں پہلا قدم جسم اٹھاتا ہے۔ اسی تصفیہ کو اگر مزید غور کی اساس ٹھہرا لیا جائے تو ہم دیکھتے ہیں کہ ایک وقت آتا ہے جب دماغ ایک حَکَم کی حیثیت سے داخل ہوتا ہے، اور اس ایک احساس سے ہی اُس کا یہ فعل متعلق نہیں بلکہ ہر بیرونی تاثیر کے جواب میں دفاع کے یہی فرائض ہیں کہ وہ حساس پٹھوں کی اطلاع پر فیصلہ دیتا چلا جائے۔ رہا یہ کہ اس کے بعد یہ قبول کردہ احساس از خود بڑھیگا یا باہر کا مہیج متصل ضربوں سے دماغ کے بابِ قبول کو دستک دیتا چلا جائیگا۔ یہ ایک غیر اہم موضوع ہے۔ غور طلب صرف اسقدر ہے کہ یہاں پھر جسم کی اولیت مشتبہ بلکہ لنگ پا ثابت ہوگی۔ تو یہ متوازی منفعلانہ سفر دونوں سخت تردید طلب کرتے ہیں، ان کے برعکس قرآن پاک کا یہ فیصلہ ہے کہ خلق اور امر دونوں اسی سے ہیں، یعنی دونوں میں [illegible] قائم کرنا نا[illegible] ہے۔ طبیعات کی زبان میں جسم یا مادہ کیا ہے؟ یہی چند [illegible]

کا اجتماع اور روح کیا ہے؟ اس سے زیادہ کچھ نہیں کہ چند واقعات کا مجموعہ۔ پھر کیا دونوں کی حدود ایک دوسرے میں ضم ہیں، بلکہ اس قرب پر بھی اپنی اپنی جگہ پر باقی ہیں اور دونوں میں فرق یہ ہے کہ

(ا) روح بعثۃً عامل ہوتی ہے، کسی بیرونی مہیج کا انتظار نہیں کرتی۔

(ب) جسم اپنی حرکات یا واقعات کا اعادہ کرتا ہے۔

(ج) جسم روح کی حرکت کی باقیات کا محافظ یا جامع ہے۔ اور اس وجہ سے اُسے کسی طرح بھی روح سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ یہ مقام ان الفاظ سے زیادہ واضح ہو جائیگا کہ یہ کائنات اسفل و سافل ارواح کا ایک مجموعہ جن میں سے یہ محدود زندگی نمودار ہوتی ہے۔ ربط باہم کے پیچیدہ ہونے پر اس سے ایک بلند تر مرتبہ کی چیز ذہنِ انسانی کی فرقان کی شکل میں منصۂ شہود پر آتی ہے اسی منزل کو ہم اس طرح بیان کر سکتے ہیں کہ یہ وہ مرتبہ ہے جہاں کائنات خود اپنی رہنما اور چراغِ منزل بنتی ہے۔ یہی وہ منزل ہے جہاں وہ روحِ مطلق اپنی جلوہ نمائیوں سے یہاں تک پہنچنے والوں کو نوازتی ہے۔ کائنات کی تاریکیوں سے جو راہ نکل کر یہاں پہنچ رہے وہ اس نشانِ منزل سے آگے قاف تا قاف اس کی ضو چکانیوں سے روشن اور منور ہے۔

یہ مسئلہ کہ ادنیٰ سے اعلیٰ پیدا نہیں ہو سکتا ہے۔ یہ خیال انسان کے دورِ جہالت کی یادگار ہے جبکہ یہ زمین ادنیٰ و اعلیٰ ذاتوں کی ناپاک تقسیم سے ملوث تھی۔ اور اگر یہ ناپاک سحر اسی موجودہ رفتار سے ٹوٹا تو ابھی اسے تمام و کمال فنا ہونے کیلئے بہت عرصہ درکار ہے۔ برتری کا معیار یہ نہیں کہ کوئی کیسے مرمریں محلات میں پیدا ہوا بلکہ یہ ہے کہ وہ کہاں تک پہنچا؟ زندگی کا یہ ادنیٰ منبع روح کے ارتقا کی راہ میں حائل نہیں ہوتا۔ حیاتِ انسانیہ کے ارتقا کی تاریخ یہ ثابت کرتی ہے کہ اسکے اولین ادوار میں ہر جگہ جہاں برتری کو فضیلت حاصل ہوئی، ذہنی بلندیوں کو ہمیشہ اس سے دب کر رہنا پڑا۔ مگر امتدادِ زمانہ کے ساتھ ساتھ ذہنی ارتقا نے جسمانی برتری کی جگہ لے لی بلکہ زندگی کے بعض بعض پہلوؤں میں جسمانی برتری کو دور پیچھے چھوڑ کر اس سے مطلق آزادی حاصل کر لی۔ اسکے ساتھ ہی یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ کائنات کی تاریخ میں کوئی بھی ایسا مقام نہیں آیا

جہاں جزئیات جسمانیت تدبر کے اس لطیف جوہر کے کلی طور پر بے نیاز نظر آئیں اور پھر اچانک کسی تیسری طاقت نے پردہ غیب سے نمودار ہو کر اس تودہ موالید یعنی جسم کو روح کی الگ نعمت بخشی ہو۔ اسکے برعکس وہ خودی مطلق جو ارتقا کی ایک حالت کو دوسری حالت سے نکالتی ہے وہ خود اس کائنات کے گوشہ گوشہ میں جاری و ساری ہے۔ قرآن پاک کی زبان میں وہی اول وہی آخر وہی ظاہر اور وہی باطن ہے۔ ہم یہاں تک آ پہنچے ہیں کہ روح کوئی ٹھوس الگ شئے نہیں اسکے اوصاف و اعمال یہ ہیں کہ زمان و مکان کی ابعاد میں اپنے آپ کو مرتب کرتی ہے اور ذاتی تجربات سے اپنی رہنمائی کرتی ہے۔

جبر و قدر

(۱) کیا روح اپنے افعال پر قادر ہے؟ اور اگر ہے تو اس کا اس رحمی علت و معلول سے کیا واسطہ ہے؟

(۲) اسکی جبلی ماہیت کیا ہے؟ کیا ایک مشین کی طرح جیسے جس طرح کے پرزے لگے اس سے اسی قدر افعال سرزد ہوئے؟ مثلاً آٹا پیسنے کی مشین اسکے بیرونی اور اندرونی عوامل ایسے معین کر دئے گئے ہیں کہ صرف وہی مقرر عوامل اس پر اثر انداز ہوتے ہیں اور اس سے خاص قسم کے نتائج مرتب ہوتے ہیں۔ اسکے برعکس یہ کبھی نہ ہوا کہ وہ آٹا پیسنے کی بجائے کپڑا سینے لگے۔ یا کپڑا سینے کی مشین آٹا پیسنے لگے۔ ہم آئندہ اصطلاحی طور پر اس قسم کی فعالیت کو مشینی فعالیت یا منفعل فعالیت کہینگے یا اگر مشین کی طرح کی نہیں تو وہ کس طرح کی ہے؟ کیا وہ مختار ہے؟

طبیعات کا یہ سنجیدہ فیصلہ ہے کہ روح بیرونی تاثرات کو ایک مشین کی طرح قبول کرتی ہے اور پھر اُن میں سے جو سب سے قوی ہو وہ اسے فعالیت پر مجبور کر دیتا ہے، مگر اس ساری جنگ میں اُسے ایک مشین کی طرح رد و قبول کی کوئی طاقت حاصل نہیں۔ علم النفسیات نے یہ نظریہ طبیعات کی غلامی سے حاصل کیا ورنہ ایک طائرانہ نظر سے معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ طریق فکر اس کا نہیں علم الابدان یا طبیعات کا ہے تاہنوز علم النفسیات کو دوسرے علوم کے مقابل میں اپنی اضافی حیثیت ثابت کرنے کا موقع نہیں۔ جرمنی میں کوشش ہو رہی ہے اور اب واضح ہو چکا ہے کہ ہمارا کوئی مدبرانہ فعل ایسا نہیں ہوتا جس میں صرف قوی ترین مہیج نے ہی حکمرانی کی ہو بلکہ ایک اور چیز ہے اور وہ تمیز اور فرقان ہے۔ اسی سے روح اپنی وقتی ٹھہرائی ہوئی منزل کی طرف سفر کرتی ہے اسلئے یہ کہ ہم کہاں تک اپنی منزل مقصود تک پہنچنے میں کامیاب ہوئے یہ ہماری سعی و عزائم کا معیار ہے جب ہم منزل کو متعین کرتے ہیں تو طبیعات یا علم الابدان کو دخل نہیں ہوتا بلکہ حقیقت یہ ہے کہ تعیین منزل کے ایک عرصے بعد جو روح علل اور واسطہ کا ایک سلسلہ کھڑا کرتی ہے یہ کڑیاں ہوتی ہیں جن سے وہ سمجھتی ہے کہ وہ کعبہ مقصود تک جا پہنچنے میں ماحول کی بے جا گرفت اور علل کی بے جا زیادتی کا یہ عالم ہے کہ لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ فِي كَبَدٍ ۹۰: ۶

نہیں ایک خوفناک گھنے جنگل میں چھوڑ دیا جائے جہاں زبردستی تمہارے پاؤں کو چلنے کی اجازت دے تو تم نادانستہ یاد سے پامال ہو جاؤ گے بجائے اسکے سوجھ بوجھ سے کام لینا چاہو تو یہی کروگے کہ راستے کے حالات کو اس صورت سے مرتب کروگے کہ تمہارے پاؤں چلنے کیلئے آزاد ہو جائیں۔ روح ٹھیک اسی طریق پر گردوپیش کو مرتب کرتے ہوئے اپنی راہ کو تلاش کرتی ہے۔ علت و معلول کے جتنے نظام تمہیں نظر آتے ہیں سب اسی کے کھڑے کئے ہوئے الجھیڑے ہیں تم ان کو اٹل سمجھتے ہو دراصل یہ ایسا نہیں ان میں بہت سے ایسے ہیں جو روح سائنس کی دریافت کے ساتھ (یا علم کی ترقی کے ساتھ) غلط ثابت کرتی چلی جارہی ہے پھر غور سے دیکھو تو تمہیں معلوم ہوگا کہ یہ روح کی راہ میں حائل نہیں بلکہ اس کے ممد ہیں اسکا دستور یہ ہے کہ وہ زندگی کے ہر گوشہ میں سفر کرنے کیلئے اور ہر دقیقہ کو سمجھنے کے لئے چند اصول و مبانی مرتب کرلیتی ہے اور پھر ساتھ ساتھ انکی صحت کا جائزہ لیتی چلی جاتی ہے۔ اور جہاں جیسا مناسب سمجھا حذف و اضافہ کرتی چلی گئی۔ غور کرو کتنے بطلیموسی نظام ہیں جو تم نے ایک وقت صحیح سمجھے مگر دوسرے وقت تم انہیں پر خندہ زن ہوئے۔ آگ پانی اور ہوا کہو کیا تم آج بھی عناصر کی فہرست میں شمار کرنے کیلئے تیار ہو کیوں نہیں؟ اسلئے کہ تم اگر ایسا سمجھو تو کائنات کی لاتعداد عقود ایسی رہ جاتی ہیں جنہیں تم حل نہیں کرسکتے۔ تو کیا یہ حقیقت اب اجاگر ہو کر ہماری آنکھوں کے سامنے نہیں آگئی کہ یہ علت و معلول روح کی تعمیر کردہ عمارت ہے یا بنائے ہوئے اوزار ہیں۔ جن سے وہ اپنے ماحول کو تسخیر کرتی ہے یعنی روح اس ماحول میں ہر جانب کامل قدرت و اختیار کے ساتھ قدم اٹھا رہی ہے۔ یا بالفاظ دیگر روح کو خودی مطلق کی کشورکشائیوں میں ایک محدود دخل حاصل ہے اُس نے اُس کے لئے ایک میدان عمل خلق کیا۔ اُسے خود افروزی خودبینی و خود آگاہی کے جوہر سے نوازا اُسے اس میدان میں از خود سفر کرنے کی رخصت دی اور اس طرح جو سکے وہ افعال جو اس ماحول یا میدان حیات میں سرزد ہوتے ہیں۔ اُن میں وہ دخل نہیں دیتی یعنی اُس کو بھی اپنی بے پناہ فرمانروائی میں حصہ دیتی ہے یہاں وہ اپنے اعمال کی خود ذمہ دار ہے یہ مقام اور یہ اختیار اُس نے بڑی وضاحت سے روح کو سمجھا دیا ہے۔

۱۷: ۷۔ اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ وَ اِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا۔ ۱۸: ۸۔

وَ قُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنْ شَاءَ فَلْيُؤْمِنْ وَ مَنْ شَاءَ فَلْيَكْفُرْ۔

غور کرو تنی وضاحت کے بعد نیک عملی اور بدراہی ایمان اور کفران ہر ایک کو روح کو اپنے اختیار کی چیز بتایا ہے۔ اور پھر یہ کہہ دیا کہ جسے اپنے نفس کے لئے بہتر سمجھو اختیار کرلو۔ زیادہ سے زیادہ یہ کیا کہ دونوں کے نتائج بیان کر دیئے۔

اسلام روح کی آزادروی کے حق کو تسلیم کرتا ہے۔ بلکہ بتاتا ہے کہ اُسے روز ازل سے آزادانہ اقدام کی رخصت دی جا چکی ہے۔ رات کا سونا اور صبح سے شام تک پیٹ کے دھندوں میں پھرتے رہنا درعا کہ کولھو کے بیل کی طرح یہ اسکا روزمرہ نہ ہو جائے۔ اور یہ اسی کو منزل سمجھ کر حقیقت سے آنکھیں بند کر لے اس لئے اُس نے پنجگانہ عبادات سے اسکے لئے مواقع فراہم کئے جب یہ ان ارضی الجنوں سے دامن بچا کر ملا اعلیٰ میں پرواز کو نکلے یہ زہد وعبادت ان ارضی پابندی اور قید کے خلاف بغاوت کا درس دیتی ہیں عبادت گزار کے لئے نماز کو اسی لئے معراج کہا گیا کیونکہ وہ صرف اس موقع پر اس اسفل بندشوں سے بلند ہوتا ہے۔

قسمت

قرآن پاک میں قسمت یا تقدیر کا تخیل مفصل وارد ہوتا ہے سپینگلر کا خیال ہے کہ اسلام خودی یا روح کے اختیار و قدرت کو قطعاً تسلیم نہیں کرتا۔ یہاں ہمیں سوچنے کے لئے رک جانا چاہیئے اس کائنات کو اپنانے کے لئے صرف دو راہیں ہیں سپینگلر اس سے متفق ہے۔

۱۔ تدبیر کی راہ: اسے علت ومعلول کی نظر سے دیکھا جائے اور سمجھا جائے یہ راہ تفصیل سے بیان ہو چکی ہے۔

۲۔ ایمان کی راہ: کیا یہ چند معتقدات کو لامحالہ تسلیم کر لینے کا نام ہے؟ یقیناً اسکی جہالت کی کوئی انتہا نہ رہی جس نے ایمان کو محض کورانہ تسلیم سمجھا اور اس نے اس راہ عمل کے ساتھ سب سے زیادہ ناانصافی کی۔ ایک زندہ یقین اور زندہ ذوق کا نام ہے۔ ایمان یہ نہایت ہی نادر قلبی واردات کے احساس سے نصیب ہوتا ہے۔ اور نہایت قوی شخصیت اس مرتبہ کو پہنچ سکتی ہے

اور اس کی معلوم تقدیر کو پا سکتی ہے۔ اس کمال کا ادنیٰ کرشمہ یہ ہے کہ میدانِ کارزار میں اگر ایک دم توپوں کی گرج سے فضا میں رعشہ براندام ہوں تو دوسری جانب ایک قلب مومن نہایت سکون کے ساتھ نماز پڑھ رہا ہو اور اس کا پورا کمال یہ ہے کہ تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰہِ خداوندی اسلوب حیات کو اپنے اخلاق میں جذب کر جائے نہ صوفیائے کرام کے ایسے اقوال موجود ہیں جو اس ایمان کی راہ پر سفر کرنے والوں کے سفر اور سفر کی منازل مختلفہ کا پتہ دیتے ہیں۔ راوی اس مقام کو اس طرح پر بیان کرتے ہیں کہ خدا کا علم صوفی کے علم میں بتدریج گم ہوتا چلا جاتا ہے۔ اس راہ کے ہر مسافر کے لئے اس کی وسعتیں کھلی ہیں۔ سپینگلر نے جو کچھ کہا وہ اس کے نظر و مطالعہ کی خامی ہے۔

اعتراف

یہاں تک تو ہم اسلامی اصولی تعلیم پر بحث کرتے رہے۔ مگر اس ضمن میں تاریخ اسلام کا ایک بہت تاریک باب موجود ہے ہم اس کا اعتراف کئے بغیر آگے نہیں گذر سکتے واقعی اسلامیوں میں صدیوں تک قسمت کا تخیل چھایا رہا [illegible] بات ہیں۔

(۱) اسلام ہر چیز کا خلاق خدائے پاک کو بتاتا ہے۔ دمشق کے اموی خلفائے نے کربلا کے مظالم کا بھی صرف خدا کو ذمہ دار ٹھیرانا شروع کیا۔ وہ تمام ستم رانیاں جو انھوں نے امام شہید کی جان پاک پر روا رکھیں سب کا ذمہ دار انھوں نے خدا کو ٹھہرایا۔ روایت کرتے ہیں۔ کہ حسن بصریؒ سے جب یہ پوچھا گیا کہ کیا واقعی یہ سب کچھ خدا نے کیا تو انھوں نے فرمایا کہ یہ خدا کے دشمن افترا پردازی پر مظالم توڑتے ہیں اور غلامی کا درس دینے کے لئے خدا سے منسوب کرتے ہیں۔ آج ہمارے دور میں بھی تو یہی کچھ کیا جا رہا ہے۔ آگسٹس کومٹ (Auguastus comet) کا سوسائٹی کے متعلق بیان کرنا کہ اس میں پیشوں کی تقسیم ابدی ہے۔ محض سرمایہ دار کے آہنی پنجہ کو سخت تر کرنے کی کوشش ہی ہے۔ اسلام میں بھی یہی کچھ ہوا مگر مسلمان کے پاس جب تک

قرآن ہے وہ ہر لغزش پر سنبھل کر اس کی راہ پر لوٹنے کی کوشش کرتا ہے۔

ابدیت

ابن رشد:۔ علمائے اسلام کی ایک جماعت نفس اور روح کو دو ممیز اصطلاحات سمجھ لینے سے شاہراہ مقصود سے بہت دور جا پڑی۔ ابن رشد اس میں سے ایک ہیں اور اسی کے ماتحت حواس اور عقل میں فرق کرتے ہیں وہ عقل کو جسمانیات سے ورا الورا تصور کرتے ہیں وہ غیر فانی ہے اور ناقابل تقسیم ہے۔ یعنی کوئی یہ نہیں کہہ سکتا۔ زید۔ عمر۔ بکر اور دوسرے افراد ہیں اس کی کئی اکائیاں ہیں۔ رینان ( ) کی زبان میں یہ کہ تہذیب اور انسانیت کی ضامن ہے بالفاظ دیگر ولیم جیمز اور ابن رشد کا مذہب یہ ہے کہ عقل ایک مافوق العادۃ شئی ہے جو ایک عرصہ انسانی جسم پر حکمرانی کرتی ہے جو لیکن عرصہ کے بعد اسے عبث محض گردان کر چھینک دیتی ہے مگر انسان کا یہ حال قرآن نہیں بتاتا۔ آیت اَيَحْسَبُ الْإِنْسَانُ أَنْ يُتْرَكَ سُدًى عصر حاضر کے اختلافات کے ضمن میں بقائے انسانی پر متعلقات و مباحث پیدا کئے ہیں کائنات استدلال سے بالا سمجھتا ہے۔ اور صرف انسانی وجدان سے طے کرنے کی منزل قرار دیتا ہے متکلمین نے اس سنگلاخ وادی میں جس میں قیام کر لیا ہے کہ مادئین کے اعتراضات کو باد ہوا ثابت کر دیا جائے وہ اس دفع پر قانع ہو کر رہ گئے اور خود کوئی اثباتی مسئلہ پیش نہ

مادیین کا ایک اعتراض اور اس کا دفاعی جواب

تدبر اور فہم صرف دماغ کا کام ہے اور یہ موت کے ہاتھوں تباہ ہو جائیگا اسلئے ابدیت کا خیال ہی باطل ہے۔ ولیم جیمز وغیرہ ابن رشد کے ہم مذہب ہیں اور عقل و روح کو جسم سے الگ تصور کرتے ہیں۔ اب وہ یہ جواب دیتے ہیں کہ ہاں یہ تو صحیح ہے۔ مگر سوال یہ ہے۔ کیا تعقل صرف جسمانیات سے پیدا ہوتا ہے۔ (وہ اپنے عقیدہ کے مطابق تعقل کے قائم بالذات

ہونے کی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔ اس لئے یہ ثابت کیا جائے کہ دماغ کس طرح پر عمل کرتا ہے۔ مثلاً عمل کا ایک یہ طریقہ بھی ہے کہ بندوق میں چھرا تو پہلے سے موجود ہے مگر وہ صرف تمہارے گھوڑا دبانے سے چلتا ہے تم یہ نہیں کہہ سکتے کہ تمہارے ہاتھ کی حرکت نے (بیرونی عامل نے) بندوق میں چھرا پیدا کر دیا۔ اس طرح درست ہے کہ دماغ بیرونی عوامل سے حرکت کرتا ہے۔ مگر اس کے معنے یہ نہیں ہیں کہ تعقل اس کی تابع فرمان یا مخلوق ہے بلکہ وہ تو پہلے سے چھرے کی طرح موجود ہے۔ جو بیرونی ضرب کی منتظر رہتی ہے۔ غور کرو۔ یہ کتنا مضحکہ خیز جواب ہے۔ مادیین کو جواب دینے کا یہ طریقہ نہیں کہ مادہ پر کئی اطراف سے حملہ کیا جا سکتا ہے۔ سائنس کا یہ خیال کہ حقیقت کا صرف یہی ایک پہلو ہے جو اُسے نظر آتا ہے۔ بالکل بے بنیاد ہے بلکہ اس کے برعکس اور کئی پہلو ہیں۔ جن کو طبیعات اور علم الحیات کا کوئی وسیع سے وسیع احاطہ بھی محصور نہیں کر سکتا۔ تاہم انسانی زندگی کے ارضی پہلو ایسے موجود ہیں۔ جن پر صرف طب اور طبیعات کو بحث کرنی چاہیئے۔ مگر اس سے یہ ثابت کیسے ہو گیا کہ اب حیاتِ انسانیہ کا کوئی پہلو نقد و نظر کے لئے باقی نہیں بچا جس پر کوئی اور دماغ سوچ سکے صداقت کی تلاش اور اخلاق عالیہ کہ ہمہ گیری یہ وہ مسائل ہیں جنہیں طبیعات کی کوئی موشگافی واضح نہیں کر سکتی ہے۔

بقا کے مسئلہ کا اثباتی استدلال

یہ تاریخ کا جدید تخیل ہے جو نٹشے ان مذکورہ صدر الزامی اور دماغی استدلالات سے الگ ہو کر پیش کیا۔ ہربرٹ سپنسر میں بھی اس کے جراثیم موجود ملتے ہیں۔ نٹشے نے اسے باقاعدہ ایک نظام کی شکل دی ہے۔ اس کے مقدمات درج ذیل ہیں۔

(۱) اس عالم حرکت کی مقدار مبہم ہے اسلئے وہ محدود ٹھہری۔

(۲) فاصلہ کا بعد محض فاعلانہ تاثر ہے وقت اسکے برعکس شوپنہار کے برعکس نٹشے کی نگاہ میں قائم بالذات ہے اور لامحدود ہے۔ جس کا ہم صرف ادوار کی نسبت سے احاطہ کر سکتے ہیں۔

اب ظاہر ہے کہ کوئی حرکت ایک کلیۃً خالی جگہ میں ضائع نہیں ہو سکتی۔ حرکت کی ابتدا و انتہا معلوم نہیں۔ چونکہ وقت لامحدود ہے اس لئے کئی ایک ادوار گذر چکے ہیں۔ اُن کا شمار ممکن ہے۔ چنانچہ اس عالم میں کوئی واقع یا رونما نہیں ہو ناجو اب ہو رہا ہے۔ وہ متعدد بار پہلے ہوا اور جو کہ متعدد بار بعد میں واقع ہوگا۔ اِن ادوار اور پھر ان کے واقعات کا تسلسل معین ہونا چاہئے اور پھر اس پورے نقشہ کو ہر بار ہماری آنکھوں کے سامنے سے اسطرح گذر جانا چاہئے کہ کوئی خانہ گذرے بغیر نہ رہ جائے۔ اور اس تسلسل میں کوئی رخنہ واقع نہیں ہونا چاہئے۔ چونکہ وقت ایک طویل سفر طے کر چکا ہے۔ اس لئے لازم ہے کہ حرکات کا دائم وقائم و متعین تسلسل بندھ چکا ہو۔ اوتار، رشی منی۔ انبیاء کو اپنے معین اوقات پر لوٹا پھری کے ساتھ آنا ہے۔ نیٹشے اس طرح بیان کرتا ہے "یہاں ہر چیز لوٹ کر آئی ہے۔ وہ کوکب رخشندہ ہو۔ یا کوئی حقیری چھپکلی تمہارے وہ خیالات جو ابھی زبان پر نہیں آئے اور وہ خیالات جو گفتار کی شکل میں تمہاری زبان سے نکل رہے ہیں سب اسی چکر کے اجزائے ترکیبی ہیں۔ ہمنفس تمہاری ساری زندگی ازسرنو تازہ کی جائے گی۔ اس طرح یہ فرسودہ ہو کر پھر تازہ ہوگی۔ یہ چکر جس میں تم حرکت کر رہے ہو۔ یہ ہر آن نئی سے نئی تابانیوں کے ساتھ درخشاں رہے گا،، یہ ہے نیٹشے کا نظام فکر وہ انسان کو حیات ارضیہ کا ایک پرزہ ثابت کرتا ہے۔ ایک معین سفر طے کرنے کے بعد اس مشین کو از سر نو پھر شروع سے وہی سفر طے کرتا ہے۔ یہ ابدی چکر ذہن انسانی پہ بہت گراں ہے۔ نیٹشے اس سے خود آگاہ تھا۔ یہ تخیل انسان سے قوت فاعلہ سلب کرتا ہے۔ اور اُس کی روح کے سامنے تاریکی دیواں لا کھڑی کرتا ہے۔ قرآن پاک کی تعلیمات انسان کی جو منزل ہمارے سامنے رکھتی ہے۔ وہ اخلاقی اور حیاتیہ (علم الحیات) کی قدروں سے مرکب ہے ہمیں اُس کی بتائی ہوئی منازل کو نہایت سنجیدگی سے دیکھنا ہے۔

برزخ

موت کے بعد ہم فوراً جس منزل میں داخل ہوتے ہیں۔ وہ برزخ کے نام سے موسوم ہے۔ موت اور یوم النشور کے مابین یہ ایک تیسری حالت ہے۔ حیات ثانیہ کا اسلام میں بالکل جدا تصور ہے۔ عیسائیت کی طرح اُس سے کسی تاریخی شخصیت کی دوبارہ پیدائش مراد نہیں۔ بلکہ مراد یہ ہے کہ کائنات میں بسنے والی جملہ مخلوق کے لئے اُسکے حضور لوٹنا فرض قرار دیا گیا ہے۔

۶ : ۳۸ - وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا طَائِرٍ يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ إِلَّا أُمَمٌ أَمْثَالُكُمْ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتَابِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يُحْشَرُونَ -

قرآن حکیم کا زیادہ بسط سے مطالعہ کرنے سے قبل ہمیں اُس کے یہ اصول ثلاثہ سمجھ لینے چاہئیں۔

(۱) روح مخلوق ہے اور اِس ارضی ماحول میں آنے سے قبل اس کا کوئی وجود نہ تھا (یہ بحث قبل گذر چکی ہے)

(۲) موت کے بعد اِس دنیا میں لوٹ کر آنے کا کوئی امکان باقی نہیں رہتا۔ اِس مقام کو قرآن پاک کی مندرجہ ذیل آیات واضح کرتی ہیں۔ ۲۳ : ۱۰۱ و ۱۰۲ - حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُونِ ۝ لَعَلِّي أَعْمَلُ صَالِحًا فِيمَا تَرَكْتُ كَلَّا إِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَائِلُهَا وَمِنْ وَرَائِهِمْ بَرْزَخٌ إِلَىٰ يَوْمِ يُبْعَثُونَ ۝

وہ اپنی بداعمالیوں کو دیکھ کر واپس لوٹنے کے آرزومند ہونگے۔ مگر اُنکے پیچھے علم برزخ ہے جو یوم النشور تک ہے اور وہ واپس نہیں لوٹائے جا سکتے۔ اور ۸۴ : ۱۹ وَالْقَمَرِ إِذَا اتَّسَقَ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ۝ یہ کہ انسان کو منزل بمنزل آگے بڑھنا ہے واضح طور پر بیان کر دیا گیا ہے۔

۵۶ : ۵۹-۶۱ - نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوقِينَ ۝ عَلَىٰ أَنْ نُبَدِّلَ أَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِي مَا لَا تَعْلَمُونَ ۔ یہ بھی دیگر اشکال اور دیگر مراتب پہنچنے کو واضح کرتے ہیں۔

(۳) ان کی یہ محدودیت اس کے لئے کوئی کسی قسم کا بدقسمتی کا سامان نہیں بلکہ یہی انفرادیت اس کو ابدی نعمت عطا کی گئی۔ جو اس سے کبھی سلب نہیں کی جائے گی۔

إِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ إِلَّا آتِي الرَّحْمَٰنِ عَبْدًا ۝ لَقَدْ أَحْصَاهُمْ وَعَدَّهُمْ ۝ وَكُلُّهُمْ آتِيهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَرْدًا ۝

خدا کے حضور میں ہم اس انفرادیت کو لے کر پہنچیں گے۔ صرف اس میں اہم ترین مقام کے سمجھ لینے سے اسلامی نجات کے تصور کو ہم سمجھ سکتے ہیں۔ انسانی روح اپنی ذات میں قائم رہتے ہوئے اس کے حضور اپنے مستقبل کا فیصلہ سننے جائے گی۔

۱۷ : ۱۳، ۱۴ - وَكُلَّ إِنْسَانٍ أَلْزَمْنَاهُ طَائِرَهُ فِي عُنُقِهِ وَنُخْرِجُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كِتَابًا يَلْقَاهُ مَنْشُورًا ۝ اقْرَأْ كِتَابَكَ كَفَىٰ بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيبًا

یوم النشور اس کے سوائے کچھ نہیں کہ روح کو اپنے مستقبل کا پتہ چلانا ہے۔ یہ ایک عیار ہے کسوٹی ہے۔ جس پر وہ اپنی حیات کے امکانی پہلوؤں کا اندازہ کرے گی۔ خواہ اس پر کیا گزرے۔ خداوندی فیصلہ اسے عذاب میں گرفتار کرے یا ثواب میں انسانی روح کی علو مرتبی اس سے ظاہر ہے کہ اس کے لئے قائم رہنا لازم ہو چکا ہے۔ اس پر جو کچھ بھی گزرے گا۔ اس سے مقصود صرف یہ ہو گا کہ وہ اور زیادہ مستحکم اور صاحب قدرت ہوتی چلی جائے۔ اسلام کا عالمگیر موت کا تصور بھی بالکل الگ ہے۔ نفخ صور سے جب سب مر جائیں گے۔ تو اس وقت بھی روح کی خودی کو فنا نہیں۔

۳۹ : ۶۸ - وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ

اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ نُفِخَ فِیْهِ اُخْرٰی فَاِذَا هُمْ قِیَامٌ یَّنْظُرُوْنَ ۝

یہ برگزیدہ سعید روحیں ہیں۔ جن پر نفخ صور بھی کوئی اثر نہیں کر سکے گی۔ رسول پاک کے متعلق خود تشریح کی جاتی ہے۔ کہ میرے حضور اُن کی آنکھوں میں کوئی چکاچوند پیدا نہیں ہوتی۔

۵۳ : ۱۷۔ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی ۝ لَقَدْ رَاٰی مِنْ اٰیٰتِ رَبِّهِ الْکُبْرٰی ۝

انسانیت کے کمال کا یہ اسلامی معیار ہے۔ اور شاعر نے اِن نہایت حسین الفاظ میں بیان کیا ہے۔ ؎

موسیٰ زہوش رفت بیک جلوۂ صفات
تو عین ذات می نگری در تبسمی

ہمہ اوست کے داعین کو اسے باور کرنے میں بہت دقت پیش آتی ہے۔ مگر اسے سمجھنے کیلئے وہ جتنی بھی مشکلات پیش کرتے ہیں۔ محض قیاسی بنیادوں پر استوار ہیں۔ محدود اور غیر محدود کیسے باہم ایک ہی جگہ میں سما سکتے ہیں۔ ہم یہ کیسے کہہ سکتے ہیں۔ کہ ایک لامحدود بھی موجود ہے اور اُسکی موجودگی میں ایک محدود انسان بھی یا کائنات کی کوئی اور مخلوق بھی اِس عقدہ کو وہ اِس طرح حل کرتے ہیں کہ ہمیں جو کچھ نظر آتا ہے یہ سب کچھ خدا ہے۔ یہ الجھن انہوں نے محض لامحدودیت کی غلط تفہیم سے پیدا کرنی ہے اِس سے مراد کسی اقلیدسی وسعت کی لامحدودیت نہیں جو کائنات کے طول وعرض میں کھینچی تنی ہو۔ اُس کی موجودگی میں تو یقیناً کسی اور محدود چیز کا تصور تک بھی نہیں کیا جا سکتا۔ بلکہ اُس سے مراد عمق اور ژرف کی وسعت ہے۔ قوت اختیار کی وسعت ہے بطش اور غلبہ کی وسعت یا علم کی وسعت نے اِس ایک اصول سمجھ لینے سے ہم اِس نکتہ کو سمجھ لیتے ہیں کہ گو ہم لامحدود کے قبضہ واختیار سے باہر نہیں مگر جداگانہ ہستی کے مالک ہیں مثلاً یوں تو مادہ کی اقلیدی وسعت نے مجھے گھیرا ہوا ہے۔ میرے جسم کے رونگٹے رونگٹے کا خمیر مادہ ہے اور میں بقائے حیات

کہ گوئیں زمینی تعلقات کا دست نگر ہوں مگر میری حقیقت و اصلیت کو مادہ سے کوئی تعلق نہیں اپنی غلبہ قدرت کے لحاظ سے میری حیثیت یہ ہے کہ مادہ میرا حریف مقابل ہے اور حریف بھی ایسا جو بہت کمزور ہو ان تین مہمات کے واضح ہو جانے پر کوئی اور دقیقہ باقی نہیں رہ جاتا اب یہ انسان پر چھوڑ دیا گیا ہے کہ وہ مادہ سے نکل کر اس کائنات کے گل و کیچ سے نکل کر اس دنیا کے مغز کی حیثیت اختیار کرے۔

۷۵: ۳۶-۴۰۔ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ؕ اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ۙ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ۙ فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ؕ اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰۤى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ۔ جس خودی کی تعمیر میں قرنہا گئے بیت جائیں اسے یوں موت کے ہاتھوں ضائع نہیں کیا جائے گا۔ انسان کا فرض ہے کہ تعمیر عالم بنے بقاء حاصل کرے۔ اس کا طریقہ صرف یہ ہے کہ افعال و کردار تقدس حاصل کیا جائے ۶۷: ۲ الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۙ بدکردار سے یہ گھٹتی ہے اس عالم میں دو ہی طرح کے افعال ہیں۔

(ا) وہ جو خودی کو مستحکم کریں اور ان کا اصول صرف یہ ہے کہ اپنی اور اپنے ہمسائے کی خودی کی حفاظت کرو۔

(ب) وہ جو اسے پریشان کریں۔

موت اس کا پہلا امتحان ہے اس جسد عنصری میں فتور ماحول کی تبدیلی یہ وہ ضرب ہے جو روح کے ارضی سر و سامان کو برباد کر دیتی ہے یہ اس کے انتہائی انتشار و پریشانی کا موقع ہے۔ قائم اور مستحکم ارواح جو اس سے محفوظ و مصئون نکلیں انہیں عالم برزخ سے گذرنا ہے جس میں صوفیا کے مکاشفات بیان کرتے ہیں کہ زمان و مکان کی قیود یہاں سے بالکل مختلف ہیں۔

ہم ہوممنز پہلا شخص ہے جس نے معلوم کیا کہ نصوص بدن پر خارجی اثرات ایک عرصہ تحریک کرتے رہتے ہیں جب جا کر دماغ میں شعور یا احساس پیدا ہوتا ہے۔ یہ صحیح ہے تو ثابت ہوا کہ

ہمارے موجودہ جسمانی نظام ہی نے اِس عالم کو یہ شکل دے رکھی ہے جو ہمیں نظر آرہی ہے۔ اور اگر یہی متبدل ہوجائے تو آج اِس زمان و مکان کا رنگ دوسرا نظر آئے۔ برزخ کے کلّی طور پہ بدلے ہوئے احساسات سے ہم بالکل نابلد نہیں۔ روح ان سے غیر آشنا نہیں برزخ کے انتشار میں روح پھر استحکام کی طرف سفر کرتی ہے۔ اِس طرح یہ یہ واضح ہوا کہ حیات بعد الممات کوئی بیرونی عمل نہیں بلکہ روح کا اندرونی فعل ہے اس لئے قرآن معاد کا حیات اولیٰ سے استنباط کرتا ہے۔ ۵۶: ۶۲۔ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْأَةَ الْأُولَىٰ فَلَوْلَا تَذَكَّرُونَ ۵ قرآن کا اس طرف اشارہ کرنا کہ انسان پیدا کس طرح ہوا ہے علمائے فکر کے سامنے ایک دوسری راہ کھولتا ہے۔ جاحظ متوفی ۲۵۵ھ نے سب سے پہلے ہماری توجہ کو ادھر مبذول کیا اور بتایا کہ حیوانات میں اپنا ماحول تبدیل کر لینے سے کیا کیا تبدیلیاں پیدا ہوجاتی ہیں۔ مجلس اخوان الصفا نے اِن مقدمات کو بہت دور تک وسعت دی۔ ابن مسکویہ متوفیہ ۴۲۱ھ نے سب سے قبل انسان کے پیرایۂ آغاز کے متعلق نظریہ پیش کیا عہد حاضر اُس پر کچھ زیادہ نہ کرسکا۔ رومی کو یہ بالکل قرآن کی تعلیمی روح کے مطابق نظر آیا کہ وہ انسان ابدیت کو بالکل علم الحیات کا مسئلہ بنا دیں۔ اب یہ ایک مابعد الطبیعات کا مسئلہ نہیں رہا جسے علما محض قیاس و تفلسف سے سلجھائیں اور اِس ڈارون کے مسئلہ ارتقا نے عصر حاضر میں سکون و لطف کی بجائے یاس پیدا کر دی ہے وہ بتاتا ہے کہ جسم و دماغ کی ساخت کے لحاظ انسان ارتقائے کائنات کی آخری کڑی ہے اور اب جو موت آتی ہے تو وہ صناعی کے اِس آخری کمال اور معراج کو برباد کر کے رکھ دیتی ہے۔ دیکھو یہ انجام کتنا حسرت ناک ہے مگر رومی اِس سے بہت آگے چلتا ہے۔

آمده اوّل به اقلیم جماد	وز جمادی در نباتی اوفتاد
سالها اندر نباتی عمر کرد	وز جمادی یاد ناورد از نبرد
وز نباتی چوں به حیوانی فتاد	نامدش حال نباتی هیچ یاد

ایک اور نکتہ جس نے علماء اسلام کو دقف افتراق کر رکھا ہے وہ یہ ہے کہ حیات ثانیہ کس جسم میں ہوگی۔ اُن کی غالب تعداد جس میں شاہ ولی اللہ معلوم دینیہ میں فرد ہیں بھی شامل ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ روح کے لئے جسم کا ہونا لازم ہے اور اُسے نئے ماحول کے مطابق جسم عطا ہوگا۔ یہ اس لئے کہ ماحول کی نسبت کے بغیر روح کا احساس ناممکن ہے۔ اُسکے احساس کے لئے اِس پس منظر کی اشد ضرورت ہے۔ قرآن اسے اس طرح واضح کرتا ہے

ءَ اِذَا مِتْنَا وَ كُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌ بَعِيدٌ ۝ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَ عِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيظٌ ۝ ۵۰ : ۳، ۴ -

مفید کتابیں

کتاب	قیمت
نقشِ وفا: مرد و عورت کے لئے بہترین راہِ عمل	۶ر
محمدؐ اور عورت ذات	۳ر
اظہارِ حق: تفسیر سورۃ والتین	۶ر
ہمارے اعمال اور انکی قدر و قیمت	۳ر
الناموس المفصل: تفسیر سورۂ مزمل	۴ر
نور الحق: تفسیر سورۂ علق	۳ر
اصل الاصول: اہلِ حدیث و اہلِ قرآن کے مناظرہ پر محاکمہ	۶ر
سمجھ اچھی کہ بے سمجھی	۱ر
ارشادات القرآن	۴ر
تندرستی ہزار نعمت	۵ر
الاحسان: تصوف کا بیان	۸ر
لالۂ صحرا (نظم) از منیر ایم اے	۳ر
جبرائیل و ابلیس " "	۴ر
اتاترک	۴ر
شانِ اردو	۶ر

کتاب	قیمت
نماز بلادِ اسلامیہ میں	۳ر
سیرِ دلبراں: قابل دید	۳ر
مقبول بے حجابی	۱ر
قواعد عربی حصہ اول۔ علم صرف	۱۲ر
عروسِ غربت: ایم۔ ایم۔ اسلم	عہ ۴ر
بقائے دوام: " " "	عہ
انتقام: " " "	۳ر
پیمانِ وفا: " " "	۵ر
خطِ تقدیر: " " "	۶ر
عزازل: " " "	۱۰ر
ساربان: " " "	۴ر
چار سہیلیاں: " " "	عہ
بڑی بی " " "	۱۲ر
نورِ ہدایت	۴ر
دریائے وحدت: قرآن شریف کی آیات اور گرنتھ کے شبدوں کی یکرنگی	عہ ۲ر
الفوز الکبیر: الفتح الخبیر فارسی	۸ر

ملنے کا پتہ: منیجر کتب خانہ انجمن اشاعت اسلام - دار القرآن جالندھر شہر

استاد کی امداد کے بغیر
عربی سکھا دینے والی کتابیں

کتاب	قیمت	کتاب	قیمت
معلم العربیہ	عہ	خزینۃ العلوم حصہ اول مجلد	عہ ۴ر
مدرس العربیہ	عہ ۸ر	لغات القرآن	۱۰
عربی ٹیچر	عہ	" " عزیزی	عہ ۴ر
عربی کا معلم جدید حصہ اول	۱۴ر	مصباح " "	عہ ۸ر
" " دوم	۱۴ر	عربی بول چال حصہ اول	ر
کلید " " اول	۵ر	" " دوم	ر
" " " دوم	۵ر	کتاب الصرف	۱۴ر
کلام عربی حصہ اول	۱۰ر	کتاب النحو	۱۰ر
" " دوم	۱۰ر	قوانین عربی	۱۲ر
ترجمان القرآن جلد اول، دوم، سوم،		اردو عربی ترجمہ	عہ ۸ر
چہارم، پنجم، ششم فی جلد	عہ	الصحیفۃ الاولیٰ	
" جلد ۲۹ و ۳۰	عہ	" الثانیہ	ہر حصہ
ہدایت العربیہ	ع	" الثانیہ	ر حصہ
اساس عربی	ع	" الرابعہ	عہ ۸ر
اللغات والامثال	ع	الدروس العربیہ حصہ اول	عہ ۸ر

ملنے کا پتہ ... مکتبہ علم ... الذات جالندھر شہر

رجسٹرڈ ایل نمبر ۲۵۵۵

پیامِ اسلام

جالندھر شہر

تعلیمی صحیفہ

نومبر ۱۹۴۶ء

مدیر : محمد احمد خاں ذاکر

قواعد

۱۔ رسالہ ہر انگریزی مہینے کے پہلے ہفتے میں شائع ہوتا ہے۔

۲۔ رسالہ نہ پہنچنے کی اطلاع اسی مہینے کی بیسویں تاریخ تک دفتر میں پہنچ جانی چاہیے، ورنہ رسالہ، بشرطِ موجودگی قیمت پر ملیگا۔

۳۔ چندہ سالانہ ۳ ؎ ۔ فی پرچہ ۴ ر

۴۔ اشتہارات کی اُجرت کا تصفیہ منیجر سے بذریعہ خط و کتابت کرنا چاہیے۔

جنرل برقی پریس ریلوے روڈ جالندھر شہر میں چھپکر
باہتمام محمد احمد خاں ذاکر پرنٹر پبلشر " دار القرآن " سے شائع ہوا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اسلام

پندرہ روزہ جالندھر شہر

جلد ۱۷ | نومبر ۱۹۴۶ء - ذی الحجہ ۱۳۶۵ھ | نمبر ۱۰

المفردات فی غریب القرآن

للراغب الاصفہانی

(متسلسل)

اَبٌّ

قَوْلُهٗ تَعَالیٰ : وَ فَاکِهَةً وَّ اَبًّا -

اَبٌّ ایسی چراگاہ کو کہتے ہیں جو چرائی اور کٹائی کے لئے تیار ہو چکی ہو، مِنْ قولھم:

اَبَّ لِکَذَا : تَهَیَّأَ : وہ اس کام پر آمادہ ہوا، اَبًّا و اِبَابَةً و اَبَابًا -

اَبَّ اِلیٰ وَطَنِہٖ : اِذَا نَزَعَ اِلیٰ وَطَنِہٖ نُزُوْعًا تَهَیُّأً

لِفَصْلِہٖ : اپنے وطن پہنچنے کا اتنا آرزو مند ہوا کہ اس کے قصد پر آمادہ ہو گیا۔
اَبَّ لِسَیْفِہٖ : تَھَیَّأَ لِسَلِّہٖ : اپنی تلوار کھینچنے کو طیار ہو گیا۔
اِبَّانُ ذٰلِكَ بروزن فِعلان : وَهُوَ الزَّمَانُ الْمُھَیَّأُ لِفِعْلِہٖ وَ مَجِیْئِہٖ : اس کے کرنے اور اس کے آنے کا موسم یا ٹھیک وقت۔

اَبد

قال تعالیٰ : خٰلِدِیْنَ فِیْھَا اَبَدًا : رہ رہے ہیں ان میں ہمیشہ کے لئے۔

اَبَد زمانے کی اس مدت دراز سے ہے جس کے زمانے کی طرح حصے نہ ہو سکیں۔ چنانچہ زَمَانُ کَذَا تو کہا جاتا ہے پر اَبَدُ کَذَا نہیں کہا جاتا۔ اور حق یہی ہے کہ اس کو جمع اور تثنیہ نہ لایا جائے۔ اس لئے کہ کسی دوسرے ابد کا حصول متصور ہی نہیں کہ اس کو اس کے ساتھ جوڑ کر مثنیٰ بنایا جا سکے۔ مگر کہا جاتا ہے آبادٌ۔ یہ اُن بعض چیزوں میں جن کو وہ کئے ہوئے ہے اس کی تخصیص کے اعتبار سے ہوتا ہے، جیسے اسم جنس کی تخصیص اپنے بعض میں۔ پھر اس کو تثنیہ اور جمع لایا جاتا ہے۔ گو کہ بعض لوگوں نے ذکر کیا ہے کہ آباد مُوَلَّدٌ (معرب) عربی اصل کا لفظ نہیں، اور عرب العرباء کے کلام میں نہیں آیا ہے۔ اور کہا گیا ہے :

اَبَدٌ اَبِدٌ وَ اَبِیْدٌ، یعنی دائم۔ ہمیشہ ہمیں اور بطور تاکید ہے۔
وَ تَاَبَّدَ الشَّیْءُ بَقِیَ اَبَدًا : چیز ہمیشہ رہی۔ اس سے اس شے کو تعبیر کیا جاتا ہے جو مدت مدید تک باقی رہے۔
اَلْاٰبِدَۃُ : اَلْبَقَرَۃُ الْوَحْشِیَّۃُ : سراگائے۔ نیل گاؤ۔
اَلْاَوَابِدُ الْوَحْشِیُّ : جنگلی جانور۔

تَأَبَّدَ الْبَعِيْرُ : تَوَحَّشَ : اونٹ وحشی ہوا، فَصَارَ کالاوابد پس جنگلی جانوروں کی مانند ہو گیا۔

تَأَبَّدَ وَجْہُ فُلَانٍ : تَوَحَّشَ : اس کے چہرے پر وحشت برس گئی و اَبَدَ کَذٰلِکَ اور اَبَدَ بھی تَأَبَّدَ کی مانند ہے۔ کبھی غضب کے معنی میں بھی آیا ہے۔

اَبَقَ

فرمایا اللہ تعالیٰ نے: اَبَقَ اِلَی الْفُلْکِ الْمَشْحُوْنِ : وہ لدی ہوئی کشتی کی طرف بھاگ کھڑا ہوا۔ کہا جاتا ہے:

اَبَقَ الْعَبْدُ، یَاْبِقُ اِبَاقًا و اَبِقَ یَاْبَقُ اِذا ھَرَبَ : غلام جب بھاگ نکلے تو کہا جاتا ہے اَبَقَ الْعَبْدُ : غلام بھاگ نکلا، وہ بھاگتا ہے بھاگ نکلنا۔

و عَبْدٌ آبِقٌ : بھگوڑا غلام اور جمع اس کی اُبَّاق ہے۔

تَاَبَّقَ الرَّجُلُ : تَشَبَّہَ بِہٖ فِی الْاِسْتِتَارِ : چھپنے میں اس کی مانند ہوا۔ قولِ شاعر :-

قَدْ اُحْکِمَتْ حَکَمَاتِ الْقِدِّ وَ الْاَبَقَا : تسمے اور موٹے رسے کی لگامیں کس دی گئیں اور کہا گیا ہے کہ وہ قِنَّب ہے۔

اِبِل

اِبِلٌ : اونٹوں کا گلہ۔ قال اللہ تعالیٰ :

مِنَ الاِبِلِ اثْنَیْنِ : اونٹوں میں سے دو۔

اور اِبِل کا لفظ بہت سے اونٹوں پر واقع ہوتا ہے۔ اس کا کوئی واحد نہیں ہے، اور کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اس قول میں کہ

اَفَلَا یَنْظُرُوْنَ اِلَی الْاِبِلِ کَیْفَ خُلِقَتْ (پھر کیا وہ اِبِل (اونٹوں) کو نہیں دیکھتے کہ کیسے بنائے گئے ہیں)، اِبِل سے مراد بادل ہیں، اور اگر یہ درست ہو تو اس کی درستی سَحَاب (بادل) کو اِبِل (اونٹوں) سے، اور اس کے حالات کو ان کے حالات سے تشبیہ دینے کے طور پر ہوگی۔ و

اَبَلَ الْوَحْشِیُّ یَاْبُلُ اُبُوْلًا وَ اَبَلَ اَبْلًا : جنگلی جانور پانی سے باز رہا، اونٹوں کی ان کے پانی سے صبر کرنے میں ریس کرتے ہوئے، اور اسی طرح ہے

تَاَبَّلَ الرَّجُلُ عَنِ امْرَاَتِہٖ جب وہ اس سے مقاربت ترک کرے: مرد نے اپنی زن سے صبر کر لیا۔

اَبِلَ الرَّجُلُ : مرد کے اونٹ بہت ہو گئے۔ و

فُلَانٌ لَا یَاْبُلُ : یعنی فلاں شخص (جب) اونٹ (پر) سوار ہوتا ہے تو اس پر جم کر نہیں بیٹھ سکتا۔ و

رَجُلٌ آبِلٌ وَ اَبِلٌ : اپنے اونٹوں کی اچھی نگہداشت رکھنے والا مرد۔

اِبِلٌ مُؤَبَّلَةٌ : مَجْمُوْعَةٌ : اکٹھے کئے ہوئے اونٹ۔

اَلْاِبَالَةُ : حِزْمَةٌ مِنَ الْحَطَبِ تَشْبِیْھًا بِہٖ : لکڑیوں کا گٹھا

اور قولہ تعالیٰ :

وَ اَرْسَلَ عَلَیْھِمْ طَیْرًا اَبَابِیْلَ ای مُتَفَرِّقَةً کَقِطَعَاتِ اِبِلٍ : یعنی اونٹوں کے ریوڑوں کی طرح الگ الگ؛ اور اُن پر جھنڈ کے جھنڈ پرندے بھیجے۔ واحد اس کا اَبِیْلٌ ہے۔

الضَّحَايَا

زينب وَعبد الملك

ابتعدت السفينة خلسة عن الشواطئ المصرية، يسترها الظلام الحالك، و مخرت المياه متجهة الى عرض البحر، حاملة مستقبل فرنسا و آمال نابوليون بونابرت.

نادى القائد ربان السفينة و قال له:

— لقد وضعت حياتى و مستقبل فرنسا بين يديك، فاما أن تنسلّ بسفينتك بين مراكب الانجليز التى تجوب البحار فى طلبنا، لكى تقطع علينا خط الرّجعة إلى بلادنا، فتقدّم للوطن خدمة يسجلها لك التاريخ على صفحاته. و إما أن تقع بين أيديهم، فتقضى علينا و على الوطن معاً!

فبسط الرّبان ذراعه مقسما و قال:

— سأفلت منهم يا جنرال، أقسم لك بشرفى و أولادى!

ــ شكرًا لك !

و صافحه بونابرت ، ثم اتكأ على حاجز السفينة،
. شخص ببصره إلى النجم الساطع فى الفضاء
للانهائى ، ذلك النجم الذى كان الفاتح يسميه
بمه ، و الذى اتخذه رمزًا لأمانيه و مطامعه!

⁂ ⁂ ⁂

مرت ثلاثة ايام و السفينة تفلت كل يوم
بأعجوبة من المراكب الانجليزية ، فنادى القائد
.يان السفينة ثانية ، فى صباح اليوم الرابع ، و
هنأه على براعته و مهارته ، و أكد له من
جديد أنه يثق به و يضع حياته بين يديه.

و بينما بونابرت يخاطب الربان ، إذا ضجة
نتصاعد من جوف السفينة ، فانتفض القائد و
سأل ما الخبر؟ و أسرع الربان إلى مصدر
الجلبة ، ثم عاد يحيط به بحارة السفينة ، و
معهم شاب غريب ، أوثقت يداه وراء ظهره ، والدم
يسيل بغزارة من جرح فى خده الايمن .

و خاطب الربان القائد العام قائلاً :

ــ سيدى الجنرال . قبض البحارة على هذا
الرجل متلبسًا بجريمة شنعاء . فقد وثب على
الجندى "فورتين" من رجال الحرس ، و طعنه بخنجره

أربع طعنات فى صدره و كتفه ، فسقط المسكين صريعًا ، و أسرع الحارة إلى الاحاطة بالمجرم الاثيم ، الذى حاول أن يقاوم مهددًا بالقتل كل من يقترب منه . لكنهم تمكنوا من انتزاع الخنجر من يده ، فأصيب بجرح فى خده أثناء العراك ، و أظنه لا يفهم لغتنا ، و يتكلم العربية فقط .

اقترب القائد من الشاب الذى كان هادئًا ساكتًا ، كمن يشعر بارتياح و طمانينة ، بعد القيام بعمل كان يظنه واجبًا عليه ، و خاطبه بالفرنسية فلم يجب ، فأمر بونابرت باحضار مترجم من رجال الحاشية ، ليعلم حقيقة الامر ، و ليكشف الستار عن سر ذلك القاتل الغريب .

⁘ ⁘ ⁘

جاء المترجم و ألقى أسئلته على الرجل ، فلم يمانع فى الاجابة :

— ما اسمك ؟

— عبد الملك شهيب .

— من أى بلاد أنت ؟

— من مدينة غزة لكننى استوطنت القاهرة منذ أربع سنوات .

ــ وما جاء بك إلى هنا؟
ــ الأخذ بالثأر!
ــ ممن؟
ــ من النذل الذى قتلته!
ــ و هل أساء إليك هذا الرجل؟
ــ لو لم يسیء الیّ لما تعقبته حتى قتلته!
ــ و ماذا فعل؟

فسكت الرجل و اعترته رعشة شديدة. ثم نظر إلى الارض و اغرورقت عيناه بالدّموع. لكن بونابرت أشار الى المترجم بالاستمرار فى السؤال:

ــ قل لنا ماذا فعل ذلك الجندى حتى استبحت لنفسك حقّ الاقتصاص منه؟

فرفع الرجل رأسه، و نظر إلى من كانوا يحيطون به من قوّاد و جنود، فقرأ على وجوههم ما تضمره له قلوبهم من شرّ و بغض و كره، ثم ارتسمت على شفتيه ابتسامة مرّة و قال:

ــ لو ارتكب رجل منا نحو أحدكم جريمة كالتى ارتكبها ذلك اللعين نحوى، لا نتقمتم لابن وطنكم من البلاد كلها، و لأمطرتم علينا وابل رصاصكم

و قنابلكم، أو أعملتم فينا السيوف و الرماح، و استبحتم لأنفسكم انتقاماً أروع من الانتقام الذى نفذته فى غريمي! إنى عالم بمصيرى الذى ينتظرنى، و لكن لا بدّ لى قبل أن أموت من صبّ لعناتى على هؤلاء الأقوام....

فقاطعه المترجم ساخطاً:

— لا تسترسل فى غضبك يا رجل، و اكتف بذكر الدواعى التى دفعتك الى القتل.

— حسنًا..... كنت أسكن منزلًا صغيرًا، على مقربة من تلّ العقارب فى مصر، مع اختى، و هى أصغر منى سنًا. و كنت أتغيب فى النهار، و أعود إلى البيت بعد صلوٰة الغروب. ففى ذات ليلة عدت الىٰ منزلى، فوجدت فيه الجندى الذى قتلته..... و لا تسئل عن الجرم الذى اقترفه..... فأنه فى نظر ابناء قومى، أفظع جرم يرتكبه إنسان..... يا ليته ترك أختى جثة هامدة..... لكنت إذن طرحتها على قمة التل طعمة للجوارح، بدلًا من الاحتفاظ بها ملطخة بالعار، مدنسة بملامسة ذلك الحيوان النجس! .. نعم..... حاولت أن أقبض على عنقه، و اقتصّ منه فى ذلك المساء المشئوم.!. لكن

الجبان فرّ هاربًا ، و أفلت من يدى .

ــ و كيف علمت بمقرّه بعد ذلك ؟

ــ تركت أعمالى ، و وقفت نفسى منذ ذلك اليوم مراقبًا للجنود فى روحاتهم و غدواتهم ، و أقسمت أمام الله و أمام أختى أن أنتقم من الفاسق الأثيم ، و لو بذلت حياتى فى سبيل ذلك الانتقام . ! . أما طريق الوصول إليه ، و صعودى خفية إلى هذه السفينة ، فهذا ما لا شأن لكم به .... لقد تمّ لى ما أردتُ ، فأخذت بثأرى ، و غسلت بدم المجرم العار الذى ألحقه بى و بأسرتى . ! . و الآن ليفعل بى قائدكم ما يريد ، فلا يهمنى شىء ، وَلَا أطلب منكم رحمة و لا شفقة ...... القاتل يقتل ...... لا أجهل ذلك .... وحياتى بين أيديكم ، فهى لكم .... خذوها إذا شئتم !

⁂ ⁂ ⁂

فى صباح يوم الأربعاء ١٨ يونيو سنة ١٨٠٠ ، أى فى التاسع و العشرين من شهر بريريال سنة ٨ للجمهوريه الفرنسية ــ الموافق للسادس و العشرين من شهر محرم سنة ١٢١٥ هجرية ،

أعدم عبد الملك شعيب ، رميًا بالرصاص ، في ثغر طولون الفرنسي ، بتهمة القتل بتعمد . . .
. . . و في نفس ذلك اليوم ، نفذ حكم الاعدام في كل من سليمان الحلبي ، قاتل الجنرال كليبر ، قائد القوات الفرنسية في مصر ، و شركائه في التآمر على اغتيال ذلك القائد ، و هم : عبد القادر الغزي ، و محمد الغزي ، وعبدالله الغزي ، و السيد احمد الوالي .

و لم يكن المتهم الأخير — السيد احمد الوالي — إلا ابن خال الشاب عبد الملك شعيب . فكان الأقدار شاءت أن يعدم الاثنان في يوم واحد ، و أن تكون التهمة الموجهة إليهما واحدة ، و أن ينفذ الحكم في السيد احمد الوالي في تل العقارب . . .

فهناك فوق ذلك التل المشرف على منزل عبد الملك و أخته المسكينة ، سقط رأس احمد الوالي تحت سيف الجلاد ، و هناك أحرقت جثته ، بينما كان ابن عمته عبدالملك يعدم رميًا بالرصاص ، في مدينة طولون . . . .

✣ ✣ ✣

و ظلت زينب — أخت عبدالملك وفريسة

الجندی فورتین — مقیمة فی ذلك المنزل الملعون تندب حظها، و تذرف الدموع السخینة علی مقتل ابن خالها، و تعلل النفس بلقاء أخیها عائدًا من رحلته، حاملاً إلیها خبر انتقامه من مغتصب عفافها و سالب شرفها:

انتظرت طویلاً و لم یعد ذلك الأخ المحبوب فتسرّب القنوط إلی نفسها، و فكّرت فی الانتحار تخلصًا من حیاتها التعسة.

و بینما هی علی هذه الحالة تتقاذفها الهواجس و الشجون، ینعشها الأمل تارة، و یستولی علیها الیأس طورًا، إذا بجندی فرنسی یقترب من المنزل، و بصحبته ثلاثة رجال عرفت بینهم زینب الشیخ سلیمان الفیومی صدیق اخیها عبد الملك.

خفق قلب الفتاة و شعرت أن القادمین یحملون إلیها خبرًا، فأسرعت إلیهم، و سألت الرجل الذی عرفت فیه صدیق أخیها:

— عمن تبحثون؟

— عنك یا زینب ....

— ما وراءكم؟

— ان هذا الجندی مكلف بإبلاغك خبرًا

مؤلمًا... أن أخاك....

— عبد الملك... ؟

— عبد الملك..... أعدم فى فرنسا !

فصرخت الفتاة صرخة منفجعة، و سقطت على الأرض مغشيًا عليها....

* * *

و بعد يومين، عثروا فى تل العقارب، و فى نفس المكان الذى أحرق فيه احمد الوالى، على جثة فتاة ملقاة فى بقعة من الدم المتجمد. و تبين من التحقيق أنها قطعت عرقًا فى مقدمة ذراعها، فسالت دماءها، و فاضت روحها....

و دفنت زينب فى ذلك المنزل، الذى شهد عارها، و ردّدت جدرانه صدى زفراتها، و ضمت أرضه رفاتها !

ترجمہ

قربانی

زینب اور عبدالملک

مناسب موقع کو تاک کر جہاز مصری کناروں سے دور ہو گیا، گھٹا ٹوپ ظلمتوں نے اسے اپنی آغوش میں لے لیا، اور وہ فرانس کے مستقبل اور نپولین بوناپارٹ کی آرزوؤں کو اٹھائے موجوں کو چیرتا ہوا سمندر کے وسط کی طرف بڑھا۔

کمانڈر انچیف نے جہاز کے کپتان کو پکار کہا :

— میں اپنی زندگی اور فرانس کے مستقبل کو تمہارے سپرد کرتا ہوں ، یا تو تم اپنے جہاز کو ان فرنگی جہازوں سے بچا کر لے جاؤ جو ہماری تلاش میں سمندروں کے چکر کاٹتے رہتے ہیں تاکہ وہ ہم پر ہمارے ملک کو لوٹنے کا راستہ بند کر دیں ، اگر تم نے ایسا کیا تو تم وطن کی ایسی خدمت بجا لاؤ گے جسے تاریخ تمہارے لئے اپنے صفحات میں درج کریگی ۔ اور یا تم اُن کے ہاتھوں میں پڑ جاؤ تاکہ ہمارا اور وطن کا یکلخت قصہ ہی پاک ہو جائے !

کپتان نے حلف اٹھاتے ہوئے اپنے دونوں بازو پھیلا کر کہا :

— جنرل ! میں تمہارے لئے اپنے شرف و مجد اور اپنی اولاد کی قسم کھاتا ہوں کہ میں اُن سے بچ کر نکل جاؤنگا !

— شکریہ ۔ !

بونا پارٹ نے اس سے ہاتھ ملایا ، پھر جہاز کے جنگلے سے ٹیکہ لگایا ، اور لانہایت فضا آسمانی میں چمکتے ہوئے ستارے کی طرف ٹکٹکی لگا لی ۔ یہ وہی ستارہ ہے جسے یہ فاتح اپنا ستارہ کہا کرتا ، اور جسے اس نے اپنی آرزوؤں اور مقصدوں کی علامت قرار دے رکھا تھا !

* * *

تین دن گذر گئے اور جہاز ہر روز ایک نادر اور عجیب طریقہ سے فرنگی جہازوں سے بچ کر نکلتا رہا ، کمانڈر انچیف نے چوتھے دن کی صبح کو دوبارہ جہاز کے کپتان کو بلایا ، اور اسے اس کی لیاقت و مہارت پر مبارکباد دی اور اسے دوبارہ تاکید کی کہ اس کو اُس پر پورا پورا اعتماد ہے ، اور اس نے اپنی زندگی اس کے سپرد کر دی ہے ۔

بونا پارٹ ابھی اس کپتان سے مخاطب ہی تھا کہ دفعۃً جہاز کے وسط سے شور و غل کی آوازیں بلند ہوئیں ۔ کمانڈر نے چونک کر دریافت کیا : یہ کیا ماجرا ہے ؟ کپتان [illegible] کی جگہ پر گیا ، پھر جہاز کے ملاحوں کے جھرمٹ میں واپس لوٹا ۔ ان کے ہمراہ ایک [illegible]

جس کے دونوں ہاتھ اس کی پشت کے پیچھے بندھے ہوئے تھے، اور اس کی دائیں رخسار کے ایک زخم سے بکثرت خون بہ رہا تھا۔

کپتان نے کمانڈر انچیف کو یہ کہکر مخاطب کیا:

— جناب جنرل! ملاحوں نے اس شخص کو ایک بدترین جرم کرتے پکڑا ہے۔ اس نے محافظ دستہ کے سپاہی "توزین" پر حملہ کیا، اور اپنے خنجر سے اس کے سینے اور کندھے پر چار زخم لگائے جن سے وہ بیچارا مر گیا، ملاحوں نے فوراً اس گنہگار مجرم کے گرد گھیرا ڈال لیا، پھر اس شخص کو جو اس کے قریب پھٹکتا، قتل کی دھمکی دیتا، لیکن وہ اس کے ہاتھ سے خنجر چھیننے میں کامیاب ہو گئے۔ اسی کشمکش میں اس کا رخسارہ زخمی ہو گیا۔ میرا خیال ہے کہ یہ ہماری زبان نہیں سمجھتا اور صرف عربی بولتا ہے۔

کمانڈر انچیف اس نوجوان کے قریب ہوا جو اس شخص کی طرح آرام و اطمینان سے تھا جو اپنے اس کام کو پورا کر کے آرام اور اطمینان محسوس کرتا ہے جسے وہ اپنے لئے ضروری اور لابدی خیال کرتا ہے۔ اس نے اسے فرانسیسی زبان میں مخاطب کیا، پر اس نے کوئی جواب نہ دیا۔ پھر بونا پارٹ نے اپنے خاص لوگوں میں سے ترجمان بلانے کا حکم دیا تاکہ وہ اس معاملہ کی تہ تک پہنچے، اور اس اجنبی کے راز ہائے سربستہ سے واقف ہو۔

\+ \+ \+

ترجمان آیا اور اس نے اس مرد سے اپنے چند سوال کئے تو اس جوان نے اس کے جواب دینے میں پس و پیش نہ کی:-

— تمہارا نام کیا ہے؟

— عبدالملک شہیب۔

— تم کس ملک کے باشندہ ہو؟

— میں شہر غزہ کا باشندہ تھا، مگر چار سال سے میں نے قاہرہ میں مستقل رہائش

اختیار کر لی ہے ۔

— تمہیں یہاں کونسی چیز لائی ؟

— انتقام ۔

— کس سے ؟

— اسی کمینے سے جسے میں نے قتل کیا ۔

— کیا اس نے تم سے کوئی برائی کی تھی ؟

— اگر مجھ سے کوئی برائی نہ کی ہوتی تو میں اس کا تعاقب کر کے اسے قتل نہ کر دیتا !

— اس نے کیا کیا ؟

— مرد خاموش ہو گیا ۔ اس پر بڑی سخت کپکپی طاری ہو گئی ۔ پھر اس نے زمین کی طرف دیکھا اور اس کی آنکھیں ڈبڈبا آئیں ، لیکن بونابرٹ نے ترجمان کو سوال کرتے رہنے کا اشارہ کیا

— ہمیں بتاؤ اس لشکری نے کیا کیا جس کی بنا پر تم نے اس سے بدلہ لینے کے حق کو درست سمجھا ؟

مرد نے اپنا سر اُٹھایا اور ان کپتانوں اور لشکریوں کی طرف جو اس کے ارد گرد جمع تھے نظر دوڑا کر اُس نے ان کے چہروں پر سے اُس برائی اور بغض و نفرت کو پڑھا ، جو اس کے لئے ان کے دلوں میں پوشیدہ تھی ، پھر اس کے لبوں پر ایک دفعہ تبسّم نمودار ہوا اور اس نے کہا :

— اگر ہمارا کوئی مرد تم میں کسی کے ساتھ ایسا جرم کرتا جیسا کہ اس لعین نے مجھ سے کیا ، تو تم اپنے فرزندِ وطن کا بدلہ سارے ملک سے لیتے ، ہم پر بموں اور گولیوں کا موسلا دھار مینہ برسا دیتے یا تلواروں اور نیزوں سے ہمیں متاثر کرتے ۔ تم اپنے لئے ایسے انتقام کو درست سمجھتے جو میرے اس انتقام سے بے حد خوفناک اور کہیں زیادہ بھیانک ہوتا جو میں نے اپنے مخالف سے لیا ہے ! میں اپنے اس ٹھکانے سے واقف ہوں جو میرا انتظار کرتا ہے ، لیکن اس سے پہلے

کہ میں مرجاؤں مجھ پر واجب ہے کہ ان قوموں پر اپنی لعنتوں اور ملامتوں کی بوچھاڑ کروں
ترجمان نے ناراض ہوکر اسے ٹوکا :
ـــ اے شخص اپنے غضب کو طول نہ دو ۔ صرف ان اسباب کا ہی ذکر کرو جنھوں نے تمہیں قتل پر برانگیختہ کیا ۔
ـــ بہت اچھا . . . . میں مصر میں تل عقارب کے قریب ، ایک چھوٹے سے . . . . مکان میں ، اپنی بہن کے ساتھ جو عمر میں مجھ سے چھوٹی ہے رہتا تھا ۔ میں دن بھر گھر سے باہر رہتا اور مغرب کی نماز کے بعد گھر آتا ، ایک رات میں اپنے گھر کو لوٹا ، تو میں نے اس میں اس لشکری کو دیکھا جسے میں نے قتل کیا . . . . . ۔ جس جرم کا یہ مرتکب ہوا ، اس کے متعلق مجھ سے کچھ نہ پوچھو . . . . کیونکہ وہ میری قوم کے فرزندوں کے نزدیک نہایت گھنونا اور بدترین جرم ہے کہ جس کا کوئی انسان مرتکب ہو سکتا ہے . . . . اے کاش وہ میری بہن کو ٹھنڈی ہوئی لاش بنا کر چھوڑ جاتا . . . . تو میں اس کو گوشت خور درندوں کی خوراک کے لیے ٹیلے کی چوٹی پر پھینک دیتا بعوض اس کے کہ میں اس نجس حیوان کے چھونے سے ناپاک اور ننگ و عار سے آلودگی کی حالت میں اس کی حفاظت کرتا ۔ ! ۔ ہاں . . . . میں نے اسے گردن سے پکڑ کر اسی منحوس شام کو اس سے انتقام لینا چاہا ۔ ! ۔ لیکن یہ بزدل میرے ہاتھ سے نکل کر فرار ہو گیا ۔
ـــ اس کے بعد تمہیں اس کے ٹھکانے کا کس طرح علم ہوا ؟
ـــ میں نے اپنا کاروبار چھوڑ دیا ، اور اس دن سے لیکر لشکروں کی صبح و شام کی آمد و رفت کی نگرانی کو اپنا شعار بنالیا ، میں نے اللہ اور اپنی بہن کے سامنے قسم کھالی کہ میں اس فاسق بدکار سے ضرور بدلہ لے کر رہوں گا ، اگرچہ اس انتقام کے عوض مجھے اپنی جان ہی کیوں نہ دینا پڑے ۔ ! ۔ باقی رہا اس تک پہنچنے اور پُراسرار طور پر جہاز پر چڑھنے کا طریقہ ، تو اس سے تمہارا کوئی مطلب نہیں . . . . ، میں نے جو چاہا تھا وہ پورا ہو گیا ، میں اپنا بدلہ لے چکا ۔ میرے نے

اس مجرم کے خون سے اس شرم و عار کو صاف کر دیا جو اس نے مجھے اور میرے خاندان کو پہنچائی!
اب تمہارا کمانڈر انچیف مجھ سے جو چاہے سلوک کرے، میں کسی شے سے بھی نہیں ڈرتا، اور نہ تم سے کسی قسم کے رحم اور شفقت کا خواستگار ہی ہوں ..... قاتل قتل کیا جاتا ہے ..
.... میں اس سے غافل نہیں .... میری زندگی تمہارے سامنے ہے، اور ہے بھی تمہارے لئے.... جب جی میں آئے لے لو!

۱۸ر جون ۱۸۰۰ء کو بدھ کی صبح یعنی جمہوریہ فرانسیسیہ کے آٹھویں سال ماہ بربریال کی انتیسویں تاریخ مطابق ۲۶ر محرم الحرام ۱۲۱۵ھ، عبدالملک کو فرانسیسی طوبون کی سرحد میں قتل عمد کی پاداش میں، گولی سے مار ڈالا -

عین اُسی دن سلیمان حلبی قاتلِ جنرل کلیبر (جو مصر میں فرانسیسی قوتوں کا قائد تھا) کو اور اس کے ان ساتھیوں کو جن کا اس قائد کو موت کے گھاٹ اتارنے میں ہاتھ تھا، موت کی سزا دی گئی، اور وہ یہ ہیں :- عبدالقادر الغزی، محمد الغزی، عبداللہ الغزی، اور سید احمد الوالی آخری ملزم کا اس سے سوا کوئی قصور نہ تھا کہ وہ نوجوان عبدالملک خُنہیب کے ماموں کا بیٹا ہے گویا کہ کارکنانِ قضا و قدر کو یہی منظور تھا کہ وہ دونوں ایک ہی دن دارِ فانی سے کوچ کریں اور ان کو پیش آنے والی خواہش بھی ایک ہی ہو، اور یہ بھی کہ سید احمد الوالی کو قتل عقارب ہی میں مارنے کا حکم دیا جائے ....

وہیں عبدالملک اور اس کی مسکین بہن کے گھر کے پاس والے بلند ٹیلے پر، احمد الوالی کا سر جلاد کی تلوار سے کٹ کر گرا اور وہیں اس کا لاشہ جلا دیا گیا، اور یہ عین اسی وقت ہوا جبکہ اس کا پھوپھی زاد عبدالملک گولی سے مارا گیا ....

✣ ✣ ✣

زینب —— عبدالملک کی بہن اور سپاہی فورتین کا شکار —— اسی ملعون گھر میں .... مقیم رہی، وہ اپنی قسمت کا ماتم کرتی اور کبھی اپنے ماموں زاد کے مقتل پر گاڑھے گاڑھے

آنسوؤں کا مینہ برسا آتی، وہ اپنے تئیں اپنے بھائی کی ملاقات سے بہلاتی رہی، جو اس کے پاس
س کی پاکدامنی کے غاصب اور اس کے شرف کے سالب سے بدلہ لینے کی خبر لے کر آنے والا ہے۔
اس نے بہت انتظار کیا، پر اس کا محبوب بھائی واپس نہ آیا، ناامیدی اس کے
جسم میں سرایت کر گئی۔ اس نے اپنی اس ملعون زندگی سے رہائی پانے کے لئے خودکشی کے متعلق
غور کیا۔

وہ ابھی اسی حالت میں تھی، غم و اندوہ اور نئے نئے خیالات اس کے سفینۂ حیات کو
لیبتے ہیں۔ کبھی امید اسے آرام دیتی ہے اور کبھی ناامیدی و یاس اس پر غالب آجاتی ہے کہ
یک فرانسی سپاہی اس کے مکان کے قریب آیا جس کے ساتھ تین آدمی ہیں، ان میں سے اس نے شیخ
سلیمان فیومی کو جو اس کے بھائی عبدالملک کا دوست ہے پہچانا۔
اس نوجوان لڑکی کا دل کانپ گیا۔ اس نے محسوس کیا کہ آنے والے اس کے پاس کوئی خبر
لے کر آئے ہیں۔ وہ جلدی سے اُن کے پاس گئی اور اس آدمی سے جسے وہ پہچانتی تھی کہ اس کے
بھائی کا دوست ہے دریافت کیا:
—— آپ کسے ڈھونڈھتے ہیں؟
—— تمہیں اے زینب . . . . !
—— کیا بات ہے؟
—— یہ لشکری تمہیں ایک دردناک خبر پہنچانے آیا ہے . . . . . کہ تمہارا بھائی . . . .
—— عبدالملک . . . . ؟
—— عبدالملک . . . . فرانس میں مار ڈالا گیا!
نوجوان لڑکی نے فوراً ایک دردناک چیخ ماری، اور غش کھا کر زمین پر گر گئی . . . .

⁂ ⁂ ⁂

دو دن بعد تل عقارب میں، اسی جگہ جہاں احمد الوالی کی لاش جلائی گئی، انہیں اطلاع ملی

کہ ایک نوجوان لڑکی کی لاش جمے ہوئے خون کے اندر پڑی ہے، اور تحقیق سے یہ ثابت ہوا کہ اس نے بازو کے آگے سے اپنی رگ کاٹ لی، اس کا سارا خون بہ گیا، اور اس کی روح پرواز کر گئی . . .

زینب اسی گھر میں دفن ہوئی جو اس کے ننگ و ناموس کا شاہد تھا، جس کی دیواروں میں اس کی فریاد و فغاں گونجتی رہی، اور اسی کی زمین نے اس کی بوسیدہ ہڈیوں کو سمیٹا!

المترجم عبید الحق الفلاح

حارس نیرون

— النار . . . النار . . . النار . ! .

كلمة ردّدتها آلات الأفواه، فتصاعدت من كل ناحية فى روما، و تناولها الصدى فنقلها من شارع إلى شارع و من حىّ الى حىّ، وما هى إلا ثلاث ساعات حتى كانت المدينه تموج بجماهير الهاربين المذعورين، كل يحاول أن يفوز بحياته، بينما ألسنة النيران تندلع فى المنازل و الهياكل و ترتفع فى الفضاء، وسط سحاب كثيف من الدخان القاتم . . . .

و علا الصياح و البكاء و العويل، و عمت المدينة قعقعة مخيفة، و انهارت سقوف البيوت

على سكانها، وَ أعمدة المعابد على الكهنة و المصلين!

و خرج نيرون، الامبراطور العظيم، في موكب حافل من حملة المشاعل، و حرّاس القصر، و جعل يطوف في روما و بيده قيثارته المحبوبة، يعزف عليها الحانًا شجية على ضوء النيران!

و كان ذلك في سنة ٦٤ للميلاد، و هي السنة الحادية عشرة لحكم نيرون.

و عاد الامبراطور الى القصر، بعد ان التهمت النيران المدينة الجميلة، و ألقى القيثارة من يده، و جلس على مقعد وثير حاكته له أيدي العاملات الفينيقيات من الأطلس الأحمر و قال لرجال حاشيته:

ـــ لقد احترقت المدينة اليوم، و سيحفظ التاريخ هذا اليوم في سجلاته، لكنني سأشيد على أنقاض روما المحترقة مدينة جديدة، تنسيكم ما كانت عليه المدينة القديمة من عظمة و جمال!

✣ ✣ ✣

فنيرون يعرف الآن في التاريخ بانه حارق روما، و التاريخ يظهره بمظهر الطاغية الجبار

نيين ، المتعطش دائمًا إلى الدماء ، الغارق
ها إلى رأسه .

و لا شك أن شخصية ذلك الامبراطور من
يب الشخصيات التى حدثنا عنها المؤرخون ، إن
تكن أغرب شخصية عرفها الناس إلى الآن .

كان نيرون مجموعة رجال فى رجل واحد ، و
اعماله من المتناقضات ما يجعل العقل يقف
امه حائرًا ، لا يدرى أىّ حكم يصدر عليه .

كان محبًا و مبغضًا ، و محبوبًا و بغيضًا . و كان
يق الشعور و قاسى الفؤاد . و كان مصلحًا
مخربًا ، و شاعرًا و عدوّ الشعراء ، و موسيقيًا
ضطهد الموسيقيين ، و قد أعدم منهم كثيرين .
كان يعمل لمجد روما و من ناحية أخرى يسعى
، تدميرها و تخريبها .

ذلك هو نيرون الذى كان يعزف على القيثارة
ينشد الأناشيد بينما عاصمة ملكه تذهب
لعمة للنيران .

ذلك هو الامبراطور الذى كانت حياته سلسلة
ظائع و منكرات ، و الذى لم يصنع الخير فى مدى
ك الحياة غير مرّة واحدة كما سترى .

❖ ❖ ❖

دجالہ

جلس نيرون على مقعده الوثير، و دعا
إلى الجلوس حوله، و بعد أن اكتمل عقدهم،
نادى الامبراطور عبيده و خدمه، و أمرهم
بأن يديروا كؤوس الخمر على الحاضرين.

و كان بين الخدم رجل يونانى هرب من
دار سيده فى أثينا، و احتمى بقصر الامبراطور
الرومانى، فجعله حارسًا على مستودع الخمور
و رئيسًا على العبيد الذين يخدمون الضيوف
فى الأعياد و الحفلات و الولائم.

و اسم ذلك الرجل ديموس ...

نادى نيرون عبيده قائلًا:

— صبوا الخمر فى الكؤوس و أديروها على
الحاضرين، فان هذا اليوم من أبهج أيام ملكى
و يجب أن نسكر بنشوة الخمر بعد أن سكرنا
بمنظر النيران!

و أديرت الكؤوس حسب رغبة الامبراطور
لكن ديموس كان فى ذلك الوقت خارج القاعة
التى أقيمت فيها الحفلة، فالتفت نيرون بعد ا[لن]
لعبت الخمر فى رأسه و صاح:

— لا أرى ديموس بينكم! فأين هو؟

— فى أقبية القصر أيها المولى يراقب العبيد

و هم يحملون الخمر إلى هنا . . .

فغضب الامبراطور، و التفت إلى قوّادجيشه الواقفين بالباب و قال :

— لقد أمرت ديموس بأن يصبّ لى الخمر فى الولائم بيده . فماذا حدث اليوم ؟ و لماذ يختبئ ذلك اليونانى اللعين ! علىّ به فى الحال !

فجئ بديموس ، و ألقى اليونانى المسكين نفسه على قدمى نيرون ، و طلب العفو قائلاً إنه لم يبطئ فى المجئ لخدمة الامبراطور إلا لأن وجوده كان ضروريًا فى أقبية القصر .

لكن نيرون لم يصغ إليه ، بل رفع صولجانه بيده و ضرب به رأس اليونانى ضربة شديدة أسالت منه الدماء و ألقته على الارض فاقد الرشد .

و أمر نيرون بأن يشد وثاقه و يطرح جانبًا إلى ان تنتهى الوليمة .

و بعد أن شرب الجميع و أصبحوا فى حالة سكر شديد ، صاح نيرون :

— علىّ باليونانى ديموس !

و نادى السياف و أمر بين صياح المدعوين و قهقهتهم و هتافهم !

✣ ✣ ✣

ـــ أتتألم كثيرا يا أخي ؟

ـــ نعم ! و لهذا السبب رجوتك أن تجهز عليّ لكي تريحني من هذا العذاب الشديد !

ـــ لكنني لن أجيبك إلى رغبتك ، بل اعتقد أن واجبي يقتضي عليّ بعكس ذلك ، و كما انّ الحرّ للحرّ في الملمات ، فان العبد للعبد أيضًا ، و الخادم للخادم ، في السرّاء و الضرّاء .

رفض زميل ديموس ، العبد الافريقي "جازيبا" أن يجهز على اليوناني الذي قطعت يداه بأمر نيرون ، فنقله إلى ناحية نائية من القصر ، وَ جعل يعالج جراحه ، و يعيد الثقة و الأمل إلى نفسه ، و ما مضت أسابيع معدودة على ذلك اليوم ، حتى كان ديموس قد شفا من جراحه و استعاد قواه ، و عقد النية على البقاء حيًا ، و على الاستعاضة عن يديه بقدميه !

و جعل يدرب نفسه على الأعمال "اليدوية" جميعها ، و يستخدم "قدميه" للقيام بها و بعد شهور أصبح ديموس قادرًا على تناول طعامه و شرابه ، و مساعدة رفيقه و صديقه و منقذه ، في الأعمال التي كان يقوم بها في قصر الامبراطور .

و شاءت الظروف ان تضع وجهًا لوجه مرة
أخرى الجلاد و ضحيته !

فان الامبراطور نيرون كان يطوف من وقت
إلى آخر فى أنحاء القصر ، لتفقد احواله بنفسه
دون أن يعلم به أحد . و حدث ذات يوم
أن كان مارًا فى الجناح المخصص للخدم و العبيد
فوقع نظره على ديموس و هو ينظف آنية
الطعام بقدميه بمهارة فائقة .

وقف نيرون امام ذلك الرجل مندهشًا
مستغربًا ، و كان قد نسى خادمه المسكين و ما
صنعه به فى تلك الوليمة ، فعاد أدراجه إلى
مخدعه ، و أرسل فى طلب رئيس الحراس ،
سأله من يكون ذلك الخادم الذى يستخدم
قدميه بدلاً من يديه ؟

فقال رئيس الحراس :

ـــ هو خادمكم ديموس اليونانى يا مولاى
فقد أمرتم بقطع يديه على مرأى من المدعوين
بعد حريق روما ، فانقذه رفاقه من الموت
هو لا يزال إلى الآن يقوم بوظيفته فى القصر
بامانة و إخلاص .

فبدا التأثر على وجه نيرون ، و أرسل فى

طلب ديموس اليونانى لمجيء به ، و عند ما مثل بين يدى الامبراطور ، قال نيرون :

— لقد أسأت إليك يا أخى إساءة عظيمة. فأرجو منك أن تغفرلى تلك الاساءة.

و تلك هى المرّة الأولى التى وقفت فيها نيرون مستغفرًا طالبًا الصفح !

فانطرح الرجل على الأرض و جعل يقبل قدم الامبراطور قائلًا :

— إنى ملك لك يا مولاى فاصنع بى ما تشاء !

— أنت منذ الآن حارس من حراس هذا القصر. فقف بالباب وكن حرًا طليقًا !

و عرف ديموس منذ ذلك اليوم باسم "حارس نيرون" و قد أغدق عليه الامبراطور العطايا و الهبات ، و قربه إليه ، و أمر عبيده بأن يقوموا بخدمته ، و بألا يرفض له طلب فى القصر الامبراطورى .

✣ ✣ ✣

عاش ديموس "حارس نيرون" بعد ذلك فى القصر معززًا مكرمًا ، و جعل يدرّب قدميه على أعمال دقيقة ، كالرسم و التطريز و نحت التماثيل و صناعة الاسلحة و الخزف ، و اشتهر فى روما ،

و صنع تمثالا لنيرون وضعه الامبراطور فى حجرة نومه ، و ظلّ فيها إلى أن حطمه اعداء نيرون بعد موته ، فى سنة ٦٨ للميلاد.

و لم يطرد ديوموس من القصر بعد موت سيده ، بل بقى فيه حرًّا طليقًا ، يقيم فى غرفة خاصة ، و تحت تصرّفه ثلاثة من العبيد يقومون بخدمته.

و مات فى سنة ٧٧ للميلاد ، تاركا بعده شهرةً واسعة ، و آثارًا فنية قيمة ، ودوّن اسمه فى التاريخ بجانب اسم سيده ، الذى كان فى آن معًا سبب شقائه و نعيمه ، و الذى لولاه لما أصبح ديوموس ذلك الفنان الذى صنع التماثيل ، و أدهش الناس ببراعته و نبوغه ، و الذى أثبت أن الهمة القعساء تذلل الصعاب أيًا كانت ، و أن الرجل إذا اعتصم بالصبر و الارادة الثابتة ، تمكن من الاستعانة عن يديه بقدميه!

ترجمہ

نیرو کا محافظ

— آگ . . . آگ . . . آگ . . . !

اس کلمے کو ہزاروں منہ نے دہرایا۔ روما کے کونے کونے اور گوشے گوشے سے آوازیں اُٹھیں، گونج نے ان آوازوں کو لپیٹے ہاتھوں لیا، اور انھیں گلی گلی اور قبیلہ قبیلہ تک پہنچا دیا۔ بس تین ہی گھنٹوں میں شہر خوفزدہ بھاگتے والے عوام سے لہریں مارنے لگا۔ ہر شخص اپنی جان بچانے کے لئے ہاتھ پاؤں مار رہا تھا۔ اسی اثنا میں آگ کی زبانیں گھروں اور ہیکلوں کے در و دیوار سے نکل کر سیاہ دھوئیں کے گاڑھے بادلوں کے سینے کو چیرتی ہوئیں فضار آسمان کی طرف اُٹھتی ہیں . . .

چیخوں اور گریہ و واویلا کی صدائیں بلند ہوئیں، شہر سے خوفناک آوازیں اٹھیں، گھروں کی چھتیں اپنے رہنے والوں پر اور معبدوں کے ستون کاہنوں اور نماز پڑھنے والوں پر گرے !

شہنشاہِ عالی جاہ نیرو مشعل برداروں اور محل کے نگہداروں کے جلوس میں نکل کر روما میں گھومنے لگا۔ اس کے ہاتھ میں اس کی محبوب سارنگی تھی، جس پہ وہ آگ کی روشنی میں نہایت شیریں اور دلکش سریں نکال رہا ہے !

یہ ۶۴ء کا واقعہ ہے اور یہ نیرو کی حکومت کا گیارھواں سال تھا، امبراطور اس کے بعد کہ آگ کی لپٹیں اس تمام شہر کو چٹ کر چکی تھیں، اپنے محل میں آیا، سارنگی کو ہاتھ سے پھینکا اور ایک گدگدی نشست گاہ پر جسے فنی دستکار عورتوں نے اُسے سُرخ اطلس سے بُن کر دیا تھا، بیٹھ کر اپنے حاشیہ نشینوں کو کہا :

— آج شہر جل کر راکھ ہو گیا، آج کے دن کو تاریخ اپنے اوراق میں محفوظ رکھے گی، لیکن میں اس خاکِ سیاہ روما کے کھنڈروں پر ایک نیا شہر تعمیر کروں گا، جو تمھارے دلوں سے

اس پرانے شہر کی عظمت اور اس کے جمال کو محو کر دے گا !

✣ ✣ ✣

اب نیرو تاریخ میں روما کے جلانے والا مشہور ہو گیا۔ تاریخ اسے سرکش، تندخو اور نہایت ضدی قرار دیتی ہے، جو ہمیشہ خون کا پیاسا، اور سر سے پاؤں تک اس میں غرق رہتا تھا۔

اس میں ذرہ برابر شک نہیں کہ امبراطور ان نہایت ہی عجیب و غریب شخصیتوں میں سے ہے جن کے متعلق ہمیں مورخوں نے خبر دی ہے۔ اگرچہ یہ کوئی عجیب تر شخصیت نہیں تھی جس کو لوگوں نے اب تک جانا ہے۔

نیرو ایک ہی آدمی میں بہت سے مردوں کا مجموعہ تھا، اس کے انمل، بے جوڑ کاموں کو دیکھ کر عقل حیران و ششدر رہ جاتی تھی اور نہیں سمجھتی تھی کہ کونسا حکم اس پر صادر کرے۔

وہ محبوب بھی تھا اور نامحبوب بھی، نرم دل بھی تھا اور سنگ دل بھی، وہ مصلح بھی تھا اور مخرب بھی، شاعر بھی تھا اور شاعروں کا دشمن بھی، وہ موسیقی دان بھی تھا اور گویوں پر ظلم بھی ڈھاتا تھا، اور ان میں سے بہتوں کو اس نے موت کے گھاٹ اتار دیا تھا، وہ روما کی عظمت بھی بناتا اور دوسری طرف اس کی بربادی و ویرانی کی کوشش بھی کرتا تھا۔

یہ وہی نیرو ہے جو سارنگی کی تانوں میں اُس وقت نہایت دلکش نغمے نکالتا تھا جب اس کے ملک کا دارالخلافہ آگ کا لقمہ بن رہا تھا۔

یہ وہی امبراطور ہے جس کی زندگی نہایت بدنما اور ناپسندیدہ امور کی ایک زنجیر ہے، اور جس نے اپنی تمام عمر میں بجز ایک دفعہ کے کوئی بھلائی کا کام نہیں کیا، جیسا کہ تم دیکھو گے

✣ ✣ ✣

نیرو اپنے نرم گدے پر بیٹھا اور اس نے اپنے ارکان کو اپنے آس پاس بیٹھنے کو کہا - جب ان کی محفل جم گئی تو امبراطور نے اپنے غلاموں اور خادموں کو بلا کر حکم دیا کہ وہ حاضرین پر جامہائے مے کو گردش کریں -

ان خادموں میں ایک یونانی بھی تھا جو اثینیا میں اپنے آقا کے ہاں سے بھاگ کر آیا اور اس نے اس رومانی امبراطور کے محل میں پناہ لی تھی جس کو اس نے میکدے کا نگہبان اور ان غلاموں کا سردار مقرر کیا تھا جو تہواروں، محفلوں اور دعوتوں میں خدمت کیا کرتے تھے -

اور اس شخص کا نام دیوموس تھا - . .

نیرو نے اپنے غلاموں کو یہ کہکر پکارا :

ــــ شراب پیالوں میں لنڈھاؤ اور حاضرین پر اس کا دور چلاؤ، کیونکہ آج کا دن میری بادشاہت کے شاندار دنوں میں سے ہے - ہمیں آگ کے منظر کے نشے میں بدمست ہونے کے بعد شراب کے نشے سے سرشار ہو جانا چاہیئے !

امبراطور کی رغبت کے مطابق جام پر جام چلتا رہا، لیکن دیوموس اس وقت اس کمرے سے باہر تھا جس میں محفل جمی ہوئی تھی - جب شراب نیرو کے سر پر سوار ہوگئی آ وہ متوجہ ہوکر چلایا :

ــــ مجھے تم میں دیوموس نظر نہیں آتا ! بتاؤ وہ کہاں ہے ؟

ــــ آقا ! وہ محل کے گنبدوں میں ان غلاموں کی نگرانی کرتا ہے جو یہاں شراب لیکر آتے ہیں . . . .

امبراطور غصے سے آگ بگولا ہوکر اپنی فوج کے سپہ سالاروں کی طرف متوجہ ہوا ج دروازے پر کھڑے تھے اور کہا :

ــــ میں نے دیوموس کو حکم دے رکھا ہے کہ وہ دلیموں میں مجھے اپنے ہاتھ

شراب انڈیل کر دیا کرے۔ پھر آج کیا ہوا؟ وہ مردود یونانی آج کیوں چھپ گیا؟ اسے ابھی میرے پاس لاؤ!

دیوموس کو حاضر کیا گیا۔ اس مسکین یونانی نے اپنے آپ کو نیرو کے قدموں میں ڈال دیا اور یہ کہکر معافی مانگی کہ چونکہ اس غلام کا محل کے گنبدوں میں رہنا ضروری تھا، اس لئے اس نے امبراطور کی خدمت بجا لانے میں سستی نہیں کی۔

لیکن نیرو نے اس کی بات پر مطلق توجہ نہ کی، بلکہ اپنا ٹیڑھے سر والا ڈنڈا اُٹھایا اور اس زور سے اس یونانی کے سر پر رسید کیا کہ اُس سے خون کے فوّارے بہ نکلے اور وہ بیہوش ہو کر زمین پر گر گیا۔

نیرو نے حکم دیا کہ ولیمہ ختم ہونے تک اس کو رسی سے مضبوط جکڑ کر ایک طرف پھینک دو۔

جب سب پی کر شراب کے نشے میں مخمور ہو گئے تو نیرو چلّایا:

— یونانی دیوموس کو حاضر کرو!

اور جلّاد کو حکم دیا کہ اس مسکین یونانی کے ہاتھ کاٹ دے، جلّاد نے حاضرین کے غل غپاڑوں اور اُن کے قہقہوں اور تالیوں میں اس کا حکم پورا کیا!

⁂ ⁂ ⁂

— بھائی کیا تمہیں بہت زیادہ تکلیف ہے؟

— ہاں! اسی سبب کی بنا پر مجھے تم سے امید ہے کہ آخری ضرب سے میرا کام تمام کردو، تاکہ اس المناک عذاب سے تم مجھے آرام بخشو!

— لیکن میں تمہاری یہ رغبت ہرگز پوری نہیں کروں گا، بلکہ میں یقین رکھتا ہوں کہ میرا فرض اس کے برعکس فیصلہ کرتا ہے، جیسا کہ مصیبتوں کے وقت آزاد آزاد کے کام آتا ہے، اسی طرح سختیوں اور تنگیوں کے وقت غلام غلام کے اور خادم خادم کے

لئے ہے۔

دیوموس کے دوست، افریقی غلام "جازیبا" نے اس یونانی کو جس کے نیرو کے حکم سے دونوں ہاتھ کاٹ دئے گئے تھے، موت کے گھاٹ اتارنے سے انکار کر دیا اور محل سے دور ایک جگہ پر اُسے لے جا کر اس کے زخموں کا علاج کرنے لگا۔ اس کے دل میں امید و یقین پھر لوٹ آئے اور ابھی اس دن کو چند ہفتے ہی گذرے تھے کہ دیوموس کے زخم مندمل ہو گئے اور اس کی قوت و توانائی پھر لوٹ آئی اور اس نے اپنی بقایا عمر کے دن زندہ لوگوں کی طرح کاٹنے کا پختہ ارادہ کیا اور اپنے ہاتھوں کا کام اپنے دونوں پاؤں سے لینے لگا!

اس نے تمام ہاتھ کے کاموں کی مشق شروع کر دی اور اپنے دونوں پاؤں سے ہاتھوں کا کام لینے لگا، چند ماہ کے بعد دیوموس اپنے کھانے پینے پر، اور اپنے رفیق، اپنے مخلص اور بچانے والے کے اُن کاموں کو بجا لانے پر قادر ہو گیا جو محل شاہی میں اس کے سپرد تھے۔

زمانے نے چاہا کہ پھر ایک بار جلاد اور اس کی قربانی کو آمنے سامنے کر دے!

امپراطور نیرو لوگوں کی بے خبری میں محل کے حالات کی پڑتال کے لئے وقت بے وقت محل میں چکر کاٹتا۔ ایک دن وہ خادموں اور غلاموں کے مخصوص مکانوں کے پاس سے گزر رہا تھا کہ اتفاقاً اس دیوموس پر نظر پڑ گئی جو کمال مہارت سے اپنے دونوں پاؤں کے ساتھ کھانے کے برتن صاف کر رہا تھا۔

نیرو اس آدمی کے سامنے حیران و ششدر کھڑا رہا۔ وہ اپنے اس مسکین خادم کو اور جو کچھ اس نے اُس ولیمہ میں اس سے برتاؤ کیا تھا یکسر بھول چکا تھا۔ وہ اپنے محل کی طرف لوٹا اور محافظوں کے سردار کو طلب کیا اور اس سے دریافت کیا کہ وہ خادم جو اپنے ہاتھوں کے بجائے اپنے دونوں پاؤں سے کام لے رہا ہے، کون ہے؟

محافظوں کے سردار نے کہا:-

— میرے آقا! وہ آپ کا خادم دیوموس یونانی ہے۔ یہ وہی ہے کہ زرد ماکے حلاتے

جانے کے بعد، ان حضرات کے سامنے حضور نے جس کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا تھا۔ اس کے رفیقوں نے اسے موت کے منہ سے بچا لیا اور وہ اب تک لگاتار محل میں اپنے کاموں کو بڑی نیک نیتی اور ایمانداری سے سرانجام دے رہا ہے۔

نیرو اس سے متاثر ہوا، دلیوموس یونانی کو حاضر کرنے کے لئے آدمی روانہ کیا، وہ اُسے لایا۔ جب وہ امپراطور کے سامنے پیش ہوا تو نیرو نے کہا :۔

— بھائی میں نے تمہارے ساتھ بہت بُرا سلوک کیا۔ مجھے تم سے کامل امید ہے کہ تم میری اس خطا کو معاف کرو گے۔

یہی وہ پہلا موقع ہے کہ جس میں نیرو درگذر کی درخواست کے ساتھ اپنی خطا کی بخشش کے لئے کھڑا ہوا۔

وہ آدمی زمین پر گر پڑا اور امپراطور کے قدم یہ کہکر چومنے لگا :۔

— آقا! میں حضور کی ملک ہوں، جو بھی حضور چاہیں مجھ سے برتاؤ فرمائیں!

— تم اب سے اس محل کے محافظ ہو۔ اس دروازے پر کھڑے ہو جاؤ اور تم بالکل آزاد ہو۔

اس دن سے دلیوموس "نیرو کے محافظ" کے نام سے مشہور ہو گیا۔ امپراطور نے اس پر جود و بخشش کا مینہ برسایا، اسے اپنا مقرب بنایا، اور اپنے غلاموں کو اس کی خدمت کے لئے مامور کیا اور حکم دیا کہ امپراطور کے محل میں اس کی کسی طلب اور ضرورت سے انکار نہ ہو۔

اس کے بعد "نیرو کے محافظ" دلیوموس نے محل میں نہایت عزت و اکرام سے زندگی کے دن گذارے، اس نے اپنے پاؤں سے نقش و نگار کے کام کرنے، مورتوں کے تراشنے اور اوزاروں اور برتنوں کے بنانے ایسے باریک کاموں کی مشق شروع کر دی اور روما میں مشہور ہو گیا۔ اس نے نیرو کی تصویر بنائی، جسے امپراطور نے اپنے سونے کے کمرہ میں رکھا۔ وہ وہیں پڑی رہی یہاں تک کہ نیرو کی موت کے بعد ۶۸ء میں اس کے

دشمنوں نے اسے توڑ پھوڑ دیا۔

اپنے آقا کی موت کے بعد بھی دیوموس محل سے نکالا نہ گیا، بلکہ وہاں ایک خاص کمرے میں جہاں تین غلام ہر وقت اس کی خدمت میں رہتے، مکمل آزاد رہتا۔

وہ سنہ [illegible]ء میں مرگیا اور اپنے پیچھے اپنی وسیع شہرت اور نہایت مضبوط فنی آثار چھوڑ گیا۔ تاریخ نے اس کے مالک کے نام کے ایک طرف اس کا نام درج کیا جو ایک ہی وقت میں اس کی بدبختی و خوش بختی کا موجب تھا۔ اور اگر وہ نہ ہوتا تو دیوموس ایسا ماہر فن ماہر نہ بنتا، جس نے تصویریں بنائیں اور اپنی کاریگری اپنی براعت و مہارت سے لوگوں کو حیران کر دیتا، اور جس نے یہ ثابت کر دیا کہ ہمت بلند، کیسی ہی سخت مصیبتیں ہوں اُن کو آسان کر دیتی ہے۔ اور آدمی جب صبر اور مصمم ارادے کو مضبوطی سے تھام لیتا ہے تو وہ ہاتھوں کا کام اپنے پاؤں سے لے سکتا ہے!

اَلدُّرُوْسُ الْعَرَبِيَّةُ

اَلطَّيَّارَةُ

هٰذِهٖ هِيَ الطَّيَّارَةُ ، اُنْظُرْ اِلَيْهَا وَ هِيَ
تُحَلِّقُ فِي الْجَوِّ كَالطَّيْرِ ، لَهَا جَنَاحَانِ
كَبِيْرَانِ ، وَ ذَيْلٌ طَوِيْلٌ ، وَ فِيْ مُقَدَّمِهَا
ـرْوَحَةٌ تَدُوْرُ بِسُرْعَةٍ عَظِيْمَةٍ ، فَتَرْتَفِعُ
ـهَا الطَّيَّارَةُ وَ تَطِيْرُ ، وَ لَهَا عَجَلَتَانِ تَسِيْرُ
ـلَيْهِمَا عِنْدَ مَا تَكُوْنُ عَلَى الْاَرْضِ ، وَ هُمَا
ـهَا بِمَثَابَةِ الْاَرْجُلِ لِلطَّيْرِ .
وَ تُسْتَخْدَمُ الطَّيَّارَةُ فِي الْحُرُوْبِ ، وَنَقْلِ
ـبَرِيْدِ وَ الْبَضَائِعِ الثَّمِيْنَةِ مِنْ مَكَانٍ إِلَى

آخر فی وقت قصیر.

البقرة

البقرة من أنفع الحيوان للإنسان، لها رأس كبير، و قرنان صغيران، و عينان واسعتان جميلتان، و فم كبير و ذيل طويل، و أرجل قوية ذات أظلاف مشقوقة، و هي تتغذى بالفول و البرسيم و الحشائش. و البقرة شريكة الفلاح في عمله، فتحرث له الأرض، و تسقي الزرع، و تدرس الحب، و يعمل من لبنها الجبن و الزبد، و من جلد البقرة تصنع النعال و الحقائب، و من قرنيها تعمل أيدي العصي و السكاكين.

ادب السیر

طَلَبَ عَلِيٌّ مِنْ وَالِدِهِ يَوْمًا أَنْ يَسْمَحَ لَهُ بِالذَّهَابِ لِزِيَارَةِ عَمَّتِهِ ، فَقَالَ لَهُ وَالِدُهُ : إِنِّي أَخَافُ أَنْ تَدُوسَكَ السَّيَّارَاتُ ، أَوْ يَحْصُلَ لَكَ أَذًى فِي الطَّرِيقِ . فَقَالَ الْوَلَدُ : لَا تَخَفْ يَا وَالِدِي ، فَإِنَّ الْمُعَلِّمَ أَرْشَدَنَا إِلَى آدَابِ السَّيْرِ فَقَالَ : إِذَا سِرْتُمْ فِي الطَّرِيقِ فَانْظُرُوا أَمَامَكُمْ وَ ابْتَعِدُوا عَنِ الزِّحَامِ وَ الْعَرَبَاتِ ، وَ لَا تَقْرَبُوا مِنَ الَّذِينَ يَتَشَاجَرُونَ ، وَ إِذَا رَأَيْتُمْ ضَعِيفًا فَعَاوِنُوهُ ، أَوْ أَعْمَى فَأَرْشِدُوهُ ، أَوْ كَبِيرَ السِّنِّ فَسَاعِدُوهُ . فَسُرَّ وَالِدُهُ مِنْ ذٰلِكَ وَ سَمَحَ لَهُ لِلذَّهَابِ لِزِيَارَةِ عَمَّتِهِ .

اَلشَّرُّ بِالشَّرِّ

كَانَ يُوسُفُ يُحِبُّ أَنْ يُعَاكِسَ الْحَيَوَانَ وَ
يُؤْذِيَهُ بِدُونِ سَبَبٍ، وَ ذَاتَ يَوْمٍ رَأَى كَلْباً
فَاقْتَرَبَ مِنْهُ وَ رَمَاهُ بِحَجَرٍ أَصَابَ رَأْسَهُ،
فَاغْتَاظَ مِنْهُ الْكَلْبُ وَ هَجَمَ عَلَيْهِ وَ عَضَّهُ فِي

رِجْلِهِ، وَ مَزَّقَ مَلَابِسَهُ. فَصَرَخَ يُوسُفُ وَصَارَ
يَبْكِي مِنْ شِدَّةِ الْأَلَمِ، وَنَدِمَ عَلَى مَا فَعَلَ،
وَ عَرَفَ أَنَّ الَّذِي يَفْعَلُ الشَّرَّ يَلْقَى الشَّرَّ،

وَ مَا عَادَ بَعْدَ ذٰلِكَ يُؤْذِي أَحَدًا

اَلرِّفْقُ بِالْحَيَوَانِ

أُحِبُّ قِطَّتِي وَ أَهْوَى كَلْبِي
مَحَبَّةً تَمْلَأُ كُلَّ قَلْبِي
وَ أَرْحَمُ الْعُصْفُوْرَ فِي الْأَقْفَاصِ
لَيْسَ لَهُ فِي الْأَسْرِ مِنْ خَلَاصٍ
وَ أَكْرَهُ الْفَلَّاحَ يَهْوِي بِالْعَصَا
عَلَى الْحِمَارِ اَنْ تَوَانَى أَوْ عَصَى
لَا شَيْءَ كَالرَّحْمَةِ أَوْ كَاللِّيْنِ
بِالْحَيَوَانِ الْأَعْجَمِ الْمِسْكِيْنِ

قِطُّ سَمِيرٍ

سَمِيرٌ لَهُ قِطٌّ أَبْيَضُ جَمِيلٌ ، يُحِبُّهُ وَ يَلْعَبُ
عَهُ كَثِيرًا وَقْتَ فَرَاغِهِ مِنْ عَمَلِهِ لِأَنَّهُ قِطٌّ
لِيفٌ وَدِيعٌ يُحِبُّ سَمِيرًا ، وَ لَا يَخْمِشُهُ ، وَ
رُسُهُ إِذَا نَامَ ، وَ يَجْلِسُ فِي حِجْرِهِ إِذَا
لَسَ ، وَ يَتَمَسَّحُ بِهِ مُظْهِرًا لَهُ الْحُبَّ وَ الْوَفَاءَ.

قِطُّ سَمِيرٍ شَعْرُهُ نَاعِمٌ ، وَ بَصَرُهُ قَوِيٌّ ، وَفَمُهُ
غِيرٌ وَ مَخَالِبُهُ حَادَّةٌ ، وَ ذَيْلُهُ طَوِيلٌ ، وَ هُوَ
تُلُ الحَشَرَات الضَّارَّةِ وَ الفِيرَانَ المُؤْذِيَةَ ، وَسَمِيرٌ
عِمُهُ من طعامه وَ يُعْنَى كَثِيرًا بِنَظَافَتِهِ وَرَاحَتِهِ۔

ترجمہ :-

ہوائی جہاز

یہ ہوائی جہاز ہے ۔ اس کو دیکھو ۔ وہ پرندے کی طرح ہوا میں چکر کاٹتا ہے
اس کے دو بڑے بڑے پنکھ ہیں ۔ ایک لمبی دُم ہے ۔ اور اس کے آگے کے حصے میں
ایک پنکھا ہے جو بہت تیزی سے گھومتا ہے ۔ اسی سے طیارہ اونچا ہوتا اور اڑتا ہے
اور اس کے دو پہیے ہیں ۔ جب زمین پر ہوتا ہے تو ان ہی چلتا ہے ۔ وہ اس کو ایسے ہی
ہیں جیسے پرندوں کو پاؤں ۔

ہوائی جہاز سے لڑائیوں میں اور بانڈک وقت ایک جگہ سے دوسری جگہ ڈاک
اور قیمتی مالوں کے ڈھونے کا کام لیا جاتا ہے ۔

گائے

انسان کے حق میں بہت بیش قیمت جانور ہے ۔ اس کا ایک بڑا سر ہوتا ہے ۔ دو
چھوٹے چھوٹے سینگ ، دو خوشنما کھلی کھلی آنکھیں ، ایک بڑا منہ اور لمبی دم
مضبوط پھٹے ہوئے کھروں والی ٹانگیں ۔ وہ چنے (باقلا) برسیم اور گھاس کھاتی ہے
گائے کسان کے کام میں اس کی ساجھی ہے ۔ زمین جوتتی ہے ، کھیتی سینچتی ہے ، دانے
گاہتی ہے ۔ اور اس کے دودھ سے پنیر اور مکھن بنتا ہے ۔ گائے کے چمڑے سے جوتے
اور تھیلے بنتے ہیں ۔ اور اس کے سینگوں سے چھڑیوں اور چھریوں کے دستے بنتے ہیں ۔

رستہ چلنے کا سلیقہ

